بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَالْوَالِدَاتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ۝ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِيْنَ ۝ وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۝ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِّلشَّارِبِيْنَ ۝

برائے افزائش شیر جانوراں

اگر کوئی گائے بھینس وغیرہ دودھ نہ دیتی ہو تو ایک آٹے کے پیڑے پر آیات ذیل پڑھ کر اس جانور کو کھلا دیں۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۝ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِّلشَّارِبِيْنَ ۝ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعَالَمِيْنَ ۝ اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ ۝ سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِيْنَ ۝

برائے تھنیلا

بعض اوقات عورتوں کے پستان میں بوجہ زیادتی دودھ وغیرہ درد اور دکھن ہوتی ہے تو اس دعا کو چھنی ہوئی راکھ پر یا مٹی پر سات بار اس طرح پڑھیں کہ ہر بار پڑھ کر اس راکھ یا مٹی میں تھوک دیں پھر پانی سے اسکو پتلا کرکے درد کی جگہ لیپ کریں اگر پھوڑے پھنسی وغیرہ پر لگایا جاوے تب بھی مفید ہے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ اَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا ۝

برائے عقیمہ (از قول الجمیل)

ہرن کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ آیت لکھے۔ وَلَوْ اَنَّ قُرْاٰنًا سُيِّرَتْ بِهِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِهِ الْاَرْضُ اَوْ كُلِّمَ بِهِ الْمَوْتٰى بَلْ لِّلّٰهِ الْاَمْرُ جَمِيْعًا۔ پھر اس تعویز کو عورت کی گردن میں باندھے۔

برائے عقیمہ

چالیس لونگوں پر سات سات بار اس آیت کو پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ظُلُمٰتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَا اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ۝ اور ایک لونگ کو ہر روز کھاتے اور شروع کرے حیض کے غسل ہونے سے اور ان دنوں میں اس کا شوہر اس سے صحبت کرتا رہے اور شرط یہ ہے کہ لونگ رات کو کھاوے اس پر پانی نہ پئے۔

برائے خنازیر

جس کی گردن میں کنٹھ مالا ہو تو تانت پر جو مریض کے قد کے برابر ہو اکتالیس گرہ دے اور ہر گرہ پر یہ دُعا پڑھ کر پھونکے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۞ اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَۃِ اللّٰہِ وَ قُوَّۃِ اللّٰہِ وَعَظَمَتِ اللّٰہِ وَبُرْھَانِ اللّٰہِ وَ سُلْطَانِ اللّٰہِ وَکَنَفِ اللّٰہِ وَجَوَارِ اللّٰہِ وَ اَمَانِ اللّٰہِ وَحِرْزِ اللّٰہِ وَ صُنْعِ اللّٰہِ وَ کِبْرِیَاءِ اللّٰہِ وَنَظَرِ اللّٰہِ وَ بَھَاءِ اللّٰہِ وَجَلَالِ اللّٰہِ وَکَمَالِ اللّٰہِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ۔ پھر مریض کے گلے میں ڈال دے۔

عملیات حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ

سابق محدث دارالعلوم

تعویذ جواہر الاکسیر

۴۴۷	۴۵۰	۴۵۳	۴۴۰
۴۵۲	۴۴۱	۴۴۶	۴۵۱
۴۴۲	۴۵۵	۴۴۸	۴۴۵
۴۴۹	۴۴۴	۴۴۳	۴۵۴

مندرجہ بالا تعویذ مختلف مقاصد کے لئے ہے، اگر کوئی مریض ہو تو ایک تعویذ سات کنوؤں کے پانی سے دھو کر سات یوم پلانے کے لئے دیا جائے اور ایک تعویذ گلے میں باندھنے کے لئے اور اگر مرض طویل ہے تو اکیس روز پلانے کے لئے تین تعویذ دیئے جائیں۔

اُم الصبیان، اختلاج قلب اور تپ دق کی صورت میں تعویذ پر تین عدد موتی مروارید ناسفتہ رکھ کر تعویذ کو روئی میں لپیٹیں بعد ازاں کپڑے میں سی کر گلے میں ڈال دیں سات روز پینے کے لئے صرف ایک تعویذ زعفران یا سیاہی سے لکھ کر دیں یا اکیس روز پلانے کے لئے تین تعویذ دیں۔

ہر قسم کی بواسیر کے لئے یہ تعویذ ہرن کی سفید اور کاغذ کی طرح باریک جھلی پر لکھ کر جمعرات کے دن دائیں بازو پر باندھیں۔ دوسری جمعرات کو دائیں بازو سے کھول کر بائیں بازو پر باندھیں۔ یہ عمل سات جمعرات تک کیا جائے۔

ساتویں جمعرات کو تعویذ داہنے بازو پر آجائے گا اس کے بعد نہ بدلا جائے اور بندھا رہنے دیں۔

یہ تعویذ جب کسی مرض کے لئے دیا جائے تو اس کے نیچے "تحفظہ و تشفیہ من الاسقام"۔ تحریر کر دیں۔ اس تعویذ کو اگر حُب کے لئے دیا جائے تو تعویذ کے نیچے اس طرح تحریر کریں۔

اَللّٰھُمَّ قَلِّبْ (قلب کے بعد مطلوب کا نام لکھیں) ___ عَلٰی حُبِّ ___ (یہاں طالب کا نام لکھیں) یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَ الْاَبْصَار

اگر یہ تعویذ فتح مقدمہ یا حصول ملازمت کے لئے ہو تو پانی کے کنارے کھڑے ہو کر دو سنت نیبر) یا جمعرات کے روز یہی تعویذ سبز کپڑے میں سی کر دائیں بازو پر باندھیں اور آٹے کی سات گولیاں بنا کر پانی میں ڈال دیں۔ جب اس مقصد تعویذ لکھا جائے تو اس کے نیچے یہ عبارت تحریر کر دیں۔

اَللّٰھُمَّ اَدْخِلْ ___ (یہاں اس شخص کا نام تحریر کریں) [illegible] [illegible] و [illegible] نصیرا۔

[illegible] کے لئے یہ تعویذ [illegible] سے لکھ کر ناف پر لٹکایا جائے۔

تعویذ برائے بخار و اختلاج قلب وغیرہ

۱۹۶	۱۹۹	۲۰۲	۱۸۹
۲۰۱	۱۹۰	۱۹۵	۲۰۰
۱۹۱	۲۰۳	۱۹۸	۱۹۴
۱۹۸	۱۹۳	۱۹۲	۲۰۳

[illegible] کے لئے یہ تعویذ [illegible] [illegible] کے لئے دیں اور [illegible]

یا حول دل کے لئے ہے تو گلے میں باندھیں۔ کسی بھاگے ہوئے کی واپسی کے لئے اس تعویذ کے نیچے مفرور اور اس کی والدہ کا نام تحریر کریں اور سرخ کپڑے میں سی کر گرم جگہ (مثلاً چولہے یا تنور کے نیچے) دفن کریں۔

برائے ادائے قرض

اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ۔ مندرجہ بالا دعا اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ روزانہ ایک سو ستر مرتبہ پڑھی جائے۔

برائے قوت حافظہ و ذکاوت

مندرجہ ذیل آیت زعفران سے چینی کی تشتری پر تحریر کریں اور جمعہ کے روز طلوع آفتاب سے قبل اس کو پانی سے دھو کر اور اس میں ایک قطرہ شہد ڈال کر پیا جائے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا مَا كُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْكِتٰبُ وَ لَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ۔

برائے اضافہ شیر (دودھ میں اضافہ کیلئے)

دودھ میں اضافہ کیلئے زیرہ سفید پر چالیس مرتبہ سورۃ کوثر اور چالیس مرتبہ "یَا رَزَّاقُ الطِّفْلِ الصَّغِیْر" پڑھ کر دم کر دیں اور عورت کو کھانے کے لئے دیں

ساتویں جمعرات کو تعویذ داہنے بازو پر آجائے گا اس کے بعد نہ بدلا جائے اور بندھا رہنے دیں۔

یہ تعویذ جب کسی مرض کے لئے دیا جائے تو اس کے نیچے " تحفظہ و تشبیہ من الاسقام " تحریر کردیں ۔ اس تعویذ کو اگر حُب کے لئے دیا جائے تو تعویذ کے نیچے اس طرح تحریر کریں ۔

اَللّٰهُمَّ قَلِّبْ (قلب کے بعد مطلوب کا نام لکھیں) ــــ ۔ عَلٰی حُبِّ ـــــــ (یہاں طالب کا نام لکھیں) یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ

اگر یہ تعویذ فتح مقدمہ یا حصول ملازمت کے لئے ہو تو پانی کے کنارے کھڑے ہو کر دوشنبہ (پیر) یا جمعرات کے روز یہی تعویذ سبز کپڑے میں سی کر دائیں بازو پر باندھیں اور آٹے کی سات گولیاں بنا کر پانی میں ڈال دیں جب اس مقصد سے تعویذ لکھا جائے تو اس کے نیچے یہ عبارت تحریر کردیں ۔

اَللّٰهُمَّ ارْحَمْ ــــــ (یہاں اس شخص کا نام تحریر کریں) وَعَلِّمْهُ وَارْزُقْهُ وَكُنْ لَهُ نَصِيْرًا

استقرار حمل کے لئے یہ تعویذ زعفران سے لکھ کر ناف پر لٹکایا جائے ۔

تعویذ برائے بخار و اختلاج قلب وغیرہ

۷۸۶

۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۲۰۱
۱۹۴	[illegible]	۲۰۳	۱۹۱
۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

بخار کے لئے یہ تعویذ گلے میں باندھیں اور دھو کر پینے کے لئے دیں اور اگر اختلاج قلب

یا ہول دل کے لئے ہے تو گلے میں باندھیں۔ کسی بھاگے ہوئے کی واپسی کے لئے اس تعویذ کے نیچے مفرور اور اس کی والدہ کا نام تحریر کریں اور سُرخ کپڑے میں سی کر گرم جگہ (مثلاً چولہے یا تنور کے نیچے) دفن کریں ۔

برائے ادائے قرض

اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ ۔ مندرجہ بالا دعا اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ روزانہ ایک سو ستر مرتبہ پڑھی جائے ۔

برائے قوت حافظہ و ذکاوت

مندرجہ ذیل آیت زعفران سے چینی کی تشتری پر تحریر کریں اور جمعہ کے روز طلوع آفتاب سے قبل اس کو پانی سے دھو کر اور اس میں ایک قطرہ شہد ڈال کر پیا جائے ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ ۔

برائے اضافہ شیر (دودھ میں اضافہ کیلئے)

دودھ میں اضافہ کیلئے زیرہ سفید پر چالیس مرتبہ سورۂ کوثر اور چالیس مرتبہ " یَا رَزَّاقَ الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ " پڑھ کر دم کر دیں اور عورت کو کھانے کے لئے دیں

تعویذ برائے افزائش رزق و مشاہرہ

۷۸۶

۱۲۲	۹۴	۱۱۴
۱۰۲	۱۱۰	۱۱۸
۱۰۶	۱۲۶	۹۸

مندرجہ بالا تعویذ دائیں بازو پر باندھنے کے لئے دیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں برکت اور ترقی ہوگی۔

برائے دفع آسیب (معمولی)

ایک تعویذ باندھیں اور ایک تعویذ کو چراغ میں بطور فلیتہ روشن کریں۔

۷۸۶

ب ۲	د ۴	و ۶	ح ۸
ح ۸	و ۶	د ۴	ب ۲
د ۴	ب ۲	ح ۸	و ۶
و ۶	ح ۸	ب ۲	د ۴

برائے درد سر

۷۸۶

۱۸	۱۱	۱۶	طططططططط
۱۳	۱۵	۱۷	عععععععع
۱۴	۱۹	۱۲	✻ و دم س

یہ تعویذ سر پر باندھا جائے۔

برائے حفاظت حمل

اگر اسقاط حمل کا اندیشہ ہو تو یہ تعویذ حاملہ کی ناف پر باندھا جائے

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲

عملیات

حضرت مولانا محمد یٰسین صاحب مدرس دارالعلوم دیوبند

عمل برائے دفع سحر (عطیہ حضرت مولانا حسین احمد صاحب مدنی رح)

آیاتِ ذیل کو سات کنوؤں کا پانی جمع کرکے اس پر گیارہ مرتبہ پڑھا جائے اور سات کنوؤں کا پانی جمع کرنا مشکل ہو تو ایک سہی تازہ پانی پر پڑھ لیں۔ اس پانی سے مریض کو غسل دیا جائے گیارہ روز تک یہ عمل بلاناغہ کریں، آیاتِ سحریہ ہیں۔

سورۂ یونس کی دو آیتیں۔ فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَاجِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ (۸۱) وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ (۸۲)

سورۂ اعراف کی چار آیات۔ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ (۱۱۸) فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ (۱۱۹) وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ (۱۲۰) قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ (۱۲۱)

ایک آیت سورۂ طٰہٰ۔ اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى (۶۹)

برائے دفع آسیب از مکان

تین روز تک سورۂ بقرہ پوری ختم کی جائے ان شاء اللہ آسیب

دفع ہو جائے گا۔

برائے دفع آسیب (اجازت از حضرت مولانا گنگوہی)

یہ نقش کاغذ پر لکھ کر کچھ دیر تک مریض کو دکھلاتے رہیں اس کے بعد گلے میں ڈال دیں۔

۷۸۶

۲	۴	۶	۸
۸	۶	۴	۲
۴	۲	۸	۶
۶	۸	۲	۴

آسیب یا سحر وغیرہ کے معلوم کرنے کا طریقہ

نیلا دھاگہ سوت کا سات تار مریض کے قد کے برابر لے کر اس پر سات مرتبہ یہ آیت قبل از مغرب پڑھے:-

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِيْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ ۔ یہ نیلا ڈورا رات کو مریض کے سرہانے یا تکیہ کے نیچے رکھا جائے صبح پھر ناپا جائے اگر بڑھ جائے تو آسیب کی علامت گھٹ جائے تو سحر کی اور برابر رہے تو عام مرض ہے۔

وسعتِ رزق اور ادائے قرض کیلئے

بعد نماز عشاء کسی تعین جگہ تنہا بیٹھ کر اسم یَا وَهَّابُ چودہ سو چودہ (۱۴۱۴) مرتبہ اور اس کے بعد سو مرتبہ یہ دعا پڑھے یَا وَهَّابُ هَبْ لِيْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۔ بعض بزرگوں نے اس عمل کو کیمیائے دِل فرمایا ہے بہت مجرب ہے۔

وسعتِ رزق کے لئے صبح کی نماز کے بعد ستر مرتبہ یہ آیت پڑھے۔ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۔
(سورۂ شوریٰ)

دیگر برائے کشائش رزق سورۂ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ آخر تک پوری سورت صبح کی نماز کے بعد اکیس ۲۱ مرتبہ اور اتنی ہی مرتبہ درود شریف پھر نماز ظہر کے بعد بائیس ۲۲ مرتبہ یہ سورت اور بائیس ۲۲ ہی مرتبہ درود شریف پھر عصر کی نماز کے بعد تیئس ۲۳ مرتبہ یہ سورت تیئس ۲۳ مرتبہ درود شریف پھر مغرب کی نماز کے بعد چوبیس ۲۴ مرتبہ یہ سورت اور چوبیس ۲۴ مرتبہ درود شریف اور عشاء کے بعد پچیس ۲۵ مرتبہ یہ سورت اور پچیس ۲۵ مرتبہ درود شریف۔ یہی معمول پورا کریں۔ (روزانہ پڑھیں انشاء اللہ العزیز کامیابی ہوگی)

برائے کشائش رزق
(از حضرت گنگوہی)
کوئی وقت معین کر کے ہر روز اسی وقت گیارہ سو مرتبہ (۱۱۰۰) یَا بَاسِطُ ۔ پابندی سے پڑھا کرے۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

برائے رزق وغنا ظاہری وباطنی
(از حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رح)
سورۂ مزمل گیارہ مرتبہ روزانہ ایک معین وقت

یا ہر نماز کے بعد دو ۲ مرتبہ اور عشاء کے بعد تین مرتبہ پڑھا کرے اور گیارہ ۱۱ سو مرتبہ يَا مُغْنِيُ ۔

کشائش رزق کے لئے طلوع صبح صادق کے بعد نماز فجر سے پہلے سو مرتبہ پڑھے۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ ۔

برائے ادائے قرض اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ۔ ہر روز ستر مرتبہ پڑھا کرے۔

دیگر کشائشِ رزق کیلئے صبح کی سنت اور فرض کے درمیان سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ کا پڑھنا مجرب ہے۔

وساوس کا علاج خاتم (نقش) امام غزالیؒ، تانبے یا پیتل یا رانگ کی تختی پر لکھ کر اس کے گرد آیۃ الکرسی اور یہ آیت لکھیں۔ اِنَّ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا اِذَا مَسَّهُمْ طٰٓئِفٌ مِّنَ الشَّيْطٰنِ تَذَكَّرُوْا فَاِذَا هُمْ مُّبْصِرُوْنَ ۔ اس تختی کو صبح نہار منہ پانی سے دھو کر تین روز تک پئیں پانی زمزم کا ہو تو بہتر ہے۔ خاتم غزالیؒ یہ ہے۔

د	ط	ب
ج	ه	ز
ح	ا	و

دیگر برائے قطع وساوس

یَا اَللّٰہُ الرَّقِیْبُ الحفیظ الرحیم یا اللہ الحی الحلیم العظیم الرؤف الکریم یا اللہ الحی القیوم القائم علی کل نفس بما کسبت حُل بینی وبین عدوّی۔ یہ دعا روزانہ کسی وقت پڑھا کریں۔

برائے دفع وساوس

(منقول از حضرت مولانا گنگوہیؒ)

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بکثرت پڑھا کرے۔ نیز موت اور حشر ونشر کا تصور ومراقبہ بھی قطع وساوس کے لئے مجرب ہے (ارشاد حضرت مولانا محمد یعقوب صاحبؒ)

برائے ہر مہم وحاجت

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یا بدیعُ۔ بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ بارہ روز تک پڑھے۔

مقصد میں کامیابی کے لئے

(عطیہ از شاہ عبدالغنی پھولپوریؒ)

چار رکعت نفل پڑھ کر یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔ تین سو ساٹھ (۳۶۰) مرتبہ اور اوّل وآخر سات سات مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر بالحاح وزاری مقصد کے لئے دعا کریں۔

تمام حوائج ومصائب کے لئے

(عمل حضرت حاجی صاحبؒ بروایت مولانا تھانویؒ)

تین سو اکتالیس مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ ہر روز صبح کی نماز کے بعد پابندی سے پڑھے

برائے حاجت برآری از حکام

آیت۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ۔ کو چند بار پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کریں پھر سر کے بالوں سے پیشانی پر ہوتے بینی تک اس انگلی سے خط کھینچ کر جس کے سامنے جائے انشاء اللہ وہ اس کی حاجت پوری کرے گا۔

مقدمہ میں فتح اور دشمنوں سے حفاظت کیلئے

(حضرت مولانا گنگوہیؒ)

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔ بکثرت پڑھنا مجرب ہے۔ اس کا ورد بنائے رکھے جتنا زیادہ پڑھ سکے بہتر ہے۔

مہم عظیم کے لئے عمل مجرب

(اجازت از حکیم عبدالوہاب انصاریؒ)

سُوْرَۂ یٰسین مہینہ کے پہلے یکشنبہ کے روز بعد نماز صبح طلوع آفتاب سے پہلے اس طرح پڑھے کہ جب اس سورت میں پہلے کلمہ مُبین پر پہونچے تو پھر از سر نو سورت شروع کرے اور جب دوسرے مُبین پر پہونچے تو پھر از سر نو پڑھے پھر جب تیسرے مُبین پر پہونچے تو از سر نو شروع کرے اس سورت میں سات مرتبہ لفظ مبین آیا ہے اس طرح سات مرتبہ یہ سورت پڑھی جاتے اور عمل کو طلوع آفتاب سے پہلے ختم کیا جائے۔ کم از کم سات روز یہ عمل بلاناغہ جاری رکھے۔

نماز قضاء حاجات وحل مشکلات

چار رکعت کی نیت کرکے نماز شروع کرے

پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ۔ سو مرتبہ پڑھ کر رکعت پوری کرے دوسری رکعت میں الحمد کے بعد اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔ سو مرتبہ پڑھ کر رکعت پوری کرے۔ تیسری رکعت میں الحمد کے بعد سو مرتبہ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَی اللّٰہِ اِنَّ اللّٰہَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ پڑھے۔ چوتھی رکعت میں الحمد کے بعد سو مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ پڑھ کر نماز پوری کرے بعد نماز کے سجدہ میں سر رکھ کر سو مرتبہ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھے پھر اپنی حاجت وضرورت لئے دعا مانگے۔

بلا ومصیبت سے نجات کیلئے لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ الخ ستر مرتبہ اور یَا سَلَامُ سو مرتبہ پڑھے۔

برائے دفع شر اعداء بعد مغرب اکتالیس مرتبہ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ پڑھا کریں۔ اور حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہے کہ دفع شر اعداء کے لئے حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ بکثرت پڑھے۔ کوئی تعداد معین نہیں۔

برائے منظوری درخواست وعرضی لکھی ہوئی درخواست پر بغیر روشنائی کے خالی انگلی سے یہ کلمات لکھے۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ ان اللہ وعد الصابرین نصرًا ومن توکل علیہ یسرًا۔ کلا

ان کتاب الابرار لفی علیین۔

برائے تسخیر وحاجت برآری کٓہٰیٰعٓصٓ کُفِیْتُ۔ اس طرح پڑھے کہ کٓہٰیٰعٓصٓ کے ہر حرف پر داہنے ہاتھ کی انگلیاں بند کرتا چلا جائے۔ پھر حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ حُمِیْتُ کو اسی طرح پڑھے حمعسق کے ہر حرف پر بائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کرنا ہے۔ پھر اسی طرح دونوں ہاتھ کی انگلیاں بند رکھے جس شخص سے حاجت متعلق ہو اس کے سامنے جا کر انگلیاں کھول دے۔

برائے تسخیر (عطیہ از مولانا گنگوہی قدس سرہٗ) یَا عَزِیْزُ۔ کی کثرت کرے کوئی تعداد مقرر نہیں شوہر کیلئے حاکم کے لئے بہت آزمودہ ہے۔

ظالم دشمن کے شر سے نجات حاصل کرنے کیلئے
(عطیہ حکیم عبدالوہاب انصاری رح)

دن رات میں کوئی فارغ وقت مقرر کرکے سورۃ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھ کر انگشت شہادت پر دم کرے اور اپنے ظالم دشمن کا تصور کرکے انگشت شہادت سے اس کے قلب کی طرف ضرب کا اشارہ کرے۔ یہ عمل ایک جلسہ میں تین مرتبہ کرکے اٹھ جائے۔ اگلے روز اسی وقت پھر یہی عمل کرے چند روز یہ مسلسل یہ عمل کرتا رہے ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوگا اور اس کے ظلم سے نجات حاصل ہوگی۔

نقش برائے مقہوری اعداء

(عطیہ شاہ عبدالغنی پھولپوری رح)

ذیل کا نقش زعفران سے لکھ کر بازو پر باندھا جاتا ہے ۔

ق	ا	ھ	ر
ھ	ر	ق	ا
ر	ھ	ا	ق
ا	ق	ھ	ر

نقش برائے ہر مرض (حضرت مولانا گنگوہی و مولانا رفیع الدین صاحب)

۶ھ ۱۱۱۱ + + 2

۱۱۱۵

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

یہ نقش لکھ کر مریض کے گلے میں باندھیں

آیات الشفاء برائے ہر مرض

ویشف صدور قوم مؤمنین ۔ وشفاء لما فی الصدور ۔ یخرج من بطونها شراب مختلف الوانہ

فیه شفاء للناس ۔ وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمؤمنین ۔ واذا مرضت فهو یشفین ۔ قل هو للذین آمنوا هدی وشفاء ۔

ان آیات کو پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں یا لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بچے کے غیر معمولی رونے کا علاج

بسم الله الرحمن الرحیم ۔ هذا یوم لا ینطقون ۔

بسم الله الرحمن الرحیم ۔ وخشعت الاصوات للرحمن ۔

بسم الله الرحمن الرحیم ۔ الیوم نختم علی افواههم ۔

لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیں ۔

جو بچہ ماں کا دودھ نہ پیئے اس کا علاج

یہ آیت لکھ کر اس کے گلے میں باندھیں ۔

شهد الله انه لا اله الا هو والملائکة واولوا العلم قائما بالقسط لا اله الا هو العزیز الحکیم ۝ (سورہ آل عمران پ ۳ ع ۲) ان الدین عند الله الاسلام ۔ برحمتک یا ارحم الراحمین ۔

برائے گریہ طفل

وله ما سکن فی اللیل والنهار وهو السمیع العلیم ۝ افمن هذا الحدیث تعجبون ۝ وتضحکون ولا تبکون ۝ وانتم سامدون ۝ فاسجدوا لله واعبدوا (سورہ نجم پ ۲۷ ع ۳) الم تر الی ربک کیف مد الظل ولو شاء لجعله ساکنا ثم جعلنا الشمس علیه دلیلا ۝ (سورہ الفرقان پ ۱۹ ع ۲) (جو بچہ غیر معمولی طور پر روتا ہو اس کیلئے یہ دعا ایک کاغذ پر لکھ کر گلے میں موم جامہ کر کے باندھی جائے)

برائے دروزہ و سہولت پیدائش مندرجہ ذیل آیات و اسماء چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی میں دھو لیا جائے یہ پانی عورت کو پلائیں اور اس کے پیٹ پر بھی لگائیں۔ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ (سورۃ الانشقاق پ۳۰ ع۱) يَوْمَ يَرَوْنَهَا لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰهَا (نازعات پ۳۰ ع۲) لَمْ يَلْبَثُوْا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ (پ۲۶ ع۴) لَقَدْ كَانَ فِیْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِی الْاَلْبَابِ (سورۃ یوسف پ۱۳ ع۶) وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِیْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَتَفْصِيْلَ كُلِّ شَیْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ (سورۃ یوسف پ۱۳ ع۶)

ایضاً برائے سہولت ولادت مندرجہ ذیل دعا چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھولیں یہ پانی عورت کو پلایا جائے اور ہاتھ پر لگا کر عورت کے پیٹ پہ بھی لگائیں۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ صَدَقَ اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْكَرِيْمُ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَ مَا يُوْعَدُوْنَ لا لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا سَاعَةً مِّنْ نَّهَارٍ بَلٰغٌ ج (پ۲۶ ع۴)

برائے اولاد جس شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو چالیس روز تک دو بیضہ مرغ کے ہر روز پانی میں اُبال کر چھلکا اُتار کر

ایک بیضہ پر یہ آیت لکھے۔ وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ (پ۲۷ ع۲) یہ بیضہ مرد کو کھلایا جائے اور دوسرے بیضہ پر یہ آیت لکھے۔ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ (پ۲۷ ع۲) یہ بیضہ عورت کو کھلایا جائے چالیس روز یہ عمل مسلسل کیا جائے۔

اولاد نرینہ کے لئے جس عورت کے لڑکیاں پیدا ہوتی ہیں لڑکا نہ ہو جب حمل تین مہینہ کا ہو جائے۔ اس وقت یہ آیت کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کرکے پیٹ کے بائیں جانب باندھے ان شاء اللہ اولاد نرینہ ہوگی۔ آیت یہ ہے۔

لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا (پ۲۹ دہر)

برائے اولاد نرینہ جب حمل پر تین ماہ گزر جائیں تو ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران و گلاب سے یہ آیتیں لکھیں اور اس کو عورت کے گلے یا بازو وغیرہ پر باندھیں۔

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ہ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالِ ہ (سورۃ الرعد پ۱۳ ع۸) اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ۣاسْمُهٗ يَحْيٰى ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ہ (سورۃ مریم پ۱۶ ع۴) بحق یحییٰ و مریم و عیسیٰ اعطنا ابنا صالحا طویل العمر بحق سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ۔

برائے انعقاد حمل جس عورت کو حمل نہ ٹھہرتا ہو یہ نقش لکھ کر اس کی ران پہ باندھا جائے۔

عہ	عہ	عہ	عہ
وا	وا	وا	وا
۹	۹	۹	۹
۷	۷	۷	۷

حفاظت حمل از ام الصبیان

سورۃ والشمس و ضحٰها اکتالیس (۴۱) مرتبہ ہر مرتبہ مع درود شریف و بسم اللہ کے پڑھے اور اجوائن و سیاہ مرچ دم کرکے اور چند دانے اجوائن کے اور دو تین دانے سیاہ مرچ کے حاملہ کو کھلاتے جائیں اور بچہ پیدا ہونے کے بعد بھی بچے کا دودھ چھوٹنے تک یہ سلسلہ جاری رکھے (از ملفوظات حضرت حکیم الامت تھانویؒ)

برائے اصلاح بین الزوجین

آیت۔ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ۔ سات سو مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کریں جس کو کھلائیں اُن کے درمیان محبت و اتفاق ہو جائے گا۔

برائے اصلاح بین الزوجین

آیت۔ وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا وَّتُحِبُّوْنَ الْمَالَ حُبًّا جَمًّا۔ کو سات مرتبہ کسی کھانے پر پڑھ کر جس کو کھلایا جائے اُن دونوں میں محبت و اتفاق ہو جائے گا۔

رفع متلی وقے و اضطراب قلب

مندرجہ ذیل کلمات زبان سے کہیں انشاء اللہ تکلیف

دور ہو جائے گی۔ محمد صلی اللہ علیہ وسلم بیٹے عبد اللہ کے عبد اللہ بیٹے ہاشم کے ہاشم بیٹے عبد مناف کے۔

نیند میں بڑبڑانے کا علاج

اسماء الٰہیہ میں سے یہ چودہ نام لکھ کر گلے میں باندھ لے خواب اور نیند میں بکواس اور بڑبڑانے کی عادت چھوٹ جائے گی وہ نام یہ ہیں۔ اَلْغَفَّارُ اَلْوَهَّابُ۔ اَلْقَهَّارُ۔ اَلْفَتَّاحُ۔ اَلْقُدُّوْسُ۔ اَلرَّحْمٰنُ۔ اَلرَّحِيْمُ اَلشَّهِيْدُ۔ اَلصَّمَدُ۔ اَلْمَلِكُ۔ اَلْعَظِيْمُ۔ اَلْكَرِيْمُ الْاَكْرَمُ۔

برائے شے گم شدہ

جس وقت گم ہونے کی خبر ملے فوراً بلا تاخیر اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ گیارہ مرتبہ پڑھ لے انشاء اللہ گم شدہ چیز مل جائے گی۔ مجرب ہے۔

برائے گمشدہ یا گریختہ

سورہ والضحٰی بتمامہ (مکمل) ایک کاغذ پر لکھیں اس کے چاروں گوشوں پر خلفاء راشدین کے نام لکھے اس تعویذ کو چرخہ پر باندھ کر اُلٹا پھرائے اس طرح اکیس (۲۱) مرتبہ اُلٹا پھرائے اور اکتالیس (۴۱) روز تک یہ عمل جاری رکھے۔

ایضاً برائے گمشدہ شے یا شخص

يَا حَفِيْظُ ایک سو نوے مرتبہ پڑھے اس کے بعد۔ يٰبُنَيَّ اِنَّهَا اِنْ تَكُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَكُنْ فِيْ صَخْرَةٍ اَوْ فِي السَّمٰوٰتِ اَوْ فِي الْاَرْضِ يَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيْفٌ خَبِيْرٌ۔ بھی ایک سو نوے مرتبہ پڑھے۔

گمشدہ کیلئے

یہ دُعا بکثرت پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ چیز یا شخص واپس آجائے گا۔ اَللّٰهُمَّ رَادَّ الضَّالَّةِ وَهَادِيَ الضَّلَالَةِ اَنْتَ تَهْدِيْ مِنَ الضَّلَالَةِ اُرْدُدْ عَلَيَّ ضَالَّتِيْ بِقُدْرَتِكَ وَسُلْطَانِكَ۔

قوّتِ حافظہ اور دفع نسیان کیلئے

تفسیر ابن کثیرؒ میں حضرت ابو ہریرہ رضؓ سے روایت کی ہے کہ آیۃ الکرسی کو بائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر زعفران سے لکھ کر چاٹنا اور سات مرتبہ لکھ لکھ کر چاٹنے کا عمل کرنا نافع اور مفید ہے۔

برائے تحصیل علم اور امتحان طلبہ

يَا عَلِيْمُ تَعَلَّمْتُ بِالْعِلْمِ وَالْعِلْمُ فِيْ عِلْمِ عِلْمِكَ يَا عَلِيْمُ۔ اس دُعا کو صبح کی نماز کے بعد پچیس ۲۵ مرتبہ باقی نمازوں کے بعد تین تین مرتبہ پڑھا کریں۔

ایضاً امتحان کی کامیابی کے لئے

بعد نماز صبح سَو ۱۰۰ مرتبہ آیت کریمہ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ۔ پابندی سے پڑھا کریں۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

حمل اور بارآور درخت کے پھل کی حفاظت کیلئے

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا

(پ ۲۲ سورۃ فاطر)

وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (انعام - ۱۳)

وَلَبِثُوْا فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

(حاملہ کے گلے میں لکھ کر باندھے اور اسی طرح درخت کی شاخ پر باندھے)

دودھ دینے والے جانور کو نظر بد لگنے کا علاج

(از حکیم عبدالوہاب انصاریؒ)

جو جانور نظر بد لگنے سے دودھ دینا بند یا کم کردے اس کے لئے گوندھا ہوا آٹا خمیر کرکے اس میں نمک ڈال کر آیت ذیل اس پر دم کرکے جانور کو کھلائیں انشاء اللہ نظر بد دور ہوگی آیات یہ ہیں۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ۔ (پ ۱۴ ع ۱۴)

نظر بد کا دفعیہ

جس انسان یا جانور یا درخت کھیت وغیرہ کو کسی کی نظر بد لگی ہو اس پر تین مرتبہ پڑھے۔ مَا شَآءَ اللّٰهُ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

برائے درد ہر قسم

درد کی جگہ ہاتھ رکھ کر گیارہ سو مرتبہ یہ دُعا پڑھے: اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ۔

بچھو کاٹنے کا علاج

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا۔ درد کی جگہ ہاتھ رکھ کر یہ دُعا تین مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور ہاتھ ہٹالیں پھر اسی طرح چند بار کریں۔

زہر خوردہ کا علاج

جس شخص نے کوئی زہر کھالیا ہو۔ اس کو مندرجہ ذیل نقش اور دُعا لکھ کر پانی سے گھول کر پلادیں انشاء اللہ زہر اثر نہ کرے گا۔ نقش یہ ہے۔

طہ	طہ	طہ	طہ
طہ	طہ	طہ	طہ
طہ	طہ	طہ	طہ
طہ	طہ	طہ	طہ

وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمومنين ولا يزيد الظالمين الا خسارا

برائے اختلاج قلب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الذين آمنوا وتطمئن قلوبهم بذكر الله۔ الا بذكر الله تطمئن القلوب وربطنا على قلوبهم لولا ان ربطنا على قلبها لتكون من المؤمنين۔ وليربط على قلوبهم

یہ آیات کاغذ پر لکھ کر گتے میں اس طرح ڈال دیں کہ تعویذ قلب پر رہے یا کرتہ وغیرہ میں اس جگہ ٹانک لیں۔

سگِ دیوانہ کے کاٹنے کا علاج

آیت اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا۔ کو روٹی کے اوپر لکھ کر مریض کو کھلادیں۔ اکتالیس روز تک یہ عمل جاری رکھیں۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

عملیات حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب عثمانی قدس سرہٗ

سابق مفتی اعظم دار العلوم دیوبند

برائے درد سر

۷۸۶

ھو	ھو
ھو	ھو

اس تعویذ کو کپڑے میں لپیٹ کر سر پر باندھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد فوراً موقوف ہو گا۔

برائے تپ و لرزہ

ططط ططط ططط ططط

ــــــــــــــــــــــــــــہ

مذکورہ نقش مریض کے گلے میں باندھیں جس وقت سردی سے بخار شروع ہو اس وقت ایک تعویذ پانی میں گھول کر پلائیں اور جب لرزہ پوری شدت پر پہونچ جائے اس وقت دوسرا تعویذ گھول کر پلا دیں۔ تیسرا تعویذ لرزہ ختم ہونے کے بعد پلایا جائے پھر دوسرے روز اسی طرح تین تعویذ لکھ کر گلے میں باندھ دیں۔ اوّل تو انشاء اللہ تعالیٰ بخار نہیں چڑھے گا لیکن اگر بخار کی نوبت آئے تو تینوں تعویذ حسب ترکیب گھول کر پلا دیں اس طرح تین روز عمل کریں انشاء اللہ تعالیٰ پہلے ہی روز کامیابی ہو گی۔ اگر اوّل دن ہی

بخار سے نجات مل جائے تو تعویذوں کو گلے میں بندھا رہنے دیں بعد ازاں ان کو کسی جنگل کے کنوئیں یا دریا وغیرہ میں ڈال دیں۔

برائے حل مشکلات و تسخیر حکام و فراخی رزق

نقش اَللّٰہُ الصَّمَد

۸	۱۱	۱۸۰	۱
۱۷۹	۲	۷	۱۲
۳	۱۸۲	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۸۱

اس نقش کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سوا لاکھ مرتبہ یہ نقش لکھ کر گولیاں بنائیں اور دریا میں بہا دیں پہلے تخمینہ کر لیں کہ مذکورہ تعداد کتنے دنوں میں پوری ہو گی بعد ازاں اس کے مطابق روزانہ لکھا کریں کمی بیشی نہ ہو پہلے دن جتنے نقش لکھے جائیں ان میں سے صرف ایک کے اوپر "اَللّٰہُ الصَّمَد" لکھ کر اپنے پاس رکھے باقی نقوش دریا میں بہا دیئے جائیں، دوسرے روز جو نقوش لکھے جائیں ان میں سے ایک پر "اللہ الصمد" لکھ کر اپنے پاس رکھے اور دیگر تمام نقوش جن پر "اَللّٰہُ الصمد" نہیں لکھا گیا ہے اور سابق دن کا وہ نقش جس پر "اَللّٰہُ الصَّمَد" لکھا تھا سب کو دریا میں بہا دے اسی طرح ہر روز کرے یہاں تک کہ تعداد مطلوب پوری ہو جائے۔

برائے حل مشکلات اور فراخی رزق اور تسخیر حکام

۷۸۶

۱۹	۲۶	۲۱
۲۴	۲۲	۲۰
۲۳	۱۸	۲۵

ترکیب زکوٰۃ یہ ہے کہ جب چاند کی پہلی تاریخ چہار شنبہ کو واقع ہو تو اول روز ایک نقش لکھے اور دوسرے روز دو اور تیسرے روز تین علیٰ ھذا ہر روز ایک نقش بڑھاتا جائے یہاں تک کہ چھیاسٹھ تک پہونچ جائے تو بعد ازاں ہر روز ایک نقش کم کرنا شروع کر دے اور جب نوبت ایک پر آجائے روزانہ ایک نقش پابندی سے لکھا کرے اگر ہو سکے تو لکھے ہوئے نقوش کو روزانہ ورنہ سات آٹھ روز کے بعد دریا میں بہا دیا کرے۔ روزانہ ایک نقش لکھنا ضروری ہے۔ اگر ناغہ ہو گیا تو ازسر نو زکوٰۃ کی ادائیگی ضروری ہوگی۔

عملیات

حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی قدس سرہٗ

گنڈہ برائے آسیب زدہ

گیارہ تار نیلا یا سیاہ سوت کچا ڈیڑھ گز لمبا لے کر اکتالیس بار آیت

ذیل پڑھیں اور ہر دفعہ گرہ لگا کر اس کے اندر دم کر کے بند کر دیں۔ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ اِنَّھُمْ یَکِیْدُوْنَ کَیْدًا وَّ اَکِیْدُ کَیْدًا ۔ فَمَھِّلِ الْکٰفِرِیْنَ اَمْھِلْھُمْ رُوَیْدًا ۔

گنڈہ برائے سہولتِ دندان

سات تار کا بارہ گرہ لمبا کچا سوت نیلا یا سیاہ لے کر سورت

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَھَا ۔ وَ اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَھَا ۔ وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَالَھَا ۔ یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَھَا ۔ بِاَنَّ رَبَّکَ اَوْحٰی لَھَا ۔ یَوْمَئِذٍ یَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا لِّیُرَوْا اَعْمَالَھُمْ ۔ فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ خَیْرًا یَّرَہٗ ۔ وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّۃٍ شَرًّا یَّرَہٗ ۔ سات بار پڑھیں اور ہر دفعہ گرہ لگا کر حسب معمول دم کر دیں پھر ہر گرہ پر جدھر ختم کر کے گرہ لگائی ہے اس کے اوپر سے اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۔ وَ اَذِنَتْ لِرَبِّھَا وَحُقَّتْ ۔ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۔ وَاَلْقَتْ مَا فِیْھَا وَتَخَلَّتْ ۔ ایک ایک بار دم کرتے چلے جائیں پھر ایک ایک بار اس طرح سے جہاں اب ختم کیا ہے۔ قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ ۔ اَللّٰہُ الصَّمَدُ ۔ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ ۔ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ۔ دم کرتے

ہوتے چلے آئیں۔

گنڈہ برائے حفاظت حمل

گیارہ تار نیلا یا سیاہ سوت ڈیڑھ گز لمبا لے کر سورہ لیسین پوری پڑھیں اور ہر مبین پر ایک گرہ لگا کر دم کر دیں پھر اس کو حاملہ کے پیٹ پر باندھ دیں۔ کل سات گرہ ہوں گی، حمل اسقاط سے محفوظ رہے گا انشاء اللہ تعالےٰ۔

جھاڑ برائے اور سا جس کو میٹھا اور پسلی چلنا بھی کہتے ہیں

چاقو سے پاک زمین پر سات لکیریں اس طرح ||||||| کھینچ کر اور بچہ کا پیٹ اپنی طرف کر کے کپڑا اٹھا کر دائیں ہاتھ میں چاقو لے کر بچہ کے پیٹ کی طرف سے اشارہ کر کے ان لکیروں پر لاتا رہے اور سات بار یہ آیت پڑھے۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ۔ اور بچہ کے پیٹ اور سینہ پر دم کرتے اور کبھی کبھی چاقو کو آہستہ سے اس پسلی کو چھواتا ہوا جو چل رہی ہے اور اور پیٹ کو چھواتا ہوا زمین پر لا دے سات دفعہ دعا پڑھ کر ایک لکیر سے کاٹتا رہے جس کی شکل یہ ہے ←

جب سات لکیریں ہو جائیں پس دم کر کے بچہ کو اٹھا دیا جائے اور بچہ کو پیشاب کرا دیں صبح اور شام تین روز تک جھاڑا جائے۔ باذن اللہ مرض دفع ہو جائے گا۔

برائے دودھ گیر

جب بچہ کو ماں کا دودھ پڑ رہا ہو تو سات بار الحمد پوری

اور سات بار سورۂ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ پوری اور سات بار درود شریف نماز والا پڑھ کر دم کرے اور پڑھتے ہوئے دائیں ہاتھ کی انگشت شہادت کو سینہ اور پیٹ پر پھیرتا رہے۔

گنڈہ برائے بواسیر خونی

کچا سوت سرخ رنگ ڈیڑھ گز لمبا اکیس تار لے کر سورہ تَبَّتْ يَدَآ اَبِيْ لَهَبٍ پوری اکیس بار پڑھ کر گرہ لگاتا اور دم کرتا رہے پھر الٹی طرف سے ہر گرہ پر لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ رَبِّ اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۔ ایک بار دم کر دے پھر سیدھی طرف سے ایک بار ہر گرہ پر وَقِيْلَ يٰٓاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۔ دم کرتا چلا جائے اور بواسیر والے کی کمر پر باندھ دیا جائے۔ باذن اللہ بہت جلد آرام ہو جائے گا۔

برائے حفاظت از مار و کژدم وغیرہ جانورانِ موذیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ

گیارہ بار صبح اور شام اول و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھا جائے۔ اعتقاد کامل ہو۔

ایضاً برائے حفاظت جانوران موذیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ

السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ط تین بار صبح وشام پڑھا جائے۔

ازالۂ سحر

سات پتے بیری کے لیکر اُن کو پیسیں اور سات کنوؤں یا نلوں کا پانی لے اور اس میں گھول لیں اس پانی پر اکیس اکیس[۲۱] مرتبہ آیۃ الکرسی، سورہ الفلق اور سورہ الناس پڑھ کر پانی پر دم کر دیں اور اس پانی کے تین گھونٹ مریض کو پلائیں اور بقیہ سے مریض کو غسل دیں غسل کا پانی ایسی جگہ گھر سے باہر دفن کر دیں جہاں ناپاکی (پیشاب پاخانہ) نہ کرتے ہوں۔ یہ عمل چودہ[۱۴] دن کیا جائے انشاء اللہ مکمل افاقہ ہوگا غسل صبح کو قبل زوال کیا جائے۔

عملیات حضرت مولانا شاہ عبد الحق صاحب رحمۃ اللہ علیہ

تعویذ برائے چیچک

اس تعویذ کو لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دے اور سوا روپیہ تعویذ لینے والا خیرات کرے۔

یا حفیظ	یا حافظ
محمد محمد	
اللہ کافی	اللہ شافی

تعویذ برائے حفاظت از ہیضہ

اس تعویذ کو لکھ کر بازو پر باندھ لے اور تعویذ باندھنے والے کی طرف سے سوا روپیہ خیرات کرے۔

تعویذ یہ ہے:-

الٰہی بحرمت حضرت شیخ محمد صادق اکابر اولیاء ولد حضرت شیخ احمد
سرہندی مجدد الف ثانی رضی اللہ عنہما از شر بلائے وبا نگہ دار
اللہ شافی اللہ شافی

تعویذ برائے حفاظت اطفال

اس سے بچے ہر بلا سے محفوظ رہیں گے۔ اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچوں کے گلے میں ڈال دے اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے حفاظت میں.

رکھے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اعوذ بکلمات اللہ التامات کلھا من شر ما خلق بسم اللہ خیر الاسماء بسم اللہ رب الارض و رب السماء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شئی فی الارض و لا فی السماء وھو السمیع العلیم۔

عملیات وتعویذات

حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ

یا یوس العلاج مریض اور تپ دق اور ٹھہرے ہوئے بخار کیلئے مفید عمل

ا۔ باوضو تازہ پانی پر جو کوری ہانڈی یا کورے گھڑے میں ہو سورۃ فاتحہ ہر مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ بوصل میم رحیم بلام الحمد (بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الحمد (ملحمد) ایک سو ایک ۱۰۱ مرتبہ پڑھ کر اور معوذتین (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ) گیارہ گیارہ مرتبہ اور قُلْنَا یَانَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓی اِبْرٰھِیْمَ. گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور بوقت صبح نہار منہ قبل طلوع شمس جس قدر پیا جائے زیادہ سے زیادہ پلائیں اور اس کے پینے کے بعد آدھ گھنٹہ تک کوئی دوا یا غذا نہ دیں۔ آدھ گھنٹہ گذر جانے کے بعد جو چاہیں کھلائیں، پلائیں اور باقی ماندہ (بچا ہوا) پانی ہی دن رات میں جب بھی پیاس لگے پلایا جائے۔ اگلے دن صبح تک یہی پانی پلایا جائے اگلے روز کے لئے وہ پانی باقی ماندہ (بچا ہوا) کسی پاک جگہ میں جہاں پیر نہ پڑتے ہوں گرا دیں اور دوسرا تازہ پانی حسب سابق پڑھ کر استعمال کرائیں۔ یہ عمل چالیس روز تک متواتر کیا جائے کورا گھڑا یا برتن وہی رہے گا بدلہ نہ جائے گا۔

(ب) دوسرا عمل عصر کے بعد سورۃ مجادلہ (پارہ ٢٨ کے شروع کی سورت) تین بار پڑھ کر ہر روز مریض پر پھونکا کریں یہ بھی متواتر چالیس (٤٠) روز تک عمل میں لائیں۔

یہ عمل حضرت شیخ الاسلام مولانا مدنی رحؒ کے تجربہ میں رہا ہے اور اکثر متعدد مایوس العلاج حضرات شفایاب ہوتے ہیں۔

ردِ سحر یا آسیب کے دفعیہ کا عمل : (ا) سفید مرغ کو باوضو ذبح کرکے اس کے تازہ خون سے ایک کاغذ پر "جادو بر سر جادوگر" لکھ کر جہاں وہ مریض سویا کرتا ہے اس کاغذ کو چھت پر لٹکا دیں۔ اس طرح سے کاغذ مذکورہ اس مریض کے سینہ پر رہے۔

(ب) ردِ سحر کا عمل دیسی روشنائی سے مندرجہ ذیل کا نقش باوضو لکھے جائیں۔ نقوش کی خانہ پری ترتیب وار ہوگی یعنی خانوں کے خطوط کھینچنے کے بعد بسم اللہ کا عدد (٧٨٦) اوپر لکھنے کے بعد سب سے چھوٹا عدد (٢١٥٦٢) اس کے خانہ میں سب سے پہلے اس کے بعد اس کے بعد والا عدد اور پھر اسی ترتیب سے جملہ اعداد اپنے اپنے خانوں میں درج ہوں گے۔

٧٨٦

٢١٥٦٧	٢١٥٦٢	٢١٥٦٩
٢١٥٦٨	٢١٥٦٦	٢١٥٦٣
٢١٥٦٣	٢١٥٦٠	٢١٥٦٥

ان نقوش میں سے ایک نقش موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں پہنا دیا جائے اور باقی ماندہ کو روزانہ نہار منہ تازہ پانی میں دھو کر پلایا جائے۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔

(ج) ردِ سحر کا عمل جاری پانی دریا یا نہر کا یا سات کنووں کا پانی ایک گھڑا (مٹکا) بھر کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل آیات گیارہ گیارہ مرتبہ اور سورۃ فلق اور سورۃ ناس گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور مریض کو اس پانی میں سے تین گھونٹ پلائیں اور باقی ماندہ (بچے ہوتے) پانی سے سر پر پانی ڈال کر نہلائیں۔ بلاناغہ چالیس دن تک عمل کریں۔ آیات یہ ہیں۔

فَلَمَّا أَلْقَوْا قَالَ مُوسَىٰ مَا جِئْتُم بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللَّهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللَّهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ (٨١) وَيُحِقُّ اللَّهُ الْحَقَّ بِكَلِمَاتِهِ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُونَ (٨٢)

(سورہ یونس کی آیتیں ٨١، ٨٢)

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ (١١٨) فَغُلِبُوا هُنَالِكَ وَانقَلَبُوا صَاغِرِينَ (١١٩) وَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِينَ (١٢٠) قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ الْعَالَمِينَ رَبِّ مُوسَىٰ وَهَارُونَ (١٢١)

(سورۃ اعراف کی چار آیات از ١١٨ تا ١٢١)

إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَىٰ (٦٩)

(سورہ طٰہٰ کی آیت ٦٩)

یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کیا جاتے جاڑے میں دوپہر کو نہلایا جائے۔

(د) جادو (سحر) سے شفاء کا عمل

کھانے کے نمک کو پیس کر اس پر باوضو مندرجہ ذیل آیت ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) مرتبہ پڑھ کر پھونکئے اور کھانے میں صرف یہی نمک ملا کر دیا کیجئے چالیس دن متواتر ایسا ہی کھانا کھلایا کریں جس میں یہی نمک ڈالا گیا ہو. اس کی صورت یہ ہوتی ہے کہ یا تو اس کا کھانا علیحدہ پکایا جائے اور اس میں یہ نمک ڈالا جایا کرے یا گھر میں جو سالن پکتا ہے اس میں ابتداء سے نمک نہ ڈالا جایا کرے. جب سالن پک جائے تو مریض کے لئے کھانا علیحدہ نکال کر پڑھا ہوا نمک ملا دیں اور گھر کے کھانے میں بے پڑھا ہوا نمک حسب عادت ڈالا جائے. آیت حسب ذیل ہے.

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ .

بچوں کے لئے سوکھا یا مسان کے لئے عمل

آدھ سیر یا سیر بھر یا زیادہ تل لیکر اس کو دھلوائیں پھر اس کا تیل نکلوائیں اور اس پر مندرجہ ذیل آیات باوضو پڑھ کر پھونکیں.

(الحمد شریف) سورۃ فاتحہ معہ بسم اللہ آخر تک تین مرتبہ آیۃ الکرسی (پ۳ رکوع۲) تین مرتبہ. والصّٰفّٰت سے من طین لازب تک (پ۲۳ رکوع۱) تین مرتبہ، سورۃ جن شروع سے شططا تک (پ۲۹ رکوع۱) تین مرتبہ. چاروں قل (قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ الخ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ الخ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ الخ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ الخ) تین

تین مرتبہ.

اس کے بعد بچہ کا سر منڈا کر روزانہ یہ پڑھا ہوا تیل سر سے پیر تک تمام جسم پر ملا کریں. کوئی جگہ تیل سے خالی نہ رہے ملنے کے بعد چاہیں تو بچہ کو صابن سے نہلا دیں یا تیل بدن پر لگا رہنے دیں. یہ عمل چالیس دن تک بلا ناغہ کیا جائے ان شاء اللہ مکمل فائدہ ہوگا.

مرگی کے مریض کیلئے

۸۲. يَا قَهَّارُ اَنْتَ الَّذِىْ لَا يُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَا قَهَّارُ

۸۶. يَا مُذِلَّ كُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ بِقَهْرِ عَزِيْزِ سُلْطَانِهٖ يَا مُذِلُّ .

(اتوار کے دن سورج نکلتے ہی پہلی گھڑی (اول وقت) میں تانبے کی تختی پر ہر ایک طرف ایک ایک عبارت کھدوا کر مرگی والے کے گلے میں پہنا دیں. ان شاء اللہ فائدہ ہوگا.

دودھ کی کمی دور کرنے کا عمل

پسے ہوئے نمک پر. وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ. اور آیت اِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهٖ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝

باوضو گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پھونکیں اور وہ نمک ارد کی دال میں ڈال کر عورت کو کھلایا کریں. ان شاء اللہ کامیابی ہوگی.

ضعفِ بصر (کمزور بینائی) کے لئے

ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ آیہ کریمہ فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ۔ پڑھ کر ہاتھ کے دونوں انگوٹھوں کی پشت پر دم کرکے آنکھوں پہ پھیر لیا کریں۔

آنکھوں کی گئی ہوئی بینائی کیلئے

كَمْ اَبْرَأَتْ وَصِبًا بِاللَّمْسِ رَاحَتُهٗ
وَاَطْلَقَتْ اَرِبًا مِّنْ رِبْقَةِ اللَّمَمِ

مندرجہ بالا شعر روزانہ سات مرتبہ باوضو پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کر دیا کریں۔ انشاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔

وساوس شیطانی سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے

سورہ الناس (قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ) روزانہ سو مرتبہ پڑھ لیا کریں یہ اکسیر اعظم ہے۔

ہر قسم کے خطرات اور مشکلات کو دور کرنے کیلئے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔ روزانہ پانچ تسبیح (یا پانچ سو مرتبہ) پڑھ لیا کرے ایک مجلس میں یا مجالس متعددہ میں۔

ہجوم احزان و ہموم کے لئے

ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ آخر تک پڑھیں اور سوتے وقت ستر مرتبہ سورہ الم نشرح۔ اول و آخر درود شریف پڑھ کر سینہ پہ دم کر لیا کریں۔

چیچک کے دفعیہ کے لئے عمل

سورہ رحمٰن نیلے دھاگے پر اس طرح پڑھے کہ ہر فَبِاَيِّ اٰلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر ایک گرہ لگا کر دم کر دیا کرے اور بطور حفظ ماتقدم بچوں کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ حفاظت رہے گی اور اگر چیچک نکل آئی ہو تو پڑھ کر دم بھی کر دیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

خاتمہ بالخیر ہونے کیلئے عمل

خاتمہ بالخیر کے لئے ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھی جائے۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔

قوتِ حافظہ کیلئے

سورہ فاتحہ اکتالیس (۴۱) بار مع بسملہ روزانہ بعد عصر پڑھ کر سینہ پر دم کر لیا کریں۔

حفظ کے لئے

بچے کے حفظ کیلئے ایک روٹی پہ باوضو بروز جمعرات سات جگہ نیچے لکھی ہوئی آیت کو اس طرح لکھا جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ

پھر ہر روز نہار منہ اس کو ایک ٹکڑا کھلایا جائے۔ یہ عمل سات جمعرات تک رہے

تنگ دستی اور قرض سے سبکدوشی کیلئے

(الف) بعد نماز عشاء تنہا بیٹھ کر یا وَھَّابُ چودہ سو چودہ (۱۴۱۴) بار پڑھ کر یہ ذیل کی دعا ایک سو مرتبہ پڑھا کریں۔

یَا وَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ اول آخر درود شریف پڑھنا چاہیئے۔ مداومت کریں۔

تنگ دستی دُور کرنے کا عمل

بعد نماز صبح سورۃ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ (آخر تک)	۲۱ مرتبہ
بعد نماز ظہر سورۃ 〃 〃 〃 〃	۲۲ مرتبہ
بعد نماز عصر 〃 〃 〃 〃 〃	۲۳ مرتبہ
بعد نماز مغرب 〃 〃 〃 〃 〃	۲۴ مرتبہ
بعد نماز عشاء 〃 〃 〃 〃 〃	۲۵ مرتبہ

اول و آخر درود شریف پڑھنا چاہیئے۔ مداومت پر انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

قرض سے سبکدوشی کا عمل

سورۃ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمن الرحیم میم رحیم و لام الحمد ۔ اس طرح ملا کر پڑھیں۔ فجر کی سنت فرض کے درمیان ۴۱ مرتبہ مع اول و آخر درود شریف اور بعد نماز عشاء۔ یہ دعا سونے وقت بستر پر تین مرتبہ اول و آخر درود شریف اور تین مرتبہ یہ

دعا پڑھ لیا کرے۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَرَبَّ الْاَرْضِیْنَ وَرَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَیْءٍ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰی وَمُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْقُرْاٰنِ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ ذِیْ شَرٍّ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَیْسَ قَبْلَكَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَیْسَ بَعْدَكَ شَیْءٌ وَالظَّاهِرُ فَلَیْسَ فَوْقَكَ شَیْءٌ وَالْبَاطِنُ فَلَیْسَ دُوْنَكَ شَیْءٌ اِقْضِ عَنِّی الدَّیْنَ وَاَغْنِنِیْ مِنَ الْفَقْرِ۔

تنگ دستی سے نجات حاصل کرنے کا عمل

روزانہ مغرب یا عشاء کے بعد سورۃ مزمل گیارہ مرتبہ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھا کریں اور جب فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا پر پہنچا کریں تو پچیس مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ پڑھا کریں انشاء اللہ تنگدستی دفع ہو جائے گی یہ عمل دائمی ہونا چاہیئے۔

وسعت رزق کے لئے

تہجد کے وقت اوّلاً دو رکعت نماز بہ نیت وسعت رزق پڑھیں۔ پہلی رکعت میں بعد از سورۃ فاتحہ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ۔ آخر تک پچیس (۲۵) مرتبہ اور دوسری رکعت میں بعد از فاتحہ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ آخر تک پچیس (۲۵) مرتبہ پڑھیں۔ سلام پھیرنے کے بعد درود شریف سو مرتبہ پڑھ کر کھڑے ہو کر یَا وَهَّابُ چودہ سو (۱۴۰۰) مرتبہ نہایت خضوع و خشوع کے ساتھ پڑھا کریں۔ اگر کھڑے ہو کر پڑھنے میں معذوری ہو

تو بیٹھ کر پڑھیں اس نماز پر ملاومت کریں اور مسواک کرنے میں سستی نہ کیا کریں، ہر وضو کے ساتھ مسواک کیا کریں۔

قرضہ کی ادائیگی کے لئے اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔ روزانہ کسی وقت سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

ہر قسم کے خطرات اور مشکلات کو دور کرنے کیلئے حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔ روزانہ پانچ تسبیح (پانچ سو مرتبہ) پڑھ لیا کریں ایک مجلس میں یا مجالس متعددہ میں۔

نماز حاجت چار رکعت نماز بنیت قضاء حاجت جس وقت ممکن ہو پڑھا کریں۔ مگر بہتر ہے کہ شب جمعہ میں پڑھا کریں مندرجہ ذیل طریقہ پر:۔

پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحٰنَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَکَذٰلِکَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد رَبِّ اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔ تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَی اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ اور چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ۔

بعد ختم نماز کے سو مرتبہ رَبِّ اَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ پڑھ کر

بہت مفید ہے۔

تکلیفِ تنفس کے لئے یَا حَمِیْدُ روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھا کریں اور چودھویں رات میں کورے برتن میں "سُوْرَةُ النَّاس" لکھیں اور اس میں پانی بھر کر کچھ پئیں اور باقی سے وضو کریں۔

اغوا شدہ لڑکی یا لڑکے کی بازیابی کے لئے یَا حَفِیْظُ ایک سو انیس (۱۱۹) مرتبہ پھر یٰبُنَیَّ اِنَّهَآ اِنْ تَکُ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ فَتَکُنْ فِیْ صَخْرَةٍ اَوْ فِی السَّمٰوٰتِ اَوْ فِی الْاَرْضِ یَاْتِ بِهَا اللّٰهُ ط اِنَّ اللّٰهَ لَطِیْفٌ خَبِیْرٌ (سورہ لقمان ع ۲) ایک سو انیس (۱۱۹) مرتبہ پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ گم شدہ لڑکی یا کوئی بھی نئے ہو واپس آجائے گی۔

گم شدہ لڑکی یا لڑکے یا چیز کی بازیابی کے لئے اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰهِ۔ سو لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ ضرور کامیابی ہوگی۔

گمشدگی کیلئے یہ عمل بھی بہت مجرب ہے سورۂ ضحٰی (پ ۳۰) سات مرتبہ پڑھیں پھر اپنے اوپر انگشت شہادت پھیریں اور سات مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات کہیں۔ وَاَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰهِ۔ وَاَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ اَصْبَحْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰهِ۔ پھر دستک دیں

ہر صبح و شام کو تا واپسی مفرور یا ضائع شدہ شئے عمل میں لاویں۔
انشاء اللہ ضرور مقصد برآری ہوگی۔

ناجائز تعلقات سے بچاؤ کا عمل

صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۃ فاتحہ ترکیب ذیل سے پڑھی جائے۔

(۱) بسم اللہ کے آخر کے میم کو الحمد للہ کے لام سے ملا دو (اس طرح الرَّحِیْمِلْ حَمْدُ لِلّٰہِ)۔

(۲) یہ عمل اتوار کے دن سے شروع کیا جائے۔ اس طرح کہ:۔
اتوار کے روز صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان ستر (۷۰) مرتبہ

پیر	"	"	"	"	ساٹھ (۶۰)	"
منگل	"	"	"	"	پچاس (۵۰)	"
بدھ	"	"	"	"	چالیس (۴۰)	"
جمعرات	"	"	"	"	تیس (۳۰)	"
جمعہ	"	"	"	"	بیس (۲۰)	"
ہفتہ	"	"	"	"	دس (۱۰)	"

روزانہ اول و آخر سات سات مرتبہ درود شریف ضرور پڑھیں۔

عمل برائے حل مشکلات

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ۔ قضائے حاجات و [illegible] مشکلات کے حل کے لئے روزانہ بارہ سو (۱۲۰۰) مرتبہ پڑھیں اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔
اگر کسی مریض کو شفا مقصود ہو تو بالخیر کی جگہ بالشفاء پڑھیں

یعنی یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالشِّفَاءِ یَا بَدِیْعُ۔
اگر کسی دشمن کا مقہور ہونا مقصود ہو تو بالخیر کی جگہ بِالْقَھْرِ پڑھیں۔

مزاروں پر حاضری کے وقت مندرجہ ذیل طریقہ اختیار کیا جائے

قبرستان میں پہنچنے پر یہ کہا جائے۔ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا دَارَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰہُ بِکُمْ لَلَاحِقُوْنَ یَغْفِرُ اللّٰہُ لَنَا وَلَکُمْ اَجْمَعِیْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ سَلَامٌ عَلَیْکُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّارِ

پھر درود شریف تین بار۔ سورہ فاتحہ تین بار، سورہ اخلاص بارہ بار۔ درود شریف تین بار پڑھ کر صاحب مزار کو بخش کر ان کے نام کردو بلکہ دفینوں کے لئے دعا مغفرت کریں۔

تقریر میں زبان کھلنے کیلئے

چھوٹے مجمعوں میں تو دیکھو کہ خوب تقریر کرتے چلے آتے ہیں [illegible]

بارہ یا تین دفعہ سُبْحَانَکَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ۔ اور رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ وَاحْلُلْ عُقْدَۃً مِّنْ لِّسَانِیْ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ۔ پڑھ کر سینہ پر دم کر لیجئے انشاء اللہ [illegible] شامل حال ہوگی نیز [illegible] [illegible] مجمع [illegible] تقریر کرنے کی [illegible] [illegible] مطالعہ [illegible]

پر تقریر کرنی ہو اگر ممکن ہو تو اولاً تنہائی میں اس پر دو تین مرتبہ یا کم از کم ایک دفعہ تقریر کر لی جائے۔

الفاظ کی چمک دمک کی طرف متوجہ ہونا سخت غلط ہے۔ نیت کی درستی ضروری ہے۔ اپنی شہرت تقریر، لوگوں کی واہ واہ، ریا وسمعہ وغیرہ مقصود نہ ہونی چاہیے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے انشاء اللہ اعانت ہوگی .... ڈرنا اور مرعوب ہو کر پیش قدمی سے جھجکنا سخت غلطی ہے۔

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کیلئے

غسل کرکے (شب جمعہ میں) دھوتے ہوئے یا نئے کپڑے پہنے، خوشبو لگائے، پاک وصاف جگہ میں اگربتی جلا کر دو رکعت نماز بہ حصول زیارت پڑھے۔

ہر رکعت میں بعد از سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) پچیس ۲۵ مرتبہ سورۂ اخلاص (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ) پڑھے، سلام پھیرنے کے بعد (صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى مُحَمَّدًا نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ) ایک ہزار مرتبہ پڑھے پھر اسی جگہ پر قبلہ رو ہو کر داہنی کروٹ پر سو جائے۔ اگر اس شب میں زیارت ہوگئی فبہا ورنہ اگلی شب میں بھی ایسا ہی کیا جائے انشاء اللہ اگلے جمعہ تک یہ شرف حاصل ہو جائے گا۔

دانت جلد اور بآسانی نکلنے کا نسخہ

بچے کے مسوڑھوں پر روزانہ [illegible]

[illegible] شہد ملا کریں تو انشاء اللہ دانت جلد اور بآسانی ظاہر ہو جائیں گے۔

عملیات حضرت مولانا اعزاز علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ

سابق شیخ الادب والفقہ دارالعلوم دیوبند

برائے حُبّ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

انی مغلوب فانتصر

بحب فلاں بفلاں

[illegible]

لا الٰہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

نوچندی منگل کی پہلی ساعت میں لکھا جائے اور روئی میں لپیٹ کر طالب باندھ کر مطلوب کے پاس جائے۔

نوٹ: بحب فلاں کے بجائے طالب ومطلوب کے نام تحریر کئے جائیں

برائے گمشدہ چیز یا شخص

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

عملیات و تعویذات

حضرت مولانا احمد علی لاہوری رحمۃ اللہ علیہ

حل مشکلات کیلئے سورہ یٰسین کا ورد

سورۃ یٰسین یوں پڑھے کہ ہر مُبِین پر یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ گیارہ دفعہ پڑھے اور جب کلمہ کُن پر پہنچے تو یَا اَللّٰہُ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُ یَا فَتَّاحُ پڑھ کر ختم کرے۔ انشاء اللہ سب تکالیف کا خاتمہ ہو جائے گا۔

برائے دفع بلیّات

مصائب دور کرنے کے لئے مندرجہ ذیل دُعا بارہ ہزار دفعہ روزانہ بارہ دن متواتر اس طرح پڑھنی چاہیے کہ اگر دن میں یہ تعداد پوری نہ ہو سکے تو شام کے بعد نیند سے پہلے پوری کرے۔ یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ۔

برائے قضائے حاجات

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ھھھ ھھ ۷۸۶ ٭

ععع ععع ع

ٹ و ہ م ص

ان لیل عدد با وضو دیسی روشنائی سے لکھیں۔ ایک عدد موم جامہ

کوری ٹھیکری پر یہ نقش لکھے اور دوسری طرف چیز یا شخص کا نام لکھے دو پتھروں کے درمیان گوندھے سے بند کر کے رکھ دے کامیابی ہوگی۔

ایک نایاب تعویذ (از بعض عارفین)

جو شخص اس نقش کو اپنے پاس موم جامہ کر کے اگر قتل و غارت گری ہو رہی ہو گی اور وہاں سے گذرے گا تو کوئی دشمن انشاء اللہ تعالیٰ نظر اٹھا کر نہ دیکھے گا اور ہر مقصد میں اس کی برکت سے کامیابی ہوگی اس نقش کو لکھ کر بازو پر باندھے مرد سیدھے بازو پر باندھے اور عورت الٹے دائیں بازو پر باندھے۔ اگر گلے میں باندھے تب بھی کوئی حرج نہیں۔ بہت ہی مجرب ہے وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۵۶۱۸	۱۶۵۶۲۱	۱۶۵۶۲۵	۱۶۵۶۱۱
۱۶۵۶۲۳	۱۶۵۶۱۲	۱۶۵۶۱۷	۱۶۵۶۲۲
۱۶۵۶۱۳	۱۶۵۶۲۴	۱۶۵۶۱۹	۱۶۵۶۱۶
۱۶۵۶۲۰	۱۶۵۶۱۵	۱۶۵۶۱۴	۱۶۵۶۲۶

کر کے مریض کو پہنائیں اور روزانہ ایک عدد تازہ پانی سے دھو کر علی الصبح نہار منہ پلا دیا کریں۔

آسیب و امراض مزمنہ کے لئے ایک تعویذ گلے میں ڈالیں اور چالیس عدد پلائیں۔ رات کو نیند نہ آئے اور خواب متوحش نظر آئیں تو سات عدد تعویذ پلائیں اور ایک تعویذ گلے میں ڈال دیں۔

برائے حُبّ و بغض

یہ بیت ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھا جائے۔ اوّل و آخر سو سو مرتبہ درود شریف پڑھا جائے ۔

هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِيْ تُرْجٰى شَفَاعَتُهٗ
لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْاَهْوَالِ مُقْتَحِمٖ

دم برائے تکالیف جسمانی

اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ اَذْهِبِ الْبَاْسَ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ اِشْفِ شِفَاءً لَّا يُغَادِرُ سَقَمًا۔ صبح اور عشاء کے بعد سات مرتبہ پڑھ کر ہاتھ پر دم کرے اور جہاں تک ممکن ہو بدن پر ملے

یا اللہ آسیب معلوم کرنا

٨	٦	۴	٢
٢	۴	٦	٨
٦	٨	٢	۴
۴	٢	٨	٦

یہ تعویذ لکھ کر مریض کو دکھایا جائے۔ اگر مریض دیکھے تو سمجھ لیا جائے کہ آسیب کا اثر نہیں ہے اور اگر نہ دیکھے تو سمجھو کہ آسیب کا اثر ہے۔

برائے مار گزیدہ، کژدم گزیدہ، زنبور گزیدہ وغیرہ

سورۃ النّاس با بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے جائیں اور دم کرتے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پانچ منٹ تک شفا کامل ہو جاتی۔

یہی سورہ شریفہ نمک پر دم کر کے مار گزیدہ (سانپ کے ڈسے ہوئے) کو کھلایا جائے۔ تین مرتبہ یا گیارہ مرتبہ جتنا مناسب ہو۔

علم کی ترقی کے لئے

(۱) عشاء کی نماز کے بعد تین تسبیح رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا پڑھا کریں اور بعد میں درود شریف پڑھیں۔

(۲) کتاب کھولتے وقت پہلے درود شریف پھر "رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا" ایک بار۔ پھر درود شریف پڑھ کر کتاب پڑھنی شروع کریں۔

کرکے مریض کو پہنائیں اور روزانہ ایک عدد تازہ پانی سے دھو کر علی الصباح نہار منہ پلا دیا کریں۔

آسیب و امراض مزمنہ کے لئے ایک تعویذ گلے میں ڈالیں اور چالیس عدد پلائیں۔ رات کو نیند نہ آئے اور خواب متوحش نظر آئیں تو سات آٹھ تعویذ پلائیں اور ایک تعویذ گلے میں ڈال دیں ۔

برائے حُبّ و بغض یہ بیت ایک ہزار مرتبہ روزانہ پڑھی جائے۔ اوّل و آخر سو سو مرتبہ درود شریف پڑھا جائے ۔

هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِيْ تُرْجٰى شَفَاعَتُهٗ
آسیب، سحر اور دوسرے خطرات سے حفاظت کیلئے ایک نہایت مجرب عمل ہے۔ اس کو روزانہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے یا تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے آسیب زدہ یا سحر میں مبتلا شخص یا کسی موذی مرض میں گرفتار شخص کو پلائے گا تو ان شاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہو گی۔

گھر میں اثر ہو تو تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے گھر کے چاروں کونوں میں پانی چھڑک دیں۔

اس مَنزِل کے روزانہ گھر میں پڑھنے سے گھر چور، ڈاکو اور موذی جانوروں سے محفوظ رہتا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ○ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۖ فِيْهِ ۚ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ○ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ○ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ○ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○ وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○ لَآ اِكْرَاهَ فِى الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۤ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى

النُّوْرِ ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْۤا اَوْلِيٰٓـئُهُمُ الطَّاغُوْتُ لا
يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ اُولٰٓـئِكَ اَصْحٰبُ
النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ○ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَ
مَا فِى الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِىْۤ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ
يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ
يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ○ اٰمَنَ الرَّسُوْلُ
بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ
بِاللّٰهِ وَمَلٰٓـئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ قف لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ
اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ؕ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ
رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ○ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ
لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ
اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا
حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا
طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ج وَاعْفُ عَنَّا وقف وَاغْفِرْ لَنَا وقف وَارْحَمْنَا قف
اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ شَهِدَ
اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لا وَالْمَلٰٓـئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ
قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○
قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِى الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ
الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ
بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ○ تُوْلِجُ
الَّيْلَ فِى النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَىَّ

مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ز وَتَرْزُقُ مَنْ
تَشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ إِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِي خَلَقَ
السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضَ فِي سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى
الْعَرْشِ قف يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهُ حَثِيثًا وَّالشَّمْسَ
وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ مُسَخَّرٰتٍ بِأَمْرِهِ ط أَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْأَمْرُ تَبَارَكَ
اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِينَ ۝ اُدْعُوا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ط
إِنَّهُ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِينَ ۝ وَلَا تُفْسِدُوا فِي الْأَرْضِ بَعْدَ
إِصْلَاحِهَا وَادْعُوهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ط إِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ
قَرِيبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِينَ ۝ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ أَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ
أَيًّا مَّا تَدْعُوا فَلَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى ج وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ
وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيلًا ۝ وَقُلِ الْحَمْدُ
لِلّٰهِ الَّذِي لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ
وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا ۝
أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ ۝
فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ج لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ ج رَبُّ الْعَرْشِ
الْكَرِيمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ إِلٰهًا آخَرَ لا لَا بُرْهَانَ
لَهُ بِهِ لا فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِنْدَ رَبِّهِ ط إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُونَ ۝
وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِينَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ

وَالصّٰفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝
إِنَّ إِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَمَا
بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ۝ إِنَّا زَيَّنَّا السَّمَاءَ الدُّنْيَا بِزِينَةِ

الْكَوَاكِبِ ○ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطَانٍ مَّارِدٍ ○
لَا يَسَّمَّعُونَ إِلَى الْمَلَإِ الْأَعْلَىٰ وَيُقْذَفُونَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ○
دُحُورًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ○ إِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ
فَأَتْبَعَهُ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ○ فَاسْتَفْتِهِمْ أَهُمْ أَشَدُّ خَلْقًا
أَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ۚ إِنَّا خَلَقْنَاهُمْ مِّنْ طِينٍ لَّازِبٍ ○ يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ
وَالْإِنْسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ تَنْفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمَاوَاتِ
وَالْأَرْضِ فَانْفُذُوا ۚ لَا تَنْفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطَانٍ ○ فَبِأَيِّ آلَاءِ
رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ○ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّ
نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ ○ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ○
فَإِذَا انْشَقَّتِ السَّمَاءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ○ فَبِأَيِّ
آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ○ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْأَلُ عَنْ ذَنْبِهِ
إِنْسٌ وَّلَا جَانٌّ ○ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ○ لَوْ أَنْزَلْنَا هَٰذَا
الْقُرْآنَ عَلَىٰ جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهُ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ
اللَّهِ ۚ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ○
هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ ۚ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ
هُوَ الرَّحْمَٰنُ الرَّحِيمُ ○ هُوَ اللَّهُ الَّذِي لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ
الْمَلِكُ الْقُدُّوسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ
الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحَانَ اللَّهِ عَمَّا يُشْرِكُونَ ○ هُوَ اللَّهُ الْخَالِقُ
الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنَىٰ ۚ يُسَبِّحُ لَهُ مَا فِي
السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ ۖ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ○

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اُوْحِیَ اِلَیَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا ○ یَّهْدِیْٓ اِلَی الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا ○ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰی جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّ لَا وَلَدًا ○ وَّاَنَّهٗ كَانَ یَقُوْلُ سَفِیْهُنَا عَلَی اللّٰهِ شَطَطًا ○

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ○ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ○ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ○ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ○ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ○ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ ○

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ یَلِدْ ۙ وَلَمْ یُوْلَدْ ○ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ○

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ○ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ○ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ○ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ○ مَلِكِ النَّاسِ ○ اِلٰهِ النَّاسِ ○ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ۬ الْخَنَّاسِ ○ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ○ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ○

عمل برائے دفع اثراتِ سحر

از حضرت مولانا ابرار الحق صاحب دامت برکاتہم

خلیفہ حضرت حکیم الامت مجدد الملت مولانا اشرف علی تھانوی قدس سرہٗ

نوٹ: جو چیز مریض نہ پڑھ سکے تو دوسرا پڑھ کر دم کر دیا کرے۔

(۱) پارہ ۴ رکوع ۸ آیت ۱۵۴ سورہ آل عمران (ثم انزل ..... سے بذات الصدور تک) ۱۱ مرتبہ صبح ۱۱ مرتبہ شام۔

(۲) سورۃ اخلاص۔ سورۃ الفلق۔ سورۃ الناس تین تین مرتبہ صبح شام۔

(۳) سورۃ الفلق۔ سورۃ الناس۔ طاق عدد یعنی ۳ یا ۵ یا ۷ مرتبہ پڑھ کر کھانے پینے کی اشیاء پر دم کر کے کھائیں۔

(۴) بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پھر سورۃ الفلق سورۃ الناس اور فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ پانی پر دم کر کے غسل کریں ہر روز یا ایک دن ناغہ کر کے۔

(۵) ۲ رکعت نفل پڑھ کر دعا خوب الحاح سے بھی کی جاوے۔

(۶) فرض نمازوں کے بعد بھی توجہ سے دعا کریں۔

(۷) یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ متفرق اوقات میں جس قدر پڑھ سکیں اور اثراتِ سحر کے دفع کیلئے دعا بہت کریں اور الحمد شریف ۱۱ بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کریں۔

اور حسب ذیل امور کا بھی اہتمام کیا جاوے:۔

(۸) جزاء الاعمال پڑھی جاوے (تالیف حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانویؒ)

(۹) حیوٰۃ المسلمین کو پڑھا جاوے اور گناہ کے بیان کو دیکھا جاوے (روح ۲۳)

(۱۰) نمبر ۴ کو پانی پر دم کر کے مکان کے چاروں طرف چھڑکا جاوے۔

※ ※ ※ ※ ※ ※ ※

از معمولات عارف باللہ حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب قدس سرہٗ
سابق محدث دار العلوم دیوبند

عمل برائے حفاظت جسم وجان وصحت ابدان وحفظ وامان از شر حاسدان ودشمنان

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ (تین مرتبہ) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (تین مرتبہ) اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ۔ (تین مرتبہ) قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔ (تین مرتبہ) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِى الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ

فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ
الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ
شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ (تین مرتبہ)
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ
شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ
مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ
اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ
فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ
النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ
الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ
وَالنَّاسِ ۝ (تین مرتبہ) فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ
فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۔ فَاللّٰهُ خَیْرٌ حٰفِظًا وَّ
هُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۔ (تین مرتبہ) اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ
عِلْمًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ۝ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ
اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا (تین مرتبہ) اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَ
مَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ وَصَلُّوْا عَلَیْهِ ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ
عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ وَصَلُّوْا عَلَیْهِ ۔
اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ
وَصَلُّوْا عَلَیْهِ ۔ (تین مرتبہ)

بعد نماز فجر و بعد نماز مغرب ان سب دعاؤں اور سورتوں
اور آیتوں کو تین تین مرتبہ پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر پھونک کر اپنے

تمام جسم پر ہاتھ پھیر لیا کریں۔ عجیب بے مثل اور دافع شر ہے نیز بچوں کی حفاظت اور بیمار کے اوپر دم کرنے کے لئے مفید ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے شر اور بیماری سے نجات حاصل ہوگی۔

عملیات و تعویذات

شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی قدس سرہٗ

ہر قسم کے درد سے آرام کے لئے

سورۂ فاتحہ (یعنی الحمد شریف مکمل) کو ہر قسم کے درد کے لئے پڑھنا مفید ہے۔ پڑھنے کی ترکیب یہ ہے کہ جس شخص کے درد ہو وہ اپنے درد کے مقام کو ہاتھ سے پکڑے اور پڑھنے والا ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ مکمل (ولا الضالین! آمین تک) پڑھے اور ہاتھ چھڑوا کر دریافت کرے اگر درد باقی ہو تو دوسری مرتبہ اسی ترکیب سے پڑھے اسی طرح سات مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ساتویں مرتبہ پڑھنے کے بعد آرام ہو جائے گا۔

بچھو کے کاٹے کا علاج

سورۂ فاتحہ (شروع سے لے کر آخر تک) بچھو کے کاٹے ہوئے کے لئے کسی پاک لکڑی سے جھاڑے اور سورۂ فاتحہ بھی پڑھتا رہے۔ اس طرح کہ ایک مرتبہ پڑھے پھر ہاتھ ہٹوا کر دریافت کرے پھر درد کے مقام کو پکڑوا کر الحمد شریف پڑھے اسی طرح پڑھتا جائے انشاء اللہ بچھو کا درد ختم ہو جائے گا۔

ہر قسم کے مقدمہ میں کامیابی کے لئے

ہر قسم کے مقدمہ میں کامیابی کے لئے ہر روز صبح کو سورہ فتح (پ ۲۶) اور سورۂ [illegible] (پ ۳۰) ایک ایک مرتبہ پڑھے [illegible] انشاء اللہ [illegible] ہوگا۔

سحر کے دفعیہ کے لئے

سحر کے دفعیہ کے لئے کثرت سے معوذتین (قل اعوذ برب الفلق مکمل اور قل اعوذ برب الناس مکمل) پڑھنا انتہائی مفید ہے۔

شیطان وجنات سے حفاظت کے لئے

شیاطین اور جنات سے حفاظت کے لئے آیۃ الکرسی، معوذتین (قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس) اور سورۃ اخلاص (قل ھو اللہ احد آخر تک) سوتے وقت پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرکے سارے بدن پر جہاں تک ممکن ہو پھیرے تین مرتبہ سر سے شروع کرکے پاؤں تک ہاتھ لے جائے انشاء اللہ تعالیٰ شیاطین کے شر سے محفوظ رہے گا۔

ہر قسم کی وبار سے حفاظت کا عمل

وبار کے موسم میں آیۃ الکرسی اکتالیس مرتبہ جس جگہ چاہے حصار کردے اس طرح کہ جس جگہ سے شروع کرے وہیں پر ختم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وبار کے اثر سے محفوظ رہیں گے۔

تعویذ حفاظت از طاعون

اس تعویذ کو لکھ کر موم جامہ کریں اور ہر بچے اور بڑے کے داہنے بازو پر بند ھوادیں۔ تعویذ یہ ہے۔

لاطع اسم لا لاط

برائے شفاء امراض مزمنہ

روزانہ ایک نقش پلایا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفاء ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۴	۱۰۷	۱۱۰	۹۶
۱۰۹	۹۷	۱۰۳	۱۰۸
۹۸	۱۱۲	۱۰۵	۱۰۲
۱۰۶	۱۰۱	۹۹	۱۱۱

سحر کا مکمل علاج

وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا فَادّٰرَءْتُمْ فِيْهَا ۚ وَاللّٰهُ مُخْرِجٌ مَّا كُنْتُمْ تَكْتُمُوْنَ ۚ (پ ۱ ع ۹)

مندرجہ بالا آیت قرآنی کو اکتالیس مرتبہ پانی پر پڑھ کر پھونکیں اور مریض کو روزانہ یہی پانی پلائیں (جب بھی پانی پیے یہی پانی دیں) پانی ہر روز صبح کو نیا لیں اور اس پر آیت بالا اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور شام تک سب پانی پلادیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر سے نجات مل جائے گی۔

نظر بد کو دور کرنے کے لئے عمل

وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۚ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۔ (پ ۲۹ ع ۴)

مندرجہ بالا آیات کو سات عدد سُرخ مرچوں پر پڑھے۔ ہر مرچ پر سات مرتبہ مندرجہ بالا آیات پڑھے اور دم کرے۔ بچہ کے اوپر سے وار کر آگ میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ نظر اسی وقت دور ہو جائے گی۔ اور مرچوں کے جلنے سے دھسک بالکل نہیں آئے گی بشرطیکہ بچہ کو نظر ہو۔ یہ عمل مجرب ہے۔

برائے دردِ سر

درد کے مقام پر یہ نقش باندھے انشاء اللہ درد موقوف ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۴۴	۱۶۴۱	۱۶۵۱	۱۶۳۷
۱۶۵۰	۱۶۳۱	۱۶۴۳	۱۶۴۹
۱۶۳۹	۱۶۵۳	۱۶۴۶	۱۶۴۲
۱۶۴۷	۱۶۴۱	۱۶۴۰	۱۶۵۲

برائے استخارہ

اول با طہارت ایک ہزار بار کلمۂ توحید لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ پڑھے اور یہ نقش اسم اللہ سرہانے رکھ کر سوئے انشاء اللہ مطلب حاصل ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۴	۹۹	۲۲
۳۳	۵۵	۷۷
۸۸	۱۱	۶۶

عملیات مولانا عبدالرحمن صاحب دامت برکاتہم
جامعہ اشرفیہ لاہور

٭٭٭

برائے ملازمت وحصولِ روزگار

بعد از نماز عشاء اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور درمیان میں یَا وَھَّابُ (۱۴۱۴) چودہ سو چودہ مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بعد ایک تسبیح یعنی سو مرتبہ یَا وَھَّابُ ھَبْ لِیْ مِنْ نِعْمَۃِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِنَّکَ اَنْتَ الْوَھَّابُ۔ پڑھیں۔ چند دن کے بعد انشاء اللہ تعالیٰ روزگار مل جائے گا۔

لڑکیوں کے رشتے

ہر قسم کے امراض سے نجات اور پریشانیوں سے چھٹکارے کیلئے

ہر قسم کے مرض سے نجات اور پریشانی سے چھٹکارے کے لئے اوّل و آخر درود شریف (نماز والا درود بہتر ہے) گیارہ بار۔ درمیان میں سورۃ فاتحہ پینتالیس ۴۵ بار صبح سورج نکلنے سے پہلے پڑھے اور رات کو سونے سے پہلے یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ کو پانچ سو مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

برائے دفع جادو

ایک تسبیح (سو مرتبہ) سورۂ فاتحہ، ایک بار سورۂ یٰسین، ایک تسبیح سورۂ [illegible] قل اعوذ برب الفلق اور قل اعوذ برب الناس [illegible]

دونوں سورتوں کو ملا کر پڑھے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار۔ سب کو پڑھ کر پانی پر دم کرے۔ اس پانی کو پینے کے طور پر اور غسل کے طور پر اور پانی ملا کر استعمال کرے۔ پانی کو ختم نہ ہونے دے۔ یہ عمل گیارہ دن تک کرے۔ بہتر ہے کہ چالیس دن تک کرے۔ جب چالیس دن گزر جائیں تو تھوڑی سی مٹی نہر (یا دریا یا سمندر) کی لے کر اس پانی سے گوندھ کر اسے گھر کے کونوں میں ایک ایک فٹ کے قریب گڑھا کھود کر اس میں دبا دیں۔ ہر گڑھے میں مٹی دباتے وقت چودہ (۱۴) مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ لیں اور دبا دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ سحر سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔

عورتوں کا نصیب کھلنے اور شادی کیلئے عمل

نماز عشاء کے بعد یَا لَطِیْفُ (۱۱۱۱) گیارہ سو گیارہ بار پڑھے۔ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ گیارہ بار پھر سجدہ میں جا کر دعا مانگیں۔ گیارہ روز یہ عمل کرے۔ باقی ہر نماز کے بعد اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَا اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا۔ دس مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر درود شریف دس بار۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

برائے دفع نحوست وحصولِ ملازمت

گھر سے بے برکتی اور نحوست دور کرنے کے لیے حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ کو ہر روز (۴۵۰) چار سو پچاس بار پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار اور سوتے وقت سورۂ واقعہ پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

برائے وسعتِ رزق اور دفع قرض

اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْـئًا۔ کو صبح و شام (۳۱۳) تین سو تیرہ بار پڑھے۔ اگر ہر نماز کے بعد (۳۱۳ بار) پڑھ لے تو زیادہ بہتر ہے۔ اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔ انشاء اللہ تعالیٰ آمدنی میں برکت ہوگی اور قرض سے نجات ملے گی۔

برائے ہر مشکل و شادی وغیرہ و بیماری سے نجات

اوّل و آخر درود شریف تین بار درمیان میں اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَا اُشْرِكُ بِهٖ شَيْـئًا۔ کو ۳۱۳ (تین سو تیرہ) بار اور وَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ۚ وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْكَ نَصِيْرًا۔ ۳۱۳ (تین سو تیرہ) بار۔ صبح و عشاء کی نماز کے بعد پڑھیں پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں اور کچھ دم کئے ہوئے پانی سے مریض کو روزانہ غسل دیں۔ چالیس روز عمل کریں یہ عمل جس نیت سے کیا جائے گا۔ مقصد میں انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

برائے ملازمت

ملازمت کے حصول کے لئے سورۃ بنی اسرائیل کی آخری آیت وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا (۳۱۳) تین سو تیرہ بار پڑھیں اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ یہ عمل مطلب پورا ہونے تک جاری رکھیں ... ایک وقت مقرر کرلیں

اللہ تعالیٰ غیب سے مدد فرمائے گا۔

برائے نجات از جادو، سایہ، آسیب، جن

آیت قطب ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا
یَّغْشٰی طَآئِفَةً مِّنْکُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ یَظُنُّوْنَ
بِاللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِیَّةِ ؕ یَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ ؕ
قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ؕ یُخْفُوْنَ فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَكَ ؕ
یَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ
فِیْ بُیُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِهِمْ ۚ
وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ
عَلِیْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ۝ (سورۃ آل عمران آیت ۱۵۴ پ ۴) اور آیت
لَقَدْ صَدَقَ اللّٰهُ رَسُوْلَهُ الرُّؤْیَا بِالْحَقِّ ۚ لَتَدْخُلُنَّ الْمَسْجِدَ
الْحَرَامَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ اٰمِنِیْنَ ۙ مُحَلِّقِیْنَ رُءُوْسَكُمْ وَمُقَصِّرِیْنَ ۙ لَا
تَخَافُوْنَ ؕ فَعَلِمَ مَا لَمْ تَعْلَمُوْا فَجَعَلَ مِنْ دُوْنِ ذٰلِكَ فَتْحًا قَرِیْبًا ۝
هُوَ الَّذِیْٓ اَرْسَلَ رَسُوْلَهٗ بِالْهُدٰی وَدِیْنِ الْحَقِّ لِیُظْهِرَهٗ عَلَی
الدِّیْنِ كُلِّهٖ ؕ وَكَفٰی بِاللّٰهِ شَهِیْدًا ۝ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِیْنَ
مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَی الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَیْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا یَّبْتَغُوْنَ
فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ؗ سِیْمَاهُمْ فِیْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ؕ
ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِی التَّوْرٰىةِ ۚۖۛ وَمَثَلُهُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ ۚ۟ۛ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ
شَطْـَٔهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰی عَلٰی سُوْقِهٖ یُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِیَغِیْظَ
بِهِمُ الْكُفَّارَ ؕ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ

مَغْفِرَةً وَّ اَجْرًا عَظِيْمًا ٥ (سورۂ فتح پ۲۶) کو باہم ملا کر انیس[19] بار انیس[19] دن تک صبح وعشاء کے بعد پڑھ کر پانی و تیل پر دم کریں پانی پلائیں اور تیل سے بدن پر مالش کریں روزانہ۔ جادو اور جنات کے توڑ کے لئے مجرب ہے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور صحت حاصل ہوگی۔

جادو سے نجات کا عمل

ایک تسبیح (سو مرتبہ) سورۂ فاتحہ ایک تسبیح (سو بار) سورۂ بنی اسرائیل کی آیتیں وقل الحمد للہ الذی تا آخر سورۂ مذکورہ۔ ایک تسبیح (سو بار) سورۂ ناس پڑھ کر پانی پر دم کر کے مسحور (جس پر جادو کیا گیا ہو) کو پلائیں اور گھر کے کونوں میں چھڑکاؤ کریں پانی پر دم کرنے کے بعد دعا بھی کریں کہ یا اللہ تعالیٰ اپنے اس کلام کی برکت سے میری اس مشکل کو حل فرما۔ انشاء اللہ تعالیٰ مکمل صحت حاصل ہوگی۔

عملیات و تعویذات

حضرت مولانا دوست محمد قریشی نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ

گھر یا مال میں برکت کا تعویذ

ترکیب عمل: یہ تعویذ لکھ کر کسی گتے پر لگا کر دروازے کے سامنے دیوار پر لگا دیا جائے بشرطیکہ گھر میں برکت کی ضرورت ہو۔ اگر غلہ یا آٹے وغیرہ میں برکت کی ضرورت ہو تو لپیٹ کر کپڑے میں باندھ کر غلے یا آٹے میں بند کر دیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ برکت ہی برکت ہوگی۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

وھو	الملک	بیدہ	الذی	تبارک
علی	وھو	الملک	بیدہ	الذی
کل	علی	وھو	الملک	بیدہ
شیئ	کل	علی	وھو	الملک
قدیر	شیئ	کل	علی	وھو

انقلاب پاک و ہند کے زمانے میں حضرت مولانا دوست محمد قریشی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اس کا تجربہ کیا الحمد للہ مفید پایا۔

رات کو تہجد کے لئے بیدار ہونے کا اکسیری عمل

بار ہا کا مجرب ہے: بزرگان دین نے جس کی تائید میں متعدد ارشادات فرمائے اس عمل سے جب چاہو بیدار ہو جاؤ۔ سورۂ کہف کی آخری آیتیں

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا سے لے کر وَلَا یُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا - تک پڑھ کر خدا تعالیٰ کی بارگاہ میں عرض کرے کہ "یا اللہ اپنی کرم نوازی سے مجھے اتنے بجکر اتنے منٹ پر بیدار کر دے"۔

خدا کے فضل و کرم سے جاگ جائے گا لیکن پھر آدمی کا نصیب کہ تہجد پڑھنے کی توفیق ملے یا نہ ملے۔

سرورِ کائنات فخرِ موجودات

حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کا عمل

حضرت مولانا قریشی صاحبؒ نے ایک مرتبہ عمل کیا اور متعدد مرتبہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت فیض بشارت سے مستفیض ہوئے ۔۔۔۔۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

کسی قمری مہینے کی پہلی جمعرات کو شام کے وقت پاک کپڑے پہن کر بعد از نماز عشاء دس ہزار مرتبہ درود شریف ان الفاظ میں۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ پڑھ لیں۔ اس کے بعد ایک ہزار مرتبہ سورۂ کوثر (اِنَّآ اَعْطَیْنٰكَ الْكَوْثَرَ۔ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ۔ اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ۔) پڑھ لیں۔ پھر درود شریف پڑھتے ہوئے جنوب کی طرف پاؤں کر کے دائیں کروٹ قبلہ کی طرف منہ کر کے سو جائیں انشاء اللہ پہلی مرتبہ یہ عمل کرنے سے حبیب کبریا صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نصیب ہوگی۔

مقبولیت حاصل کرنے کے لئے

یَا عَزِیْزُ ایک ...

اسے چہرے پر مل لیا جائے تو انشاء اللہ وجاہت ومقبولیت تامہ نصیب ہو گی بشرطیکہ بے عمل بے عقیدہ نہ ہو۔

درد سر کا مجرب عمل

جس شخص کو سر میں درد ہو، وہ اپنی پگڑی یا ٹوپی اتار دے اور درد کی جگہ بتادے کہ سارے سر میں درد ہے یا پیشانی میں درد ہے۔ جہاں درد ہو۔ وہاں سبابہ انگلی سے اشارہ کے ساتھ یہ شعر لکھیں ؎

سرم خاکِ رہ ہر چہار سرور ۔۔۔ ابوبکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و حیدرؓ

انشاء اللہ تعالیٰ لکھتے ہی درد ختم ہو جائیگا۔ پھر سر کو ہلانے کو کہا جائے اگر درد منتقل ہو جائے تو پھر وہاں لکھا جائے۔ اسی طرح لکھتے جائیں جب تک درد مکمل ختم نہ ہو جائے لکھنے سے نہ رکیں۔

(یہ عمل حضرت مولانا بدر عالم میرٹھی ثم مہاجر مدنی، سابق شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ ڈابھیل کا ہے)

حسب منشا شادی کرنے کے لئے

چار نمازوں کے بعد ۳۳ مرتبہ اور عشاء کی نماز کے ۲۳۳ مرتبہ اوّل آخر درود شریف اِنَّمَآ أَشۡكُوا۟ بَثِّی وَحُزۡنِیۤ إِلَى ٱللَّهِ تا حصول مقصد پڑھنا ضروری ہے۔ بے حد اکسیر ہے۔ لیکن شرط یہ ہے کہ وظیفہ پڑھنے کے بعد اس طرح دعا کرے۔ یا اللہ میرا کام فلاں جگہ کر دے اگر میرے دین و دنیا کے لئے مفید ہو تو اس جگہ کر دے ورنہ جہاں تیری رضا ہو وہاں مجھے منظور ہے انشاء اللہ چند دنوں میں کامیابی نصیب ہو گی۔

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

بشرطیکہ شریعتِ مطہرہ کے مطابق ہو۔ نیز یہی آیت ہر نماز کے بعد ۱۰۰ مرتبہ پڑھا کریں مجرب ہے۔ نیز اس کا تعویذ بھی موم جامہ کر کے سیدھے ہاتھ میں بازو پر باندھیں۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

وَ	اللّٰہِ	مِّنَ	نَصْرٌ
فَتْحٌ	وَ	اللّٰہِ	مِّنَ
قَرِیْبٌ	فَتْحٌ	وَ	اللّٰہِ

علم نصیب ہونے اور ذہن تیز ہونے کے لئے

ہر نماز کے بعد دعا کے آخر میں یہ کلمات پڑھا کریں۔

یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ یَا بَصِیْرُ اَبْصِرْنِیْ

اور اگر صاحبِ ضرورت لاعلم ہے اس قدر دعا بھی یاد نہیں کر سکتا تو صرف یہ کلماتِ طیبات ہر نماز کے بعد دعا کے آخر میں پڑھا کریں۔

یَا عَلِیْمُ یَا خَبِیْرُ یَا بَصِیْرُ اَبْصِرْنِیْ

کنواں کھودتے وقت اگر پانی نہ نکلتا ہو

وَاِنَّ مِنْهَا لَمَا يَشَّقَّقُ فَيَخْرُجُ مِنْهُ الْمَآءُ

بصورت مربع تعویذ لکھ کر سر پر باندھ دیں اور کھودنے کے لئے غوطہ لگائیں انشاءاللہ بہت جلد [illegible] کامیابی ہو جائیگی۔

خاوند بیوی کے درمیان محبت ڈالنے کے لئے

یہ بھی عذاب آفت ہے۔ قہر خدا ہے نہ خاوند کی زندگی صحیح رہتی ہے اور نہ بیوی کی۔ اکثر اس میں قصور بیوی کے ماں باپ کا ہوتا ہے یا لڑکی کی خباثت ہوتی ہے۔ اسباب کا ازالہ کریں لیکن اس میں جس قدر حکمتِ عملی سے کام لیا جائے گا۔ اسی قدر مفید ہوگا۔ تعویذ یہ ہے۔

یَا اَللّٰہُ ۔ یَا رَحْمٰنُ ۔ یَا رَحِیْمُ ۔ یَا حَیُّ ، یَا قَیُّوْمُ ۔ یَا لَطِیْفُ ، یَا وَدُوْدُ

اوّل و آخر درود شریف سات مرتبہ۔ اسمائے مبارک عطر گلاب کے پھلے میں دم کر کے (فلاں در محبت فلاں حامل شود) سونگھائیں۔ ان شاء اللہ انتہائی محبت ہوگی۔

حافظہ بڑھانے کے لئے

قرآن مجید حفظ کرنے والوں کے لئے بے حد مفید ہے ہر نماز کے بعد دونوں ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھی جائے۔ تین مرتبہ۔

یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ وَ یَا بَصِیْرُ اَبْصِرْنِیْ

دماغ کی کمزوری کے دفع کرنے کے لئے

پانچوں فرض نمازوں کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر یَا قَوِیُّ یَا قَوِیُّ (گیارہ مرتبہ) پڑھیں ان شاء اللہ العزیز چالیس روز کے اندر قوت حافظہ تیز ہو جائے گی۔

دانت کے درد کے لئے اکسیر

لوہے کی ایک چھوٹی سی کیل لے کر موٹی سی لکڑی میں ٹھونکنے کے لئے رکھیں

مریض کی شہادت کی انگلی ماؤف (درد والے) دانت پر رکھوا کر پکڑوائیں۔ اگر خود سات مرتبہ درود شریف اور سات مرتبہ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ۔ پڑھیں پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ تیسرا حصہ درد کا چلا جائے گا اور نہائی کیل کو ٹھونک دیں، مریض تھوک نیچے ڈال کر پھر درد والے دانت کو پکڑے اور عامل اسی طرح تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ انشاء اللہ العزیز تیسری دفعہ کرنے سے سخت درد چلا جائے گا۔ بارہا کا مجرب ہے ویسے آپ مجرب نہ ہوں تو اور بات ہے۔

نگاہ کی کمزوری دفع کرنے کے لئے

پانچوں نمازوں کے بعد یا نُوْرُ گیارہ بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں کے پوروں پر دم کر کے آنکھوں پر ملیں۔

آنکھوں کے درد کو دفع کرنے کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھ کر سورۂ فاتحہ شریف سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ انشاء اللہ شفاء نصیب ہوگی۔

ہونٹ پر شیور نکل پڑی

اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ۔ سات مرتبہ، اول آخر تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کریں۔ اسی طرح تین مرتبہ عمل کرنے سے شفاء حاصل ہوگی (انشاء اللہ تعالیٰ)

زبان پر ہلکا پن

فجر کی نماز پڑھ کر ایک پاک کنکری منہ میں رکھ کر یہ آیت اکیس بار پڑھیں۔

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ۔

اور ایک بسکٹ پر الحمد للہ مکمل لکھ کر چالیس روز کھلانے سے بھی ذہن بڑھتا ہے۔

بچہ اگر نظر بد کا شکار ہو جائے

تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالدیں۔

الا	قوة	ولا	حول	لا
باللہ	الا	قوة	ولا	حول
العلی	باللہ	الا	قوة	ولا
العظیم	العلی	باللہ	الا	قوة

اگر بچہ رات کو روتا ہو

ذیل کا تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالدیں۔ مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ
بِسْمِ اللّٰهِ الشَّافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ الْكَافِيْ
لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

برائے خفقان القلب

یہ تعویذ ایسی ڈوری پر باندھیں کہ قلب پر لگ جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہولِ دل زائل ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ

الذین	اٰمنوا	وتطمئن	قلوبھم
اٰمنوا	وتطمئن	قلوبھم	بذکر اللہ
وتطمئن	قلوبھم	بذکر اللہ	اَلَا
قلوبھم	بذکر اللہ	اَلَا	بذکر
بذکر اللہ	اَلَا	بذکر	اللہ
اَلَا	بذکر	اللہ	تطمئن
بذکر	اللہ	تطمئن	القلوب

برائے دردِ شکم

لَا فِیْهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا یُنْزَفُوْنَ ۔ یہ آیت پانی پر دم کرکے پلادیں

تلی بڑھ جانے کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ ذٰلِكَ تَخْفِیْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ۔ تلی کی جگہ پر باندھ دیں۔

ناف ٹل جانا

یہ تعویذ ہر مہینے کے پہلے اتوار کو لکھا جاتا ہے، ناف پر باندھنے سے خطرہ ٹل جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ کسی آدمی کو کہیں کہ وہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر پیٹ پر بالخصوص ناف پر دم بھی کرتا رہے اور مالش بھی کرتا رہے۔

۷۸۶

۝

جس کا حمل گر جاتا ہو

شکم پر یہ تعویذ باندھا جائے۔

یا قابض	یا قابض	یا قابض
یا قابض	یا قابض	یا قابض
یا قابض	یا قابض	یا قابض
اللہ الذی رفع السمٰوات بغیر عمد ترونها		

اولاد کی درازیٔ عمر کے لئے

یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

الحیّ	ھو	اِلّا	الٰہ	لا	اللہ
القیوم	الحیّ	ھو	اِلّا	الٰہ	لا

ازالۂ عقم کے لئے

یہ تعویذ بے حد مجرب ہے اور اس سے بے شمار لوگوں کو فائدہ ہوا ہے۔

ترکیب استعمال: جب گھروالی ایام سے پاک ہوجائے تو یہ تعویذ لکھ کر چھ گھونٹ پانی میں بھگوکر شام کو تین گھونٹ عورت نوش کرے اور تین گھونٹ مرد پیئے۔ اس کے بعد حقوق زوجیت ادا کریں۔ اسی تعویذ کو دوسری رات اور تیسری رات اسی طرح کریں پھر دوسرے مہینے یہی تعویذ اسی طرح استعمال کریں۔ تیسرے مہینے بھی اسی طرح کریں انشاء اللہ مطلب بر آجائے گا۔

یھب	لمن	یشاء	الذکور
لمن	یشاء	الذکور	او
یشاء	الذکور	او	یزوجھم
الذکور	او	یزوجھم	ذکرانا
او	یزوجھم	ذکرانا	وانانا

فتوحاتِ غیبی از قسم مال وجاہ عزت وآبرو

انشاء اللہ تعالیٰ اس پر عمل کرنے والا کبھی بھی مالی طور پر محتاج نہ ہوگا۔ غربت وافلاس ختم ہوجائے گی آپ حیران رہ جائیں گے جب ہر طرف سے آپ پر دنیا کی بارش ہونے لگے گی۔ وہاں سے دنیا ملے گی جہاں سے امید بھی نہ ہوگی۔

سورۂ فاتحہ [illegible]

مرتبہ چار دن روزانہ پڑھے اس کے بعد خدا کے نام کی خیرات کرے طلبہ قرآن کو کھلائے اس کے بعد ہر نماز کے بعد روزانہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۰ پڑھ کر دس مرتبہ سورۂ فاتحہ ولا الضالین (آمین) تک پڑھے پھر یہ دعا۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔ پڑھے انشاء اللہ مالی برکت سے مستفیض ہوگا۔

ادائے قرض کا عمل

ہر نماز کے بعد بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ کے آخری میم کو الحمد للہ کے لام کے ساتھ ملا دیا جائے (بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ الخ) ہر نماز کے بعد دس مرتبہ پڑھ لیا کریں۔ انشاء اللہ تین ماہ کے اندر قرض کی ادائیگی کے اسباب مہیا ہو جائیں گے۔

مرگی کا تعویذ

بزرگان نقشبندیہ کا مجرب ہے، تانبے کی ایک تختی بنوائی جائے اور اس میں زرگر سے باوضو ایک طرف یہ آیت کندہ کر کے دوسری طرف دوسری آیت کندہ کر کے گلے میں ڈالدیں بحکم خدا شفا ہوگی۔

(۱) یَا قَہَّارُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ۔

(۲) یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ عَنِیْدٍ بِقَہْرِ عَزِیْزٍ۔

دردِ زہ کا مجرب تعویذ

از حضرت شیخ المشائخ نقشبندیہ حضرت مولانا محمد عبد الغفور صاحب مدنیؒ

یہ تعویذ لکھ کر ناف پر باندھ دیں گھڑی دیکھتے رہیں۔ دس منٹ کے اندر بحکم خدا بچہ باہر آجائے گا اور اس کی والدہ شدت درد سے بچ جائے گی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ
وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ

برائے کمی دودھ گائے بھینس

یہ دونوں آیتیں نمک پر سات بار پڑھ کر ماش کی دال میں کھلائیں۔
(پہلی آیت) وَالْوَالِدٰتُ یُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ۔
(دوسری آیت) وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ۔
دوسری آیت اگر آٹے کے پیڑے پر دم کر کے گائے بھینس کو کھلائیں۔ تو مفید رہے گا۔ اگر کسی عورت کا وضع حمل کے بعد سینے میں دودھ خشک ہو گیا تو بطریق مذکور استعمال سے انشاء اللہ دودھ میں برکت نصیب ہو گی۔

جنات کے حاضر کرنے کا عمل

اس عمل کا عامل یا تو نیک عالم پرہیزگار ہو یا بوقت عمل آیۃ الکرسی، سورۂ فاتحہ، سورۂ کافرون، سورۂ اخلاص، معوذتین پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے جسم پر پھیر لے تاکہ ..... [illegible]

محفوظ ہو جائے یا پھر کسی عامل یا ولیِ کامل سے اجازت ہو۔ ذیل کا نقش لکھ کر
مریض کو دکھائے انشاء اللہ نصف گھنٹہ کے اندر جن حاضر ہو جائے گا جن کے
حاضر ہونے کی علامات ذیل ہیں مگر مریض کو نہ بتلایا جائے ورنہ ہو سکتا ہے کہ
مریض مکر کر کے معاملے میں خلجان پیدا نہ کر دے۔ نقش یہ ہے۔

یٰمعشر الجن والانس ان استطعتم ان تنفذوا
من اقطار السمٰوٰت والارض فانفذوا لا تنفذون الا بسلطٰن

یعنی آنکھ کا نقش بنا کر یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ
تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا لَا تَنْفُذُوْنَ
اِلَّا بِسُلْطٰنٍ۔

ارد گرد لکھ کر مریض کو دکھایا جائے مریض کو کہا جائے کہ نگاہ کو اِدھر
اُدھر دیکھنے سے باز رکھے صرف اور صرف درمیان والے نقطے کی طرف دیکھتا رہے۔
علامات۔ (۱) چند لمحے بعد اسی نقطے میں اسکو اشکال مختلف نظر آنے لگیں گے۔
(۲) یا آگ کے شعلے بلند ہوتے نظر آئیں گے۔
(۳) یا مریض پر کپکپی طاری ہو گی۔
(۴) یا مریض بے ہوش ہو کر گر جائیگا۔
(۵) یا زمین پر سر ہاتھ مارنے لگے گا۔

جب یہ حالات طاری ہو جائیں تو سر کے بال پکڑ وا کر اور بائیں ہاتھ کی چھوٹی

انگلی پکڑ وا کر زور سے اس کے حالات دریافت کیے جائیں۔

اب دو حالتیں ہوں گی یا تو باتیں کرے گا اپنا نام اور قومیت بتائے گا اور پکڑنے کی وجہ بتائے گا۔ یا چپ رہے گا اگر باتیں کرنا شروع کردے تو اس سے وعدہ لیا جائے تاکہ وہ مریض کو چھوڑ جائے جب تک اس سے قسم لے کر وعدہ نہ لیا جائے تب تک بال اور انگلی نہ چھوڑی جائے۔

اگر چپ ہو جائے بالکل بات نہ کرے تو اسے اس کے حال پر چھوڑ دیا جائے۔ ہر حالت میں ذیل کا تعویذ بنا کر اس کے گلے میں ڈال دیا جائے۔ میرا تجربہ ہے کہ اکثر مقامات پر فتح ہوتی ہے مریض اس بلا سے بچ جاتا ہے۔ میں نے بارہا اس کا تجربہ کیا ہے اسی فیصدی کامیابی ہوئی ہے۔

ترکیب: ایک کاغذ کے چاروں کونوں پر اس قسم کے چار تعویذ لکھ دیئے جائیں اور درمیان میں سورۃ جن پوری لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیا جائے اور مریض پر صبح و شام سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کر دیا کریں۔ انشاءاللہ جن کا حملہ عود نہ کرے گا اس عاجز کا مکرر سہ کرر کا مجرب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الا	قوۃ	ولا	حول	لا
باللہ	الا	قوۃ	ولا	حول
العلی	باللہ	الا	قوۃ	ولا
العظیم	العلی	باللہ	الا	قوۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الا	قوۃ	ولا	حول	لا
باللہ	الا	قوۃ	ولا	حول
العلی	باللہ	الا	قوۃ	ولا
العظیم	العلی	باللہ	الا	قوۃ

درمیان میں پوری سورۃ جن لکھیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الا	قوۃ	ولا	حول	لا
باللہ	الا	قوۃ	ولا	حول
العلی	باللہ	الا	قوۃ	ولا
العظیم	العلی	باللہ	الا	قوۃ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الا	قوۃ	ولا	حول	لا
باللہ	الا	قوۃ	ولا	حول
العلی	باللہ	الا	قوۃ	ولا
العظیم	العلی	باللہ	الا	قوۃ

آسیب دفع کرنے کے لئے

مندرجہ ذیل آیات کو پڑھ کر بیمار (آسیب زدہ) کے کان میں دم کریں اور پانی پر دم کر کے بیمار کو پلائیں۔ وہ آیات یہ ہیں:-

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ۔ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ۔

اور سورۂ والسماء والطارق پڑھ کر کان میں دم کرنا اور دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں اقامت کہنا بھی آسیب کے دفع کرنے کے لئے اکسیر ہے۔ علماء عرفان عاملین نے اس کی تائید و تصدیق کی ہے۔

جن کے دفعیہ کے لئے

اگر مریض پر جن کا شبہ ہو تو معوذتین تین مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور زیادہ پانی پر دم کر کے اس میں غسل دیں اور یہ دعا چالیس دن تک چینی کی رکابی میں لکھ کر مریض کو پلائیں نہ جن رہے گا نہ دیو نہ دونوں کا شبہ باقی رہے گا۔ مریض چنگا بھلا ہو جائے گا۔ یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَةِ مُلْکِهٖ وَبَقَائِهٖ یَا حَیُّ۔

یہ عمل مولانا سید زوار حسین شاہ نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ مؤلف "مقامات مظہریہ" نے تحریر فرمایا ہے جو حضرت مولانا قاری [illegible]

برائے آسیب

عمل ابی دجانہ: ذیل کے کلمات کو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ھذا کتاب من محمد رسول اللہ رب العلمین الی من یطرق الدار من العمار والزوار والسائحین الاطار قا یطرق بخیر یا رحمن اما بعد فان لنا ولکم فی الحق سعۃ فان تک عاشقا مولعا او فاجرا مقتحما او راعیا حقا مبطلا ھذا کتاب اللہ ینطق علینا وعلیکم بالحق انا کنا نستنسخ ما کنتم تعملون اترکوا صاحب کتابی ھذا وانطلقوا الی عبدۃ الاوثان والاصنام ــــــ والی من یزعم ان مع اللہ الٰھا آخر لا الہ الا ھو کل شیء ھالک الا وجھہ لہ الحکم والیہ ترجعون تغلبون حٰم لا تنصرون حٰمٓ عٓسٓقٓ تفرق اعداء اللہ وبلغت حجۃ اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ فسیکفیکھم اللہ وھو السمیع العلیم۔

ادائیگی قرض کے لئے

مشائخ حضرات نے لکھا ہے کہ یہ حضرت داؤد علیہ السلام کی زبان در فشاں سے نکلے ہوئے الفاظ ہیں۔ یا کبیر انت اللہ الذی لا تھتدی العقول بوصف عظمتہ یا کبیر۔ یہ حضرت شیخ محمد صاحب محدث رحمۃ اللہ علیہ کا عمل ہے۔ کثرت سے ورد رکھے انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

ہلاکتِ اعداء کے لئے

طلوعِ شمس کے وقت میں تیسری تاریخ کو ساعت مریخ میں دو رکعت نفل پڑھے۔ پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ فیل ۲۵ مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ لہب ۲۵ مرتبہ۔ سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں پڑ کر یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ ۱۰۰ مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد سر کھول کر اس اسم مبارک کو تیرہ ہزار مرتبہ چالیس روز تک پڑھے۔ (روزانہ تیرہ ہزار مرتبہ پڑھے)

حضرت محدث کا ارشاد ہے کہ نہ ساعتِ مذکورہ کی خلاف ورزی کی جائے اور نہ ناحق طور پر اسے استعمال کیا جائے ورنہ نکلا ہوا تیر بے خطا اگر غلط لگ گیا تو نقصان شدید ہوگا۔ خواہ عمل کو یا عامل کو۔ واللہ اعلم بالصواب۔

تنگیٔ معاش دور کرنے کا عمل

ایک وقت مقرر کر کے کلمہ تمجید پانچ سو مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ کلمۂ تمجید یہ ہے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

عمل برائے راضی رکھنے حکام و سلاطین

آیت کریمہ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ۔ اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف بعد از نماز عشاء تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے۔ نماز کے بعد عمل پڑھنے سے پہلے اور عمل پڑھنے کے بعد کسی سے کلام نہ کرے۔ حاکم مہربان

ہوگا اور اس کا مقصد پورا کرے گا۔

عمل برائے تسخیر حکام

جس شخص کو کرب وسختی نے پریشان کیا ہو وہ مؤذن کی اذان کا اس طرح جواب دے کہ جو کلمہ مؤذن کہے یہ وہی کہتا رہے پھر اذان ختم ہونے کے بعد اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّامَّۃِ وَالصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ اٰتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَابْعَثْہُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ. پڑھ کر تین مرتبہ کہے۔ رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا وَّرَسُوْلًا وَّبِالْقُرْاٰنِ اِمَامًا۔ یہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے۔ جب ظالم حاکم کے پاس جائے گا وہ مہربان ہوگا۔

تنگی رزق سے نجات کیلئے

(از حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نور اللہ مرقدہ)

بعد از نماز عصر اول وآخر گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں اور درمیان میں اکثر بار اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ. پڑھ لیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کبھی تنگی معاش پیش نہیں آئیگی۔

ہر مرض لا علاج کے لئے تیر بہدف

(از حضرت مولانا عبد العزیز صاحب خطیب مسجد نور ساہیوال)

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ. ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے ہر روز پلایا جائے صرف ۲۱ یوم حد ۴۱ یوم بفضلہ تعالیٰ آرام ہو جائیگا (میرے مجربات میں سے ہے)

عملیات

مولانا حسین علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ واں بھچراں۔ میانوالی

برائے ادائیگی قرض

ہفت بار سورہ یٰسٓ شریف بعد از نماز عشاء برائے ادائیگی قرض اکسیر ہے۔ انشاء اللہ قرض سے نجات حاصل ہوگی۔

برائے کامیابی مقدمہ

پہلے دو رکعت نفل ادا کر کے سات بار دعائے حزب البحر مکمل آخر تک سات روز پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی (صرف جائز مقدمہ کے لئے کرے)

برائے شفاء مریض

الحمد شریف مکمل۔ اور یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ۔ چینی کی سفید پلیٹ پر لکھ کر مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس دن پلانے سے ہر مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

عمل مجرب برائے حُب

بروز پنجشنبہ (جمعرات) عروج ماہ (ابتدائی) کو سات بجے دن میں ایک بادام دو مغز والا لے کر داہنے ہاتھ کی طرف رکھیں اور کہیں کہ فلاں بن فلاں دو ہیں جب اللہ دوسرے [illegible] طرف رکھے اور [illegible]

فلاں دلہن ہے۔ اور ان دونوں میں بہت جلد محبت و رشتۂ ازدواج قائم ہو جائے اور محبت کے لئے سات بار سورۂ یٰسین شریف مکمل پڑھے اور ہر دفعہ دونوں باداموں پر دم کرتا جائے ساتویں دفعہ دونوں حصّوں کو اکٹھا باہم ملا کر دم کرے۔ ابریشم کے سبز رنگ کے دھاگے سے مثل گیند اس کو خوب لپیٹ کر اور باندھ کر انار کے پھل دار درخت میں لٹکا دے اور اس کے نیچے کھڑا ہو کر ایک بار سورۂ یٰسین شریف پڑھے اور صندلِ سفید و عود و لوبان کو ڑیہ کی دھونی چالیس روز تک دی جائے یعنی درخت کے نیچے کوئی شخص تھوڑی آگ کے کوئلے رکھ کر اس پر بخور (دھونی دینے والی چیزیں) ڈال دیا کرے۔

اس عمل کی زکوٰۃ یہ ہے کہ سورۂ یٰسین شریف اکتالیس دفعہ روزانہ اکتالیس دن تک پڑھے۔ دن کو یا رات کو پڑھے کوئی پابندی نہیں ہے۔ پہلے بغیر زکوٰۃ کام چلا دے۔ اگر بغیر زکوٰۃ کام نہ چلے تو زکوٰۃ دے کر کام کرے۔ ایامِ زکوٰۃ میں کسی قسم کا گوشت نہ کھائے سرسوں کا تیل اور دودھ استعمال کر سکتا ہے۔

دشمن کو زیر کرنے کا عمل

مندرجہ ذیل آیت۔ وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِئِكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِئِكُمْ (پ ۱، ع ۶) کو سہ شنبہ (منگل کے دن) زوال منقلب کریں۔ دوسرے ایک سئے لوہے کا ٹکڑا لے (دشمن [illegible]) لکھے اور دشمن کا نام اور

مددگاروں کا نام اور سب کی والدہ کا نام لکھ کر کسی مسلمان مُہر گر سے کندہ کروائے لکڑی کی بہت ساری آگ جلا کر وہ لوہے کا ٹکڑا آگ پر رکھے اور... یَا قَهَّارُ فلاں بن فلاں دشمن یا میرا دشمن فلاں ابن فلاں اور اسکے مددگار اگر میرا حکم نہ مانیں تو ایسے شدید مرض میں مبتلا ہوں کہ ان کے ضبط سے باہر ہو۔ مگر یہ سب کارروائی ایک دم اسی سہ شنبہ (منگل) کے دن ہو جائے اور پھر وہ لوہے کا ٹکڑا ایک چلہ (چالیس دن) تک آگ میں رہے اور جب آپ دشمنوں کو معافی دینا چاہیں تو اس ٹکڑے کو آگ سے نکال کر دودھ اور شکر میں ڈال دیں اور پھر اس سے نکال کر آب رواں (بہتا ہوا پانی) قدرتی میں دبا دیں اور ایک جام (گلاس) پاک شربت پر آیت قطب ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً سے بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ تک کو اکتالیس بار پڑھ کر دم کر کے اعدا (دشمنوں) کو سات دن تک پلا دے انشاءاللہ تعالیٰ سب تندرست ہو جائیں گے۔

اس عمل کی زکوٰۃ یہ ہے کہ سوا لاکھ مرتبہ کسی بھی مدت میں پڑھے اس کے بعد کام میں لائے۔ اگر بلا زکوٰۃ عمل سے کام ہو جائے تو ٹھیک ہے زکوٰۃ کی ضرورت نہیں ہے ورنہ زکوٰۃ دیکر عمل کرے۔

آیت یہ ہے: وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ يٰقَوْمِ اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ فَتُوْبُوْٓا اِلٰى بَارِىِٕكُمْ فَاقْتُلُوْٓا اَنْفُسَكُمْ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ عِنْدَ بَارِىِٕكُمْ۔

برائے خواستگاری و قضائے حاجت

اول و دو رکعت نماز نفل پڑھ کر حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ

کی روح پر فتوح کو بخشئے پھر الحمد شریف (مکمل) آیۃ الکرسی اور سورۃ یٰسین کو پڑھے اس کے بعد آیۃ لَیْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ کَاشِفَةٌ کو گیارہ سو تریپن (۱۱۵۳) مرتبہ پڑھ کر سجدہ کرے اور سجدہ میں دعائے حاجت مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

عملیات

حضرت خواجہ محمد عثمان صاحب رحمۃ اللہ علیہ موسیٰ زئی شریف

برائے حفاظت جمیع آفات وبلیات

سورۃ فاتحہ (آخر تک) آیۃ الکرسی، قل یا ایھا الکافرون، (آخر تک) قل ھو اللہ احد، (آخر تک) قل اعوذ برب الفلق (آخر تک) قل اعوذ برب الناس (آخر تک) پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ جملہ آفات وبلیات ارضی وسماوی سے محفوظ رہے گا۔

برائے سحر وجادو

سورۃ فاتحہ، آیۃ الکرسی، قل یا ایھا الکافرون، قل ھو اللہ احد، قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس پوری پوری تین مرتبہ پڑھ کر ہر روز مریض پر دم کیا کریں انشاء اللہ تعالیٰ سحر وجادو سے صحت حاصل ہوگی۔

سانپ کے زہر سے محفوظ رہنے کا عمل

سانپ کے کاٹے سے نجات کے لئے سورۃ فاتحہ، آیۃ الکرسی، قل یا ایھا الکافرون، قل ھو اللہ احد، قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس، مکمل تین تین مرتبہ پڑھ کر لاہوری نمک پر دم کریں اور سانپ کے کاٹے ہوئے مریض کو یہ نمک کھلائیں اور سانپ کے کاٹنے کی جگہ (زخم) پر ملیں انشاء اللہ تعالیٰ صحت کلی حاصل ہوگی۔

پاگل کتّے کے کاٹے کا علاج

سورۂ فاتحہ، قل یا ایھا الکافرون ، قل ھو اللہ احد، قل اعوذ برب الفلق، قل اعوذ برب الناس آخر تک پڑھ کر مریض پر دم کرے اور نمک لاہوری پر پڑھ کر مریض کو کھلائے انشاء اللہ صحت حاصل ہوگی۔

برائے دفع جملہ امراض، جن، آسیب و نظر بد

مندرجہ ذیل آیات پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کرکے پلائے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے امراض، جن بھوت آسیب نظر بد سے محفوظ رہیگا۔ سورۂ فاتحہ (مکمل)، چاروں قل (قل یا ایھا الکافرون مکمل، قل ھو اللہ احد مکمل، قُل اعوذ برب الفلق مکمل، قل اعوذ برب الناس مکمل)، اور ذیل کی آیات۔ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۝ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ اشْفِ صَاحِبَ هٰذَا الْمَرَضِ بِحَوْلِكَ وَقُدْرَتِكَ وَجَبَرُوْتِكَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۝

لاعلاج مرض سے نجات کا عمل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ
التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ شَرِّ هَمَزَاتِ
الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ. بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ
شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ. لَا حَوْلَ وَلَا
قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ يَا شَافِیْ يَا شَافِیْ يَا شَافِیْ وَصَلَّی
اللّٰهُ عَلٰی خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

یہ کلمات بالا لکھ کر گلے میں یا بازوں پر باندھے اگر کسی جگہ درد ہو اس کے لئے کاغذ پر لکھ کر (کالی روشنائی کچی۔ یا زعفران سے لکھیں) پانی میں دھو کر مریض کو پلائیں اور کچھ پانی بچا ہوا سرسوں کے تیل میں ڈال کر مقام درد پر لگائیں انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی اور درد سے نجات ملے گی۔

بچوں کی حفاظت کے لئے تعویذ

مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر بچوں پر دم کریں یا لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر بلا اور نظر بد سے محفوظ رہے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ
التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ
تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِيْمِ
وَصَلَّی اللّٰهُ عَلٰی خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

برائے حفاظت کھیتی

مندرجہ ذیل کلمات کاغذ پر لکھیں اور مٹی کی ہنڈیا میں بند کر کے کھیت

کے درمیان دفن کر دیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ. يَا رَزَّاقُ الْعِبَادِ يَا خَلَّاقُ الْخَلَائِقِ يَا فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَيَا مُنْبِتَ الزَّرْعِ فِي الْاَرْضِ وَالنَّبَاتِ وَيَا مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ اِدْفَعْ مِنْ هٰذَا الزَّرْعِ شَرَّ الْهَوَامِّ وَالْوُحُوْشِ وَشَرَّ الْفَارَةِ وَالْخَنَازِيْرِ الْمُفْسِدَةِ وَارْزُقْنَا رِزْقًا حَسَنًا وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ.

ہر قسم کی برکتوں کو حاصل کرنے اور ڈوبنے، جلنے اور چوری سے حفاظت

ان اسماء کو لکھ کر مکان میں لٹکا دیں یا سامان میں رکھ دیں دوکان میں برکت ہوگی۔ اپنے بازو پر باندھے گا تو ہر قسم کے شر سے محفوظ رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ الہی بحرمۃ یملیخا مکسلمینا مسینا مرنوش برنوش شاذنوش مرطونس واسم کلبہم قطمیر۔

ہر قسم کے درد سے نجات کا عمل

یہ آیت شریف تین دن متواتر کاغذ پر لکھیں اور پانی میں گھول کر مریض کو پلائیں اور بچا ہوا پانی درد کی جگہ ملیں انشاء اللہ تعالیٰ درد رفع ہوگا۔

آیت شریفہ یہ ہے:-

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ يَا شَافِيْ

حمل کے قیام اور فرزند نرینہ کی پیدائش کے لئے

اسم "یَا مُبْدِیُ" نو کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھیں۔ عورت جب حیض سے فارغ ہو جائے تب شروع مہینہ میں تین دن متواتر ایک ایک ٹکڑا کھائے اور رات کو ہمبستری کرے اور صبح کے وقت میاں بیوی دونوں تعویذ گھول کر پئیں۔ اسی طرح تین ماہ کریں۔ پینے کا تعویذ یہ ہے۔

اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ الْکَبِیْرُ الْمُتَعَالِ۔ (پ ۱۳ رکوع ۱۰)

اور یہ آیت ذیل لکھ کر باندھے۔

یٰزَکَرِیَّا اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلٰمِ اسْمُهٗ یَحْیٰی لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِیًّا وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔ لکھ کر عورت کے گلے میں اس طرح ڈالے کہ دو انگشت ناف سے نیچے رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عورت حاملہ ہوگی اور لڑکا پیدا ہوگا۔

بانجھ عورت کے حمل کے لئے

ذیل کے الفاظ چینی کی سفید پلیٹ پر لکھ کر چالیس دن بلاناغہ پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل قائم ہوگا اور اولاد پیدا ہوگی۔ الفاظ یہ ہیں:-

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ کُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ۔ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِیْنَ۔

ہر قسم کے بخار سے نجات کے لئے

مندرجہ ذیل آیت لکھ کر گلے میں باندھے انشاء اللہ بخار دفع ہوگا

آیت یہ ہے:۔

ذِكْرُ رَحْمَةِ رَبِّكَ عَبْدَهُ زَكَرِيَّا ۝ إِذْ نَادَىٰ رَبَّهُ نِدَاءً خَفِيًّا ۝ قَالَ رَبِّ إِنِّي وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّي وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَيْبًا وَلَمْ أَكُن بِدُعَائِكَ رَبِّ شَقِيًّا ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالَىٰ عَلَىٰ خَيْرِ خَلْقِهِ مُحَمَّدٍ وَّآلِهِ وَأَصْحَابِهِ أَجْمَعِينَ۔

نیز یہ الفاظ تین کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھے اور ہر روز ایک ٹکڑا کھالے الفاظ اس طرح لکھے۔

اللہ
یا حفیظ اللہ
اللہ

تیسرے دن کے بخار سے نجات کا عمل

بخار چڑھنے سے قبل اوّل و آخر درود شریف پڑھے اور درمیان میں سورۂ رعد (پ ۱۳) پڑھ کر مریض پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہوگی اگر پہلے دن بخار اتر جائے اور تیسرے اور پانچویں دن دم نہ کیا تو چند دن کے بعد بخار لوٹ آئے گا۔

بواسیر سے صحت حاصل کرنیکا عمل

مندرجہ ذیل [illegible]

(الحمد شریف مکمل) سات مرتبہ معہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ؕ پڑھ کر اپنے دونوں ہاتھوں پر دم کر کے ناف سے زانوں تک پورے حصے پر ہاتھ پھیر لے۔ الفاظ یہ ہیں :۔

يَا رَحِيْمُ كُلِّ صَرِيْخٍ وَ مَكْرُوْبٍ وَ غِيَاثَهٗ وَمَعَاذَهٗ يَا رَحِيْمُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ۔

برائے حمل

حمل کے قیام کے لئے مندرجہ ذیل نقش اس طرح لکھ کر گلے میں باندھے۔

۷۸۶

يَا قَابِضُ	يَا قَابِضُ	يَا قَابِضُ
يَا قَابِضُ	يَا قَابِضُ	يَا قَابِضُ
يَا قَابِضُ	يَا قَابِضُ	يَا قَابِضُ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ
يَا يَحْيٰى خُذِ الْكِتَابَ بِقُوَّةٍ وَّ اٰتَيْنَاهُ
الْحُكْمَ صَبِيًّا وَّصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ
مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ وَ اَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ؕ

ہر مقصد میں کامیابی کا عمل

کثرت سے ورد کرے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

اَنْتَ كَافِيْ اَنْتَ شَافِيْ فِيْ مُهِمَّاتِ الْاُمُوْرِ۔ اَنْتَ حَسْبِيْ اَنْتَ رَبِّيْ ۔ اَنْتَ لِيْ نِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

ہر لاعلاج مرض کے لئے نقش از سید صفی اللہ شاہ صاحب

(عطیہ محمد یاسین خواجہ صدیقی صاحب)

چار عدد نقش لکھ کر دیدیں۔ سات نلکوں کا پانی، یا سات کنوؤں، یا سات چشموں کا پانی ایک بوتل میں بھر کر ایک تعویذ اس میں ڈالدیں۔ مریض وہ پانی سات دن پیئے۔ دن میں تین مرتبہ، صبح، دوپہر، شام۔ سات دن کے بعد دوسرا تعویذ ڈال کر پلائیں اور اس کے بعد پھر تیسرا تعویذ۔ اسی طرح روزانہ پابندی کے ساتھ اکیس دن یہ تین تعویذ پلادیں اور چوتھا تعویذ موم جامہ کر کے گلے میں بحفاظت ڈالدیں انشاء اللہ تعالیٰ ہر لاعلاج مرض جسمانی سے شفاء ہوگی مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

بفضلہ تعالیٰ از ہر بلاء و بیماری محفوظ شد

ہر بار پڑھ کر مرچ اور اجوائن پر دم کرتے جائیں۔ اگر ذائقہ بدلنے کیلئے نمک بھی ملالیں تو کوئی حرج نہیں۔ دوران حمل اور دودھ

یا اللہُ یا رحمٰنُ	یا اللہُ یا رحمٰنُ	یا اللہُ یا رحمٰنُ
یا اللہُ یا رحمٰنُ		یا اللہُ یا رحمٰنُ
یا اللہُ یا رحمٰنُ	یا اللہُ یا رحمٰنُ	یا اللہُ یا رحمٰنُ

درمیان والے خالی خانے میں مریضہ کا نام لکھیں

گولے کا درد (بادِ گولہ)

(ا) پارہ ۱۷ سورۂ انبیاء کی آیت:

اَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا ۭ وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاۗءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ ۭ اَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

گڑ پر تین۳ بار دم کر کے کھلائیں۔

(ب) پارہ ۲۹ سورۂ جن کی آیت: وَاَنَّ الْمَسٰجِدَ لِلّٰهِ فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا ۝ کو عرقِ گلاب پر اکتالیس۴۱ بار دم کر کے پلایا جائے۔

(ج) سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) کو آبِ گلاب پر اکتالیس۴۱ بار دم کر کے پلائیں۔

(د) پارہ ۱۹ سورۂ نمل کی آیت: وَكَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ يُّفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ۝ کسی چیز پر سات۷ بار دم کر کے کھلائیں۔ اور مقامِ درد پر بھی دم کریں۔

(فرمودہ حضرت مفتی عبدالرحمٰن صاحب سابق مدرس فتحپوری دہلی)

دردِ زہ (برائے تسہیل ولادت)

(۱) سورۃ انشقاق پارہ نمبر ۳۰ کی آیت : اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝ درود شریف کے ساتھ تین ۳ بار شیرینی پر دم کر کے کھلادیں۔

(ب) یہ تعویذ لکھ کر بائیں ران پر باندھیں اور ولادت ہونے پر کھول دیں۔ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝ اھیا۔ اشرا۔ اھیا۔

(ج) سورہ مریم پارہ نمبر ۱۶ شروع سے وَلَمْ تَكُ شَيْئًا ۝ تک سات ۷ بار پانی پر دم کر کے پلائیں۔

(د) سورۃ مریم پارہ نمبر ۱۶ کا رکوع اوّل حاملہ کے اوّل آخر سورۃ فاتحہ پڑھ کر چھوہارے پر دم کریں اور عورت کو کھلادیں۔

(فرمودہ سید محمد اسماعیل شاہ افغانی بروایت مولانا محمد سعید صاحب جبلہ قریشی)

اگر اولاد زندہ نہ رہتی ہو

کچھ سیاہ مرچ اور اجوائن لے لیں۔ سوموار کو ظہر کی نماز کے بعد باوضو چالیس ۴۰ بار سورۃ والشمس (پ ۳۰) پڑھیں۔ اور ہر بار اوّل درود شریف پڑھیں اس طرح سے چالیس ۴۰ مرتبہ سورۃ اور اکتالیس ۴۱ مرتبہ درود شریف پڑھا جائے گا۔

ہر بار پڑھ کر مرچ اور اجوائن پر دم کرتے جائیں۔ اگر ذائقہ بدلنے کیلئے نمک بھی ملالیں تو کوئی حرج نہیں۔ دوران حمل اور دودھ

پلانے کے زمانہ میں دودھ چھڑانے تک عورت روزانہ معمولی مقدار میں اجوائن اور دو کالی مرچ پانی کے گھونٹ سے استعمال کرتی رہے انشاءاللہ العزیز بچہ زندہ رہے گا۔

اولادِ نرینہ کے لیے

(ا) جس کے اولاد نرینہ نہ ہوتی ہو تو ایام حمل میں سورۂ یوسف پارہ ۱۲ سالم سورۃ لکھ کر بطور تعویذ عورت کے گلے میں ڈالیں اور بعد پیدائش آتار لیں۔

(ب) ایک چینی کی پلیٹ پر "یا رحمٰن" ۸۶ بار گلاب و اکسیر سے لکھ کر اسے عرق گلاب سے دھو کر ابتدائے حمل سے وضع حمل تک روزانہ بوقت صبح پلایا کریں اور اس کے ساتھ ہی یا رحمٰن لکھ کر بطور تعویذ گلے میں ڈالیں۔

(ج) حمل کے ساتویں یا چھٹے مہینے میں جب حاملہ لیٹی ہوئی ہو تو خاوند باوضو یہ پڑھ کر ناف پر دم کر دے:

اَللّٰھُمَّ اِنْ کُنْتَ خَلَقْتَ خَلْقًا فِیْ بَطْنِ ھٰذِہِ الْمَرْاَۃِ فَکَوِّنْہُ ذَکَرًا وَّاُسَمِّیْہِ مُحَمَّدًا بِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۝

جب لڑکا پیدا ہو تو اس کا ایسا نام رکھے جس کا ایک جزو محمد ہو۔ جیسے محمد ابوبکر اور محمد عمر وغیرہ۔

عسر ولادت

آیۃ الکرسی ، سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص تینوں کسی پلیٹ پر لکھ کر یا کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے۔
یہ آیت و کلمہ درود لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ۚ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ۝

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِىْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ ۔

باب پانزدہم

تپ و بخار

تپ محرقہ (معیادی بخار)

یہ عمل جناب حافظ صوفی احمد دین صاحب چشتی نے اپنی کتاب فلاحِ دارین میں درج کیا ہے اور اسے اپنے مجربات میں لکھا ہے۔
ایک پیتل کی کٹوری لیں اور سات لمبی سوئیاں جو کٹوری کے عمق سے دو انگل بڑی ہوں۔ ایک سرخ رنگ کا رومال لے کر اول کٹوری میں لبالب پانی بھر لیں لیکن ایسا نہیں کہ باہر نکلے۔ پھر سوئیوں کو ہاتھ میں لے کر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھیں پھر یہ درود شریف گیارہ بار پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓى اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ ذَرَّةٍ مِّائَةَ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّةٍ

پھر پانچ بار سورۂ فاتحہ پھر تین بار سورۂ اخلاص پھر تین بار سورۂ کافرون پھر سات بار آیۃ الکرسی پھر تین بار تیسرا کلمہ پھر اوپر والا درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر سوئیوں پر دم کریں اور مضبوط دھاگہ لے کر انہیں ایک ساتھ کھڑی کر کے باندھیں اور کٹوری پر الٹی کھڑی کر کے اوپر سائبان کی طرح رومال دے کر رومال کے کونے کٹوری کے پیندے سے لپیٹ دیں اور اسے مریض کی چارپائی کے نیچے رکھیں خیال رہے کہ سوئی کی نوکیں اوپر کی طرف ہوں۔
۲۴ گھنٹے گذرنے کے بعد کٹوری اٹھا کر رومال کھولیں گے

تو پانی میں بے شمار سُرخ ذرات موجود ہوں گے اور مریض کی حالت بہتر ہوگی۔ سوئیاں گلنے کے قریب ہوں گی۔ اسی طرح سے یہ عمل چند روز کرنا ہوگا۔ جب پانی میں سُرخ ذرات ختم ہو جائیں گے اور پانی اپنی اصلی حالت میں ہوگا تو محرقہ کا اثر زائل ہوگا۔

تپ لرزہ

یہ آیات اور درود شریف لکھ کر پلائیں انشاءاللہ شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۔ وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ۔ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ ۔

باری کا بخار

(۱) پیپل کے تین۳ جوڑے پتے لیں ہر پتے پر ان آیات کو تحریر کریں:

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ۔
وَاَرَادُوْا بِهٖ كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَخْسَرِيْنَ ۔

بخار کے وقت تین گھنٹے قبل ایک پتہ مریض کو چٹا دیں پھر دوسرا گھنٹہ بعد پھر تیسرا گھنٹہ بعد۔ انشاءاللہ العزیز بخار نہ ہوگا۔

(ب) مریض کے دونوں ہاتھ اچھی طرح دھو کر صاف کرلیں۔

دائیں ہاتھ کے ناخنوں پر ک ۔ ھ ۔ ی ۔ ع ۔ ص اس طرح لکھیں کہ ک انگوٹھے پر اور ص آخری چھوٹی انگلی پر آجائے ۔ (کٓھٰیٰعٓصٓ) اور بائیں ہاتھ کے ناخنوں پر ح ۔ م ۔ ع ۔ س ۔ ق اسی ترتیب سے کہ انگوٹھے پر ح اور آخری چھوٹی انگلی پر ق آئے یہ حٰمٓ عٓسٓقٓ بن جائے گا۔

مریض کو ہدایت کریں کہ وہ ان حروف کو دیکھتا رہے انشاءاللہ شفا ہوگی۔

(ج) باری کے بخار کے وقت سے تین گھنٹے قبل ایک کاغذ پر یہ آیت مبارکہ : وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ج قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۔ لکھ کر مریض کے ماتھے پر چسپاں کریں انشاءاللہ بخار چھوڑ جائے گا۔

عام بخار

(ا) کسی کاغذ پر یَا مُحِیْطُ یَا مُحِیْطُ یَا مُحِیْطُ تین دفعہ تحریر کر کے مریض کے گلے میں تعویذ کے طور پر ڈال دیں۔ آٹھ پہر گذرنے پر اُتار کر کسی کنوئیں میں ڈال دیں۔ امید تو ہے کہ پہلی بار صحت ہوگی ورنہ تین بار نیا تعویذ لکھ کر یہی عمل دُہرائیں۔

(ب) تپ لرزہ کیلئے جو آیات اور درود شریف اوپر لکھا گیا ہے اُس کا تعویذ بنا کر گلے یا بازو میں باندھیں۔

(ج) پارہ ۳۰ سورۃ الم نشرح میں نو کاف آتے ہیں۔ پاک دھاگہ لے کر اس سورۃ کو پڑھتے جائیں اور ہر کاف پر ایک گرہ لگاتے جائیں اسے مریض کے بازو کے ڈولے میں باندھیں۔

باب شش دہم

امراض مختلفہ

خارش خشک وتر

(ا) پارہ ۱۸ سورۃ مومنون کی آیت مبارکہ: فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝

اکیس ۲۱ بار روزانہ صبح وشام پانی پر دم کر کے اکتالیس ۴۱ روز تک پلائیں۔

(ب) حسب فرمودہ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سورۃ قدر (پارہ نمبر ۳۰) سات بار پڑھ کر دم کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ ۝ هِيَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

برص (سفید داغ)

(ا) سورہ بقرہ پارہ ۳ کی آیت ، ثُمَّ نَكْسُوْهَا لَحْمًا ؕ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ کو کلونجی کے تیل پر دم کر کے مالش کریں۔

(ب) سورہ یٰسین اکتالیس ۴۱ یوم تک روزانہ دم کر کے پلائیں۔

(فرمان امام جعفر صادق ؑ)

داد چنبل

(ا) سورۂ ابراہیم پارہ ۱۳ کی آیت: وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِن فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِن قَرَارٍ۔ لکھ کر بطور تعویذ جائے داد پر باندھیں۔

(ب) اس آیت مبارکہ کو ایک دھاگہ پر تین ۳ بار پڑھیں اور ہر بار ایک گانٹھ دھاگے پر دم کر کے دیتے جائیں۔ اس طرح تین گانٹھیں ہو جائیں گی۔ پھر اس دھاگہ کو داد یا چنبل والی جگہ پر باندھیں امید ہے اللہ تعالیٰ شفا بخشے گا۔

(ج) سورۂ بقرہ پارہ ۳ کی آیت فَأَصَابَهَا إِعْصَارٌ فِيهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ کو داد کے متاثرہ حصہ پر لکھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ داد رفع ہوگا۔ آیت مذکورہ ناف سے اوپر کے حصہ پر لکھیں اگر داد ناف سے نیچے کے حصے ٹانگ وغیرہ میں ہے تو اس پر ہر روز تین مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا کریں۔

چیچک

(ا) ایک پاک صاف سفید رنگ کا دھاگہ لے لیں، اور با وضو ہو کر اس پر پہلے تین ۳ بار درود شریف پڑھیں پھر سورۃ الرحمٰن پارہ ۲۷ کا عمل اس طرح کریں کہ جب فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ کہیں تو دھاگہ پر ایک گرہ دے کر دم کر دیں۔ ایسے ہی جب یہ آیت آئے تو دھاگہ پر گرہ دے کر دم کرتے جائیں۔

آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھ کر دھاگہ پہ دم کر دیں اور دھاگہ مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

(ب) جب چیچک کی وبا پھیل رہی ہو تو اس کے حفظ ماتقدم کے لیے مونگ پر سورۃ الرحمٰن تین ۳ بار پڑھ کر دم کر دیں۔ ان مونگوں کو

طاق تعداد میں پانی سے نگل لیں انشاءاللہ محفوظ رہیں گے۔

(یہ عمل حضرت حافظ عبدالرحمٰن جبار مرحوم کے مجربات میں سے ہے)

(ج) ایک نیلے رنگ کا دھاگہ لے کر باوضو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور درود شریف پڑھ لیں پھر دھاگہ پر ۹ گرہ دیدیں۔ پھر ایک ایک بار الحمد شریف پوری سورۃ پڑھ کر ہر گرہ پہ دم کرتے جائیں اور یہ دھاگہ مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

(د) چیچک کے لئے یہ نقش باوضو لکھ کر مریض کے گلے میں بطور تعویذ کے ڈال دیں اور گلے میں ڈالتے وقت کوئی معمولی قیمت کی شیرینی خیرات کردیں۔

یاحافظ

محمد محمد محمد
محمد محمد
محمد محمد محمد

خیال رہے کہ **"محمد"** آٹھ مرتبہ دائرے کی شکل میں لکھا جائے گا۔

پھوڑے وغیرہ

سورۂ زخرف پارہ ۲۵ کی آیت : اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ۝ سات بار ورد کر کے پھوڑے پر لعاب دہن لگائی جائے اس عمل سے پھوڑا پھٹ جائے گا۔

طاعون وغیرہ

نواب سید صدیق حسن خان نے اپنی کتاب الداء والدواء میں لکھا ہے

داد چنبل

(ا) سورۃ ابراہیم پارہ ۱۳ کی آیت وَمَثَلُ كَلِمَةٍ خَبِيثَةٍ كَشَجَرَةٍ خَبِيثَةٍ اجْتُثَّتْ مِنْ فَوْقِ الْأَرْضِ مَا لَهَا مِنْ قَرَارٍ ۔ لکھ کر بطور تعویذ جائے داد پہ باندھیں۔

(ب) اس آیت مبارکہ کو ایک دھاگہ پہ تین ۳ بار پڑھیں اور ہر بار ایک گانٹھ دھاگے پہ دم کرکے دیتے جائیں۔ اس طرح تین گانٹھیں ہو جائیں گی۔ پھر اس دھاگہ کو داد یا چنبل والی جگہ پہ باندھیں امید ہے اللہ تعالیٰ شفا بخشے گا۔

(ج) سورۃ بقرہ پارہ ۳ کی آیت فَأَصَابَهَا إِعْصَارٌ فِيهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ کو داد کے متاثرہ حصہ پر لکھ دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ داد رفع ہوگا۔ آیت مذکورہ ناف سے اوپر کے حصہ پہ لکھیں اگر داد ناف سے نیچے کے حصے ٹانگ وغیرہ میں ہے تو اس پر ہر روز تین مرتبہ پڑھ کر دم کر دیا کریں۔

چیچک

(ا) ایک پاک صاف سفید رنگ کا دھاگہ لے لیں اور شروع کریں اس پہ پہلے تین ۳ بار درود شریف پڑھیں پھر سورۃ الرحمٰن پارہ ۲۷ کا عمل اس طرح کریں کہ جب فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ کہیں تو دھاگہ پہ ایک گرہ دے کر دم کر دیں۔ ایسے ہی جب یہ آیت آئے تو دھاگہ پہ گرہ دیکر دم کرتے جائیں۔

آخر میں پھر تین بار درود شریف پڑھ کر دھاگہ پہ دم کر دیں اور دھاگہ مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

(ب) جب چیچک کی وبا پھیل رہی ہو تو اس کے حفظ ماتقدم کے لئے مونگ پر سورۃ الرحمٰن تین ۳ بار پڑھ کر دم کر دیں۔ ان مونگوں کو

طاق تعداد میں پانی سے نگل لیں انشاءاللہ محفوظ رہیں گے۔

(یہ عمل حضرت حافظ عبدالرحمٰن جبلہ مرحوم کے مجربات میں سے ہے)

(ج) ایک نیلے رنگ کا دھاگہ لے کر باوضو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور درود شریف پڑھ لیں پھر دھاگہ پر ۹ گرہ دیدیں۔ پھر ایک ایک بار الحمد شریف پوری سورۃ پڑھ کر ہر گرہ پر دم کرتے جائیں اور یہ دھاگہ مریض کے گلے میں ڈال دیں۔

(د) چیچک کے لئے یہ نقش باوضو لکھ کر مریض کے گلے میں بطور تعویذ کے ڈال دیں اور گلے میں ڈالتے وقت کوئی معمولی قیمت کی شیرینی خیرات کردیں۔

یا حفیظ	محمد محمد	یا حافظ
	محمد محمد	
	محمد محمد محمد	
یا معین		یا قوی

خیال رہے کہ "محمد" آٹھ مرتبہ دائرے کی شکل میں لکھا جائے گا۔

پھوڑے وغیرہ

سورۂ زخرف پارہ ۲۵ کی آیت: اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ۝ ساٹھ بار درود کر کے پھوڑے پر لعاب دہن لگائی جائے اس عمل سے پھوڑا پھٹ جائے گا۔

طاعون وغیرہ

نواب سید صدیق حسن خان نے اپنی کتاب الداء والدواء میں لکھا ہے

کہ ملتان میں ایک مرتبہ وبا آئی۔ شیخ تیمیؒ نے اپنے اصحاب کو حکم دیا کہ مریض طاعون پر فاتحہ ہمراہ وصل بسم اللہ پڑھو اور اس پر دم کردو۔
چنانچہ اکتالیس ۴۱ بار پڑھ کر دم کیا اللہ تعالیٰ نے اس کو شفا دی۔
فتاویٰ صوفیہ میں مجربات میں لکھا ہے وللہ الحمد۔
وصل کا طریقہ وہی ہے جو پہلے متعدد مقامات پر درج کیا گیا ہے کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے آخری میم اور الحمد کے لام کو ملا کر پڑھا جائے۔

مرض الموت

(۱) حضرت سعید بن مالکؓ سے روایت ہے حضور خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جس مومن نے آیت کریمہ کو اپنی بیماری میں چالیس ۴۰ بار پڑھا اور مر گیا اس کو شہید کا اجر ملتا ہے اور اگر اچھا ہو گیا تو سارے گناہ بخش دیئے جائیں گے۔
آیت کریمہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝
(ب) حضرت ابو سعیدؓ کی مشہور روایت لَقِّنُوْا مَوْتَاكُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے مطابق مرض الموت میں مریض کے پاس بیٹھنے والے لا الٰہ الا اللہ اور کلمہ طیبہ کا ورد کریں تاکہ اس کی زبان پر کلمہ جاری ہو جائے۔
حضور اکرم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کا آخری کلام یہ کلمہ ہوگا وہ جنت میں جائے گا۔

(ج) حدیث معقل بن یسار میں آیا ہے کہ یٰسین قرآن کریم کا دل ہے کوئی شخص اس کو نہیں پڑھتا بارادہ خدا و دارِ آخرت لیکن اللہ اس کو بخش دیتا ہے تم اس کو اپنے مردوں پر پڑھا کرو۔
(ابوداؤد، ترمذی، نسائی، ابن ماجہ، حبان، حاکم)

چہرے اور پشت وغیرہ کے مسّے

ایک رسی مونج (بان) کی لیں صاف ستھری ہو۔ مسّوں اور موکوں کی تعداد کے برابر گانٹھیں اس پر دیں اس طرح پر کہ جب گرہ لگائیں اس وقت مریض اپنے دائیں ہاتھ کی انگلی شہادت مسّے پر رکھے اور پڑھنے والا یہ آیت پڑھتا جائے:

"فَقُطِعَ دَابِرُ الْقَوْمِ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا"

اسی طرح ہر مسّے پر انگلی رکھ کر پڑھا جائے۔ پھر رسی کو لپیٹ لیں اور کسی گندگی کے ڈھیر کے اندر دبا دیں۔ پندرہ روز کے بعد اسے نکالیں آپ دیکھیں گے کہ اس کے دو تین روز کے بعد مسّے خود بخود گرنے لگ جائیں گے۔

خیالاتِ فاسدہ کا مریض

خیالاتِ فاسدہ کے دفعیہ کے لئے ان آیات کو پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں:

۱۔ وَاِذَا قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا مَّسْتُوْرًا ۝

٢ - فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۔

٣ - فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔

اس عمل سے بفضلہ تعالیٰ خیالات فاسدہ کا دفعیہ ہو جائے گا۔

ہر قسم کے دردوں کا علاج

تین مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر تین بار یہ آیت مبارکہ پڑھ کر دم کی جائے :

وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ۔

باب ہفت دہم

امراض الاطفال

مسان سوکھا :

(۱) پارہ ۲۶ سورۂ احقاف کی آیت :

اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِىْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْىَ بِخَلْقِهِنَّ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْیِۦَ الْمَوْتٰى ؕ بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ۝

خالص سرسوں کے تیل پر ایک ہزار بار دم کریں اور اکیس ۲۱ روز تک صبح وشام مالش کریں۔

(ب) پارہ ۳۰ کی سورۂ والتین گیارہ ۱۱ روز تک گیارہ ۱۱ بار روزانہ دم کرکے پانی پلایا جائے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْنِ ۝ وَطُوْرِ سِيْنِيْنَ ۝ وَهٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِيْنِ ۝ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِىْٓ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ۝ ثُمَّ رَدَدْنٰهُ اَسْفَلَ سَافِلِيْنَ ۝ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ ۝ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ۝

(ج)، صبح کی سنت اور فرض کے درمیان پوری سورۃ فاتحہ اکتالیس ۴۱ بار الحمد للہ مع تسمیہ یعنی اس طرح بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد للہ رب العالمین پڑھیں اور شیرینی پر دم کرکے دیتے رہیں۔

(د)، عمل سورۃ والشمس جو کالی مرچ اور اجوائن پر کیا جاتا ہے جو پہلے درج کیا گیا ہے مسان اور سوکھا کیلئے بھی مجرب ہے اور حضرت شاہ ولی اللہ کا فرمودہ ہے۔

اُم الصبیان

پارہ ۱۶ سورۃ طٰہٰ کی آیت مع لاحول: وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ فَلَا تَسْمَعُ اِلَّا هَمْسًا۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ تعویذ بنا کر گلے میں ڈالیں۔

گریہ اطفال بچوں کا رونا

(۱)، پارہ ۲۶ سورۃ احقاف کی آیت:

وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ۔ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝

بطور تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

(ب) سورۃ کافرون تین بار پڑھ کر بچے پر دم کریں۔

(ج) سورۃ والعصر پارہ ۳۰ سات بار پڑھ کر دم کریں۔

(د) اگر بچہ بظاہر تندرست ہوتے ہوئے روتا ہو تو یہ تعویذ گلے میں ڈالیں:

۷۸۶	یابدوح	۷۸۶
یابدوح	اللہ	یابدوح
۷۸۶	یابدوح	۷۸۶

(و) سورۃ آل عمران پارہ ۳ کی یہ آیت لکھ کر گلے میں ڈالیں:

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

حفظ اطفال از نظر بد و آفات وغیرہ

(ا) پارہ ۲۹ سورۃ نون کی آیت مبارکہ کو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

وَاِنْ یَّكَادُ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَیَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِیْنَ ۝

(ب) اس آیۃ مبارکہ کو تین ۳ بار چینی پر دم کر کے کھلائیں۔

(ج) سورۃ بقرہ پارہ ۳ کی آیۃ مبارکہ، وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ نَّفَقَةٍ اَوْ نَذَرْتُمْ مِّنْ نَّذْرٍ فَاِنَّ اللّٰهَ یَعْلَمُهٗ ۭ وَمَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ۝ دم کریں۔

(د) معوذتین (قرآن کریم کی آخری دو ۲ سورتیں) پڑھ کر بچے پر دم کریں۔

(۷) سورۂ ملک پارہ ۲۹ کی حسبِ ذیل آیت پڑھ کر دم کریں:

فَارْجِعِ الْبَصَرَ ۙ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ ۞ ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ

(و) مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ کہنے سے نظرِ بد سے بچاؤ رہتا ہے۔

(ز) مسلم شریف کی ایک روایت میں آیا ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم حضراتِ حسنین پر اکثر یہ دُعا فرمایا کرتے تھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطٰنٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

(ح) مذکورہ دُعا کو لکھ کر گلے میں ڈال دیں۔

سُرخ باد (رتی)

بِسْمِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الْحَكِيْمِ الْكَرِيْمِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ۔ اکتالیس (۴۱) بار روزانہ پڑھ کر اکتالیس یوم تک دعا کرتے رہیں۔ (از قلمی کتاب خواجہ عبدالمجید صاحب)

بچوں کی جمیع تکالیف کا تحفظ

جمعۃ الوداع کے روز نمازِ جمعہ سے قبل اکتالیس (۴۱) بار سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ہمراہ زعفران اکسیر، لکھ کر بطور تعویذ بچے کے گلے میں ڈالیں۔

باب ہشت دہم

جمیع امراض و بلیات و آفات کا دفیہ

(۱) فرمودہ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی نور اللہ مرقدہٗ

سورۂ یٰسین کو مبینوں کے معروف طریقے کے مطابق اس طرح پڑھیں کہ ہر مبین پر ساٹھ بار سورۂ فاتحہ پڑھی جائے۔ اس طرح انچاس مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھی جائے گی اور مریض پر دم کر دیں یا پانی پر دم کر کے پلائیں۔

یہ عمل تمام بیماریوں اور مہمات کو کافی ہے۔

(ب) فرمودہ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ۔

برائے مرض لاعلاج

جمعۃ المبارک کے روز نماز عصر اور مغرب کے درمیان ان تین اسماء الحسنیٰ کا بلا تعداد ورد کیا جائے۔ سوائے موت کے ہر بیماری اور مشکل کا شافی علاج ہے۔

یَا اَللّٰہُ — یَا رَحْمٰنُ — یَا رَحِیْمُ

(ج) عطیہ حضرت مولانا سید نیاز احمد شاہ گیلانی، فرمودہ حضرت شاہ عبد القادر رائے پوری قدس سرہٗ العزیز۔

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ بِحَقِّ مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ۔ ہر فرض نماز کے بعد اور اکثر و بیشتر اوقات میں ورد رہے۔ انشاء اللہ شفائے کلی حاصل ہوگی۔

(د) (عطیہ حضرت مولانا عبدالعزیز خطیب مسجد نور ساہیوال خلیفہ ارشد حضرت مولانا احمد علی لاہوریؒ)

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یکصد یازدہ (۱۱۱) مرتبہ روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا جائے۔ ۲۱ یوم یا اکتالیس ۴۱ یوم تک یہ عمل کیا جائے بفضلہ تعالےٰ آرام ہو جائے گا۔

(ر) جب مایوسی کے بادل چھا جائیں اور مرض دور نہ ہو رہا ہو تو پارہ دس سورۃ توبہ کی یہ آیت کریمہ تین ۳ سو بار (اوّل آخر درود شریف) صبح کی نماز کے بعد پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔ یہی عمل گیارہ روز مسلسل کیا جائے۔

فَاِذَا انْسَلَخَ الْاَشْهُرُ الْحُرُمُ فَاقْتُلُوا الْمُشْرِكِيْنَ حَيْثُ وَجَدْتُّمُوْهُمْ وَخُذُوْهُمْ وَاحْصُرُوْهُمْ وَاقْعُدُوْا لَهُمْ كُلَّ مَرْصَدٍ فَاِنْ تَابُوْا وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ فَخَلُّوْا سَبِيْلَهُمْ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔

(از ملفوظات صوفی احمد دین چشتی صاحب)

جمیع امراض سے کیلئے

قرآن مجید کی یہ چھ آیات جو آیاتِ شفاء کہلاتی ہیں یہ جمیع امراض کا جامع علاج ہیں۔ چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں۔

(۱) وَيَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِيْنَ ۝

(۲) وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ۝

③ يَخْرُجُ مِنْ بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ ۔

④ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ ۔

⑤ وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ ۔

⑥ قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ ۔

باب نہم

زہریلے جانوروں کے کاٹنے کا علاج

بھڑ اور بچھو

(ا) حضرت سید شمس الحق شاہ صاحب مقیم صادق آباد کا ارشاد ہے کہ مدینہ منورہ میں ایک بزرگ سے دوران ملاقات یہ عملیہ عطا ہوا کہ بھڑ اور بچھو کے کاٹنے پر صرف تین ۳ بار بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھتے جائیں اور مقام ڈنک پر انگلی پھیرتے جائیں انشاء اللہ شفا ہو گی۔

(ب) بچھو کے ڈنک پر ایک سانس میں سات بار : اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا ۙ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۔ پڑھ کر دم کریں اور تین ۳ بار یہی عمل دہرائیں۔

(ج) بچھو اور زنبور (بھڑ) کے ڈنک کیلئے بسم اللہ الرحمن الرحیم ایک مرتبہ اور درود شریف ایک بار پڑھ کر وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۔ ایک بار پڑھ کر دم کریں۔

شہد کی مکھی

(ا) شہد کی مکھی کے ڈنک کے لئے درود شریف نماز والا سات بار پڑھ کر دم کریں پھر اس عمل کو تین بار دہرائیں۔

سانپ کا ڈنک

(ا) سانپ کا زہر دور کرنے کے لئے یہ آیت : اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا ۚ ہاتھ میں کوئی شاخ کسی پودے یا درخت کی لے کر اس آیت کو پڑھیں اور ڈنک کی جگہ پر اوپر سے نیچے تک جھاڑیں ۔ یعنی اوپر کے مقام سے پھیرتے آئیں اور نیچے لے جاکر جھٹک دیں ۔

(ب) سانپ کے ڈنک کیلئے سورۃ لقمان (پارہ ۲۱) ایک مرتبہ آب باراں پر دم کر کے مسلسل چھ۶ روز تک پلائیں ۔

(ج) سانپ کے ڈسنے پر کلمہ طیبہ ایک سو گیارہ ۱۱۱ بار پڑھ کر تین۳ یوم تک دم کریں ۔

باؤلے کتے کا زہر

(ا) باؤلے کتے کے کاٹنے پر سورۃ الطارق پارہ ۳۰ تین۳ بار پڑھ کر متاثرہ مقام پر دم کریں ۔

(ب) کتے کے کاٹے ہوئے مریض پر سورۃ الحاقہ (پارہ ۲۹) روزانہ پانی پر دم کر کے سات یوم تک پلائیں ۔

(ج) مندرجہ ذیل آیات روٹی کے ایک ٹکڑا پر لکھ کر کھلائیں اور چالیس۴۰ یوم تک یہ عمل کریں روزانہ لکھ کر کھلاتے رہیں ۔ اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا ۚ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

(د) ایک ٹکڑا بانات سرخ لے کر اس پر یہی آیات لکھیں اور گڑ میں لپیٹ کر کھلائیں ۔

(۴) درود شریف اور بسم اللہ پڑھ کر سورۂ قریش پارہ نمبر ۳۰ گیارہ مرتبہ درود کریں پھر یہ الفاظ کہیں:

"الٰہی! بحرمت خواجہ محمد صادق ابن حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی قدس سرہ، بحکم خدا بہ برکت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایں اثر سگِ دیوانہ گم شُد"

اور نمک پر دم کر دیں۔ مریض کو یہی نمک گیارہ یوم تک خوراک میں استعمال کرائیں۔

زہریلے کیڑے مکوڑوں سے حفظ ماتقدم کی تدابیر

(۱) فرمودہ و مجربہ حضرت مولانا عبد اللہ درخواستی مدظلہ العالی

سورۂ اخلاص ایک سو بار روزانہ پڑھنے والے کو سانپ نہیں کاٹے گا۔ اگر کاٹ بھی لے تو زہر اثر نہیں کرے گا۔

(۲) سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۔ کا ورد اکثر و بیشتر کرنے والا حشرات الارض کے ضرر سے محفوظ رہتا ہے۔

(۳) سالم نمک کی ڈلی بوزن پاؤ نصف پاؤ لے کر وضو کی حالت میں پہلے پانچ بار درود شریف پڑھیں۔ پھر پوری سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ اس طرح پڑھیں کہ:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝

یعنی رحیم کا میم اور الحمد کا لام ملا کر پڑھنا ہے۔ ۴۱ بار نمک پہ دم کریں۔ پھر سورۂ کافرون، سورۂ اخلاص اور آخری دو سورتیں،

یعنی چاروں قُل پڑھ کر دم کریں۔
خیال رہے کہ دم کرتے وقت تھوڑی تھوڑی تھوک بھی نمک پر پڑے اس نمک کو محفوظ رکھا جائے۔ یہ ڈلی سگ گزیدہ اور مار گزیدہ (یعنی کتے اور سانپ کے کاٹے ہوئے کو ضرورت پڑنے پر ایک طرف سے چٹائیں اور دوسری طرف سے زخم پر ملتے رہیں۔ بفضلہٖ تعالیٰ مریض کو شفا ہوگی۔

باب بست

آسیب، سحر، جادو، ارواح خبیثہ وغیرہ

دفعیہ جنات

(ا) جس گھر میں جنات ہوں اور تنگ کرتے ہوں تو چار آہنی کیلیں لے لیں۔ ہر کیل پر اکتالیس بار یہ آیت دم کرکے مکان کے چاروں کونوں میں گاڑ دیں۔

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّ اَكِيْدُ كَيْدًا ۚ

(ب) کسی مکان میں دخل جنات کا ہو اور تکلیف پہنچ رہی ہو تو کسی برتن میں پانی لے کر اول اُس پر درود شریف پڑھیں۔ پھر سورۂ فاتحہ دو بار، پھر آیت الکرسی تین بار پھر سورۂ جن پارہ ۲۹ پہلی پانچ آیات پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس مکان کے اندر ہر طرف چھڑک دیں اور آیت الکرسی اکثر و بیشتر افرادِ خانہ تلاوت کرتے رہیں۔

(ج) ایسی جگہ جہاں جنات یا تکلیف دہ ارواح کا اشتباہ ہو باوضو صبح و شام درمیان مقام پر کھڑے ہو کر درمیانی آواز میں اذان کہیں، آسمان کی طرف منہ کرکے پھونک ماریں۔ پھر دوسری بار اذان کہہ کر قبلہ کی طرف پھونک ماریں پھر شمال جنوب اور مشرق کی طرف اور پھر چھٹی بار اذان کہہ کر زمین کی طرف پھونک ماریں۔ پھر درود شریف پڑھ کر غیبی ارواح کے ضرر سے بچنے کی دُعا کریں۔

آسیب کا عمل

(ا) آسیب کا اثر دور کرنے کے لئے یہ آیت مبارکہ سات بار پڑھ کر مریض کے بائیں کان میں پھونک دیں :

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَ اَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ۝

(ب) سورۃ مومنون کی آخری آیات ذیل پڑھ کر آسیب زدہ کے کان میں پھونک ماریں :

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ۝ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ج لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ۝ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ط اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ۝ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

(ج) سورۃ فاتحہ۔ سورۃ اخلاص۔ معوذتین (آخری دو سورتیں) آیت الکرسی سورۃ والطارق اور سورۃ حشر کی آخری تین آیات ذیل پڑھ کر آسیب زدہ پر پھونک ماریں انشاءاللہ صحت ہوگی۔

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ج هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ج اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ط سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝

هُوَ اللّٰہُ الْخَالِقُ الْبَارِیُٔ الْمُصَوِّرُ لَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ط یُسَبِّحُ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ہ

(د) جس پر جنات کا اثر ہو اس پر سورۂ مزمل اس طرح پڑھ کر صبح و شام مسلسل دم کرتے رہیں۔ پوری سورۃ پڑھتے ہوئے ان الفاظ کا تین بار تکرار کریں۔

(۱) رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ فَاتَّخِذْہُ وَکِیْلًا ہ

(۲) وَاللّٰہُ یُقَدِّرُ الَّیْلَ وَالنَّھَارَ ہ

(۳) وَاسْتَغْفِرُوا اللّٰہَ ط اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ہ

چند روز میں بفضلہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

(ھ) (۱) سورۂ فاتحہ سات بار۔

(۲) سورۂ بقرہ کا اول حصہ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ تک سات بار۔

(۳) سورۂ صٰفّٰت کا حصہ اول مِنْ طِیْنٍ لَّازِبٍ تک

(۴) سورۂ بقرہ کا آخری رکوع مکمل سات بار۔

(۵) سورۂ رحمٰن کی آیت: یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ط لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ہ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ہ سات بار۔

(۶) سورۂ اخلاص سات بار۔

(۷) معوذتین سات بار۔

یہ تمام سورتیں اور آیتیں پانی پر دم کر کے آسیب زدہ مریض کو پلائیں ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

دفعیہ اثر سحر (جادو)

(۱) کسی چینی کی پلیٹ پر یہ آیت مبارکہ سیاہی سے لکھیں اور پھر گھی (روغن زرد) سے اس کو حل کریں۔ اس محلول میں معمولی کھانڈ بھی چھڑک دیں اور جس پر جادو کا اثر ہو اس کو چٹائیں انشاء اللہ شفا کامل ہوگی۔ صبح کے وقت تین ۳ یا پانچ ۵ یا ساٹھ دن تک روزانہ لکھ کر چٹاتے رہیں۔

(ب) روزانہ چالیس ۴۰ دن تک چینی کی پلیٹ پر بسم اللہ الرحمن الرحیم سورۃ فاتحہ سالم اور یہ الفاظ: یَا حَیُّ حِیْنَ لَا حَیَّ فِیْ دَیْمُوْمَۃِ مُلْکِہٖ وَبَقَائِہٖ یَا حَیُّ ۔ لکھ کر اس کا پانی پلاتے رہیں۔

(ج) یہ تینوں آیات تین ۳ بار پڑھ کر پانی پر دم کر دیں اور سحر زدہ کو پلا دیں۔
(مرسلہ مولانا عبد المجید قریشی کہروڑپکی)

(۱) قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ ۝

(۲) قُلْ جَآءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ اِنَّ الْبَاطِلَ کَانَ زَهُوْقًا ۝

(۳) بَلْ نَقْذِفُ بِالْحَقِّ عَلَی الْبَاطِلِ فَیَدْمَغُہٗ فَاِذَا ھُوَ زَاھِقٌ وَلَکُمُ الْوَیْلُ مِمَّا تَصِفُوْنَ ۝

(د) سورہ آل عمران پارہ ۴ کی آیت قطب کا عمل سحر کے اثرات زائل کرنے کیلئے بہترین ہے۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْکُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَۃً نُّعَاسًا یَّغْشٰی طَآئِفَۃً مِّنْکُمْ وَطَآئِفَۃٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ

أَنْفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ
الْجَاهِلِيَّةِ ط يَقُولُونَ هَلْ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ
مِنْ شَيْءٍ ط قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلّٰهِ ط يُخْفُونَ فِي
أَنْفُسِهِمْ مَا لَا يُبْدُونَ لَكَ ط يَقُولُونَ لَوْ
كَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَا قُتِلْنَا هٰهُنَا ط قُلْ
لَوْ كُنْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ
عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلٰى مَضَاجِعِهِمْ وَلِيَبْتَلِيَ
اللّٰهُ مَا فِي صُدُورِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِي
قُلُوبِكُمْ ط وَاللّٰهُ عَلِيمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِ ○

عمل اس طرح کیا جائے کہ اس آیت قطب کو ایک ایک بار پڑھ کر مصور کے چہرے کے سوراخوں میں اس ترتیب سے دم کریں۔
پہلے دایاں کان پھر بایاں کان۔ ناک کا دایاں سوراخ، ناک کا بایاں سوراخ، دائیں آنکھ بائیں آنکھ اور آخر میں منہ میں دم کریں۔ یہ سات بار پڑھا جائے گا۔

دفعیہ سحر

یہ عمل جو عملیات کی معتبر کتابوں میں درج ہے اور حضرت مولانا محمد امین صاحب مرحوم جنڈانوالہ کا مجرب ہے:
کٓھٰیٰعٓصٓ کفیت کہتے ہوئے پہلے دائیں اور پھر بائیں ہاتھ کی انگلیاں بند کریں اور پھر حٰمٓ عٓسٓقٓ حمیت کہتے ہوئے پہلے دائیں اور پھر بائیں ہاتھ کی انگلیاں کھول دیں اور ہاتھ پھیر کر

مسحور کے بدن پر پھیر دیں یا پانی دم کر کے پلا دیں۔

مرد مسحور جو بوجہ سحر عورت پر قادر نہ ہو

(ا) مرغی کے تین انڈے اُبال کر چھلکا اتار لیں اور پھر ترتیب وار یہ آیات (ایک انڈے پر ایک آیت) لکھ دیں۔

(۱) قَالَ مُوسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝

(۲) أَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا أَنَّ السَّمٰوٰتِ وَ الْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ أَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ۝

(۳) وَقَدِمْنَا إِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَاءً مَّنْثُوْرًا ۝

یہ انڈے مسحور کو کھلا دیں۔

(ب) ان آیات کا تعویذ لکھ کر سحر زدہ مرد کے گلے میں ڈال دیں۔

- أَوَلَمْ يَرَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا أَنَّ السَّمٰوٰتِ وَ الْأَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا وَجَعَلْنَا مِنَ الْمَاءِ كُلَّ شَيْءٍ حَيٍّ أَفَلَا يُؤْمِنُوْنَ ۝
- بَاطِلٌ بَاطِلٌ بَاطِلٌ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ۔
- فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَ انْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝ قَالَ مُوسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝
- وَقُلْ جَاءَ الْحَقُّ وَ زَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوْقًا ۝

سورہ کافرون سالم، سورہ اخلاص، معوذتین (آخری دو سورتیں)

ضمیمہ ۴

نماز حصول صحت

مجمع النوادر میں درج ہے کہ بعد نماز مغرب ایک دوگانہ نفل بہ نیت حصول صحت بہ طریقِ ذیل ادا کرنا حد درجہ نافع ہے۔

رکعت اوّل میں بعد از سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص تین مرتبہ اور آیت کریمہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ، ایک بار پڑھا جائے۔ اسی طرح دوسری رکعت میں پڑھا جائے۔

بعد فراغت از نماز نہایت عجز و انکساری سے دعا کرے۔

استخارہ

ہر کام بالخصوص مہمات امور میں استخارہ کرنا موجب خیر و برکت ہے۔ اگر بیماری کے سلسلے میں کوئی عمل شروع کرنے سے قبل استخارہ کر لیا جائے تو بہت ہوگا۔

استخارہ کے کئی طریقے بزرگانِ دین سے منقول ہیں جن میں سے چند درج ذیل ہیں۔

(۱) مجمع النوادر میں ہے کہ بعد نماز عشاء دو نفل بہ نیتِ استخارہ اس طرح ادا کرے کہ دونوں رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے سورۂ یٰسین ایک ایک بار تلاوت کرے اور بعد از فراغت نماز دو سو بار اسم مبارک "یَا خَبِيْرُ" پڑھے۔ بالیعد داہنی ہتھیلی پر "یَا حَكِيْمُ یَا مَجِيْدُ"

لکھ کر سو رہے انشاء اللہ خواب میں ہدایت ہوگی۔

(ب) سید شمس الحق شاہ صاحب مدظلہ، صادق آبادی کا ارشاد ہے کہ دو رکعت نماز بہ نیت استخارہ پڑھے۔ بعد نماز بسم اللہ الرحمن الرحیم ۳۲۳ بار اور حَسْبِیَ اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۳۲۳ مرتبہ پڑھے۔ اور سو رہے انشاء اللہ العزیز غیب سے معلومات ہو جائیں گی۔

(ج) بعد نماز عشاء بوقت خفتن آیت مبارکہ سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِیْمُ الْحَکِیْمُ ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھ کر سو رہے تین شب تک یہی عمل کرے انشاء اللہ خواب میں ہدایت ہوگی۔

(د) حضرت شیخ حافظ الحدیث مولانا عبداللہ درخواستی صاحب مدظلہ سے منقول ہے کہ سوتے وقت باوضو سورۂ الم نشرح کا اکیس (۲۱) بار ورد کیا جائے حقیقتِ حال کا علم ہو جائے گا۔

(ہ) دو رکعت نفل بہ نیت استخارہ بعد نماز عشاء پڑھ کر یہ دعا خشوع و خضوع سے بارگاہِ ایزدی میں کرے۔

دعائے استخارہ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِیْرُكَ بِعِلْمِكَ

وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ

فَضْلِكَ الْعَظِیْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ

وَلَآ اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَآ اَعْلَمُ وَاَنْتَ

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ

اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ

وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاقْدُرْهُ لِيْ

وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ

تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ شَرٌّ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ

وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِيْ فَاصْرِفْهُ

عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ

حَيْثُ كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِيْ بِهٖ

جب هٰذَا الْاَمْرَ پر پہنچے تو وہاں اپنے کام کا دھیان کرے اور يَا خَبِيْرُ اَخْبِرْنِيْ يَا عَلِيْمُ عَلِّمْنِيْ کا ورد کرتا ہوا دائیں کروٹ پر سو رہے جب سو کر اٹھے اُس وقت

جو بات دل میں مضبوطی سے آئے اس پہ عمل کرے۔

رجعتِ عمل

صوفی باعمل حضرت صوفی محمد یار صاحب مقیم رانہ واہن کا فرمان ہے کہ بعض اوقات بشری کوتاہیوں کی وجہ سے کسی عمل میں رجعت ہوجاتی ہے اس کے دفعیہ کیلئے یہ آیت مبارکہ :

سُبْحٰنَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ ۝ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ ۝

ہاتھوں پر دم کرکے بدن پر مل لیں مجرب ہے۔

عملیات و تعویذات

حضرت مولانا محمد عبد اللہ بھلوی رحمۃ اللہ علیہ

فصل اوّل

ان چیزوں میں سے کہ ان کے پڑھنے سے تمام دن عافیت سے رہے اور مصیبت سے بچے۔

صبح سویرے اگر تین بار پڑھ لیا تو تمام دن آرام و عافیت میں رہے گا۔ اور اگر شام کو پڑھ لیا تو ساری رات امن و امان میں گذرے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِىْ لَا يَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

ترجمہ: پناہ لیتا ہوں نام اس اللہ تعالیٰ کے ساتھ کہ نہیں ضرر کرتی ذکر کرنے نام اس کے کوئی چیز زمین اور نہ آسمان میں اور وہ سننے والا اور جاننے والا ہے ہر چیز کا ــــ اوّل آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھے بہتر ہے۔

فائدہ: جو چیز اس رسالہ میں پیش خدمت ہوگی اس کے اوّل آخر درود شریف پڑھنا تین تین بار ایک ایک بار بہتر و افضل ہے اور زیادہ مقبولیت اور تاثیر کے موجب ہے۔

اسی طور اگر یہ صبح یا شام کو پڑھ لیوے تو ساری رات اور سارا دن امان میں رہے گا۔ نیز جس مکان اور منزل میں رہے گا ہر شر جن و انس و دد و آب وغیرہ سے امن امان میں رہے گا:

اَعُوْذُ بِكَلِمٰتِ اللّٰهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ه

ترجمہ: پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ کلموں اللہ تعالیٰ کے اور کتابوں اتری ہوئی کے کہ پوری اور کامل ہیں نقصان اور برائی اس چیز سے کہ پیدا کی ہے۔

تین بار صبح کو اور تین بار عصر کی نماز کے بعد اوّل آخر درود شریف تین تین

بار ، کذا فی المشکوٰۃ ۔

اسی طرح پر آیۃ الکرسی ۳ بار و معوذتین ۴ بار اور سورۃ المومن فی اول آیت اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ تک پڑھنا ، اور سورہ انعام کی اول تین آیتیں ، اور سورہ حشر کی تین آیتیں آخیرہ پڑھنے سے جیسے حفاظت من الآفات کا فائدہ ہے ویسے فرشتوں کی دعا و ثواب آخرت کا بھی فائدہ ہے ۔

ہر ملاقاتی سے خیر آنے کیلئے وظیفہ

جو شخص صبح کو یہ دعا پڑھے جو بھی اس دن اس کے ساتھ ملاقات کرے گا اس کے حق میں خیر ہو گا :

اَللّٰهُمَّ اِنَّ مَنْ يَّدْخُلُ عَلَيْنَا فِىْ هٰذَا الْيَوْمِ اِنْ كَانَ خَيْرًا فِىْ حَقِّنَا فَادْخِلْهُ وَاِنْ كَانَ فِىْ حَقِّنَا شَرًّا فَاصْرِفْهُ عَنِّىْ ۔

ترجمہ : اے اللہ ! جو بھی ہم پر آوے اس دن میں اگر اس کا آنا ہمارے حق میں بہتر ہے تو آوے اور اگر اس کا آنا ہمارے لیے برا ہے تو اس کو ہم سے پھیر دے ۔

ناگوار آدمی کے اٹھانے کا وظیفہ

اگر کوئی مجلس میں ناگوار آدمی آجاوے اور اس کا اٹھانا مطلوب ہو تو دل میں چند مرتبہ یہ آیت پڑھے :

تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ۔

غیبت سے حفاظت کا نسخہ

حضرت شیخ محمد تھانوی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب شروع

مجلس میں بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ۔ تین بار پڑھے تو غیبت سے محفوظ رہے گا۔

خط یا قاصد آوے تو پڑھنے یا پوچھنے سے پہلے یہ پڑھے

جب کوئی خط یا قاصد آوے تو پہلے یہ پڑھ لے عافیت سے رہے گا۔

اَعُوْذُ بِکَ اَللّٰھُمَّ مِنْ طَارِقٍ لَا یَطْرُقُنَا اِلَّا بِخَیْرٍ ۔

ترجمہ: پناہ لیتا ہوں تیرے ساتھ اے اللہ! ہر آنے والے سے جب آوے اس کے شر سے اگر آوے لاوے خیر کو۔

صبح کو یہ دُعا پڑھے

اگر فجر کی نماز سے پہلے یا پیچھے یہ دعا پڑھ لے تو اس نے تمام دن کا شکریہ کر لیا اور اچھے کاموں سے موافق رہے گا، انشاء اللہ تعالیٰ۔

اَللّٰھُمَّ مَا اَصْبَحَ بِیْ مِنْ نِعْمَۃٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ فَمِنْکَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ فَلَکَ الْمُلْکُ وَلَکَ الْحَمْدُ ۔

اسی طرح شام کو پڑھ لے تو گویا تمام رات کا شکریہ کر لیا۔ مگر اَصْبَحَ کی جگہ اَمْسٰی پڑھے۔

صبح و شام کی مختصر دُعا

بڑے فائدے والی اور عذاب سے بچنے کے لیے ہے۔ اگر نماز فرض فجر اور فرض مغرب کے سلام کے بعد سات بار: اَللّٰهُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ پڑھے تو اگر اس دن یا اس رات میں اس پر موت آ گئی تو عذاب دوزخ سے محفوظ رہے گا۔

فالج و جذام و نابینا پن و عمی سے نجات کی دُعا

کتاب ترغیب و ترہیب میں ہے جب نماز صبح کی پڑھ لے تو تین بار کہے: سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِهٖ تو بفضلہ تعالےٰ مرض فالج، عمی یعنی اندھے ہو جانے سے اور جذام سے محفوظ رہے گا۔

دفع غم اور قیدی کیلئے رہائی پانے کیلئے

اگر دفع غم اور ہم اور رہائی و نجات پانے کے لیے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۵۷۵ بار اول آخر درود شریف ہفت ہفت بار پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ تمام غم کا فور ہو جاوے گا، اور قید سے نجات ملے گی بشرطیکہ بلا جرم قید ہوا ہو۔ اور اگر اتنا پڑھنے کی فرصت نہ ہو تو ۳۱۳ بار پڑھے (کذا فی الترغیب والترہیب) ہاں عدد بزرگوں سے مروی ہے۔

غم و سختی دُور کرنے کیلئے نسخہ مجرب

اگر غم و فکر میں پریشان ہے اور حیرت و قلق میں سب ہے تو یہ دُعا

پڑھے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَرَبُّ الْاَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ۔

ہر رات یک صد و گیارہ بار اوّل آخر درود شریف ہفت ہفت بار پڑھے۔ یہ دعائے معظم قیدی کے لیے بھی اسم اعظم کا حکم رکھتی ہے (کذا فی العینی شرح البخاری)

ہر بلا و مصیبت سے کیلئے امن و امان کی دُعا

جو شخص یہ دعا پڑھتا رہے تو ہر بلا و دکھ سے امن و امان میں رہے گا۔

اَللّٰهُمَّ اَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِی الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَاَجِرْنَا مِنْ خِزْیِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْاٰخِرَةِ۔

ہر نماز کے بعد سات بار اوّل آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھے۔

ایمان کی سلامتی کیلئے دُعا۔

اگر یہ دعا ہر نماز کے بعد تین بار اوّل آخر درود شریف یک ایک بار پڑھتا رہے تو مرتے دم اور قبر تک ایمان سلامت رہے۔

يَا وَلِیَّ الْاِسْلَامِ وَاَهْلِهٖ ثَبِّتْنِیْ بِهٖ حَتّٰى اَلْقَاكَ

گناہوں کی مغفرت کیلئے دُعا۔

ہر نماز کے بعد ہفت بار اوّل آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھتا رہے گناہ معاف ہوں گے انشاء اللہ تعالٰے۔

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذُنُوْبِیْ وَخَطَئِیْ وَعَمْدِیْ ط

ثوابِ عظیم اور وسیع حاصل کرنے کا طریقہ

اگر چاہتا ہے کہ ہر مومن جوان وعورت کی گنتی کی مقدار ثواب ملے تو یہ دُعا پڑھے: اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ۔ ایک سو بار، اوّل آخر درود شریف تین تین بار پڑھتا رہے تو تمام مومنین کے برابر اس کو ثواب ملتا رہے گا اور اس کی ہر مشکل آسان ہو گی۔

مغفرت کیلئے اعلیٰ نسخہ

حضور صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے عرض کیا گیا کہ مختصر کلمات عطا فرماویں تو فرمایا: اَللّٰہُ اَکْبَرُ دس بار سُبْحَانَ اللّٰہِ دس بار۔ ان دونوں میں اللہ تعالیٰ فرمائے گا کہ یہ میرے لئے ہیں۔ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ دس بار، اللہ تعالےٰ فرمائیں گے کہ یہ تیرے لئے ہیں اور میں نے بخش دیا۔ اگر درود شریف اس کے اوّل آخر ہوئے ایک ایک بار تو بہتر ہے۔

عافیت کیلئے دُعا

حضرت حاجی امداد اللہ رحمۃ اللہ تعالیٰ مہاجر مکی سے منقول ہے
اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ لَا اَحْتَمِلُ عَلٰی نِعْمَۃِ الْمَرَضِ فَابْدِلْہُ بِنِعْمَۃِ الْعَافِیَۃِ ۔ اے اللہ! میں نعمت مرض کی برداشت نہیں کر سکتا اس کے بدلے نعمت عافیت کی دے۔ بیمار پڑھتا رہے رہے عافیت ہو جاوے گی۔ اور عافیت والا پڑھے دُکھ سے محفوظ رہے گا۔ نیز:-
اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِی الدِّیْنِ

وَالدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۔ رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِی الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۔

ہر نماز کے بعد تین بار اول آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھے۔

وہ دُعائیں متبرکہ کہ جو صالحین سے منقول ہیں

حضرت علیؓ کی دُعا

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے یہ دعا منقول ہے۔
اَللّٰهُمَّ احْمِلْنِیْ عَلٰی عَفْوِكَ وَلَا تَحْمِلْنِیْ عَلٰی عَدْلِكَ ۔ اے اللہ میرے ساتھ معاملہ عفو کا فرمادیں اور عدل و انصاف کا نہ کریں۔

دُعا حضرت احمد بن حنبلؒ کی

اَللّٰهُمَّ كَمَا صُنْتَ وَجْهِیْ مِنَ السُّجُوْدِ لِغَيْرِكَ فَصُنْهُ عَنْ ذُلِّ السُّؤَالِ لِغَيْرِكَ ۔ اے اللہ جیسے تو نے میرے منہ کو غیر کے سجدے سے محفوظ رکھا اسیطرح غیر سے سوال کرنے کی ذلت سے بھی محفوظ فرما۔

حضرت ابراہیم بن ادہمؒ کی دُعا

اَللّٰهُمَّ انْقُلْنِیْ مِنْ ذُلِّ مَعْصِيَتِكَ اِلٰی عِزِّ طَاعَتِكَ ۔
اے اللہ مجھے گناہوں کی رسوائی سے نکال کر اپنی طاعت کی عزت کیطرف لے جا۔

حضرت عبدالسلام بن مشیشؒ کی دُعا

اَللّٰهُمَّ اجْمَعْ بَيْنِیْ وَبَيْنَكَ وَحُلْ بَيْنِیْ وَبَيْنَ غَيْرِكَ
اے اللہ! مجھے اپنے پاس رکھ لے اور آپ ہی میرے اور تیرے غیر کے درمیان حائل ہو جا یعنی مجھے تنہائی دے یادیں حاضری الگ اور غیر سے بچالے۔

دُعا حضرت مولانا حسین علی صاحبؒ :

اَللّٰهُمَّ کُنْ لِیْ کَمَا کُنْتَ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

اے اللہ! میرے لئے ایسا مہربان ہو جا جیسے حضرت محمد علیہ الصلوٰۃ والسلام کیساتھ مہربان تھا۔

دعا امام الحرمینؒ

اَللّٰهُمَّ لَا تَمْنَعْنِیْ عَنْ قُرْبِكَ بِمَانِعٍ

اے اللہ! اپنے قرب سے مجھے نہ روک کسی روکنے والی چیز کے سبب۔

حضرت مجد الدین بغدادیؒ کی دُعا :

اَللّٰهُمَّ تُبْ عَلَیَّ حَتّٰی اَتُوْبَ وَاعْصِمْنِیْ حَتّٰی لَا اَعُوْدَ وَحَبِّبْ اِلَیَّ الطَّاعَاتِ وَکَرِّهْ اِلَیَّ الْخَطِیْئَاتِ ط

اے اللہ! مجھ پر رحمت سے رجوع کر تاکہ تائب ہو جاؤں اور بچا مجھ کو تاکہ گناہ کی طرف نہ پھروں اور اپنی بندگی کو میری طرف محبوب کر دے اور گناہوں کو مکروہ کر دے۔

دوسری دُعا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ لَا اَقْوٰی شَرَائِطِ التَّوْبَةِ فَاغْفِرْلِیْ بِلَا شَرَائِطِ التَّوْبَةِ ۔ اے اللہ میں شرائط توبہ پر قوی نہیں ہوں مجھے بخش دے سوائے شرائط توبہ کے۔

تیسری دُعا

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ تَعْلَمُ اَنَّ مَطْعَمِیْ حَرَامٌ وَمَلْبَسِیْ حَرَامٌ وَمَشْرَبِیْ حَرَامٌ فَاسْتَجِبْ دُعَائِیْ بِلَا شَرَائِطِ الْاِسْتِجَابَةِ ۔ اے اللہ تو بے شک جانتا ہے کہ میری خوراک حرام ہے اور میری پوشاک حرام ہے اور میرا پینا ناجائز چیزوں سے ہے میری

دعا قبول فرما شرائطِ قبولیت کے نہ ہوتے ہوئے بھی۔

حکایت بزرگِ کامل و تعویذ اُو

ایک بزرگ تھے جب کوئی ان سے دُعا منگواتا یا تعویذ لکھواتا تو یہ کہتے اور تعویذ میں بھی یہی لکھتے ، اَللّٰهُمَّ لَا تُعَذِّبْ اُمَّةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِذُنُوْبِيْ ۔ اے اللہ امتِ (سیدنا) محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو میرے گناہوں کے باعث عذاب نہ دے۔

تعویذ منقولہ از بزرگ کامل لعلہ معروف کرخیؒ

جب کوئی تعویذ لکھتے یہ لکھا کرتے " ہر چند کند خدا کند بندۂ عاجز چہ کند وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم " ہر خیر کے لئے یہی لکھ دیتے۔

ایک بزرگ جب صبح کو اٹھتے تو یہ پڑھتے ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَخْسِفْنِيْ فِي الْاَرْضِ وَلَمْ يُغَيِّرْ وَجْهِيْ فِيْ صُوْرَةِ الْخِنْزِيْرِ وَالْكَلْبِ ۔ اس اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے میرے گناہوں کے سبب مجھے زمین میں نہیں دھنسایا اور میرے منہ کو صورت خنزیر اور کتے میں نہیں بدلا۔

حضرت علی خواصؒ سے دُعا منقولہ

جب کوئی نعمت ملتی یا کوئی نیکی کرتے تو یہ دعا کرتے ؛

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ لَا اَسْتَحِقُّ ذَرَّةً وَاحِدَةً مِمَّا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَيَّ ۔ اے اللہ میں کسی ایک ذرہ کا بھی مستحق نہیں ہوں جو

کچھ تو نے مجھ پر نعمت کی ہے۔ (اس کے پڑھنے سے بڑے درجات حاصل ہوتے ہیں)۔

حضرت علی کرم اللہ تعالیٰ وجہہ سے منقول اُن کی دُعا یہ ہے:۔

كَفٰى بِىْ عِزًّا اَنْ اَكُوْنَ لَكَ عَبْدًا وَكَفٰى بِىْ فَخْرًا اَنْ تَكُوْنَ لِىْ رَبًّا اَنْتَ لِىْ كَمَا اُحِبُّ فَوَفِّقْنِىْ لِمَا تُحِبُّ ۝

مجھے یہ عزت کافی ہے کہ تو میرا رب ہے اور مجھے یہ فخر کافی ہے کہ میں تیرا بندہ ہوں۔ تو میرا ہے جیسا کہ میں چاہتا ہوں پس مجھے توفیق دے اُن کاموں کی جو تو پسند فرماتا ہے۔

غلبۂ نیند کے دفعیہ کے لیے دُعا

نیند کم ہونے کے لیے یہ دُعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَيْنٍ لَّا تَشْبَعُ مِنَ النَّوْمِ

اللہ تعالیٰ کی پناہ لیتا ہوں ایسی آنکھ سے کہ سیر نہ ہو نیند سے۔

بُرے خیال و وسوسے کے دفع کا نسخہ

حضرت ابوالحسن شاذلیؒ فرماتے ہیں جب کوئی وسوسہ یا بُرا خیال دل سے نہ مٹے تو اپنے بائیں پستان کے نیچے ہاتھ رکھ کر یہ آیت اکتالیس مرتبہ روزانہ پڑھتا رہے وہ خیال دور ہو جاویں گے یہ بڑی اہم چیز ہے

فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِى الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝

پس دور کرتا ہے اللہ جو کچھ ڈالا ہے شیطان نے پھر محکم و مضبوط کرتا ہے

اپنی نشانیوں کو اور اللہ تعالےٰ جاننے والا اور حکمت والا ہے ۔

پختہ عقیدہ کرنے کے لئے بہترین دُعا

حضرت ابو الحسن شاذلیؒ سے منقول ہے جو یہ دُعا نماز کے بعد پڑھتا ہے گا اس کا عقیدہ پختہ رہے گا :

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ تَوْحِیْدًا لَا یَشُوْبُہٗ ضِدٌّ وَّ یَقِیْنًا لَا یُخَالِطُہٗ شَکٌّ ۔

اے اللہ آپ سے سوال کرتا ہوں ایسی توحید کا جس کے خلاف کی ملاوٹ نہ ہو اور ایسے یقین کا جس میں شک نہ کرے ۔

سفر کے حوادثات کے لئے دُعا

جو چاہے کہ تمام سواریوں ریل موٹر وغیرہ کے حوادثات سے بچے تو وہ یہ دُعا پڑھے :

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۔

پاک ہے وہ ذات جس نے ہمارے کام میں لایا اس سواری کو اور نہ تھے ہم اس پر طاقت پانے والے اور تحقیق ہم طرف رب کے جانے والے ہیں ۔

اور پھر یہ پڑھے :

اَللّٰھُمَّ کُنْ لَنَا صَاحِبًا فِیْ سَفَرِنَا وَخَلِیْفَۃً فِیْ اَھْلِنَا وَاطْمِسْ عَلٰی وُجُوْہِ اَعْدَائِنَا ۔

انشاء اللہ تمام حوادثات سے محفوظ رہے گا ۔

ہر تنگی سے بچنے کی دُعا

اَللّٰھُمَّ نَجِّنِیْ مِنْ کُلِّ ضِیْقٍ بِجَاہِ الْمُصْطَفٰی مَوْلَی الْجَمِیْعِ
فَھَبْ لِیْ فِیْ مَدِیْنَتِہٖ قَرَارًا حَیَاتًا ثُمَّ دَفْنًا فِی الْبَقِیْعِ

سات بار ہر نماز کے بعد اول آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھا کرے۔

مقدمہ میں فتح پانے کا نسخہ

یہ شعر صبح و شام یک صد و یک بار اول آخر درود شریف ۳-۳ بار پڑھا کرے:

تعالیٰ اللہ زہے قیوم و دانا توانائی دہ ہر نا توانا

مقدمہ بھی فتح ہر گا و شمن بھی رد ہوں گے اور پڑھنے والے کو غلبہ بھی رہے گا۔

محبت الٰہی تعالیٰ کیلئے اور دفع شرمساری کیلئے

تڑپنے پھڑکنے کی توفیق دے دل مرتضیٰ سوز صدیق دے
مرا شرمساری زروئے تو بس دگر شرمسارم مکن پیش کس

بعد نماز عشاء اکیس۲۱ بار اول، آخر درود شریف ۱۱، ۱۱ بار پڑھتا رہے۔

دیگر مختصر نسخہ محبت الٰہی

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ حَرَکَاتِیْ وَسَکَنَاتِیْ کُلَّھَا فِیْ مُحَبَّتِکَ وَتَقْوَاکَ۔

ترجمہ: اے اللہ! میرے ہر چلنے پھرنے اور آرام کو اپنی محبت کے لئے اور

ــــــــــ

لہ اک بوسیلۃ الایمان بالنبی المصطفیٰ الشافع لجمیع المومنین ۱۲

اپنے قانون پر عمل کرنے کے لئے۔
سات بار صبح وشام اول، آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھا کرے۔

اللہ تعالیٰ کی محبت کے لئے

صبح کی سنت اور فرض کے درمیان اکتالیس بار اول آخر درود شریف تین تین بار پڑھا کرے اللہ تعالےٰ اس کو اپنی محبت کے طریق آسان فرما دے گا۔

يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُحْيِيَ قَلْبِيْ بِنُوْرِ مَحَبَّتِكَ وَمَعْرِفَتِكَ اَبَدًا يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ

اے ہمیشہ سے زندہ رہنے والا اے تمام دنیا کے حافظ، رازق سوائے تیرے کوئی معبود نہیں۔ آپ سے سوال کرتا ہوں کہ میرے دل کو اپنی محبت اور معرفت کے نور سے زندہ فرما دے۔

نیز ذکر کی کثرت محبت کے غلبہ کی موجب ہے۔ اسی طرح اللہ تعالےٰ کی نعمتوں کا شمار زیادتی محبت کا موجب ہے۔ اور قرآن مجید کی تلاوت اور معنی کا تدبر وتفکر زیادتی محبت کا موجب ہے۔ اور تفکر اللہ تعالےٰ کی خلقت میں اور اپنے وجود کے حالات میں غلبہ محبت کا موجب ہے۔

فصلِ ثانی

نظرِ بد سے بچنے اور دفع ہونے کیلئے وغیرہ وغیرہ

معوذتین کی خاصیت

تین۳ سورتیں آخیر حرفِ قرآن مجید کی تین۳ بار، اوّل آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھ کر جس کو نظر بد لگی ہوئی ہے یا نظر بد لگنے کا خوف ہے اس پر دم کرتا رہے تین۳ دن۔ اور جانور ہو تو اس پر دم بھی کرے اور گھاس وغیرہ پر دم کر کے کھلا دے۔ اگر نمک پر دم کر کے تین دن تک کھلاتا رہے تو بہتر ہے اور سحر و جادو کے دفع کے لئے بھی دم کر کے پانی پلاتے رہیں۔ اگر رات کو تین۳ سورتیں پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے تو ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ اور جس مکان میں سوئے اور سوتے وقت پڑھے اس کے حوادثات سے محفوظ رہے گا۔ اگر جنگل میں جاوے اس کو پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے بدن تمام پر پھیر کر چھڑک دے تین۳ بار ایسا کرے ہر بلا سے امن میں رہے گا۔

اگر حاکم کے پاس جاوے تو گیارہ۱۱ گیارہ بار پڑھ کر حاکم کی طرف بھی دم کرے اور اپنے پر بھی پھونک مارے اس کے رعب دہشت و خطرہ سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ فاتحہ کے خواص

سورۃ فاتحہ کو سر کے درد کیلئے ماتھے پر ہاتھ رکھ کر پڑھتا جاوے، اوّل آخر درود شریف۔ اور دم کرے تین[۳] بار ایسا کرے تمام درد سر اور شقیقہ کے درد کو مفید ہے۔ تین[۳] دن ایسا کرے انشاءاللہ درست ہوگی۔

اسی طرح پیٹ کے درد کے لیئے نمک پر دم کرے۔ درد والا تھوڑا تھوڑا چکھا کرے۔ اور بخار و حرارت کے لیئے سات بار پانی پر دم کر کے پلاتا ہے انشاءاللہ مفید ہوگا۔

اور مسخرات[۱] کے لیئے اکتالیس[۴۱] بار بعد سنت فجر و قبل فرض اوّل آخر درود شریف سات سات بار پڑھ کر دُعا زاری سے کیا کرے۔ اور فتح یابی کے لیئے گیارہ[۱۱] بار پڑھ کر اپنے کام کو جاری کرے اور مشکل کشائی کے لیئے اکیس[۲۱] بار پڑھتا رہے۔

اگر زوجین کے درمیان محبت نہیں تو اکیس[۲۱] بار کسی شیرینی وغیرہ پر پڑھ کر چند ایام تک زوجین کو کھلا دے۔

جس کو محبت ہے وہ دوسرے سے محبت پر بسم اللہ کے ساتھ تین بار پڑھ کر دم کرتا رہے اس کی محبت ہو جاوے گی اوّل آخر درود شریف ہر کام کے ساتھ ہے۔ سورۃ فاتحہ ہر دکھ کی دوا ہے بفضلہ تعالیٰ۔

سورہ تبّت کے خواص

دفع دشمن کے لیئے روز اکتالیس[۴۱] بار پڑھے۔ اوّل آخر درود شریف وہ در لفظ "ابی لہب" پر اپنے دشمن کا تصوّر کرے۔ اور اگر معصیت میں پڑھے گا تو قیامت میں گرفتار ہوگا۔

---

[۱] رزق کی فراخی اور لوگوں کے مطیع و محبت ہو جانے کا نام مسخرات ہے ۱۲

سورۂ کوثر کے بعض خواص

اگر ہزار[1000] بار اوّل آخر درود شریف گیارہ[11] گیارہ بار پڑھا کرے اس نیت سے کہ حضور کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فداہ ابی وامی کی زیارت نصیب ہو جاوے انشاء اللہ تعالیٰ زیارت فیض بشارت سے کامیاب ہو گا۔

اور اگر دفع دشمن کے لئے پڑھے تو تین صد و تیرہ[313] بار اوّل آخر درود شریف پڑھے اور آیت ... اِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْاَبْتَرُ ، پر دشمن کے دفع کا تصور کرتا رہے تو دفع ہو جاوے گا۔

سورۂ فیل کے بعض خواص

اگر سورۂ فیل دفع دشمن کے لئے پڑھے تین صد و تیرہ[313] بار، اوّل آخر درود شریف سات سات بار، اور اصحاب الفیل کے کلمہ پر اپنے دشمن کا تصور کرتا رہے تو دفع ہو گا۔

سُورۃ القریش کے بعض خواص

قافلہ جانے والوں کو رہزنوں سے خطرہ ہے یا کسی کو کسی سخت دشمن سے ڈر ہے یا دشمن اچانک سامنے آگیا ہے تو سورۃ لایلاف اچانک خطرہ کے وقت جتنا ہو سکے پڑھے اور دوسرے معاملہ میں یک صد و یک[101] بار اوّل آخر درود شریف تین[3] تین[3] بار پڑھ کر عاجزی سے دشمن کے دفع کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ دفع ہو جائے گا مگر لفظ اٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ پر اس کا تصور کرتا رہے۔

اور اگر غریب و بے روزگار ہے تو اکتالیس[41] بار اوّل آخر درود شریف تین[3] تین بار پڑھے اور کلمہ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ پر اپنی بھوک

اور غریبی کے دفع کا تصور کرتا رہے اور سنتوں میں پڑھتا رہے تو ہر بلا سے امن و امان میں رہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ۔

سورۃ نصر و فتح کے بعض خواص

اگر فتح یابی کے لئے اکہتر بار اول آخر درود شریف تین تین بار پڑھا کرے تو فتح یاب ہوگا انشاء اللہ تعالیٰ۔ اگر کوئی بے یار و مددگار ہے تو اس کو اکیس بار اول آخر درود شریف تین تین بار پڑھتا رہے اور یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰہِ اَفْوَاجًا پر تصور کرے کہ اللہ تعالیٰ میرے مددگار بنادے۔

سورۂ واقعہ کے خواص

اگر مغرب کی سنتوں میں اس کو پڑھتا رہے تو فاقہ سے نجات پائے گا اور عیش سے معیشت کریگا انشاء اللہ تعالیٰ مجرب ہے۔

سورۂ مزمل کے خواص

اگر اکتالیس بار اول آخر درود شریف تین تین بار پڑھا کرے تو دولت سے مالا مال ہوگا اور جن و انس پر اس کی دہشت ہوگی۔ اور اگر گیارہ بار ہر روز پڑھتا رہے تو مصیبت سے امن و امان میں رہے گا۔ اور کسی بیمار پر دم کرتا رہے اس کو شفا ہوگی انشاء اللہ تعالےٰ۔

سورۃ یٰسٓ کے بعض خواص

اگر ایک بار صبح و شام اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے پڑھے گا تو رضا اور

محبت نصیب ہوگی، اور شفائے کے لئے پڑھے گا تو شفا ہوگی۔ اگر ایمان کی سلامتی کے لئے پڑھے گا ایمان سلامت رہے گا۔ اور اگر رفع سکرات موت کے لئے پڑھے گا آسانی ہوگی۔ دولت کے حاصل کرنے کے لئے ۳۰ بار پڑھتا رہے دولت مند ہو جاوے گا اور دفع دشمن کے لئے پڑھے گا تو دشمن دفع ہوں گے۔ جس کام کے لئے پڑھے گا وہ کام آسانی سے ہوگا۔

سورۃ یوسف کے خواص

اگر دولت کے حصول کے لئے یا ترقی درجات کے لئے یا دفع دشمن کے لئے یا عورتوں کے مکر کے دفع کے لئے یا دشمن کے دوست ہونے کے لئے ۳۰ بار، اوّل آخر درود شریف ہفت ہفت بار پڑھتا رہے تو رحمت حق سے تمام مطلب حاصل ہوں گے۔

فائدہ عجیبہ:۔ جس کام میں جونسی نیت کرے گا وہی مطلب اگر اللہ تعالےٰ کو منظور رہے عطا فرائیں گے۔ اگر اسماء الٰہی تعالیٰ و قرآن مجید احادیث یا ادعیہ اولیاء اللہ میں نیت آخرت و رضا اللہ تعالیٰ ہوگی تو آخرت کے مطلب بھی اور دنیا کے مطلب بھی ملیں گے۔ اور اگر دنیاوی نیت ہے اور رضائے الٰہی یا آخرت کے ثواب کی نہیں تو دنیاوی مطلب اگر اللہ تعالےٰ کو منظور ہے ہو جاوے گا اور آخرت میں اس کا کوئی ثواب و جزا و بدلہ نہ ملے گا بلکہ آخرت کے اعتبار سے اکارت و بے فائدہ ہو جاوے گا۔

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الْاٰخِرَةِ نَزِدْ لَهٗ فِيْ حَرْثِهٖ وَمَنْ كَانَ يُرِيْدُ حَرْثَ الدُّنْيَا نُؤْتِهٖ مِنْهَا وَمَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ نَّصِيْبٍ ۝ (سورۃ شوریٰ)

جو چاہتا ہے کھیتی آخرت کی زیادہ دیتے ہیں ہم اس کو بیچ کھیتی اس کے اور جو کوئی چاہتا ہے کھیتی دنیا کی دیتے ہیں ہم اس کو کچھ اس میں سے اور نہیں واسطے اس کے آخرت میں کچھ حصہ۔ (موضح القرآن)

پس چاہیے کہ مومن مسلمان جو بھی چیز پڑھے لکھے پہنچاوے اس میں اللہ تعالیٰ کی رضا و خیر آخرت کو چاہیے اس کے مطلب دونوں دنیا اور آخرت سے پورے ہوں گے۔ اور اگر محض دنیا کے مطلب کو چاہا تو آخرت میں ناکام رہے گا۔ "بر رسولاں بلاغ باشد و بس"

فوائد سورۃ بقرہ و آل عمران

جس گھر میں یہ دونوں سورتیں تین ۳ دن رات پڑھی جاویں جن و شیطان اس گھر میں داخل نہ ہوں گے اور پڑھنے والے پر قیامت کے دن سایہ کریں گی۔ جس پر سحر ہو چکا ہے ان سورتوں کی کثرت تلاوت سے سحر دفع ہو جائے گا۔ پڑھنے والے پر سحر جادو نہیں چل سکتا۔

آیۃ الکرسی کے فوائد

کتاب اللہ میں یہ بڑی آیت ہے تمام آیتوں کی سردار ہے جس مال و اولاد میں یہ آیت لکھ کر رکھی یا اس پر پڑھی جاوے اس کے پاس جن نہیں آ سکتے۔ اگر راستہ بھول جاوے تو آیۃ الکرسی اور کلمات اذان و اقامت پڑھ کر دعا کرے انشاء اللہ راستہ پاوے گا۔

اٰمن الرسول ... کے فائدے

جس مکان میں یہ دو اخیر آیتیں سورۃ بقرہ کی تین ۳ راتیں پڑھی جائیں

دس میں شیطان جن قریب نہیں آتے، رات کو پڑھی جاویں اگر اس رات میں موت آگئی تو اس کی مغفرت ہوگی اور چور وغیرہ جیسی بلاؤں سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ الکہف کے فائدے

سورۃ الکہف کے پڑھنے سے قیامت میں نور ملے گا اور دجال کے مکرو فریب سے بچا رہے گا۔ اور دس آیتیں اوّل و اخیر کی پڑھنے سے بلاء اور مصیبت سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ ملک کے فائدے

اس کا ہر روز پڑھنا عذاب قبر سے نجات کا موجب ہے اور مریض پر پڑھنے سے تین بار صبح و شام شفاء کا سبب ہے۔

فصل سوم

فوائدِ متفرقہ میں دفع آسیب کے لئے

جس پر شبہ ہو کہ اس پر جن کا اثر ہے تو اس پر سورۃ فاتحہ و آیۃ الکرسی خَالِدُوْنَ تک اٰمَنَ الرَّسُوْلُ آخر سورۃ تک آیت شَهِدَ اللّٰهُ .... عَزِيْزُ الْحَكِيْمُ تک، دس آیات اول سورۃ صافات، سورۃ جن کی پانچ آیتیں پہلی، سورۃ حشر کی تین آیتیں اخیرہ، چہار قل، کلماتِ اذان و اقامت ایک ایک بار، اوّل آخر درود شریف تین تین بار۔ اس پر اس طور دم کریں کہ

کچھ قطرات متوک کے ہمں گریں ۔ ہر نماز کے بعد ہووے تو بہتر ہے ، یا صبح وشام ہووے یا دن میں ایک بار پڑھیں اور پانی پر دم کر کے پلا دیں ۔ اگر فرصت کم ہووے تو آیۃ الکرسی اور کلمات اذان واقامت وچہار قل کو دم کریں ۔

اگر اس پر ان شیطانوں کے نام لکھ کر فرعون ، ہامان ، قارون ، شداد نمرود ، ابلیس علیہم اللعنۃ واتباع ایشاں دفع شوند ورنہ سوختہ شوند کو بتی بنا کر کالے کپڑے کی لیر میں لپیٹیں پھر آگ لگا کر اس کا دھواں تمام بدن پر پہنچادیں ۔ تو یہ اخیری علاج ہے چند دن کریں ۔ اس وقت کریں کہ دوسرے علاج سے کفایت نہ ہووے اور تعویذ گلے میں ڈالیں :

اُعِیْذُ حَامِلَ ھٰذِہٖ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ مِنْ غَضَبِہٖ وَعِقَابِہٖ وَشَرِّ عِبَادِہٖ وَمِنْ ھَمَزَاتِ الشَّیٰطِیْنِ وَاَنْ یَّحْضُرُوْنَ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ ۔

یہ تعویذ ہر روز پلاتے رہیں ، یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ ۔ یہ تعویذ بہت سے لکھ دیویں ہر روز پیتے رہیں اگر سات کنوؤں کے پانی میں پیا کرے تو بہتر ہے ۔

بخار کیلئے تعویذ

اگر بخار یا حرارت بڑھ جاوے تو یہ تعویذ گلے میں ڈالیں ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الْکَبِیْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ

مِنْ کُلِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ
وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ
وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ۔ اور یَا اللّٰہُ
یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ۔

کے تعویذ سات یا زیادہ لکھ دیویں وہ ایک ایک روز پیتا رہے اللہ تعالیٰ شفا فرمادیں گے۔ اگر یہ آیت لکھ کر پلادیں تو بہتر ہے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی
وَقُلْنَا یَا نَارُ کُوْنِیْ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰٓی اِبْرَاهِیْمَ

جانوروں کی بیماری کے دفع کیلئے

اگر یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں:

اَلْاِسْلَامُ حَقٌّ وَّالْکُفْرُ بَاطِلٌ

اس کو تین بار لکھ کر تعویذ بنادے اور الاسلام حق کے کلمہ کو چند بار لکھ دیں۔ ایک ایک روز پلاتے رہیں۔ اور عام بیماری جانوروں میں پڑ جائے تو یہ تعویذ لکھے:

" ہر چہ کند خدا کند بندہ عاجز چہ کند "

اس کو تین۳ بار لکھ کر تعویذ بنادے کسی جانور کے گلے میں لٹکا دے، یا ایسی جگہ باندھ دے کہ نیچے سے جانور گذرتے رہیں رحمت ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ۔

عورت کے دردِ زہ کی آسانی کیلئے

جب تھوڑا تھوڑا درد ہو وے تو یَا وَاسِعُ سات مرتبہ لکھ دیں ایک ایک دو دو گھنٹہ کے بعد پیتی رہے۔ اور سخت درد کے وقت یہ شعر لکھ کر

دیوے جلدی آسانی ہوگی ؂

مرا جاشد و خرم را نیز جاشد
زن دہقان بزاید یا نزاید

اس شعر کو تعویذ بنا کر دیوے وہ ران کے بن میں باندھ لیوے۔

اگر کچا بچہ گر جاتا ہو

تو یہ تعویذ بنا کر دیوے فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ اس کو تین بار لکھ کر آخر میں وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ لکھ کر تعویذ بنا دیوے اور عورت کمر میں باندھ لیوے۔ اور یَا اَللّٰہُ یَا حَفِیظُ کے چند عدد لکھ دیوے۔ ایک صبح اور ایک شام چند دن عورت پیتی رہے۔ رحمت ہوگی انشاء اللہ۔

بچہ زندہ نہ رہنا!

اجوائن اور کالی مرچ ڈیڑھ ڈیڑھ پاؤ پیر کے دن دوپہر کے دن چالیس بار سورۃ والشمس اس طرح پڑھے کہ ہر دفعہ کے ساتھ اول آخر درود شریف پڑھے۔ اور جب چالیس بار ہو جاوے پھر ایک بار درود شریف پڑھے اور اجوائن کالی مرچ پر دم کر دے اور ۳ ماہ حمل سے یا جب سے خیال ہوا ہو دودھ چھڑانے تک روزمرہ تھوڑا تھوڑا دونوں چیزوں سے کھلایا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اولاد زندہ رہے گی۔

ہمیشہ لڑکی ہونا

اس عورت کا خاوند یا کوئی دوسری عورت اس کے پیٹ پر انگلی سے

دائرہ ستر بنا دے اور ہر دفعہ میں یَا مُمِیْتُ کہے انشاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔

بچہ کو نظر لگ جانا یا سوتے وقت ڈر جانا

قرآن مجید کی اخیر ۲ دو سورتیں تین ۳ تین ۳ بار پڑھ کر اس پر دم کرے اور یہ دعا لکھ کر اس کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ سب آفتوں سے حفاظت رہے گی

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ ھَامَّۃٍ وَّ عَیْنٍ لَّامَّۃٍ

چیچک کیلئے،

ایک نیلا دھاگا سات تار لے کر سورۃ رحمٰن اس پڑھے اور آیت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پر آکر اس پر دم کرکے گرہ لگا دے۔ سورۃ کے ختم ہونے تک اکتیس ۳۱ گرہیں ہو جاویں گی پھر وہ تاگا بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ اگر چیچک سے پہلے ڈال دیں تو انشاء اللہ تعالیٰ چیچک سے حفاظت رہے گی اور چیچک نکلنے کے بعد ڈالیں تو زیادہ تکلیف نہ ہوگی اور موٹھ پر سورۃ اخلاص گیارہ بار، درود شریف اول آخر ایک ایک بار دم کر دے۔ ہر چیچک والے کو عدد طاق کھلاتا رہے مثلاً ایک، تین، پانچ۔ اگر بالکل چھوٹا ہے خود نہیں کھا سکتا تو پیس کر کھلاتا رہے رحمت ہوگی انشاء اللہ تعالےٰ۔

ہر طرح کی بیماری کیلئے

چینی کی تشتری پر سورۃ الحمد اور یہ آیتیں لکھ کر روزمرہ بیمار کو پلایا کریں بہت ہی تاثیر کی چیز ہے۔ آیتیں یہ ہیں :-

وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ ۝ وَاِذَا مَرِضْتُ فَھُوَ

يَشْفِيْنِ ○ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ ○ وَهُدًى وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ○ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا ○ قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ ○

اگر اس کے ساتھ درود شریف بھی لکھے بہتر ہے شفا ہوگی انشاءاللہ۔

برکت کیلئے و ادائے قرض کیلئے

یَا مُعِزُّ سَو بار، اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار بعد نماز عشا پڑھے۔ نیز یَا وَهَّابُ چودہ سو چودہ مرتبہ اول آخر درود شریف سات سات بار پڑھتا رہے بعد عشا کے پڑھے پھر سو بار یہ دعا پڑھے:

یَا وَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ نِعْمَةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔

اس کو بزرگ کیا اے درویشاں فرماتے ہیں۔ نیز یَا مُغْنِیُ گیارہ سو بار، اول آخر درود شریف سات سات بار بعد سنت فجر و قبل فرض پڑھتا رہے۔ اور ہر نماز کے بعد اکتالیس اکتالیس بار مع اول آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھا کرے انشاءاللہ تعالیٰ قرض سے فراغت ہوگی۔

آسیب کا لپٹ جانا

سورۃ مومنون کی اخیر آیتیں اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا سے آخر تک پڑھ کر کان میں دم کرنا اور سورۃ الطارق کو سات بار کان میں دم کرنا داہنے کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر کہنا بھی آسیب کو دفع کرتا ہے۔

اگر آسیب کا اثر گھر میں معلوم ہووے

گھر میں آسیب کا شبہ ہو تو یہ آیت:

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۙ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۚ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۔

پچیس ۲۵ بار چار کیلوں پر پڑھ کر چار کونوں میں گاڑ دیں۔ اور زیادہ گھر ہوں تو ہر گھر کے لئے چار کیلیں پڑھ کر گاڑ دیں دفع ہو جاویگا انشاءاللہ تعالیٰ۔

دفع مرگی

آیات ذیل لکھ کر گلے میں ڈال دینا چاہیئے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ۝ رَبِّ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ رَبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۝ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝

نیز ان آیتوں کو پانی پر دم کردے اس پانی میں مساوی تیل ملاکر نہایت ہلکی آگ پر پانی کو خشک کرے۔ تیل کو ہر روز سر میں بھی ڈالے اور بدن کی مالش بھی کرتا رہے دو چار ماہ میں رحمت ہوگی انشاءاللہ تعالےٰ۔

دفع تپ لرزہ و بخار ہر قسم کیلئے

نقش ذیل کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالیں۔ اور افضل یہ ہے کہ بسم اللہ کو چار بار لکھ کر پھر صلی اللہ علیہ وسلم لکھیں۔

بسم	الله	الرحمٰن	الرحیم
الله	الرحمٰن	الرحیم	بسم الله
الرحمٰن	الرحیم	بسم	الله الرحمٰن
الرحیم	بسم	الله	الرحمٰن الرحیم

یَا اللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ چند بار لکھ کر دیویں ہر روز ایک ایک پیا کرے۔

ماہواری کی کمی کیلئے

آیات ذیل لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالیں کر تعویذ رحم پر پڑا رہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَجَعَلْنَا فِیْهَا
جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِیْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِیْهَا مِنَ
الْعُیُوْنِ ۝ لِیَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ وَمَا عَمِلَتْهُ
اَیْدِیْهِمْ اَفَلَا یَشْكُرُوْنَ ۝
اَوَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْٓا اَنَّ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ كَانَتَا رَتْقًا فَفَتَقْنٰهُمَا وَجَعَلْنَا
مِنَ الْمَآءِ كُلَّ شَیْءٍ حَیٍّ اَفَلَا یُؤْمِنُوْنَ ۝

ایام ماہواری میں زیادتی کیلئے

اگر کسی عورت کو ایام ماہواری زیادہ آتے ہوں اور اس سے تکلیف
ہو تو آیات ذیل لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالیں کہ جسم پر پڑا رہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَقِیْلَ یٰٓاَرْضُ ابْلَعِیْ
مَآءَكِ وَیٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِیْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ
وَاسْتَوَتْ عَلَی الْجُوْدِیِّ وَقِیْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝

بانجھ ہونا

چالیس لونگ لے کر ہر ایک پر سات سات مرتبہ اس آیت کو پڑھے اور جس دن عورت پاک کا غسل کرے روزمرہ سوتے وقت ایک لونگ کھاتی رہے۔ اس پر پانی نہ پیئے۔ اور کبھی کبھی میاں کے پاس بیٹھے اٹھے۔ آیت یہ ہے۔

اَوْ كَظُلُمَاتٍ فِي بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَغْشَاهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهِ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهِ سَحَابٌ ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ اِذَا اَخْرَجَ يَدَهُ لَمْ يَكَدْ يَرٰهَا وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهُ نُوْرًا فَمَا لَهُ مِنْ نُّوْرٍ

دماغ کا کمزور ہونا

پانچوں نماز کے بعد سر پر ہاتھ رکھ کر گیارہ بار یَا قَوِیُّ پڑھتے رہو انشاءاللہ رحمت ہوگی۔

نگاہ کی کمزوری

بعد پانچ نمازوں کے یَا نُوْرُ گیارہ بار پڑھ کر دونوں ہاتھوں کے پوروں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیرتے رہیں رحمت ہوگی انشاءاللہ۔

عقل کے بڑھنے کیلئے

روزمرہ ایک بسکٹ پر اَلْحَمْدُ لِلّٰہ لکھ چالیس روز کھانے سے ذہن بڑھ جاتا ہے بفضلہ تعالیٰ۔

ہول دلی

یہ آیت بسم اللہ سمیت لکھ کر گلے میں باندھیں۔ ڈور اتنا لمبا ہے

کر تعویذ دل پر پڑا رہے۔ دل بائیں پستان کے نیچے ہے۔

اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ؕ

ردِّ غائب

اگر کسی کا لڑکا لاپتہ ہو کر کہیں چلا گیا تو اس کے واپس کرنے کے لئے آیات ذیل لکھ کر چرخہ میں کاتنے کے خلاف گھمانا گھمادیں صبح و شام پندرہ پندرہ منٹ تین دن تک۔ پھر کسی ثمر دار درخت پر لٹکا دیں انشاءاللہ آجاوے گا یا پتہ چل جاوے گا وہ یہ ہے۔

اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ۔ فَرَدَدْنٰهُ اِلٰٓى اُمِّهٖ كَیْ تَقَرَّ عَيْنُهَا۔ اِنَّ الَّذِیْ فَرَضَ عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لَرَآدُّكَ اِلٰى مَعَادٍ ؕ

پھر اس کا نام اور اس کے والد کا نام لکھ دے۔

محبتِ زوجین کے لئے

آیات ذیل لکھ کر اپنے پاس تعویذ بنا کر رکھے۔

وَ اَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَ لِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِیْ۔ يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَيَا مُسَخِّرَ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَالْاَرْضِيْنَ السَّبْعِ قَلِّبْ (بِفُلَانَةَ قَلْبَ فُلَانٍ) بِالْخَيْرِ لِاَدَاءِ الْحُقُوْقِ يَا وَدُوْدُ حَبِّبْ حَبِّبْ يَا وَدُوْدُ

فلاں کی جگہ وہ لکھے جس کی محبت نہیں اور لفظ فلانۃ کی جگہ وہ لکھے جس کے سینے محبت کرانی ہے اور یَا لَطِیْفُ یَا وَدُوْدُ گیارہ سو (۱۱۰۰) بار

مرچ سیاہ گیارہ عدد پر پڑھ کر جلتی آگ میں اکتالیس (۴۱) روز تک ہر روز ڈالتا رہے۔ اگر دوسرا چہلم بھی پڑھے تو عمدہ ہے۔ بے محبت کی محبت ہو جائے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

سانپ یا بچھو کاٹ لے

آیت سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ سَلَامٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝ اکتالیس (۴۱) بار نمک پر دم کریں نمک کو پانی میں گھول کر اس جگہ ملتے رہیں دیر تک۔ اور ساتھ ساتھ سورۃ فاتحہ اور معوذتین بھی پڑھتے رہیں۔

سانپ کیلئے خاص

معمولات حضرات نقشبندیہ رحمہم اللہ تعالیٰ میں یہ اعلیٰ چیز ہے۔ جس کو خلافت دیتے ہیں اس کو ہی اجازت دیتے ہیں ہر کسی کو اجازت نہیں دیتے درود شریف، فاتحہ شریف، آیۃ الکرسی، چہار قل، بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ، درود شریف تمام سات سات بار پڑھ کر نمک پر دم کرے اور یہ بھی دم کرے،

"الٰہی بحرمت دوست محمد قندھاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ الٰہی بحرمت شیخ عبدالقادر جیلانی صاحب"

سات سات بار پڑھ کر اسی نمک پر دم کرے۔ کاٹنے کی جگہ ملتا رہے اور اس نمک کو بہت چکھتا رہے اور کوئی جھاڑ پھونک اور دوا نہ کرے انشاء اللہ صحت ہوگی۔ اور باولے کتے کے کاٹنے کے لئے بھی یہی چیز مفید ہیں مگر آیت الکرسی اس میں نہ ملاوے۔ اگر کسی جگہ سانپ رہتا ہو وہاں چھڑک

دیں بھاگ جاوے گا انشاء اللہ تعالےٰ۔

اسی طرح سورۃ والطارق کی اخیر آیت اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا ۝ وَّ اَكِيدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝ ایک روٹی یا بسکٹ کے چالیس ٹکڑوں پر لکھ کر ایک ٹکڑا روزانہ اس شخص کو کھلا دیں انشاء اللہ تعالیٰ ہڑک نہ ہوگی جس کو باؤلے کتے نے کاٹا ہے۔

درد بچھو و بھڑ وغیرہ کیلئے

حٰمٓ ۝ عٓسٓقٓ ۝ كٓهٰيٰعٓصٓ ۝ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۝ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ وَلَهٗ مَا سَكَنَ فِي الَّيْلِ وَالنَّهَارِ ۝ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ای درد کثردم وسنـلہ ارتفع شو ورنہ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ۝

پڑھ کر دم کرے اور ہاتھ درد کی جگہ سے نیچے نیش کی جگہ کی طرف لاتا جاوے اور اوپر کی جگہ سے نیچے کو ہٹاتا ہووے تاکہ جس جگہ آکر درد رہ جاوے تو لوہے کی چیز کے اشارے سے اس پر دم کرے اور ہٹا دے انشاء اللہ بفضلہٖ تعالیٰ شفا ہوگی۔

پھوڑا پھنسی وغیرہ

آیت سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝ اکتالیس بار مٹی ملتانی پر اور مکھن پر دم کر دیوے۔ مکھن لگا کر اس پر مٹی پانی برگ نیم کاڑھ شدہ کو چند دن لگا دیں شفا ہوگی انشاء اللہ تعالےٰ۔ اسی طرح آیت لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ

خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ اکتالیس[۴۱] بار

اوّل آخر درود شریف تین[۳] بار پڑھ کر یہ کہے :

” ای ملا بیرونی و درونی خشک شو خدا ئے ما بزرگ است تو بزرگ مشو و رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم از یں جا ہجرت کردہ است تو نیز وہم برو اٰمَنَّا بِمُوْسٰۤی اٰمَنَّا فَاِنَّا مُسْتَبْصِرُوْنَ ؕ امر حق بشنو تین[۳] بار بخواند انشاء اللہ تعالےٰ دفع شود “

ہیضہ اور ہر قسم کی وبا طاعون وغیرہ کیلئے

ایسے دنوں میں جو چیز کھاویں پہلے اس پر تین بار سورہ اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ پڑھ کر دم کر لیا کریں انشاء اللہ حفاظت رہے گی۔ اور جس کو ہو جاوے اس کو بھی کسی چیز پر دم کر کے کھلا دیں یا پلا دیں انشاء اللہ شفا ہو گی ۔

تلی بڑھ جانا

یہ آیت ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ؕ

بسم اللہ سمیت لکھ کر تلی کی جگہ باندھیں شفا ہو گی انشاء اللہ تعالےٰ ۔

فائدہ عجیبہ

جاننا چاہیے کہ تعویذ لینے دینے لکھنے پڑھنے کے سلسلے میں جو عام مشقت و محنت کی جاتی ہے اس کا رواج اور چرچا اور عام و خاص کی چاہت اور شوقِ محبت سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس کی تحصیل فرض کی تعمیل یا اس کی تکمیل ہے خدا تعالےٰ کے حکم کے لئے کربستگی ہے ۔ حالانکہ

تعویذ کا عمل مربع مخمس مثلث وغیرہ نہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے نہ صحابہ کرامؓ سے۔ صرف حضرت ابن عمرؓ سے اتنا منقول ہے: اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّۃِ الخ کو لکھ کر بچے کے گلے میں ڈال دیا۔ اس کے ماسوا بھی کچھ روایت میں آتا ہے مگر یہ نہیں کہ اس کو سنت صحابہ کہا جاسکے کیونکہ سنت طریقہ مروجہ کا نام ہے نہ کہ اس کا کہ کسی ایک دو سے کچھ نقل مل جاوے۔

کیا اس سے بڑھ کر اتنا استدلال ہو سکتا ہے کہ یہ چیز مباح ہے حرام نہیں۔ وہ بھی اسی مقدار میں کہ کوئی چیز معوذات سے کسی بچہ کی گردن میں لٹکانا درست ہے حرام نہیں۔ اور یہ ثابت نہیں ہوتا کہ لٹکانا ضروری ہے یا مستحب ہے۔ مربع، مخمس، مثلث کا عمل تو درکنار رہا اور وہ بھی حسب عدد جائز ناجائز میں کیا جاوے اور قرآن مجید کے پڑھنے یا دم کرنے سے ان کو زیادہ سمجھا جائے اور زیادہ اعتبار کیا جاوے۔

حاصل یہ ہے کہ تعویذ کے استعمال کو عدم جواز یا جواز کے درجہ میں رکھنا چاہیئے۔ اور اس کی تفصیل میں اس کے قدر جواز تک ہی ہونی چاہیئے۔ اس میں زیادہ اعتقاد یا اعتبار یا کوشش حد شرعی سے تجاوز کرنا ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ اتم

ناف ٹل جانا

"اللہ تعالیٰ ہر چہ کند خدا کند بندہ عاجز چہ کند، الٰہی بحرمت شیخ معروف کرخی رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ ناف بجائے خود رود۔" اس جملہ کو جو کہ ایک بزرگ سے منقول ہے تعویذ بنا کر ناف کی جگہ باندھ دے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی۔

ہر کام و مطلب کیلئے

یہ تعویذ دے اور ساتھ دھ کھے اور پلا دے اور افضل یہ ہے کہ لفظ اللہ اللہ سترہ ۱۷ بار لکھ کر صلی اللہ علیہ وسلم لکھیں۔ نقش کے طور پر مروی نہیں ہے۔ اگر زیادہ ضرورت ہو تو اعمال قرآنی وشفاء العلیل الدار والدوار وغیرہ کو دیکھئے۔

تنبیہ: قرآن مجید کی آیت کو بے وضو مت لکھو، اور نہانے کی ضرورت میں بھی مت لکھو۔ اور جس کاغذ پہ قرآن مجید کی آیت ہو اس کو تعویذ بنا کر اس پر دوسرا کاغذ لپیٹ دو تاکہ تعویذ لینے والا بے وضو ہو تو اس کو ہاتھ میں لینا درست ہو اور چینی کی تشتری پہ آیت لکھو اس کو بھی بے وضو ہاتھ نہ لگاؤ جب تعویذ سے کام نہ رہے اس کو پانی میں گھول کر کسی ندی یا نہر یا کنوئیں میں چھوڑ دو۔

اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ
اللہ	اللہ	اللہ	اللہ

وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ

محمد عبد اللہ عفی عنہ (قدس سرہ)
ساکن بھلی و حبیب آباد قریب شجاع آباد
ضلع ملتان
۵ رجب ۱۳۷۷ھ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ضمیمہ

اسماء الحسنیٰ کے خواص و فوائد

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی وَعَلٰی اٰلِہِ الْمُجْتَبٰی اَمَّا بَعْدُ

جاننا چاہیے کہ اسماء الحسنیٰ کو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ورد بنانا چاہیے تاکہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی ہو جائے تو دارین کی بہبودی ہوگی اور سرفرازی و آبادی نصیب ہووے گی۔ واللہ المستعان

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ کے خواص!

جو شخص ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ باطہارت و یکسوئی یومیہ بلاناغہ پڑھتا رہے تو بفضلہٖ تعالیٰ مخلوق میں پُرجلال و بارعب ہوگا انشاءاللہ تعالیٰ۔

اَلسَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ کے خواص

جو شخص سُبْحَانَ السَّلَامِ الْمُؤْمِنِ الْمُهَيْمِنِ یَا اَللّٰہُ یَا سَلَامُ یَا مُؤْمِنُ یَا مُهَيْمِنُ کو ایک سو اکیس (۱۲۱) بار یومیہ پڑھتا رہے تو ہر قسم کے خوف و خطر سے انشاءاللہ امن و امان میں رہے گا۔ اول و آخر درود شریف ہونا چاہیے۔

اَلْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ کے خواص

جو شخص سُبْحَانَ الْعَزِیْزِ الْجَبَّارِ الْمُتَکَبِّرِ یَا عَزِیْزُ یَا جَبَّارُ یَا مُتَکَبِّرُ کو تین سو تیرہ ۳۱۳ دفعہ ہر روز اللہ تعالیٰ کی رضا کے راضی کرنے کیلئے پڑھتا رہے تو دشمن کے مکر و کید اور مضرت رسانی سے انشاء اللہ محفوظ رہے گا۔ درود شریف اول آخر پڑھنا چاہیے۔

اَلْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْمُبْدِئُ الْمُعِیْدُ کے خواص

جو شخص ان اسماء کو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے پانچ سو پچپن بار اوّل آخر درود شریف پڑھتا رہے سُبْحَانَ کا کلمہ پہلے ملا کر سُبْحَانَ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ الْمُبْدِئُ الْمُعِیْدُ یک صد گیارہ بار صبح و شام اوّل و آخر درود شریف پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ اس کو نرینہ اولاد نیک اور عمر دراز بھی عطا فرمائے گا۔ بفضلہ و کرمہ معرفت و محبت بھی عطا ہو گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

اَلْغَفَّارُ الرَّؤُفُ الرَّحِیْمُ کے خواص

جو شخص ان اسماء کو اس طور سے پڑھے اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْغَفَّارُ الرَّؤُفُ الرَّحِیْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ یکصد بار، اوّل آخر درود شریف تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بھی معاف فرما دیں گے اور رزق میں بھی فراخی عطا فرما دیں گے اور برکاتِ جسمانی و روحانی بھی عطا ہوں گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

اَلْوَھَّابُ اَلرَّزَّاقُ اَلْفَتَّاحُ کے خواص

جو شخص اس کو اس ترکیب سے پڑھے اللہ تعالیٰ کی رضا کے کیلئے اس کو رضائے مولیٰ کریم بھی نصیب ہوگی اور دولت بھی عام اور حق وسیع کا ظہور اور باطل کا فور و نابود ہوگا انشاء اللہ۔ ترکیب یہ ہے: لَا وَھَّابَ اِلَّا اللہُ لَا رَزَّاقَ اِلَّا اللہُ لَا فَتَّاحَ اِلَّا اللہُ۔ یکصدبار، اول آخر درود شریف بعد صبح و عشاء یا ایک وقت۔

خواص اَلْعَلِیْمُ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ

جو شخص اس کا ورد صبح و شام یا ایک وقت ۱۰۰ بار اول آخر درود شریف ان الفاظ سے پڑھے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْعَلِیْمِ السَّمِیْعِ الْبَصِیْرِ ۱۰۰ اور اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے پڑھے۔ اس کو علم کامل عمل صالح نصیب ہوگا۔ اور کشف کونی اور کشف حقائق اور اسرار قرآنی و احکام اس کی استعداد کے مناسب نصیب ہونگے۔ اور قرآن مجید بھی جلدی یاد کرے گا۔ انشاء اللہ۔

خواص اَلْجَلِیْلُ الْعَلِیُّ الْکَبِیْرُ

جو شخص ان اسماء گرامی کو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے یکصد صبح اور یکصد شام اول آخر درود شریف پڑھتا رہے نفس و شیطان پر بھی اور دشمن پر بھی غالب رہے گا اور لوگوں میں اس کی ہیبت مقبول ہوگی۔ ترکیب یہ ہے اَللہُ اَکْبَرُ سات بار اَللہُ اَکْبَرُ کَبِیْرًا سات بار، اول و آخر درود شریف اور یہ اسماء یکصد بار یَا جَلِیْلُ یَا عَلِیُّ یَا کَبِیْرُ پڑھے۔ اور درود شریف اول آخر پڑھے۔

خواص اَلغَفُوْرُ الشَّکُوْرُ الکَرِیْمُ

جو شخص اس کو ہر نماز کے بعد اکتالیس ۴۱ بار یا اکتیس ۳۱ بار، اوّل آخر درود شریف پڑھا کرے اس کی عبادت قبول ہو گی، گناہ معاف ہوں گے اللہ تعالےٰ کی رضا کے لئے پڑھے تو مراتب میں ترقی ہو گی۔ دنیوی ہوں یا دینی جسمانی یا روحانی ترکیب پڑھنے کی یہ ہے۔ اِنَّ اللّٰہَ ھُوَ الْغَفُوْرُ الشَّکُوْرُ الْکَرِیْمُ ط

خواص اَلحَفِیْظُ الرَّقِیْبُ المُقِیْتُ

(نگاہ رکھنے والا قوت رکھنے والا) اس کے پڑھنے کی ترکیب یہ ہے۔ حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَفِیْظُ الرَّقِیْبُ الْمُقِیْتُ ط ہفت صد و ہفتاد بار، اوّل آخر درود شریف۔ سات راتیں یا ستائیس ۲۷ رات پڑھنے، ہر دشمن سے محفوظ رہے گا بلکہ غالب ہو جاوے گا اور چور سے اس رات محفوظ رہے گا انشاءاللہ تعالیٰ جمعہ کی رات سے شروع کرے۔

خواص اَلرَّافِعُ المُعِزُّ المَجِیْدُ

بوقت نصف شب یکصد و یک بار، اوّل آخر درود شریف جو شخص پڑھتا رہے خلقت میں برگزیدہ ہو جاوے گا بفضلہٖ تعالیٰ بشرطیکہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے پڑھے۔ اس سے پہلے سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ ۴۱ بار اور آخر میں سُبْحَانَ اللّٰہِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ اکتالیس ۴۱ بار، پھر دعا نیاز سے کرے اور اس طور پڑھے۔

یَا اَللّٰہُ یَا رَافِعُ یَا مُعِزُّ یَا مَجِیْدُ ط

خواص اَلْوَدُوْدُ اَللَّطِیْفُ اَلْمُجِیْبُ

اگر قلقل (مرچ) سیاہ گیارہ[۱۱] عدد پر گیارہ صد[۱۱۰۰] بار بعد عشا دم کرکے جلتی آگ میں جلاتا رہے۔ دشمن کی دشمنی دفع ہوجاوے گی بلکہ محبت ہوجاوے گی۔
اگر ہفتاد[۱] ویک بار شیرینی پر دم کر کے کھلا دے مرد کی یا بیوی کی محبت ہوجائے گی۔ اور دعنو کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی رضا و محبت کے لیے تین صد[۳۱۳] و تیرہ بار، اول آخر درود شریف پڑھتا رہے اللہ تعالیٰ کی محبت پیدا ہوجاوے گی اور اللہ تعالیٰ کی محبت اس سے ہوجاوے گی بفضلہٖ وکرمہٖ۔

خواص اَلْحَیُّ اَلْقَیُّوْمُ

اکثر علمائے اسی کو اسم اعظم فرمایا ہے ترکیب پڑھنے کی یہ ہے، یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ۔ بعد میں پڑھنے دعا قبول ہوگی، رحمت برسے گی۔ اور اگر دعا سے اول آخر میں پڑھے زیادہ اجابت دعا کا موجب ہے اور اگر اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ کا ورد یکصد[۱۲۱] واکیس بار، اول آخر درود شریف تین تین بار پڑھے دنیا و آخرت کے مطالب پورے ہوں گے عزت و عظمت بڑھے گی، رزق میں فراخی ہوگی اور قرب خداوندی جل شانہ نصیب ہوگا، قبر کی تنگی دور ہوگی۔ اس کے فوائد بے شمار ہیں بشرطیکہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے پڑھے۔

خواص اَحَدُ صَمَدُ

اگر سوالاکھ اس طور سے نکالے، یَا اَللّٰهُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ اول آخر درود شریف ساٹھ ساٹھ بار۔ چند دن میں اس کی تمام حاجات پورے ہونگی

اللہ تعالیٰ کے فضل سے۔ اور جب پڑھنے بیٹھے درود شریف پڑھے۔ پھر سورۃ اخلاص پوری پھر یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ پڑھتا رہے۔ جب ختم کرے تمام سورت پڑھ کر تمام کرے۔ پھر ہر نماز کے بعد پچیس[۲۵] بار اول آخر درود پڑھتا رہے ضرور پڑھے۔

خواص مالک الملک وذو الجلال والاکرام

اَللّٰھُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَسْئَلُكَ رِضَاكَ وَالْجَنَّۃَ وَ الْعَفْوَ وَ الْعَافِیَۃَ ه

صبح و شام اکیس[۲۱] بار، اول آخر درود شریف ایک ایک بار پڑھا کرے دنیا میں بھی عزت و دولت بڑھے گی اور آخرت میں بھی عزت و عظمت سے رہے گا۔ قرب رب تعالیٰ سے نوازا جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ بفضلہٖ

خواص اَلْھَادِیُ اَلنَّافِعُ اَلنُّوْرُ

اگر بے نماز یا گناہوں میں ڈوبا ہوا ان اسماء کو صبح و شام اکتالیس[۴۱] بار اول آخر درود شریف پڑھ کر اپنی ہدایت و صلاح کے لئے دعا عجز و نیاز سے کیا کرے تو بہر طرح اس کو صالح و نیک بننے کی توفیق دی جاوے گی۔ بفضلہٖ تعالیٰ و کرمہٖ۔ اور دل اس کا روشن ہوگا، دین و مال میں نقصان سے بچے گا۔ یَا اَللّٰہُ یَا ھَادِیُ یَا نَافِعُ یَا نُوْرُ پڑھا کرے۔

خواص اَلْمُقْسِطُ اَلْجَامِعُ اَلْغَنِیُّ

اگر اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے اکتالیس[۴۱] بار، اول آخر درود شریف

ہر نماز کے بعد یا صبح و شام پڑھتا رہے اس پر کوئی ظلم نہ کر سکے گا اور دوستوں اور خویشوں میں محبت و الفت بڑھے گی اور غربت و افلاس بھی رفع ہوگا۔

خواص یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْن

جس قدر زیادہ پڑھے گا اسیقدر رحمتِ دارین سے نوازا جائے گا، اور دعائیں قبول ہوں گی، دکھ دور ہوں گے، مطالب پورے ہوں گے۔ کم از کم اکتالیس (۴۱) بار، اول آخر درود شریف صبح و شام پڑھے۔ اسکے فیوضات بے حد ہیں

خواص اَلْوَکِیْلُ اَلْوَلِیُّ اَلْحَمِیْدُ

جو شخص دکھ دردی یا دینیاوی جسمانی یا ردحالی سے درماندہ ہو چکا ہو، قلق و اضطراب میں پریشان ہو۔ ان اسمائے گرامی کو بعدد اکتالیس (۱۲۱) بار، اول آخر درود شریف بلحاظ معنی نیاز سے صبح و شام پڑھ کر گڑگڑا کر دعا کیا کرے جلدی مشکل کشائی و حاجت روائی ہوگی۔ نیز محبت و معرفت کے دروازے بھی کھلیں گے بفضلہ و کرمہ تعالیٰ۔ پڑھنے کی ترکیب یہ ہے، یَا اَللّٰہُ یَا وَکِیْلُ یَا حَمِیْدُ۔

خواص اَلْقَھَّارُ اَلْمُنْتَقِمُ اَلْجَبَّارُ اَلْقَادِرُ

اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے پڑھے اور ڈرے کہ کسی کا نقصان نہ ہو جائے کسی ظالم بدمزاج کی گرفت سے سخت خوفناک ہو تو اینٹ کھنگر کے کنکریوں پر تین صد و تیرہ بار (۳۱۳) بلحاظ معنی دفع دشمن کی غرض سے ہر روز پڑھ کر دعا کرے جلد از جلد اللہ تعالیٰ کے فضل سے نجات پاوے گا۔ پڑھنے کی ترکیب یہ ہے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَهَّارُ الْمُنْتَقِمُ الْجَبَّارُ الْقَادِرُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ فُلَانِ ابْنِ فُلَانٍ وَ اَتْبَاعِهٖ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ بِقُدْرَتِكَ یَا رَحْمٰنُ

خواص اَلْبَاقِیُ اَلْبَدِیْعُ اَلْبَاسِطُ

اگر نجات من الاعداء چاہتا ہے اور رزق کی تنگی سے بچنا چاہے اور معارف و مدارج دائمی کا طلب گار ہے اس کو اکیس (۲۱) بار، اول آخر درود شریف ہر نماز یا صبح و عصر کی نماز کے ساتھ بلحاظ معنی بصد نیاز پڑھا کرے انشاء اللہ وہ کمالات و کرامات دیکھے گا کہ جس کا بیان تحریر سے نہیں ہو سکتا۔

وَاللّٰهُ تَعَالٰی اَعْلَمُ بِاَسْرَارِ اَسْمَاءِ الْحُسْنٰی

لَا حَوْلَ وَ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

جاننا چاہیے کہ جو فوائد تین تین اسماء یا کم و بیش کے پیش کیے ہیں وہ قرات ایک ایک کے بھی وہی ہیں مگر شرط اول یہ ہے کہ اخلاص نیت و رضا و ابتغاء وجہ اللہ تعالیٰ ہو اور معنی اسماء کا پیش نظر ہو پھر دعا و نیاز سے ہو اور باوضو ہو اور ہو سکے تو پڑھتے وقت قبلہ رخ ہو اور محنت کرے اور بہتر امید فضل الٰہی پر زیادتی ہوتی جاوے۔ گو اسباب مطلب کے خلاف نظر آنے لگیں۔

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَیْهِ التُّکْلَانُ وَ اٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○

فائدہ

یاد رکھنا چاہیے کہ روحانی اثرات مقبولیتِ اعمال کے ثمرات میں سے ہیں۔ اور مقبولیتِ اعمال اخلاصِ نیت و عملِ سُنّت و تقویٰ من اللہ پر موقوف ہیں۔ اور ان سب چیزوں کا طہارتِ ظاہری و باطنی پر مدار ہے اور طہارت بہت اقسام کی ہے۔

(۱) طہارت الابدان، جسم کی پاکیزگی کے مسائل فقہ، کنز و قدوری وغیرہ میں بسط سے مذکور ہیں۔

(۲) طہارۃ الارواح، دل اور روح کی پاکیزگی۔ اخلاقِ رذیلہ مثلاً حسد، کبر و ریا اور شہوات وغیرہ سے اور روح کی پاکی غفلت سے [illegible]

(۳) طہارۃ العقول، عقل کی طہارت جہالت سے۔

(۴) طہارۃ النفوس، نفس کی پاکیزگی کثریات سے۔

(۵) طہارۃ الاسرار، سر کی طہارت خطراتِ ردیہ سے۔ اور بعض کاملین نے فرمایا کہ طہارتِ کاملہ طہارۃ الاسرار ہے۔ یعنی تکمیل اغیار سے کہ غیر اللہ سے تعلق اعتماد و اعتقاد مطلقاً نہ رہے۔

ان طہارات کی تحصیل کا اکسیر نسخہ صحبت صالحین کی بغرض اصلاح ہے بشرطیکہ وہ صالح مرشد عامل و عالم بانسبت و تارکِ بدعت و مجاز از صالح و مجاہد ہو۔ اور اس کے اکثر ہم رکاب و ہم صحبت لوگوں میں اثر صلاحیت و صلوٰۃ و عمل سنت کا نمودار ہو۔ جو خدمت میں آتا ہے چند دن میں اس کے حالات مبدل با صلاحیت ہوتے جاتے ہیں۔ گناہوں سے نفرت اور عبادت

کی رغبت و قرآن مجید کی عزت و عظمت آ رہی ہے۔ اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اتباع دل پذیر ہو جاتا ہے۔

ایسے لوگ کبریت احمر ہیں۔ اگر ایسے لوگوں کی صحبت نصیب ہو جاوے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے تو اس کی محبت و صحبت اور اس کے فرمانِ شرعی کی تعمیل کو صدہا دولت وعزت سے غنیمت جانے۔

وَذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ط وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ بِفَضْلِكَ وَرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ط (روح المعانی)

عَلَيْكَ بِاَرْبَابِ الصُّدُوْرِ فَمَنْ غَدَا
مُضَافًا لِاَرْبَابِ الصُّدُوْرِ تَصَدَّرَا

"صاحب دل کی صحبت کو لازم پکڑ۔ جو صاحب دل کی طرف منسوب ہوا بڑا بن گیا۔"

اِيَّاكَ اَنْ تَرْضٰى صَحَابَةَ نَاقِصٍ
فَتَنْحَطَّ قَدْرًا مِنْ عُلَاكَ وَتُحْقَرَا

"ناقص کی صحبت سے بچ، پھر اپنی قدر و منزلت کو بلندی سے گرائے گا اور حقیر ہو جائے گا۔"

وَاٰخِرُ دَعْوَانَا اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○
وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

وَاَصْحَابِہٖ وَاَتْبَاعِہٖ اَجْمَعِیْنَ مِنَ الصَّلٰوۃِ وَالسَّلَامِ اَفْضَلُهَا وَاَكْمَلُهُمَا وَاَدْوَمُهُمَا اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ، لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

محمد عبداللہ عفی اللہ عنہ
النقشبندی القادری الچشتی الساکن حبیب آباد
شجاع آباد ضلع ملتان۔
۱۴ شوال ۱۳۸۴ھ

تحریر نمود حکیم محمد منظور عالم صالح پوری کشفہ بجالی الساکن
راجہ ڈاکخانہ سادھو کی ضلع گوجرانوالہ

بیاضِ ثانی

(حضرت حاجی محمد شاہ صاحب پھلتی)

برائے تپ (بخار) روزانہ آنے والا

اعداد آیت (۱۲۴۲) قُلْنَا يَا نَارُ كُونِي بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ ۔ مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر گلے میں باندھے انشاءاللہ بخار رفع ہوجائے گا۔

۷۸۶

۳۱۰	۳۱۳	۳۱۶	۳۰۳
۳۱۵	۳۰۴	۳۰۹	۳۱۴
۳۰۵	۳۱۸	۳۱۱	۳۰۸
۳۱۲	۳۰۷	۳۰۶	۳۱۷

نظرِ بد سے حفاظت کا عمل

(تجویز کردہ حضرت شیخ الاسلام رحمہ اللہ)

مندرجہ ذیل آیات سات عدد (سرخ) مرچوں پر سات سات مرتبہ پڑھ کر سات بار دم کر کے بچہ کے اوپر سے (وار کر یعنی سر کے چاروں طرف گھما کر) دہکتی ہوئی کوئلے کی آگ میں ڈال دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ نظر اسی وقت دور ہوجائے گی۔ مرچوں کے جلنے سے دھسک دھانس اور چھینکیں وغیرہ بالکل نہیں آئیں گی بشرطیکہ بچہ کو نظر لگی ہو۔ مجرب ہے۔ وہ آیت یہ ہے:۔

وَإِنْ يَكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِأَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ إِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۔ وَمَا هُوَ إِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ

ذکر شب و روز

(ہدایت کردہ قبلہ جناب مولانا علاؤالدین صاحب چپلتی)

① تسبیح فاطمہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا ہر فرض نماز کے بعد
② ہر چہار کلمہ صبح و شام
③ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ ایک تسبیح صبح و شام
④ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَآ اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ ۔
⑤ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَاءِ وَالْمَمَاتِ ۔

قلب کی ظاہری و باطنی صفائی کیلئے اور بلند مرتبہ حاصل کرنے کے لئے

(از شیخ ربانی ابوالعباس برنی رحمۃ اللہ علیہ)

یہ الفاظ اسمِ اعظم کے ہیں اور اس کا پڑھنے والا مستجاب الدعوات ہو جاتا ہے۔ اس کے بہت سے خواص و کمالات ہیں۔ بادشاہوں اور اُمراء کے دلوں کو قابو میں کر لیتا ہے اور لوگوں کے دلوں کی تسخیر ہوتی ہے چنانچہ ہر بات جو منہ سے نکلتی ہے وہ قبول ہوتی ہے۔

اس اسمِ اعظم کو بارہ ہزار مرتبہ ایک مجلس میں پڑھیں تمام مخلوقات مسخر اور فرمانبردار ہوگی اور چرند و پرند بھی مطیع ہوں گے۔ بعد از نمازِ عشاء اس کا پڑھنا بہتر ہے ورنہ جو وقت سہولت کے ساتھ میسر ہو جائے

وہ الفاظ یہ ہیں:

"یَا اَللّٰہُ یَا ھُوْ"

منقول از شیخ ربانی شیخ ابوالعباس برنی رحمۃ اللہ علیہ

اسم اعظم ہمیں است و قاری مستجاب الدعوات گردد و تعلیقہ آوردہ کہ خواص بسیار دارد اما در تسخیر قلوب سلاطین و امراء و تمام خلائق مجرب است چنانچہ ہر چہ گوید کسے از قول او عدول نہ کند و مقبول قلوب گردد و صفا ظاہری و باطنی بمرتبہ رسد کہ اسم اعظم نشست باید کہ دوازدہ ہزار مرتبہ در یک مجلس بخواند۔ جن و انس و حوش و طیور و جملہ مخلوقات مسخر و مطیع او گردد۔

یَا اَللّٰہُ یَا ھُوْ

بخواند بعد از نماز خفتن بہتر است و الا ہر وقت

برائے قضائے حاجات

یہ دعا دس یا دس روز پڑھے:۔

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْقَادِرِ الْقَاھِرِ الْقَوِیِّ الْکَافِیْ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔ بفضل الٰہی مراد بر آید

عمل برائے کشائش رزق

سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) ایک ہزار مرتبہ یا اگر ممکن نہ ہو تو ایک سو مرتبہ شب سنیچر میں پڑھے اور ہر روز پانچ سو مرتبہ پڑھے مجرب ہے۔

برائے حفاظتِ جان و مال

بوقتِ صبح پڑھے ۔ آیۃ الکرسی ، قل یٰاَیّہا الکفرون آخر تک ، قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ آخر تک قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ آخر تک ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ آخر تک پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے بدن پر پھیرے اور مال پر پھونک دے ۔

جان و مال کی حفاظت کے لیے

تین بار مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر دم کرلے ۔ وہ کلمات یہ ہیں ،
بِسْمِ اللّٰہِ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔

عمل برائے وسعتِ رزق

(عمل از شاہ محمد فائق صاحبؒ)

سورۃ مزمل شریف ہر روز مابین مغرب وعشاء گیارہ بار پڑھے اول آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھے ۔ اکیس روز متواتر پڑھے ۔

برائے فراخی رزق (۱)

یَا کَرِیْمُ یَا وَھَّابُ یَا ذَا الطَّوْلِ ہر روز بعد نماز عشاء ایک ہزار چھیاسٹھ (۱۰۶۶) مرتبہ یَا فَتَّاحُ (۴۸۹) چار سو نواسی مرتبہ یَا رَزَّاقُ (۳۸۰) تین سو اسی مرتبہ یَا کَافِیْ (۱۱۱) ایک سو گیارہ مرتبہ یَا مُغْنِیْ (۱۱۰۰) گیارہ سو بار اول آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ رزق وافر ملے گا ۔

برائے فراخی رزق (۲)

اوّل آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ یَا غَنِیُّ ایک ہزار ساٹھ مرتبہ (۱۰۶۰) یَا فَتَّاحُ چار سو نواسی (۴۸۹) مرتبہ بعد نماز عشاء پڑھے انشاء اللہ رزق وافر ملے گا۔

عمل برائے حاجات روائی

بروز ہفتہ	(شنبہ)	ایک ہزار مرتبہ	یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ
بروز اتوار	(یکشنبہ)	ایک ہزار مرتبہ	یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ
بروز پیر	(دوشنبہ)	ایک ہزار مرتبہ	یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ
بروز منگل	(سہ شنبہ)	ایک ہزار مرتبہ	یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ
بروز بدھ	(چہارشنبہ)	ایک ہزار مرتبہ	یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
بروز جمعرات	(پنج شنبہ)	ایک ہزار مرتبہ	یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ
بروز جمعہ	(جمعہ)	ایک ہزار مرتبہ	لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔

اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔

دفع بخار کیلئے

داہنے کندھے پر ہاتھ رکھ کر دس بار پڑھے، "یا شمس تبریز جناب امیر احمد" بائیں کندھے پر ہاتھ رکھ کر دس بار پڑھے اور دم کرے، "یا تپ بگریز جناب امیر احمد" انشاء اللہ تعالیٰ بخار رفع ہوگا۔

برائے تپ لرزہ (سردی کے بخار کیلئے)

از اعداد مجربہا ٢٥٩٣ روزانہ لکھ کر پلائیں ۔

٦٤٧	٦٥٠	٦٥٦	٦٤٠
٦٥٥	٦٤١	٦٤٦	٦٥١
٦٤٢	٦٥٨	٦٤٨	٦٤٥
٦٤٩	٦٤٤	٦٤٣	٦٥٧

بخار کے دفعیہ کیلئے

ذیل کا نقش لکھ کر روزانہ پلائیں انشاء اللہ تعالےٰ بخار رفع ہوگا
نقش بخار از اعداد تھکنا ١٢٤٢ ۔

٧٨٦

٣١٠	٣١٣	٣١٦	٣٠٣
٣١٥	٣٠٤	٣٠٩	٣١٤
٣٠٥	٣١٨	٣١١	٣٠٨
٣١٢	٣٠٧	٣٠٦	٣١٧

تپ لرزہ (روزانہ آنے والا جاڑے کا بخار)

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر سیدھے بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالےٰ
بخار سے چھٹکارا مل جائے گا (نقش از اعداد مجربہا ٢٥٩٣) نقش یہ ہے:

نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو ←

۲۸۶

۶۴۷	۶۵۰	۶۵۶	۶۴۰
۶۵۵	۶۴۱	۶۴۶	۶۵۱
۶۴۲	۶۵۸	۶۴۸	۶۴۵
۶۴۹	۶۴۴	۶۴۳	۶۵۷

ہر قسم کے بخار سے نجات کیلئے

اوّل روز لکھیں :- علیحج بسم اللہ

دوسرے روز لکھیں :- علیحج الرحمٰن

تیسرے روز لکھیں :- علیحج الرحیم

اور روزانہ کاغذ پر لکھ کر گولی بنا کر مریض کو کھلا دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ بخار سے نجات مل جائے گی۔

ہر قسم کے بخار کیلئے

مندرجہ ذیل طریقہ پر لکھے اور نقش کو طے کر کے (موڑ کر) الٹا جوتے اس پر مارے اور پاؤں کے ٹخنے پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ بخار دفع ہوگا۔

مردود	نمرود	ہمزاد	شداد
ہامان	شیطان	ملعون	فرعون

برائے دُور ہونے بخار اکاترا، تجاری، چوتھیہ، روزانہ کا

کاغذ پر پہلے روز یہ لکھے ورسم

کاغذ پر دوسرے روز لکھے :- سرسیم

کاغذ پر تیسرے روز لکھے :- سراسیم

ہر روز بخار چڑھنے سے قبل یا سورج نکلنے سے پہلے داہنے بازو (سیدھے ہاتھ) پر باندھ لے۔ اگر خود لکھنا نہ جانتا ہو کسی دوسرے سے لکھوالے انشاءاللہ تعالٰے فائدہ ہوگا اور بخار سے نجات ملے گی۔

برائے دفع اکاترا بخار، تجاری بخار، چوتھیہ، روزانہ کا

لہسن کے جوے پر پہلے روز یہ لکھیں : ١١ اسا ۷۸٦

دوسرے روز یہ لکھیں :- اسا ۷۸٦

تیسرے روز یہ لکھیں :- ثنا اسا ۷۸٦

ہر روز سورج نکلنے سے قبل داہنی کلائی پر باندھا جائے انشاءاللہ بخار دفع ہوگا اور صحت بحال ہوگی۔

برائے دفع اکاترا تجاری، چوتھیہ، روزانہ آنے والا بخار

کوری ٹھیکری یا بھوج پتر پر اوّل روز (پہلے دن) یہ لکھے اس طرح :

۷۸٦
یا محیط

دوسرے روز اس طرح لکھے :-

۷۸٦
یا محیطط

تیسرے روز اس طرح لکھے :-

۷۸٦
یا محیططط

پہلے روز لکھ کر داہنے بازو کی کلائی پر ہاتھ کے نیچے سے اوپر جہاں

گھڑی باندھتے ہیں باندھ لے) اور جس دن بخار آنے کی باری ہو یعنی بخار آنے کا دن ہو بخار آنے سے پہلے کھول کر کنوئیں میں ٹھنڈا کر دیں (یا نہر میں یا دریا میں یا سمندر میں ڈال دیں) اور دوسرا تعویذ باندھ دیں۔ اور تیسری باری (تیسرے دن) پر بھی یہی عمل کیا جائے انشاء اللہ تعالیٰ صحت کامل حاصل ہوگی۔

تجاری اور چوتھیہ بخار کے دفعیہ کیلئے

(عطیہ از مفتی شیخ محمد صاحب نائب مفتی بھوپال)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ سَلَامٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ۔

بعد بخورات (لوبان کی دھونی دے کر اس تعویذ کو) موم جامہ کر کے اپنے بازو (دائیں ہاتھ) پر باندھے۔ اگر مسلم ہو۔ ورنہ روئی پر سات بار پڑھ کر دم کر دیا جائے اگر غیر مسلم ہو۔ اور باری آنے کے روز (یعنی بخار والے دن بخار آنے سے پہلے) دونوں کانوں میں رکھ دئے جائیں۔ ایک ہفتہ روئی کانوں کے سوراخ میں لگی رہے۔ بعد میں دریا، نہر، سمندر یا کنوئیں میں تعویذ یا روئی ٹھنڈی کر دی جائے (بہا دی جائے) یہ تجاری یا چوتھیہ کو بہت مفید ہے۔

سردی کا بخار

اگر سردی کا بخار آتا ہو تو بیری کی لکڑی پر لکھ کر گلے میں ڈالے

انشاء اللہ تعالےٰ شفا ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰهَا ۭ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

برائے بدخوابی۔ نیند میں ڈر خوف سے نجات کیلئے

(عطیہ از مفتی شیخ محمد صاحبؒ نائب مفتی بھوپال)

مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں یا دائیں بازو میں باندھے انشاء اللہ تعالےٰ فائدہ ہوگا۔ اگر ایسا نہ کر سکے تو لکھ کر موم جامہ کر کے سرہانے رکھ لے۔ انشاء اللہ تعالےٰ بدخوابی اور ہر قسم کے ڈر خوف سے نجات مل جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ اَجْمَعِيْنَ ۝

بدخوابی اور پریشان خوابی سے نجات کیلئے

هُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

بدخوابی ہوتی ہو اور پریشان خواب دیکھتا ہو تو گلے میں ڈالے یا سوتے

وقت پڑھے انشاءاللہ بدخوابی اور پریشان خوابی سے نجات حاصل ہوگی۔

برائے جمیع امراض

نقش ہر سہ قفل برائے جمیع امراض۔ جمعہ کے روز بازو پر باندھے۔

۷۸۶

۳۵۴۰	۳۵۴۳	۳۵۴۶	۳۵۲۳
۳۵۴۵	۳۵۲۴	۳۵۳۹	۳۵۴۴
۳۵۳۵	۳۵۴۸	۳۵۴۱	۳۵۳۸
۳۵۴۲	۳۵۳۷	۳۵۳۶	۳۵۴۷

نظر بد کیلئے

بچوں کو نظر بد سے محفوظ کرنے کیلئے مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر گلے میں ڈالے یا تین ۳ مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کردے انشاءاللہ تعالیٰ نظر بد سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ کلمات یہ ہیں:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَامَّةٍ ۔

ہیضہ اور ہر قسم کی وبا و طاعون وغیرہ

ایسے دنوں میں جو چیز کھائیں پہلے تین بار اِنَّا اَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ آخر تک پڑھ کر دم کر کے کھایا کرے انشاءاللہ تعالیٰ حفاظت ہوگی۔ اور جس کو ہو جائے اس کو بھی کسی چیز پر دم کر کے کھلائیں پلائیں انشاءاللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

جمیع امراض کیلئے

ہر مرض اور ہر درد کے واسطے مقام مرض پر ہاتھ رکھ کر ان آیتوں کو پڑھ کر دم کر دے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد صحت ہوگی۔

وَ بِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَ بِالْحَقِّ نَزَلَ ط وَ مَا اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّ نَذِيْرًا ط

ایک سفید چینی کے برتن پر لکھ کر آبِ باراں (بارش کے پانی) سے دھو کر پینے سے ذکاوت بڑھتی ہے۔ اگر کسی قسم کے درد پر جو جسم کے کسی حصہ پر ہو باوضو پڑھ کر دم کر دے تو انشاء اللہ تعالےٰ درد فوراً دفع ہو جاتا ہے۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ط

سورہ معوذتین قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ۔ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (مکمل) ہر قسم کے درد بیماری، سحر، نظر بد وغیرہ کے لئے پڑھنا۔ دم کرنا، لکھ کر باندھنا مفید ہے۔ اور سوتے وقت پڑھنے سے ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے گا۔ اور اگر حاکم کے روبرو جاتے وقت پڑھے تو اس کے شر سے محفوظ رہے۔

سر کے درد سے آرام کیلئے

زمین پر راکھ (یا مٹی پھیلا) کر انگل سے (نمرود) لکھے اور جس کے سر میں درد ہو اس کو سامنے بٹھائے اور ہاتھ سے سر پکڑوائے اور

تین جوتے زور زور سے (لفظ نمرود پر زمین پر) مارے۔ اگر پہلی مرتبہ سر کا درد نہ جائے تو دوبارہ لکھ کر پانچ جوتے مارے۔ اور اگر دوسری مرتبہ بھی نہ جائے تو تیسری بار سات جوتے مارے انشاء اللہ تعالیٰ سر کے درد کو آرام ہو جائے گا۔

جملہ ہر قسم کے درد سے نجات کیلئے

سورہ فاتحہ کا یہ نقش عرق گلاب اور زعفران سے لکھے اور چار درد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

الحمد	لله	رب	العلمین	الرحمن	الرحیم
مالك	یوم	الدین	ایاك	نعبد	وایاك
نستعین	اهدنا	الصراط	المستقیم	صراط	الذین
انعمت	علیهم	غیر المغضوب	علیهم	ولا	الضالین

الٰہی بحرمت کلام خود فلاں کو از خود پناہ دے ـــ آمین۔

اور منہ دھلاتے۔ بدخوابی اور ہمہ بلیات وغیرہ کے لئے گلے میں موم جامہ کرکے ڈالے انشاء اللہ فائدہ ہوگا۔

نوٹ : فلاں کی جگہ اس مریض کا نام لے۔

ورم پستان دور کرنے اور آدھے سر کا درد ختم کرنے یا ہچکی بند کرنے کے لئے مندرجہ ذیل کلمات تین تین دفعہ پڑھ کر پھونکیں۔

کالی چڑی کاٹے بن کو جائے

محمد ؐ کے کلمہ سے فلاں کا درد جائے

فلاں کے لفظ کی جگہ اس مریض کا نام لے

دردِ سر (۱)

درود شریف تین بار پڑھ کر پیشانی پر دم کرے اور لفظ "لَوَلَا" لکھے (انگلی سے بغیر روشنائی پیشانی پر) انشاء اللہ تعالیٰ کسی قسم کا بھی درد ہو فوراً جاتا رہے گا۔

دردِ سر (۲)

آیت حسب ذیل تین دفعہ پڑھ کر دم کرے اللہ نے چاہا تو درد فوراً جاتا رہے گا۔ اِنَّہٗ ھُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ ۝

آدھے سر کے درد کیلئے

آدھے سر کے درد کے واسطے رمضان المبارک میں الوداع کے جمعہ کو بعد نماز جمعہ بہت سارے تعویذ لکھ کر رکھ لے۔ آدھے سر کے درد کے مریض کو دے وہ اس کو اپنی ٹوپی یا کلاہ میں موم جامہ کر کے ٹانک لے۔ عورت ہے تو اپنی چوٹی میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آدھے سر کے درد سے کامل نجات حاصل ہوگی۔ وہ آیت درج ذیل ہے:-

اَلَمْ تَرَ اِلٰی رَبِّکَ کَیْفَ مَدَّ الظِّلَّ ج وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ج ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ۙ ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ۝

برائے دفع ہر مرض و دافع بلیات و برائے حاجات برآری

سورۂ اخلاص کا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پہ باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی بلاؤں سے محفوظ رہے گا

اور ہر حاجت پوری ہوگی وہ نقش یہ ہے :-

۷۸۶

۳۳۵	۳۳۰	۳۳۷
۳۳۶	۳۳۴	۳۳۲
۳۳۱	۳۳۸	۳۳۳

پیٹ کا درد

یہ آیت پانی وغیرہ میں تین ۳ بار دم کر کے پلادیں یا لکھ کر پیٹ پر باندھ لیں انشاءاللہ تعالے درد سے جلد نجات ملے گی ۔

آیت یہ ہے

لَا فِيْهَا غَوْلٌ وَّ لَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُوْنَ ۝

تلی بڑھ جانا

یہ آیت مع بسم اللہ کے لکھ کر تلی کی جگہ باندھیں انشاءاللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی ۔

ذٰلِكَ تَخْفِيْفٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَ رَحْمَةٌ ۝

ناف ٹل جانا

یہ آیت مع بسم اللہ کے لکھ کر ناف کی جگہ باندھیں انشاءاللہ تعالیٰ ناف اپنی جگہ آجائے گی اور اگر بندھا رہنے دیں تو پھر نہ ٹلے گی ۔

اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ

وَلَئِنْ زَالَتَا إِنْ أَمْسَكَهُمَا مِنْ أَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ
إِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝

پھوڑا پھنسی یا ورم کے دفعیہ کیلئے

پاک مٹی کا ثابت ڈھیلا ہو چاہے پسی ہوئی ہو لے کر یہ دعا تین بار پڑھ کر اس پر تھوکے اور اس پر تھوڑا سا پانی چھڑک کر وہ مٹی تکلیف کی جگہ یا اس کے آس پاس دن میں دو چار بار ملا کرے۔

بِسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ أَرْضِنَا بِرِيْقَةِ بَعْضِنَا يُشْفٰى سَقِيْمُنَا بِإِذْنِ رَبِّنَا ۝

اگر زہریلا جانور کاٹے تو جہاں پر کاٹا ہو تو اس کے گرد انگلی گھماتا ہوا ایک سانس میں سات مرتبہ پڑھے اور دم کرے انشاءاللہ زہر و درد دفع ہو جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے:

وَإِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ ۝

دافع زہر بچھو، سانپ پسکھپرہ وغیرہ

سات مرتبہ پڑھ کر قند سیاہ (گڑ یا شکر) پر دم کرے اور گزیدہ (کاٹے ہوئے) کو کھلائے یا شربت بنا کر پلائے بفضل خدا جلد صحت حاصل ہو گی۔

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الصَّيْحَةِ مِنْ شَرِّ كُلِّ عَقْرَبٍ وَحَيَّةٍ إِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا وَّأَكِيْدُ كَيْدًا فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ أَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝

برائے مارگزیدہ — سانپ کے کاٹے کا علاج

اگر کسی کو سانپ کاٹے تو اپنی پگڑی کے کنارے پر یہ دعا پڑھے۔ تین۳ مرتبہ اور دم کرے اور جس نے عامل کو خبر دی ہو کہ فلانے کو سانپ نے کاٹا ہے اس کے ہاتھ میں وہ عمامہ دے کر بھیجے اور کہے کہ تین۳ بار مارگزیدہ کے منہ پر اور پاؤں پر پھیرے انشاء اللہ مارگزیدہ صحت پائے گا اور زہر اس کے جسم سے زائل ہوگا۔ بحکم خدا۔

طَیۡئرا طُوۡرِ سِیۡنَا اَنۡوُسَا اٰخُوۡ سَاسَاً

اکسیر برائے بواسیر

از حکیم برکات احمد صاحب ٹونکی

بدھ کے روز آفتاب نکلنے سے پہلے اور ظہر سے قبل لوبان کی دھونی دے کر کمر میں باندھیں۔ نقش لکھتے وقت اور باندھتے وقت دھونی دینا چاہیئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بواسیر جاتی رہے گی۔

یاحافظ ۱	یاحفیظ ۳	یارقیب ۶
یاحفیظ ۲	یارقیب ۵	یاوکیل ۸
یارقیب ۴	یاوکیل ۷	یااللہ ۹

نام مع ولدیت

جنوں اور آدمیوں کی نظر لگ جانے کے لئے

جنوں اور آدمیوں کی نظر لگ جانے کیلئے پانی میں گھول کر پلائے۔

١ ٢١٦١	١٤ ٢١٧٥	١٠ ٢١٧١	٧ ٢١٦٨
١١ ٢١٧٢	٦ ٢١٦٧	٣ ٢١٦٣	١٣ ٢١٧٤
٢ ٢١٦٢	٨ ٢١٦٩	١٦ ٢١٧٧	١٢ ٢١٧٣
١٥ ٢١٧٦	٤ ٢١٦٤	٥ ٢١٦٥	٩ ٢١٧٠

ہولِ دل کے لئے

ہولِ دل کے لئے لکھ کر گلے میں اس طرح لٹکائے کہ عین قلب پر رہے اور دھاگے سے باندھ دے تاکہ قلب سے چمٹا رہے۔

لِيَرْبِطَ عَلَىٰ قُلُوبِكُمْ وَيُثَبِّتَ بِهِ الْأَقْدَامَ

بچے کی درازیِ عمر کیلئے

جس کے اکثر لڑکے مر جاتے ہوں تو سات مرتبہ سورۃ مزمل شریف پڑھ کر سپاری (چھالیہ) پر دم کر کے بچہ کے گلے میں ڈالے۔ اللہ تعالیٰ بچہ کی عمر دراز کرے گا۔

جس کا بچہ زندہ نہ رہتا ہو

اجوائن اور کالی مرچ (ڈھائی پاؤ) دوشنبہ (پیر کے دن) کو دوپہر کے وقت چالیس۴۰ بار سورۂ والشمس پڑھ کر عورت کو حمل کے دن سے بچے کے دودھ چھڑانے تک کھلائیں اور سورۂ والشمس کے اوّل آخر درود پڑھے گیارہ گیارہ مرتبہ۔

پیدا شدہ بچے کو آفات سے محفوظ رکھنے کیلئے

واسطے دفع آفات مولود کے سورۃ الحاقہ مالحاقۃ آخر تک ایک طشت (تھال) میں لکھے اور آب گرم (گرم پانی) سے دھوئے اور اس آب (پانی) سے بچہ کو نہلا دے۔ یا سات مرتبہ تیل پر پڑھے اور بدن میں جذب کرائے (یعنی مالش کرے) حشرات اور طیور موذیہ سے امن میں رہے گا۔

واسطے اولاد کے

واولاد کے واسطے چالیس۴۰ روز بلا ناغہ مرد اور عورت انڈے پر لکھ کر صبح کے وقت لکھ کر کھائیں۔ اللہ پاک اولادِ نرینہ عطا فرمائے گا۔

مرد کے کھانے کیلئے انڈے پر یہ آیت لکھے:

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ۔

(پ ۲۷ ع ۲)

عورت کے کھانے کیلئے انڈے پر یہ آیت لکھے:

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ۔

واسطے اولاد کے بروز بدھ فجر کے وقت یہ نقش لکھ کر چاندی کے تعویذ

میں بند کر کے باندھے :

مدد من اللہ ۷۸۶ نصر من اللہ

یا واسع	یا قدیر	یا اللہ
یا عزیز	یا صاحب الملک	یا عدل اللطیف
یا صاحب مصنوع	یا باری المصور	یا خالق البادی

اگر حمل گر جانے کا خوف ہو یا حمل نہ ٹھہرتا ہو تو اس آیت کو لکھ کر عورت کے رحم پر باندھے انشاء اللہ تعالےٰ حمل محفوظ رہے گا۔

فَاللّٰہُ خَیْرٌ حَافِظًا وَّھُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ؕ اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ کُلُّ اُنْثٰی وَمَا تَغِیْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَکُلُّ شَیْءٍ عِنْدَہٗ بِمِقْدَارٍ ؕ

بانجھ ہونا

عقیمہ عورت کے حمل قرار پانے کیلئے یہ دعا لکھے اور موم میں کر کے گھڑے میں ڈالے اور پانی بھر دے اور دونوں مرد عورت اس پانی کو پیئیں۔ جب پانی تمام ہو جائے تو موم علیحدہ کر کے موم جامہ کر کے عورت کے گلے میں اس دعا کو باندھ دیں۔

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ مَّارِدٍ وَّ ھَامَّۃٍ وَاِنْ یَّکَادُ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَیُزْلِقُوْنَکَ بِاَبْصَارِھِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّکْرَ

وَ يَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۞ وَمَا هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۞ وَبِحَقِّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ اهيا اشراهيا۔ بِسْمِ اللّٰهِ شَافِيْ بِسْمِ اللّٰهِ كَافِيْ۔ بِسْمِ اللّٰهِ مَعَافِيْ۔ بِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَاءِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ الْاَرْضِ وَرَبِّ السَّمَاءِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَ لَا فِي السَّمَآءِ وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۞ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۞ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۞ وَ مِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۞ وَ مِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۞ وَ مِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۞ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۞ مَلِكِ النَّاسِ ۞ اِلٰهِ النَّاسِ ۞ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۞ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۞ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ۞

واسطے طلب فرزند

روایت ہے کہ حضرت داؤد علیہ السلام نے مداومت کی تو حضرت سلیمانؑ کو پایا۔ اور حضرت یعقوبؑ نے مداومت کی تو حضرت یوسفؑ کو پایا۔ اور حضرت ابراہیمؑ نے مداومت کی تو حضرت اسماعیلؑ کو پایا۔
پس ہر مومن کو چاہیے کہ بصدق دل درخواست بدرگاہ کبریا کرے۔

اور اس دعا کو بعد ہر فریضہ جس قدر ممکن ہو پڑھتا رہے تو خدا اس کی مراد پوری کرے گا انشاءاللہ تعالےٰ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِی الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ؕ

ہمیشہ لڑکی ہونا

اس عورت کا خاوند یا کوئی دوسری عورت اس کے پیٹ پر انگلی سے دائرہ ستر بار بنا دے اور ہر دفعہ میں یَا مَتِیْنُ کہے۔ انشاءاللہ تعالےٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

برائے امساک۔ (برائے رکاوٹ مردمی)

یہ نقش چاند گرہن یا سورج گرہن کے وقت ناف تک پانی میں کھڑے ہو کر پانی میں زعفران گھولے ہوئے پانی سے جس قدر ہو سکے لکھیں۔ زیادہ سے زیادہ تعداد میں لکھ کر رکھ لے اور ضرورت مندوں کو بوقتِ حاجت دیتا رہے اور موم جامہ کر کے کمر میں باندھے۔ جب تک ناف پر رہے گا امساک قائم ہوگا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۸	۲۵	۲	۷
۶	۳	۲۲	۲۱
۲۴	۱۹	۸	۱
۴	۵	۲۰	۲۳

برائے حفاظتِ حمل

سُرخ رنگ کا ڈورا عورت کے قد کے برابر (عورت کے پاؤں کے ناخن سے سر کے بال شروع ہونے کی جگہ تک پیشانی پر) لیں اور سات مرتبہ مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر گرہ دیں۔ اس طرح سات گرہ لگائیں اور تاگہ (دھاگہ) کمر میں بندھوادیں۔

اَلصَّبُوْرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ ط

اولاد کے واسطے

بروز بدھ فجر کو لکھ کر دے اور تعویز چاندی کے تعویز میں بند کرے۔

نصیب اللہ	۷۸۶	مدنی اللہ
یا اللہ	یا قدیر	یا واسع
یا عدل اللطیف	یا صاحب الملک	یا عزیز
یا خالق الباری	یا باری المصور	یا صاحب مصنوع

اسقاط سے حفاظت

ایک تاگا کسم کا رنگا ہوا عورت کے قد کے برابر لے اور نَو گرہ لگادے اور ہر گرہ پر یہ آیتیں پڑھے اور گرہ دیتا جائے اور دم کرتا جائے اور کمر میں باندھے۔

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِىْ ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُوْنَ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِيْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝

واسطے حفاظتِ حمل

وَالَّتِیْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِیْهَا مِنْ رُّوْحِنَا وَجَعَلْنٰهَا وَابْنَهَآ اٰیَةً لِّلْعٰلَمِیْنَ ۔ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً ۖ وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْنِ ۔

آیاتِ مذکورہ نگہداشتِ حمل اور پیدائش لڑکے کے لیئے ہیں۔ جب عورت کو حمل قرار پائے چالیس روز گذریں کاغذ پر لکھ کر اور سوت میں لپیٹ کر حاملہ کے زیرِ ناف باندھیں۔ جب بچہ پیدا ہو تو تعویذ مذکورہ بچے کے گلے میں ڈال دیں۔ جملہ آفات، دعا رضہ اور دیو چشم سے محفوظ رہے گا۔

ولادتِ بچہ کیلئے

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۔ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۔ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۔ وَاَلْقَتْ مَا فِیْهَا وَتَخَلَّتْ ۔

ان آیتوں کو لکھ کر ولادت کے لیئے بائیں ران پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ آسانی کے ساتھ ولادت ہوگی۔ مگر بعد ولادت تعویذ کو فوراً کھول دینا چاہیئے اور اس عورت کے سر کے بال کی دھونی مقام خاص پر دینا مفید ہے۔ ورنہ آنتیں تک باہر آجانے کا اندیشہ ہے۔

واسطے آسانی ولادت (دردزہ کی سہولت کیلئے)

قند سیاہ (گڑ) کی تین ڈلیاں لے کر اس پر سورۃ اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا آخر تک اس طرح پڑھے کہ پہلی ڈلی پر تین بار دوسری ڈلی پر چار بار اور تیسری ڈلی پر پانچ بار پڑھ کر دم کرے اور عورت کو کھلائے انشاء اللہ تعالیٰ بہت بآسانی پیدا ہوگی۔

برائے آسانی ولادت (بچہ آسانی سے پیدا ہو)

کچی رکابی پر (کچی مٹی کی بنی ہوئی یا مٹی کی پلیٹ) موٹے قلم سے مندرجہ ذیل کلمات لکھ کر حاملہ کے سر پہ رکھیں انشاء اللہ تعالیٰ فوراً بچہ پیدا ہوگا وہ کلمات یہ ہیں:

جس دم جینی سر پہ دھری ۔ نکل پڑا یا نکل پڑی ۔

گریہ اطفال (بچوں کا رونا)

جو بچہ زیادہ روتا ہو یا دانت نکلنے کی تکلیف ہو یا دودھ نہ پیتا ہو یہ تعویذ گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچے کے رونے سے نجات ملے گی اور بچہ خوش و خرم رہے گا۔

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ؕ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۟

برائے اُمّ الصبیان (عطیہ از پیر یحییٰ صاحب بھوپال)

جب بچہ کو ام الصبیان کا دورہ پڑے تو مندرجہ ذیل کلمات،

اکیس بار. شروع و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف وقت دورہ دونوں کانوں میں پڑھ کر پھونکے۔ کلمات یہ ہیں:

" اے دیو انتر باشندہ سنگدیب ترا شیخ عبدالقادر جیلانی می طلبد، اگر بازنہ آئی ہلاک شوی۔

اور یہ تعویذ گلے میں موم جامہ کر کے باندھے انشاءاللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَظِیْمِ

ھُوَ الْکَافِی

بحق حضرت خواجہ معین الدین چشتی رحمۃ اللہ علیہ

یاقدیر	یاقدیر	یاقدیر	یاقدیر
یاقدیر	یاقدیر	یاقدیر	یاقدیر
یاقدیر	یاقدیر	یاقدیر	یاقدیر
یاقدیر	یاقدیر	یاقدیر	یاقدیر

بحق حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ

بحق حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

واسطے زیادتی دودھ (۱)

ذیل کی آیت شریفہ کو سات روز تک خمیری روٹی پر لکھ کر نہار منہ عورت کو کھلائے۔ انشاءاللہ دودھ بہت زیادہ ہوگا۔ آیت شریفہ یہ ہے:

فِیْهِمَا عَیْنٰنِ تَجْرِیٰنِ ۝ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۝

واسطے زیادتی دودھ (۲)

نمک پر سات بار دم کر کے کھلا دے۔ دودھ انشاءاللہ اسقدر ہوگا کہ دودھ پوا کر پلا دے۔ وہ آیت یہ ہے:

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝

ختم نقشبندیہ

جو شخص اس ختم کو پڑھے گا خداوند تعالیٰ ایک ہزار حاجات اس کی روا فرمائے گا (یعنی ضرورت پوری ہوگی)

سورۃ فاتحہ (الحمد شریف مکمل) بعد بسم اللہ شریف (یعنی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ) سات بار درود شریف، سو بار الم نشرح (پوری سورۃ) الہترا(۷۹) بار بعد بسم اللہ، سورۃ اخلاص (قل ہو اللہ احد مکمل) بعد بسم اللہ شریف ایک ہزار بار۔ سورۃ فاتحہ بعد بسم اللہ شریف سات بار، درود شریف سو بار۔

ان سب کا ایصالِ ثواب مندرجہ ذیل بزرگانِ دین کو کرے۔ اس کے بعد دعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

حضرت خواجہ بہاءالدینؒ، حضرت خواجہ عبدالخالقؒ، حضرت خواجہ یوسف ہمدانیؒ، حضرت خواجہ علیؒ، حضرت خواجہ عارف الوبکرؒ، حضرت خواجہ ابوالحسن خرقانیؒ، حضرت خواجہ بایزید بسطامیؒ۔

دماغ کی کمزوری یا نگاہ کی کمزوری

دماغ کی کمزوری رفع کرنے کے لئے پانچوں وقت فرض نماز کے بعد

سر پہ ہاتھ رکھ کر گیارہ بار یَاقَوِیُّ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ دماغی کمزوری دور ہوگی۔

نگاہ کی کمزوری دور کرنے کے لئے پانچوں وقت فرض نماز کے بعد یَانُوْرُ پڑھ کر دونوں ہاتھوں کے پوروں (انگلیوں کے سروں) پر دم کر کے آنکھوں پہ پھیرلیں انشاءاللہ تعالیٰ نگاہ مضبوط ہو جائے گی۔

برائے حاضری مفرور

یہ طلسم لکھ کر چرخے میں باندھ کر اُلٹا گھما دے انشاءاللہ تعالےٰ مفرور واپس آجائے گا وہ طلسم یہ ہے:

دل	عدن	ی
ال	ح	ال
ک	عد	ک

الی توکلت علی اللہ ربی و ربکم فاعبدوہ ھذا صراط مستقیم

نوٹ: اس تعویذ کی پُشت پر لکھے "فلاں بن فلاں واپس گردد" پہلے فلاں کی جگہ مفرور کا نام اور دوسرے فلاں کی جگہ اس کی ماں یا باپ کا نام لکھے۔

دانتوں کی مضبوطی کے لئے

جب ستارہ ٹوٹتا ہوا دیکھے تو سورۃ فاتحہ شروع سے اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ تک پڑھے۔ پھر زبان کی نوک کو اوپر کے دانتوں کے اندر کی جانب

داہنی طرف سے دانتوں کی جڑوں میں پھیرتا ہوا، بائیں جانب اخیر تک لائے۔ پھر نیچے کی جانب اندر کی طرف سے پھیرتا ہوا سب دانتوں کی جڑوں میں گھماتا ہوا داہنی جانب نیچے کی طرف لاکر ختم کردے۔ بفضلہ تعالیٰ درد، نزلہ وغیرہ سے امن میں رہے گا۔

واسطے حفاظت از بلیات

اس حصار کو تین ۳ بار پڑھ کر ہاتھ پر دم کرے اور تمام بدن پر ہاتھ پھیرے۔ انشاءاللہ جملہ بلیات سے محفوظ رہے گا۔

یاحکیم ، یاکریم ، یاحافظ ، یاحفیظ ، یاناصر یانصیر ، یارقیب ، یاوکیل ، یا اللہ ، یااللہ ، یااللہ ، وبحق کھیعص حمعسق

حذر کردم خودرا بالا الٰہ الا اللہ حصار کردم خودرا بامحمد رسول اللہ ط

برائے حُب

مندرجہ ذیل آیت تین سو ترسیٹھ (۳۶۳) بار سورج یا چاند گہن (گرہن) یا شب قدر کے دن سرمہ، عطر، شکر، نمک پر دم کرکے دیں اور بوقت ضرورت روزانہ بطور وظیفہ (۲۱ تا ۱۱ مرتبہ) روزانہ بعد فجر یا بعد نماز عشاء پڑھا کریں ناغہ نہ کریں۔

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْكَ مَحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ط وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ

حُبًّا لِلّٰہِ ۔

برائے فتوحات

برائے فتوحات گیارہ ۱۱۰۰ سو مرتبہ بعد نمازِ عشاء ۔

سُبْحَانَكَ الْقَادِرُ الْقَاهِرُ الْقَوِیُّ الْكَافِیُ

پوشیدہ بات معلوم کرنا

دو رکعت بعد نمازِ عشاء قبل وتر اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں قُلْ یٰاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۔ (آخر تک) اور دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۔ آخر تک پڑھے اور نماز کے بعد گیارہ سو (۱۱۰۰) بار یہ دعا پڑھے

یَا خَبِیْرُ اَخْبِرْنِیْ ۔ یَا بَشِیْرُ اَبْشِرْنِیْ

یَا عَلِیْمُ عَلِّمْنِیْ ۔ یَا مُبِیْنُ بَیِّنْ لِیْ ۔

یَا اَحَدُ اِهْدِنِیْ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

صفائی قلب کیلئے

عطیہ تبرک از خلیفہ حضرت عبدالماجد طالب اللہ شاہ اشرفی ۔

(۱) ۷۸۶ بار (۲) ۳۶۰ بار (۳) ۱۲۱ بار (۴) ۴۱ بار

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ

یَا خَالِقَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ

صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰی طَاعَتِكَ ۔

واسطے زبان بندی

جس وقت دربار میں یا کسی حاکم کے دفتر میں یا کسی بزرگ کے پاس کسی حاجت کے لئے جائے تو اس اسم کو تین بار پڑھ کر اپنے بدن پر دم کرکے جاوے، دیکھتے ہی مہربان ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ
بزبانش عصائے کلیم اللہ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ
بحقِ یَارَحْمٰنُ، یَارَحْمٰنُ، یَارَحْمٰنُ، یَارَحِیْمُ
یَارَحِیْمُ، یَارَحِیْمُ، یَارَحِیْمُ، صُمٌّ بُکْمٌ
عُمْیٌ فَھُمْ لَایَرْجِعُوْنَ ط

حصار قادریہ

صبح وشام ساٹھ ساٹھ بار پڑھ کر عامل اپنے اوپر دم کرلیا کرے وہ الفاظ یہ ہیں،

یَاحَافِظُ یَاحَفِیْظُ یَانَاصِرُ یَانَصِیْرُ یَارَقِیْبُ
یَاوَکِیْلُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ یَااَللّٰہُ ط

برائے مغلوبی وفرمانبرداری مخالفین

تیس یوم (دن) تک مندرجہ ذیل الفاظ سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

یَالَطِیْفًا بِخَلْقِہٖ۔ یَاعَلِیْمًا بِخَلْقِہٖ۔ یَاخَبِیْرًا
بِخَلْقِہٖ۔ اُلْطُفْ بِہٖ۔ یَالَطِیْفُ، یَاعَلِیْمُ یَاخَبِیْرُ

کیمیائے سلطنت

نقش تمام کلام اللہ معہ تمام بسم اللہ کے ہر چیز کیلئے۔

	۱	۱۶	۴۸۶	۱۱	
	۶۱۰۱۲۱۵	۶۱۰۱۲۳۵		۶۱۰۱۲۲۵	۶۱۰۱۲۲۲	۸
۱۳	۶۱۰۱۲۲۷	۶۱۰۱۲۲۱		۶۱۰۱۲۱۶ ۳	۶۱۰۱۲۳۰	۱۲
۶	۶۱۰۱۲۲۰	۶۱۰۱۲۲۳		۶۱۰۱۲۳۳ ۱۵	۶۱۰۱۲۱۷	۲
۱۴	۶۱۰۱۲۳۲	۶۱۰۱۲۱۸		۶۱۰۱۲۱۹	۶۱۰۱۲۲۴	
		۴		۵	۱۰	

(۱) اس تعویذ کو ساعت شمس میں کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے انشاءاللہ کامیاب ہوگی۔

(۲) اگر اس تعویذ کو تو بے کی تختی پر کندہ کرا کے گھر میں رکھیں یا دکان پر رکھے گا تو انشاءاللہ خیر و برکت ہوگی۔

یامقتدر	د	ی	ط	ص	یاغالب
ر	ر	ھو	صلع	ر	ح
ھ ۷	د	ر	م	لو	ح
۷ ح	ح	م	ط	س	ح
لو	م	ط	ع	صلع	ص
یاقوی	ص	ط	ی	د	یاغالب

ہر بلا اور مصیبت سے نجات کیلئے

مندرجہ ذیل نقش لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴		۲

ی ا س ل ا م ی ا ح ف ی ظ

برائے واپسی مفرور اور بھاگے ہوئے کیلئے

برائے واپسی فراری (بھاگے ہوئے کیلئے) چکی کے پاٹ کے درمیان دبادے یا بھاری پتھر یا اینٹوں کے نیچے دبادے جب مفرور واپس آجائے تو پتھر یا اینٹوں کے وزن کے برابر شیرینی لے کر (بہ نیت اصحاب کبار کے ایصال ثواب) تقسیم کر دیں۔ وہ اصحاب کبار مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ، (۲) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ، (۳) حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ، (۴) حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ، (۵) حضرت ابراہیم ادہم رحمۃ اللہ علیہ۔ نقش یہ ہے اسطرح لکھے

ا ب ا ب ک ر

ابراھیم ادھم

الٰہی بحرمت و برکت این

بزرگان فلان ابن فلان گریختہ

باز آید

ابراھیم ادھم

ابراھیم ادھم

لیوہ القصر ابرا

دافع بلیات ودافع امراض

سورۃ فاتحہ (الحمد شریف پوری سورت) ۔ آیۃ الکرسی۔ سورۃ بقرہ کی آخری آیات ۔ (رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِیْنَآ سے عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ تک) ۔ اِنَّآ اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ (سورۃ الکوثر پوری) گنج العرش ہیں ۔

ان کو اوّل وآخر تین تین مرتبہ درود شریف اور درمیان میں یہ سورتیں اور آیتیں تین تین مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں انشاءاللہ ہر بلا دور ہوگی اور مرض سے شفا حاصل ہوگی ۔

نقش آیۃ الکرسی

(کل اعداد آیۃ الکرسی ــــــ ۳۱۶۲۶ء)

۷۸۶

۱۰۵۴۳	۱۰۵۳۸	۱۰۴۵
۱۰۵۴۴	۱۰۵۴۲	۱۰۵۴۰
۱۰۵۳۹	۱۰۵۴۶	۱۰۵۴۱

※ ※ ※ ※ ※ ※

نایاب بیاض

اولاد کے لئے

اگر اولاد نہ ہوتی ہو کسی عورت کے تو امتحان اس کا اسطرح کرے کہ اکیس ۲۱ دانہ گندم پر ایک ایک بار سورۃ الحمد شریف پڑھ کر ان دانوں کو دودھ میں ڈال کر اس دودھ کو پکنے کو رکھدے۔ اگر وہ دودھ پھٹ گیا تو جان لے کہ اس عورت پر عمل فائدہ نہ کرے گا۔ اور اگر نہ پھٹا تو اس دودھ پر تین سو ساٹھ ۳۶۰ بار الحمد شریف دم کر کے گیارہ روز تک مرد عورت کو پلا دیا کرے انشاء اللہ اولاد ہوگی۔ مجرب ہے۔

دمہ کھانسی کا علاج

اول و آخر ایک بار درود شریف درمیان میں قل اعوذ برب الناس اس طرح پڑھے کہ ہر ناس پر تین بار کہے۔ ناس۔ ناس۔ ناس۔ اور چاقو کی نوک سے زمین پر لکیر کرتا رہے جب گیارہ بار پڑھ لے مریض کے سینہ و شکم پر دم کرے۔ اس طور پر تین بار عمل کرے انشاء اللہ تعالےٰ دمہ کھانسی چند روز میں زائل ہو جائے گی۔

گرمی کے بخار کے دفعیہ کے لئے

مندرجہ ذیل طلسم لکھ کر موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ اور سوا روپے کی الائچی دانے برائے ایصال ثواب حضرت سلطان احمد کبیر قدس سرہٗ۔ قرآن شریف پڑھنے والے بچوں میں تقسیم کر دے۔ آرام ہونے پر تعویذ کھول کر تھوڑی شکر اور خوشبو کے پھول (گلاب یا چنبیلی کے ہوں تو بہتر ہے ورنہ جو میسر ہو جائیں) ملا کر اس تعویذ کے ساتھ کنوئیں میں ڈال دیں۔ وہ طلسم یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۲۱۱۱

۱۱۱ن

جاڑے کے بخار کے واسطے

یا ایسا بخار جو روز آتا ہو یا دوسرے، تیسرے، چوتھے دن آتا ہو یہ کلمات لکھ کر مریض کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بخار سے فوراً نجات حاصل ہوگی۔

۱	۲	۳
نمرود علیہ اللعنۃ	فرعون علیہ اللعنۃ	شداد علیہ اللعنۃ
فرعون علیہ اللعنۃ	ہامان علیہ اللعنۃ	ہامان علیہ اللعنۃ
ہامان علیہ اللعنۃ	نمرود علیہ اللعنۃ	فرعون علیہ اللعنۃ
نمرود علیہ اللعنۃ	فرعون علیہ اللعنۃ	شداد علیہ اللعنۃ

آدھا سیسی کا درد

یہ نقش آدھا سیسی کے درد کے لئے بہت مجرب ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے سر میں باندھے انشاء اللہ تعالےٰ آدھا سیسی کے درد سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

لف لف لف لف لف

الٰہی درد نیم سر و بر گردش دوران و سر درد و ... دفع شود

ہ ہ ہ ہ ہ ہ

سارے سر کا درد

نقش ذیل سر کے جملہ درد کا شافی علاج ہے۔ موم جامہ کر کے سر میں باندھ لے۔ جب درد سر اس نقش سے دور ہونے لگے تو جیسے جیسے دوسری طرف جائے نقش کو ہاتھ سے اسی جگہ کر دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ درد رفع دفع ہو جائے گا۔ اور مریض صحت یاب ہوگا۔

(نقش اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللّٰہ ۸	اللّٰہ ۸	اللّٰہ ۴
۱۱۲ ۱	۱۱۲ ۵	۱۱۲ ۹
اللّٰہ ۶	اللّٰہ ۷	اللّٰہ ۲

یا مبوح یا لوخ یا سُبّوخ

جن پری آسیب سے حفاظت کیلئے

مندرجہ ذیل نقش جن، بھوت، پری چڑیل، آسیب سے حفاظت کیلئے بہت تیر بہدف ہے۔ یہ نقش سورۃ مزمل کا ہے۔ کیسا ہی شدید اثر جن بھوت کا ہو اس نقش کو موم جامہ کرکے کپڑے میں سی کر گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن، بھوت، چڑیل، آسیب سے نجات حاصل ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۲۶۰۱	۲۲۶۱۴	۲۲۶۱۱	۲۲۶۰۸
۲۲۶۱۲	۲۲۶۰۷	۲۲۶۰۲	۲۲۶۱۳
۲۲۶۰۶	۲۲۶۰۹	۲۲۶۱۶	۲۲۶۰۳
۲۲۶۱۵	۲۲۶۰۴	۲۲۶۰۵	۲۲۶۱۰

جادو، سحر، نذر سے حفاظت کیلئے

مندرجہ ذیل نقش صبح و شام سفید چینی کی رکابی (بغیر پھول والی پلیٹ)

پہ لکھ کر پانی سے دھو کر مریض کو پلائیں۔ اور ایک کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کر کے عمدہ کپڑے میں سی کر چاندی کے تعویذ میں رکھ کر عورت کے گلے میں پہنائے۔ اور مرد کے بازو پر باندھے۔ انشاءاللہ مریض صحتیاب ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

٢١١٣٤	٢١١٤٧	٢١١٤٤	٢١١٤١
٢١١٤٥	٢١١٤٠	٢١١٣٥	٢١١٤٦
٢١١٣٩	٢١١٤٢	٢١١٤٩	٢١١٣٦
٢١١٤٨	٢١١٣٧	٢١١٣٨	٢١١٤٣

خواب میں ڈرنے اور جادو آسیب سے حفاظت کیلئے

یہ نقش خواب میں ڈرنے سے نجات دیتا ہے۔ تمام بلاؤں سے محفوظ رکھتا ہے۔ اور ہر قسم کے جادو، آسیب اور آفت سے حفاظت کرتا ہے۔ عورت کے گلے میں موم جامہ کر کے ڈالے۔ اور مرد اور بچہ کے دائیں بازو پر باندھے۔ یہ نقش آیۃ الکرسی کا ہے انشاءاللہ تعالیٰ اسکے باندھنے سے مکمل حفاظت ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

٣٥٠٨	٣٥٢١	٣٥١٨	٣٥١٥
٣٥١٩	٣٥١٤	٣٥٠٩	٣٥٢٠
٣٥١٣	٣٥١٦	٣٥٢٣	٣٥١٠
٣٥٢٢	٣٥١١	٣٥١٤	٣٥١٧

عورتوں کے استحاضہ (خون بند نہ ہونے) کی بیماری کا علاج

اگر کوئی شخص دشمنی سے کسی عورت کا جادو کر کے خون حیض جاری کر دے جس کو ہندی میں پیر جاری ہونا کہتے ہیں۔ اور بعض عورت کو آسیب کے خلل سے خون جاری ہو جاتا ہے۔ اور بعض عورت کو بچہ جننے کے بعد بیماری کی وجہ سے خون نفاس بند نہیں ہوتا۔ اکثر عورتیں اس صورت میں مر جاتی ہیں۔

یہ نقش صبح و شام لکھ کر پانی میں گھول کر کوئی دوسرا پاک شخص پلائے ناپاک عورت خود نہیں گھول سکتی۔ ایک نقش لکھ کر موم جامہ کر کے سرخ یا سفید کپڑے میں سی کر کمر میں باندھے کہ ناف کے مقابل نقش قائم رہے یہ نقش بدھ کے دن لکھنا ہے اور سانس روک کر لکھنا ہے۔ پینے اور باندھنے کا تعویذ سانس روک کر لکھے۔ اور اگر جادو یا آسیب کا خلل ہو تو ایک نقش فلیتہ میں جلائے اور ایک نقش کی دھونی تمام بدن میں دے ان شاء اللہ صحت حاصل ہوگی۔ سانس روک کر لکھے اور لکھتے وقت بات نہ کرے۔

پینے کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۰۰	۲۹۹	۳۰۴
۳۰۵	۳۰۱	۲۹۷
۲۹۸	۳۰۳	۳۰۲

نقش ذیل کمر میں موم جامہ کر کے باندھے۔ نقش یہ ہے۔ یہ نقش سانس روک کر لکھے اور کسی سے بات نہ کرے۔

یاعطرائیل	٧٨٦	یااسرافیل
٣٠٤	٣٩٩	٣٠٠
٢٩٧	٣٠١	٣٠٥
٣٠٢	٣٠٣	٣٩٨
یاجبرائیل	بہنیم	یاعطفائیل

(دائیں جانب: یا قابض قبض قابض — بائیں جانب: یا قابض القبض)

بحق یا قابض خون آمدن فلاں بنت فلاں بند شود مِنْ قَبْضِكَ یَا قَابِضُ بستم بستم

حمل قائم رہنے اور خون حیض بند ہونے کا گنڈہ

گنڈہ اس حاملہ کیلئے جس کا حمل ضائع ہو جاتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ سرخ رنگ کا دھاگہ لے اور بائیں پاؤں کے انگوٹھے سے پیشانی (ماتھے) کے بال (سر کے شروع) تک ناپ لے۔ اور سات تار (دھاگوں) کا ایک ڈورہ بنائے۔ گنڈے کی سات گرہ ہوں گی۔ ہر گرہ سے پہلے مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر گرہ لگا دے اور اس پر پھونک دے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

تین تین بار مع بسم اللہ چاروں قل۔ (قل یا ایہا الکفرون آخر تک۔ قل ہو اللہ احد آخر تک۔ قل اعوذ برب الفلق آخر تک، قل اعوذ برب النّاس آخر تک اور ایک بار آیۃ الکرسی پوری پڑھے۔ اسکے بعد کلمات حصار سلیمانی پڑھے۔ کلمات یہ ہیں۔

عَقَدْتُّمْ عَقَدْتُّمْ عَقَدْتُّمْ اُفْرُوْشِ اُفْرُوْشِ اُفْرُوْشِ فَرْقُوْشِ فَرْقُوْشِ فَرْقُوْشِ فَقَابِلْ مَرْقُوْشِ مَرْقُوْشِ مَرْقُوْشِ جَلَسْتَا جَلَسْتَا جَلَسْتَا جَلَسْتَا جَلَسْتَاتِ بِقُیُوْدِ بِحَقِّ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ اے بلا بند شو با نصد بند آہنی گرفتار شو

عورتوں کے استحاضہ (خون بند نہ ہونے) کی بیماری کا علاج

اگر کوئی شخص دشمنی سے کسی عورت کا جادو کر کے خون حیض جاری کر دے جس کو ہندی میں پیر جاری ہونا کہتے ہیں۔ اور بعض عورت کو آسیب کے خلل سے خون جاری ہو جاتا ہے۔ اور بعض عورت کو بچہ جننے کے بعد بیماری کی وجہ سے خون نفاس بند نہیں ہوتا۔ اکثر عورتیں اس صورت میں مر جاتی ہیں۔

یہ نقش صبح و شام لکھ کر پانی میں گھول کر کوئی دوسرا پاک شخص پلائے ناپاک عورت خود نہیں گھول سکتی۔ ایک نقش لکھ کر موم جامہ کر کے سرخ یا سفید کپڑے میں سی کر کمر میں باندھے کہ ناف کے مقابل نقش قائم رہے یہ نقش بدھ کے دن لکھنا ہے اور سانس روک کر لکھنا ہے۔ پینے اور باندھنے کا تعویذ سانس روک کر لکھے۔ اور اگر جادو یا آسیب کا خلل ہو تو ایک نقش فلیتہ میں جلائے اور ایک نقش کی دھونی تمام بدن میں دے انشاءاللہ صحت حاصل ہوگی۔ سانس روک کر لکھے اور لکھتے وقت بات نہ کرے۔

پینے کا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۰۰	۲۹۹	۳۰۴
۳۰۵	۳۰۱	۲۹۷
۲۹۸	۳۰۳	۳۰۲

نقش ذیل کمر میں موم جامہ کر کے باندھے۔ نقش یہ ہے۔ یہ نقش سانس روک کر لکھے اور کسی سے بات نہ کرے۔

یااسرافیل	۷۸۶	یاعزرائیل
۳۰۰	۳۹۹	۳۰۴
۳۰۵	۳۰۱	۲۹۷
۳۹۸	۳۰۳	۳۰۲
یاعطفائیل	بجہیم	یاجبرائیل

یاقابض القبض — یاقابض قبضنا بالقبض

بحق یاقابض خون آمدن فلاں بنت فلاں بند شود مِنْ قَبْضِكَ یَاقَابِضُ بستم بستم

حمل قائم رہنے اور خون حیض بند ہونے کا گنڈہ

گنڈہ اس حاملہ کیلئے جس کا حمل ضائع ہو جاتا ہے۔ اس کا طریقہ یہ ہے کہ سرخ رنگ کا دھاگہ لے اور بائیں پاؤں کے انگوٹھے سے پیشانی (ماتھے) کے بال (سر کے آخر و سر تک) ناپ لے اور سات تار (دھاگوں) کا ایک ڈورہ بنالے۔ گنڈے کی سات گرہ ہوں گی۔ ہر گرہ سے پہلے مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر گرہ لگادے اور اس پر پھونک دے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

تین تین بار مع بسم اللہ چاروں قل۔ (قل یاایہا الکفرون آخر تک۔ قل ہواللہ احد آخر تک۔ قل اعوذ برب الفلق آخر تک۔ قل اعوذ برب الناس آخر تک اور ایک بار آیۃ الکرسی پوری پڑھے۔ اسکے بعد کلمات حصار سلیمانی پڑھے۔ کلمات یہ ہیں۔

عَقَدْتُ عَقَدْتُ عَقَدْتُ أَقْرُوشِ أَقْرُوشِ قَرْقُوشِ قَرْقُوشِ قَرْقُوشِ فَقَائِلُ مَرْقُوشِ مَرْقُوشِ مَرْقُوشِ جَلَشْتَا جَلَشْتَا جَلَشْتَا جَلَشْتِ بِقُيُودِ بِحَقِّ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ اسے بلابند شو یا نصد بند آہنی گرفتار شو

اُمّ الصِّبیان

اگر بچہ کو سبز دست آتے ہوں اور آنکھیں اندر کو بیٹھ گئی ہوں تو یہ شکایتیں بھی رفع ہو جاتی ہیں اور بچہ قوی الجثہ ہو جاتا ہے۔ کچی گھانی کا پاؤ کبھر تیل تلوں کا لے کر اس پر اکیس مرتبہ یہ دعا پڑھ کر وہ تیل سر پر اور بچہ کے بدن پر اکیس دن تک مالش کریں۔ اور یہی دعائیں تین مرتبہ دونوں کانوں میں پڑھ کر دم کریں وہ دعائیں یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

عِيْسٰى صَفِيًّا وَّمُوْسٰى نَجِيًّا وَّمُحَمَّدًا نَبِيًّا اِذْ تَفَعَ اَيُّهَا اللَّيْلُ بِالَّذِيْ رَفَعَ اِدْرِيْسَ مَكَانًا عَلِيًّا وَ بِالَّذِيْ قَالَ لِلسَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ائْتِيَا طَوْعًا اَوْ كَرْهًا قَالَتَا اَتَيْنَا طَآئِعِيْنَ ۔ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

اُمّ الصِّبیان کے واسطے اکسیر

اونٹ کی دم کے بالوں کا گنڈہ بنائے اور اس پر اکتالیس مرتبہ سورۂ مزمل (پوری سورت) پارہ ۲۹، پڑھ کر بچہ کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالےٰ بچہ فوراً صحت یاب ہوگا۔ بالوں کا گنڈہ بنانے سے قبل ان کو دھو کر پاک کرلے۔

بچوں اور بڑوں کی مرگی کیلئے

یہ عمل مرگی کے لئے بہت مفید اور زود اثر ہے۔ ایک پاک کاغذ پر یہ آیت لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں لٹکائے۔ اور ایک مرغ بالکل سفید یا بالکل سیاہ رنگ کا ذبح کر کے اس کا گوشت نمازی آدمیوں کو کھلا دے اور اس کا ثواب شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کی روح کو بخشے۔ وہ آیت یہ ہے۔

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ۔

ڈبہ کی صحت یابی کے لئے

جس بچہ کو ڈبہ کا مرض ہو اس کے لئے یہ جھاڑ الحمدللہ بہت مجرب ہے۔ ہفتہ، اتوار اور منگل تین روز تک روزانہ بچے کو لٹا کر تین مرتبہ پڑھے اور بچہ کے منہ پر دم کرے۔ اور تین ہی مرتبہ ایک کپڑا یا رومال بچہ کے تمام جسم پر پھیر کر ماتھے (پیشانی) سے جھٹکا دے۔ جھاڑ کے الفاظ یہ ہیں۔

ڈبہ ڈبی کاٹنے سر بھری چنگا کرے خدا عالم چند بلٹیا منہ لٹے تھرائے

بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

بچہ کی پسلی چلنے سے نجات

بچہ کی پسلی چلے اور پیٹ میں پسلی کے نیچے گڑھا پڑے۔ سانس جلدی جلدی آئے تو سر کنڈہ جڑ کی طرف سے نو انگل لمبا لیا جائے

اور پسلی کی طرف سے نیچے کو جھاڑے اور جھاڑتے وقت یہ جھاڑ سات مرتبہ پڑھے۔ پڑھنے کے بعد سرکنڈہ کو ناپے جتنا بڑھ گیا ہو چاقو سے کاٹے اور پھر پڑھے اور جھاڑے اور پھر ناپے غرضیکہ جب تک سرکنڈہ بڑھتا رہے کاٹتا رہے۔ خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے آرام ہو جائے گا۔ جھاڑ کے الفاظ یہ ہیں۔

"نو انگل کا سرکنڈہ کاٹوں دس انگل ہو جائے۔ ڈبہ جھاڑوں پانی پت کو جائے۔ دائی حضرت شاہ نور قطب عالم کی۔"

چھوٹے بچہ کا رونا دھونا

جو بچہ بہت زیادہ روتا ہو کسی طور چپ ہی نہ ہوتا ہو ان کلمات کو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈالے اور بچہ کو پاک صاف رکھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بچہ کا رونا ختم ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا حَافِظُ يَا نَاصِرُ يَا مُعِيْنُ بِحَقِّ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ وَبِحَقِّ اَيُّوْبَ وَيُوْنُسَ وَهَارُوْنَ وَسُلَيْمَانَ وَاٰتَيْنَا دَاوٗدَ زَبُوْرًا بِحَقِّ طٰهٰ وَيٰسٓ وَبِحَقِّ حٰمٓ عٓسٓقٓ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا

بچہ کا گریہ موقوف کرنا

سات مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر بچہ پر پھونکے انشاء اللہ تعالےٰ بچہ کا رونا موقوف ہو جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۝ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۝ وَاِنِّىْ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ؕ

بچوں کے مچلنے اور بات بات پر روٹھ جانے کیلئے

مندرجہ ذیل عمل بچوں کے مچلنے اور بات بات پر روٹھ جانے کا شافی عمل ہے۔ بچوں کے رونے اور غصہ ہونے کو دور کرنے کیلئے لوہے کی چھری پر یہ کلمات لکھے اور وہ چھری آگ میں گرم کر کے پانی میں ڈالیں اور وہ پانی بجھا ہوا بچہ کو پلائیں۔ نہایت مجرب ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

حَوٌّ حَقٌّ بَارٌّ حَسِيْبٌ حَكِيْمٌ مُعِيْدٌ حَفِيْظٌ حَلِيْمٌ قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِىْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا وَّسَلٰمًا وَّسَلٰمًا ؕ

بچہ کے لڑنے چلانے اور ایک پل چپ نہ ہونے کیلئے

بچہ چلانے سے ایک پل چپ نہ ہو تو یہ حروف باوضو ایک کاغذ پہ لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ صحت پا کر ہر طرح سے اچھا رہے گا۔ وہ حروف یہ ہیں۔

۷	۶	۵	۴	۳	۲	۱
ط	ط	ط	ط	ط	ط	ط
ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی	ھی

بچہ کا دودھ نہ پینا

جو بچے کسی وجہ سے دودھ نہ پیتے ہوں ان کیلئے مجرب علاج یہ ہے
کہ مندرجہ ذیل تعویذ روزانہ سات دن تک کاغذ پر باوضو لکھ کر اس کے
حروف پانی سے دھو کر ذرا سا پانی بچے کو پلایا جائے۔ ذرا سا پانی اس کی
ماں کو پلایا جائے۔ اور بقیہ پانی سے اس کی ماں کی دونوں چھاتیاں (پستان)
دھو دیں خیال رہے دھونے کا پانی تعویذ والے پانی میں نہ گرے انشاء اللہ تعالیٰ
بچہ جلد دودھ پینے لگے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے

۷۸۶

معرفت	عطا
شامن	لوع
یا حی	یا قیوم

بچہ کا سوکھا اور دبلا پن

جو لڑکا، لڑکی دبلا اور روز بروز سوکھتا جاتا ہو اس کے موٹا تازہ
ہونے کا یہ عمل بہت مفید ہے۔ مکھن دیسی گائے کا اصلی چھاچھ بنا
کر نکالا گیا ہو آدھ پاؤ (سوا سو گرام) اسے کڑکانس کی تھالی یا جو برتن میسر ہو

میں ڈالے اور ایک سو مرتبہ سورۃ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ (پوری سورت) پڑھ کر دم کرے اور پانی اس مکھن میں ڈالے اور دونوں ہاتھ سے خوب ملائے پھر اس کا پانی نتھارلے (نکال دے) اور برتن کسی مکھن میں رکھ لے۔
اس مکھن میں سے تھوڑا سا مکھن لے کر بچے کے بدن پر ملے کہ کوئی جگہ باقی نہ رہے۔ اگر گرمی کا موسم ہو تو مالش کے بعد پانی سے نہلا کر کپڑے پہنا دے۔ اور اگر جاڑے (سردی) کا موسم ہو تو ٹھنڈی ہوا سے بچا کر نہلائیں۔ بچہ کو روزانہ نہلانا ضروری نہیں ہے۔

بچہ کی لاغری اور کمزوری

بچے کی لاغری اور کمزوری دور کرنے کیلئے یہ عمل مجرب ہے۔
اکیس پتے بیری کے لے کر ان پر گیارہ مرتبہ درود شریف ـــ
ایک مرتبہ اَلْھٰکُمُ التَّکَاثُرُ (پوری سورت)۔ ایک مرتبہ (اِنَّا اَعْطَیْنٰکَ الْکَوْثَرَ (پوری سورت) ایک مرتبہ (قُلْ یٰاَیُّھَا الْکٰفِرُوْنَ (پوری سورت) ایک مرتبہ (قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ) (پوری سورت) ایک مرتبہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (پوری سورت) ایک مرتبہ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ (پوری سورت) ایک مرتبہ الحمد شریف (پوری سورت) ایک مرتبہ آیۃ الکرسی (پوری) اور گیارہ بار درود شریف (نماز والا درود شریف زیادہ بہتر ہے) پڑھے اور پھر ان پتوں پر دم کر دے۔
پتے اگر تازہ ہرے ہوں تو ان کو پیس کر چالیس گولی بنا کر رکھ دے اور پتے سوکھے ہوں تو تھوڑا پانی ملا کر پیس کر گولی بنالے پھر ایک

کورا گھڑا (مٹکا) لے کر اس میں کنویں (ٹیوب ویل، ہینڈ پمپ، نہر، دریا، چشمے، سمندر) کا پانی بھر کر لائیں اور اس پانی کے گھڑے (مٹکے) میں ایک گولی ڈال کر اس کو گرم کیا جائے (چولہے پر)۔

بچے کی ماں اپنے بچہ کو گود میں لے کر اس پانی سے دونوں غسل کریں۔ ہر روز۔ چالیس روز تک اسی طرح کریں۔ ہر روز پانی منگوا کر گرم کیا جائے۔ اور پانی میں گولی ملائی جائے اور ماں اور بچہ ایک ساتھ اپنے جسموں پر پانی بہائیں انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کی لاغری ختم ہو گی اور بچہ تندرست و توانا ہو جائے گا۔

نظر کا علاج اور اس کی پہچان

نظر کا علاج اور اس کا پہچاننا کہ مریض کو نظر لگی ہے یا کوئی بیماری پیدا ہوئی ہے ایک انڈہ مرغی کا لے کر اس پر یہ کلمات سات جگہ لکھیں اور پھر انڈہ کو اپنی ہتھیلی میں لے کر سبز دھنیا (ہرے دھنیے) کی جو خشک (سوکھا) کیا ہوا ہو کوئلے کی آگ جلا کر اس دھنیے کی دھونی انڈے کو دیں۔ اور دھونی دیتے وقت قُلْ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ (پوری سورت) پڑھتے رہیں۔ جب تک وہ انڈہ خود بخود ہتھیلی پر کھڑا نہ ہو جائے دھونی اور سورت پڑھنا جاری رکھیں۔

جب وہ انڈہ خود بخود کھڑا ہو جائے تو پھر اس انڈے کو توڑ دیں اس کے اندر سے خون کے سرخ نقطے نظر آئیں گے تو جان لے کہ نظر لگی ہے اس کے بعد اسی انڈے کی زردی وغیرہ سے کچھ لے کر نظر لگے ہوئے بچے کی پیشانی (ماتھے) پر مل دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسی وقت نظر اتر جائے گی۔

اور بچہ اچھا ہو جائے گا۔

انسان یا جانور سے نظر کا اثر دور کرنا

سُورَۃُ العصر (پوری سورت) لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ (پوری سُورت) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ (پوری سورت) کاغذ پر باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں سی کر نظر لگے ہوئے انسان یا جانور وغیرہ کے سر پہ باندھنے سے نظر کا اثر نہیں رہتا۔ اور الحمدللہ وہ جانور یا انسان صحیح ہو جاتا ہے۔

نظر کی وجہ سے کھانا نہ کھا سکے

جس کھانے پر نظر لگی ہو وہ کھانا اچھا معلوم نہ ہو اور اس کے کھانے کو دل نہ چاہے۔ یا کسی آدمی کو کھانا کھاتے وقت نظر لگی ہو اور وہ کھانا کھانے سے مجبور تو مندرجہ ذیل کلمات پڑھ کر اس کھانے پر دم کریں۔ انشاء اللہ تعالٰی کھانے کی نظر اور کھانیوالے کی نظر فوراً دور ہو جائے گی۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ صَحْبِهٖ وَسَلَّمَ بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۔

بچہ کو ہر بلا اور نظر سے محفوظ رکھنے کا حرز

اس حرز کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا اور اس کو کسی کی نظر بھی نہ لگے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّ هَامَّةٍ وَّعَیْنٍ لَّامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

جانور کی نظر دور کرنا

اگر کسی جانور پر نظر کا اثر ہو تو چار مرتبہ داہنی طرف ناک کے سوراخ میں اور تین مرتبہ بائیں طرف کے ناک کے سوراخ میں پھونکے۔

اَللّٰهُمَّ اَذْهِبْ حَرَّهَا وَبَرْدَهَا وَوَصَبَهَا. قُمْ بِاِذْنِ اللّٰهِ۔ لَا یَامَنُ اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ اَنْتَ الشَّافِیْ لَا یَکْشِفُ الضُّرَّ اِلَّا اَنْتَ۔

کسی بیمار کی حالت معلوم کرنا کہ جلد اچھا ہوگا یا نہیں؟

آیاتِ ذیل کو کاغذ پر باوضو پاک حالت میں لکھے اور ایک طشت (تھال) میں پانی بھر دے اور اس میں وہ کاغذ ڈال دے۔ اگر کاغذ

اوپر تیرتا رہے تو سمجھنا چاہیئے کہ مریض بہت جلد اچھا ہوگا۔ اور اگر وہ کاغذ پانی کے درمیان رہے تو جاننا چاہیئے کہ مریض دیر میں صحت یاب ہوگا۔ اور اگر وہ کاغذ پانی کے درمیان تہہ میں بیٹھ جائے تو سمجھ لیا جائے کہ یہ اچھا نہ ہوگا اس کی موت کے دن قریب آ گئے ہیں۔

وہ آیات یہ ہیں:۔

وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۝ وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ۝ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ ۝ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ؕ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ ۝

مریض کی حالت جاننے کا عمل

مرغی کے تازہ انڈے پر یہ دعا لکھے اور مریض کے سر کے پاس سے جا کر اس کو توڑے۔ اگر اس میں سے خون نکلے تو مریض کی بیماری زیادہ دن تک رہے گی۔ اور اگر اس خون میں سیاہی بھی ہو تو مریض جلد مر جائے گا۔ اور اگر انڈے کی زردی اور سفیدی میں فرق نہ آیا ہو اور وہ انڈہ اصلی حالت پہ ہو تو سمجھ لو کہ مریض بہت جلد اچھا ہو جائے گا۔ انڈے پر لکھنے کی دعا یہ ہے:

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَا اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ط مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ط وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۙ اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ بَيِّنْ لِيْ وَاَعْلِمْنِيْ بِصِفَةِ هٰذَا الْمَرِيْضِ فِيْ هٰذِهِ الْبَيْضَةِ بِحَقِّ نُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ ط وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ط

حافظہ کی ترقی اور ذہن کی تیزی کیلئے

جس شخص کو بھول جانے کی عادت ہو اور حافظہ ساتھ نہ دیتا ہو اس کیلئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک نام "مُحَمَّد" بادشو چالیس مرتبہ کاغذ پہ لکھے اور پانی سے اس پرچہ کو دھو کر شہد ملا کر وہ پانی چالیس دن پیئے اور یہ دُعا کرے کہ اے اللہ! اس نام پاک کی برکت سے جو میں نے پیا ہے میرے حافظہ میں ترقی عطا فرما۔ پس اللہ تعالیٰ اس کا حافظہ بے مثل بنا دے اور ظاہر و باطن اس پر کھول دے گا۔ یہ عجیب رمز ہے۔

کند ذہن کے لئے

جس کا ذہن کام نہ کرتا ہو اور کند ذہن ہو اسکے واسطے ایک ہزار مرتبہ حرف (ا) الف ریشمی کپڑے پر لکھ کر اسکے سینہ پہ باندھ دیں۔ انشاء اللہ اس کا ذہن کھل جائے گا اور جو کچھ سنے گا وہ یاد رہے گا۔

ذہن اور حافظہ کھولنے کے لئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ پڑھ کر ایک مٹی کے چھوٹے مٹکے (ٹھلیا) پر دم کرے اور یہ پانی روزانہ تھوڑا تھوڑا پیتا رہے انشاء اللہ تعالےٰ ذہن تیز ہو جائے گا اور جو کچھ یاد کرنا چاہے تو فوراً حفظ سنائے۔

حافظہ کی تیزی کیلئے

جس کا حافظہ اچھا نہ ہو اور قرآن شریف یاد نہ ہوتا ہو تو وہ سوتے وقت ہمیشہ دس آیتیں سورۃ بقرہ کی پڑھ لیا کرے۔ پارہ اوّل کی الٓمّٓ سے مُفْلِحُوْنَ تک۔ اور آیۃ الکرسی شروع (اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ) سے خٰلِدُوْنَ تک۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس کا حافظہ تیز ہو جائے گا۔

فرار شدہ اور بھاگے ہوئے کو بلانا،

کوئی چلا گیا ہو اور اس کو بلانا منظور ہو تو سورہ یٰسٓ اکیس (۲۱) مرتبہ (پوری سورت مع بسم اللہ) پڑھے اور یہ خیال رکھے کہ وہ چلا آرہا ہے۔ (اس کے آنے کا تصور کرے) انشاء اللہ تعالےٰ اُسی روز یا دوسرے دن یا تیسرے دن ضرور آجائے گا۔ اگر فاصلہ زیادہ ہوگا تو کچھ دن اور انتظار کرے۔

وَكَذٰلِكَ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ط مَا كُنْتَ تَدْرِيْ مَا الْكِتٰبُ وَلَا الْاِيْمَانُ وَلٰكِنْ جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِيْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا ط وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۙ اَللّٰهُمَّ يَا رَبِّ بَيِّنْ لِيْ وَاَعْلِمْنِيْ بِصِفَةِ هٰذَا الْمَرِيْضِ فِيْ هٰذِهِ الْبَيْضَةِ بِحَقِّ نُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ ط وَبِحَقِّ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ط

حافظہ کی ترقی اور ذہن کی تیزی کیلئے

جس شخص کو بھول جانے کی عادت ہو اور حافظہ ساتھ نہ دیتا ہو اس کیلئے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پاک نام "مُحَمَّدٌ" پانسو چالیس مرتبہ کاغذ پر لکھے اور پانی سے اس پرچہ کو دھو کر شہد ملا کر وہ پانی چالیس دن پیئے اور یہ دعا کرے کہ اے اللہ! اس نام پاک کی برکت سے جو میں نے پیا ہے میرے حافظہ میں ترقی عطا فرما۔ پس اللہ تعالیٰ اس کا حافظہ بے مثل بنا دے اور ظاہر و باطن اس پر کھول دے گا۔ یہ عجیب رمز ہے۔

کند ذہن کے لئے

جس کا ذہن کام نہ کرتا ہو اور کند ذہن ہو اسکے واسطے ایک ہزار (۱۰۰۰) مرتبہ حرف (ا)، الف ریشمی کپڑے پر لکھ کر اسکے سینہ پر باندھ دیں۔ انشاء اللہ اس کا ذہن کھل جائے گا اور جو کچھ سنے گا وہ یاد رہے گا۔

ذہن اور حافظہ کھولنے کے لئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ پڑھ کر ایک مٹی کے چھوٹے مٹکے (ٹھلیا) پر دم کرے اور یہ پانی روزانہ تھوڑا تھوڑا پیتا رہے انشاء اللہ تعالےٰ ذہن تیز ہو جائے گا اور جو کچھ یاد کرنا چاہے تو فر فر حفظ سنائے۔

حافظہ کی تیزی کیلئے

جس کا حافظہ اچھا نہ ہو اور قرآن شریف یاد نہ ہوتا ہو تو وہ سوتے وقت ہمیشہ دس آیتیں سورہ بقرہ کی پڑھ لیا کرے۔ پارہ اوّل کی الٓمّٓ سے مُفْلِحُوْنَ تک۔ اور آیۃ الکرسی شروع (اَللّٰہُ لَآ اِلٰـہَ اِلَّا ھُوَ اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ) سے خَالِدُوْنَ تک۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس کا حافظہ تیز ہو جائے گا۔

فرار شدہ اور بھاگے ہوئے کو بلانا

کوئی چلا گیا ہو اور اس کو بلانا منظور ہو تو سورۂ یٰسٓ اکیس (۲۱) مرتبہ (پوری سورت مع بسم اللہ) پڑھے اور یہ خیال رکھے کہ وہ چلا آرہا ہے۔ (اس کے آنے کا تصور کرے) انشاء اللہ تعالےٰ اُسی روز یا دوسرے دن یا تیسرے دن ضرور آجائے گا۔ اگر فاصلہ زیادہ ہو گا تو کچھ دن اور انتظار کرے۔

چوری گئی ہوئی چیز کی دستیابی اور چور کی گرفتاری

گمشدہ یا چوری شدہ چیز کی واپسی کیلئے سورۃ والضحیٰ (پوری سورت) کو ساٹھ مرتبہ پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کرکے اپنے سر کے چاروں طرف پھرائے۔ اس کے بعد۔ اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ۔ اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ۔۔ سات مرتبہ پڑھ کر دستک دے یعنی ہاتھ پر ہاتھ مارے تو گیا ہوا مال واپس مل جائے گا۔

چور اور چوری کا مال واپس منگوانا

ایک مشک خالی لے کر اسکے اوپر آیۃ الکرسی اور ذیل کے مطابق نام انبیاء علیہم السلام لکھے اور ایک ایک نام کے ساتھ ایک ایک مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر پھونکیں مشک کے اندر۔ اور ہر مرتبہ آیۃ الکرسی کے بعد یہ پڑھیں :۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بِمَا اَرْسَلْتَ ھٰذَا اَنْ تَنْفُخَ بَطْنَ ھٰذَا السَّارِقِ کَمَا نَفَخْتَ ھٰذِہِ الْقِرْبَۃَ ۝

جب سات پھونکیں پوری ہو جائیں تو مشک کا منہ باندھ کر لٹکا دیں۔ چور کا پیٹ انشاء اللہ تعالیٰ سے بہت سخت پھول جائے گا۔ اور چرایا ہوا مال واپس لے کر آئے گا۔

انبیاء علیہم السلام کے نام یہ ہیں :۔

نوحؑ ۔ لوطؑ ۔ صالحؑ ۔ ابراھیمؑ ۔ موسیٰؑ ، عیسیٰؑ محمدؐ صلوٰۃ اللہ علیہم اجمعین۔

دشمنوں کے دفع کرنے اور ان کے نقصان رسانی سے محفوظ رہنے کیلئے

ہر وقت۔ وضو اور بلا وضو بلا تعداد اور بلا کسی شرط وغیرہ کے اس دعا کو مستقل بلا ناغہ ہر وقت چلتے پھرتے۔ اٹھتے بیٹھتے۔ لیٹے ہوئے پڑھتا رہے۔ البتہ نماز میں نہ پڑھے۔ اور دشمن کا تصور کر کے پڑھے۔ اور دشمنوں کے سینہ پر پتھر مارے۔ پہلی مرتبہ اس دعا کو پڑھے تو بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھے۔

دعا یہ ہے :-

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ ۔

دشمن کو زیر کرنے کا عمل

دشمن کے سامنے یہ دعا تین مرتبہ پڑھ کر اس کے منہ کے سامنے پھونکے اور پھر اسکے سامنے جائے تو دشمن مہربانی سے پیش آئے گا اور دشمن مغلوب ہو گا۔

وہ دعا یہ ہے :-

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ تَعَزَّزْتُ بِرَبِّ الْعِزَّۃِ وَالْجَبَرُوْتِ وَتَوَکَّلْتُ عَلَی الْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ شَاھَتِ الْوُجُوْہُ وَعَمِیَتِ الْاَبْصَارُ وَتَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ الْوَاحِدِ الْقَھَّارِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

دشمن کا سر نیچا کرنے کیلئے

شروع میں ایک مرتبہ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" پڑھ لے پھر چلتے پھرتے پڑھے۔ دشمن ایک ہو یا زیادہ، سب کا تصور (خیال) کر کے پڑھتا رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ سب کے غرور کا سر جھک جائے گا اور ذلیل و پست ہو جائیں گے۔ وہ الفاظ یہ ہیں :-

یَا خَافِضُ کمر پست دشمن کے تئیں
تا نہ ہو رہزن مری راہ میں کہیں

ظالم دشمن پر ہیبت طاری کرنا

کسی ظالم دشمن کے سامنے پچاس مرتبہ "بسم اللہ الرحمٰن الرحیم" پڑھے اس کے دل میں مظلوم کی ہیبت پیدا ہو اور اس ظالم کے شر سے محفوظ رہے۔

دشمنوں کی نظروں سے چھپ جانا

ریت بہت سی جمع کرکے اس پر بیٹھ جائے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ کر یہ آیت پڑھے۔ وَجَعَلْنَا مِنْ بَیْنِ اَیْدِیْھِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِھِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰھُمْ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ ہ
اس کے بعد یہ الفاظ کہے :

آسے سو کلو پکڑلو ان کی آنکھوں کی بینائی کو اور داخل کرو اندھیرے کے دریاؤں میں یہاں تک کہ مجھ کو دیکھنے نہ پائیں صُمٌّ بُکْمٌ

عُمْیٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۔"

یہ پڑھ کر خاموش ہو رہے اور کسی سے بات نہ کرے انشاءاللہ تعالیٰ
دشمنوں کی نظروں سے پوشیدہ رہے اور دشمن کو بالکل نظر نہ آئے گا۔

اس کے بعد یہ دعا پڑھے :۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِمَاخَفِیَ بِمَا لُطْفِ الْخَفِیِّ
یَالَطِیْفِ الْخَفِیِّ فَاِنَّ مَنْ اَخْفَیْتَهٗ بِخَفِیِّ لُطْفِكَ نَقَدْ
خَفِیَ ۔

ترجمہ :۔ "میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے پوشیدہ مہربانی کرنے
والے اپنی پوشیدہ مہربانی کے اندر چھپا لے کیونکہ جس کو تو نے اپنی
پوشیدہ مہربانی میں چھپا لیا بے شک وہ چھپ گیا"

پھر اس کے بعد اٹھ کر جہاں چاہے جائے سب سے پوشیدہ رہے
گا جب کسی سے بات کرے گا فوراً ظاہر ہو جائے گا اور اس عمل کی تاثیر
باقی رہے گی ۔

حُب کا مجرّب عمل

یہ عمل حب کا مجرب اور آزمودہ ہے اور دشمنوں کے دوست ہو
جانے کیواسطے بھی تجربہ کردہ ہے۔ ترکیب یہ ہے :۔

(١) بلی بالکل کالی (سیاہ) کی مونچھ کے بال (٢) ہدہد کا دل۔
(٣) اُلو کی آنکھ (٤) گیدڑ کی کھوپڑی کے سر کے اوپر کے بال (انشہ
اترے ست کئے ہوئے)۔ چاروں کو ایک کپڑے میں لپیٹ کر بتی جیسی
بنائے اور سرسوں کے تیل میں جلا کر اس کا کاجل بنا لے (کسی مٹی کے ڈھکن)

پر کاجل بنائے اور اسکو کسی شیشی میں بھر کر رکھے۔ جو کوئی شخص اس کاجل کو اپنی آنکھ میں لگا کر جس کے پاس جائے گا آنکھ سے آنکھ ملتے ہی عاشق ہو جائے گا اور اس کی محبت کا دم بھرنے لگے گا۔

قرضہ کی ادائیگی

کا نہایت مجرب اور صدہا بزرگوں اور اولیائے نامدار کا آزمودہ عمل

از حضرت مولانا شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

اگر اس نماز کو شروع ماہ سے یہ درود شریف روزانہ ایک سو مرتبہ پڑھے۔ وہ درود شریف یہ ہے :-

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَعَلَى الْمُسْلِمِيْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ط

پڑھنے کے بعد سجدہ کر کے ادائیگی قرضہ کی دعا کرے۔ مال میں برکت ہوتی ہے اور انشاء اللہ تعالیٰ قرض جلد ادا ہو گا۔

قرضہ کی ادائیگی کی نماز

دو رکعت نماز "صلوٰۃ اکسیر" جمعرات کی رات سے شروع کرے پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ط ستر مرتبہ پڑھے اور دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ

عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ط اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ط قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝ ستر مرتبہ پڑھے اور دعا مانگے کہ الٰہی میرا قرض ادا ہو جائے اور فراخ دستی زیادہ ہو جائے۔ چالیس روز تک پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ان دنوں سے پہلے ہی مراد حاصل ہو جائے۔

مال کا پانا ۝ دفینہ کی دستیابی ۝ دفینہ کی تلاش

کوئی خزانہ زمین کے نیچے یا کسی تہہ خانہ وغیرہ میں ایسا محفوظ ہو کہ وہاں سے مال نہ پایا جائے۔ اور لینا منظور ہو تو یہ کیا جائے کہ کاغذ پر یہ نقش اس شکل میں لکھے اور اس نقش کے نیچے یہ عبارت لکھے اور اس کو پاس رکھتے ہوئے اس سے مال نکالنا ہے اس کو نکال لیا جائے کسی قسم کا گزند نہ پہنچے گا۔ آل اولاد صحیح و سلامت رہے گی۔ جیسے کہ کہا جاتا ہے کہ ایسا مال نکال لینے سے بڑا اسر جاتا ہے۔ غرباء و مساکین کو بہت خیرات دینا رہے۔

وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

الف

۳۶	۴۱	۳۱
۳۵	۳۷	۲۱
۱۰	۲۲	۲۸

اَجِبْ اَيُّهَا الْمَلِكُ هَمْفَطَانِيَا ئِيلَ بَلْيَا ئِيلَ الرَّئِيْسُ

دفینہ کا پتہ لگانے کا عمل

یہ عمل کام میں لایا جائے انشاءاللہ تعالے دستیاب ہو جائے اس میں مال جو کچھ ہے مل جائے۔ یہ حضرت شیخ امام احمد بن علی بونی رح کے مجربات سے ہے۔

سُرخ رنگ کے ریشمی کپڑے پر یہ حروف لکھے اور لکھتے وقت لوبان اور کندر کو جلا کر دھونی کرتا رہے۔ اس کے چاروں طرف یہ آیت زیر وزبر کے ساتھ لکھے۔ اس نقش کو لکھنے کے بعد اس کپڑے کو بالکل سفید مُرغ کی گردن میں باندھے۔ اور جس مکان میں دفینہ کا گمان ہو یا جادو دفن ہونے کی تلاش ہو تو اُس مقام پر مُرغ کو چھوڑ دے جہاں وہ دفینہ یا جادو دفن ہوگا۔ وہاں وہ مرغ بیٹھ کر تین دفعہ آواز دیگا اور پنجوں سے کریدے گا۔ اور یہ دعا پڑھتا رہے اور جو کچھ مال و متاع ہو کھود کر نکال لے۔

نقش یہ ہے:۔

اَلَّا یَسْجُدُوْا لِلّٰہِ

ن	ی	ش
ش	ت	ی
ی	ش	ت

[illegible]

دُعا پڑھنے کی یہ ہے:۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ یَا شَاکِرُ یَا شَکُوْرُ یَا شَھِیْدُ یَا شَدِیْدُ بِمَا اَدَّبَ عُرُوْسُ حَرْفِ الشِّیْنِ مِنَ الْاَسْرَارِ الْمَخْزُوْنَۃِ

وَالْاَنْوَارِ الْمَكْنُوْنَةِ اَنْ تُسَخِّرَ لِیْ مَلَائِكَتَكَ الْكِرَامَ خُدَّامَ هٰذَا الْحِرْزِ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○

سانپ بچھو اور کھنکھجورہ

اس آیت شریفہ کے پڑھنے سے حشرات الارض کی تکلیفوں سے محفوظ رہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ اِنِّیْ تَوَكَّلْتُ عَلَی اللّٰهِ رَبِّیْ وَرَبِّكُمْ مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِهَا اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ○

سانپ کے کاٹے کا تیر بہدف علاج

کیسا ہی کالا سانپ کسی کو کاٹ لے بفضل اللہ تعالےٰ سانپ کے کاٹنے سے بالکل نہیں مرے گا۔ اس آیت کو اکتالیس مرتبہ پہلی رات محرم سے دسویں رات محرم تک (چاند دکھائی دینے کے بعد جو رات آئے گی وہ پہلی رات ہے۔ اور ۹ محرم کے بعد جو رات آئے گی وہ دس محرم کی رات ہے) روزانہ بعد نماز عشاء پڑھے۔

ہر دفعہ پڑھ لینے کے بعد اپنے داہنے (سیدھے) ہاتھ کی ہتھیلی پر پھونک لیا کرے۔ اس طرح اس عمل کا اثر ایک سال تک رہے گا (آئندہ محرم تک) جب کوئی شخص جس کو سانپ نے کاٹا ہو (مرد ہو خواہ عورت خواہ بچہ) خود آئے یا اس مریض کا کوئی آدمی خبر لے کر آئے تو فوراً اس ہاتھ سے (جس پر پھونکی تھی) اس کے منہ پر ایک [illegible]

بیمار اچھا ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی وَلِیُبْلِیَ الْمُؤْمِنِیْنَ مِنْهُ بَلَآءً حَسَنًا۔

اسی طرح ہر سال دس راتیں (عشرہ محرم میں) یہ آیت پڑھ لیا کرے۔ ہر سال اس کا عمل کرنے سے ایک سال تک عامل رہے گا۔ جس سال نہ پڑھے عمل کا اثر جاتا رہے گا۔ جب تیر پڑھ کر چلائے یا مارے تو اس شخص کو پتا ہے وہ مریض ہو یا خبر لانے والا اسے بھی معلوم نہ ہو کہ عامل تیر مارے گا۔

تمت بالخیر

ہماری مقبولِ عام مطبوعات

مرتبہ: اعجاز احمد خاں سنگھانوی

حکایات الصالحین

یعنی اولیاء کرام کی ایمان پرور حکایات

اولیاء کرام، صوفیائے عظام، علماء حق، مشائخ طریقت اور حکام و قضاۃ کی ایمان افروز حکایات کا عظیم الشان مجموعہ۔
یہ حکایات شریعت وطریقت کا شاہکار، نیکی وتقویٰ کی منادا اور شرافت و انسانیت کا سبق سکھانے والی ہیں۔ اس کی بڑی جلد میں تین سو حکایات ہیں۔ قیمت: ۱۲۰/- روپے، چھوٹی کتاب میں صرف ایک سو حکایات ہیں۔
قیمت: ۷۰/- روپے

حکایات الاسلاف و روایات الاخلاف

یعنی علماء دیوبند کی دلچسپ اور سبق آموز حکایات

علماء دیوبند و سہارنپور کی حکایات کا دلچسپ اور بصیرت افروز مجموعہ۔
ان حکایات کا مطالعہ انسانی زندگی میں انقلابی تبدیلی پیدا کرتا ہے۔
ان حکایات کا مطالعہ اخلاق میں سنوار پیدا کرتا ہے، نیکی کا شعور پیدا کرتا ہے اور تقویٰ و طہارت کا احساس اُجاگر کرتا ہے۔
یہ حکایات انتہائی دلچسپ اور مؤثر ہیں۔ سفید کاغذ، کل صفحات: ۳۲۰
قیمت۔ جلد اول: ۱۰۰/- روپے۔ جلد دوم: ۱۰۰/- روپے

مظہر بک ڈپو

دکان نمبر ۷، محبوب کارنر ST 2 III E نزد گول مارکیٹ ناظم آباد نمبر ۳ کراچی ۱۸

آسان عملیات و تعویذات

یعنی

قرآنی علوم و معارف کا اعجاز

کامل کرنل اعجاز احمد خان سنگھانوی

جلد ۴

مظہر بک ڈپو

آسان عملیات و تعویذات

یعنی

قرآنی علوم و معارف کا اعجاز

عامل کامل اعجاز احمد خان سنگھانوی

جلد-۳

مظہر بک ڈپو

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِلْمُؤْمِنِينَ ۙ

اور اتارتے ہیں ہم قرآن میں سے وہ چیز کہ وہ شفا ہے اور رحمت واسطے ایمان والوں کے۔

آسان عملیات و تعویذات

خاندان شاہ ولی اللہ محدث دہلوی علماء دیوبند و سہارنپور اور ان کے منتسبین کے آسان اور فوراً اثر کرنے والے عملیات اور تعویذات کا بیش قیمت مجموعہ جس میں ایک سو سالہ پرانی اور نایاب بیاض بھی شامل ہے۔

جلد ۴

مرتبہ

عاملِ کامل اعجاز احمد خاں سنگھانوی

ایم اے

اسلامیات تاریخ اسلام عربی

ناشر

مظہر بکڈپو

دکان نمبر ۷ محبوب کارنر 5T-2, III E

نزد گول مارکیٹ ناظم آباد نمبر ۳ کراچی نمبر ۱۸

پوسٹ کوڈ نمبر: ۷۴۶۰۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ورفعنا لک ذکرک

صدق اللہ

نام کتاب ـــــ آسان عملیات وتعویذات جلد چہارم

نام مرتب ـــــ اعجاز احمد خاں سنگھانوی (ایم۔ اے)

نام کاتب ـــــ سید احمد شاہ (تلمیذ سربازی)

سائز ـــــ ۲۳ × ۱۸ / ۸

کُل صفحات ـــــ ۳۲۰

قیمت ـــــ [illegible] روپے

ناشر ـــــ شاہ محمد قمر عالم خاں

اشاعتِ اول ـــــ صفر المظفر ۱۴۱۸ھ / مئی ۱۹۹۷ء

منجم ـ حضرت مولانا حافظ قاری محمد حیات صاحب شجاع آبادی دامت برکاتہم

فون۔ ۶۷۰۳۴۹۴ (67034969)

اجازت

از طرف مؤلف

میں جملہ مرد و عورت کو ان عملیات کی اجازت دیتا ہوں۔ البتہ ان شرائط کی پابندی کی جائے۔

۱۔ نماز باجماعت۔ عورتیں اپنے گھر پر پابندی کے ساتھ اول وقت نماز ادا کریں۔

۲۔ حلال روزی کمانے اور کھانے کا اہتمام کریں۔

۳۔ سچ بولیں، جھوٹ اور بیہودہ باتوں سے بچیں۔

۴۔ تقویٰ اختیار کریں اور کسی اللہ والے کی صحبت اختیار کریں۔ اگر یہ ممکن نہ ہو تو کبھی کبھی اللہ والوں کی خدمت میں حاضری دیا کریں۔ عورت اپنے شوہر کے ساتھ جائے اور پردے کی پابندی کرے۔

اللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

اللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ

کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ

اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

عملیات کرنے والے کے لئے ضروری ہدایات

۱- تعویذ لکھنے والے یا عمل کرنے والے کے لئے ضروری ہے کہ وہ نمازِ پنجگانہ مسجد میں باجماعت پابندیٔ وقت کے ساتھ ادا کرے، نوافل، اشراق، چاشت اوابین اور سُنّت تہجد کی ادائیگی میں حتی الامکان کوشش کرے۔ نیز مختلف اوقات میں تحیۃ الوضو، تحیۃ المسجد اور دیگر نوافل بھی ادا کرتا رہے۔

۲- کثرت سے درود شریف کا وِرد رکھے۔ ہر نماز کے بعد سَو دفعہ درود شریف پڑھے۔ جو درود نماز میں پڑھا جاتا ہے وہ افضل ہے۔ ورنہ جو درود شریف یاد ہو پڑھے۔ ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ استغفار پڑھے۔ نیز فارغ اوقات میں ذکرِ الٰہی میں زبان کو مصروف رکھے۔ بیہودہ اور فضول باتوں میں وقت ضائع کرنے سے بچے۔ اپنا قیمتی وقت محنت مزدوری اور یادِ الٰہی میں صرف کرے۔ اپنے بچوّں کی دیکھ بھال میں وقت صرف کرنا بھی بہتر ہے۔ روزانہ گیارہ مرتبہ سُورۃ مُزّمل پڑھا کرے، اس طرح کہ فجر، ظہر، عصر، مغرب کی نماز کے بعد دو دو مرتبہ اور عشاء کے بعد تین مرتبہ۔ اگر ایسا نہ ہو سکے تو ایک ہی بیٹھک میں گیارہ مرتبہ پڑھ لے۔ اوّل و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

۳- تعویذ اور نقش باوضو لکھے۔ بغیر وضو نہ کوئی عمل کرے اور نہ تعویذ وغیرہ لکھے ہمیشہ کوشش کرے کہ باوضو رہے۔

۴- نقش یا تعویذ لکھنے سے پہلے زبان سے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ضرور پڑھے۔

۵- تعویذ لکھتے وقت اُس آیت، دُعا، کلمات یا الفاظ کو زبان سے ضرور پڑھے اگر آیت یا دُعا کے الفاظ پر اعراب نہ ہوں تو کسی عالمِ دین سے اعراب لگوا لے لکھی جانے والی آیت، دعا یا کلمات کو لکھنے سے پہلے ایک دفعہ پڑھ لینے سے

اس تعویذ کی قوتِ تاثیر میں زبردست اضافہ ہو جاتا ہے۔

٦۔ نقش یا تعویذ کو ہمیشہ موم جامہ کرکے باندھے تاکہ ہر قسم کی بے حرمتی کے گناہ سے محفوظ رہے۔ بغیر موم جامہ کے کوئی نقش یا تعویذ نہ باندھے۔

٧۔ تعویذ یا نقش بوسیدہ ہو جائے تو اسے کسی پاک و صاف کپڑے میں لپیٹ کر کسی پاک جگہ دفن کر دے یا پتھر کے ساتھ باندھ کر سمندر یا کنویں میں ٹھنڈا کر دے (یعنی آہستہ سے اس میں چھوڑ دے پتھر پھینکنے کی طرح نہ پھینکے)

٨۔ نقش یا تعویذ موم جامہ کرکے مرد اپنے دائیں (سیدھے) بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے اس طرح کہ نقش دل پر ہو۔ اگر عورت ہو تو بائیں بازو میں موم جامہ کرکے نقش باندھے یا گلے میں ڈالے۔

٩۔ نقش یا تعویذ کو موم جامہ کرکے چاندی کے تعویذ میں بند کرے یا پھر گہرے نیلے یا کالے کپڑے میں بند کرکے یا پاک [illegible] سے سلوا لے۔ بغیر موم جامہ کوئی تعویذ یا نقش نہ باندھے۔

١٠۔ اگر ہرن کی کھال پر تعویذ لکھنا ہو تو چاندی کا ورق بنانے والوں کے پاس سے ہرن کی کھال آسانی سے مل جاتی ہے۔ ان سے خرید لے۔

١١۔ نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے سب سے چھوٹا عدد لکھا جائے پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خانہ پُر کیا جائے۔ پھر اس کے بعد والا عدد لکھ کر خالی خانہ پُر کیا جائے۔ سب سے بڑا عدد سب سے آخر میں لکھا جائے یعنی اعداد کی ترتیب سے خالی خانے پُر کئے جائیں۔

١٢۔ تعویذ ہمیشہ کالی روشنائی سے لکھے۔ اگر کبھی کالی روشنائی میسر نہ ہو تو زعفران کو پانی میں حل کرکے اس سے تعویذ یا نقش لکھے۔ کچے رنگ یا کچی روشنائی (مثلاً ڈالر انک وغیرہ کی طرح کی کچی روشنائی) سے تعویذ یا نقش نہ لکھے کہ اس میں اسپرٹ استعمال کی جاتی ہے جو شراب سے بنتی ہے۔ لہٰذا احتیاط لازم ہے۔

١٣۔ خون وغیرہ سے کوئی نقش یا تعویذ نہ لکھے۔ جن نقوش یا تعویذات میں مرغ کے خون سے تعویذ لکھنے کو کہا گیا ہے یا کسی اور جانور کے خون سے تعویذ یا نقش لکھنے کی بابت درج ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ عامل جس وقت کالی روشنائی سے یا زعفران سے تعویذ لکھنے لگے اسی وقت مرغ یا اس جانور کو بِسْمِ اللہِ اَللہُ اَکْبَرُ کہہ کر دوسرا شخص ذبح کر دے۔ اصل یہ رمز و اشارہ ہے۔

١٤۔ تعویذ یا نقش لکھتے وقت یا عمل پڑھتے وقت ان شرائط کو ملحوظ رکھے جو تعویذ یا نقش یا عمل کے لئے ضروری ہیں

١٥۔ بغض وحب کے اعمال میں کسی پرہیزگار عالم دین سے ضرور مشورہ کرکے عمل کرے۔ ورنہ دنیا و آخرت کی تباہی کا اندیشہ ہے

١٦۔ تعویذ اور نقش کی بابت یہ گمان کرے کہ ہر کام اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان سے ہوتا ہے اس کی مرضی یا مصلحت ہوگی تو کام ہو جائے گا تعویذ یا نقش بذاتِ خود کچھ تاثیر نہیں رکھتے البتہ ان کی وجہ سے رحمتِ حق متوجہ ہو جاتی ہے۔

ہمیشہ دل میں یہ خیال رکھے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کام ہوتا ہے اگر اللہ تعالیٰ کا حکم ہوا تو کام ہو جائے گا اور اگر اللہ تعالیٰ کا حکم نہ ہوا تو کام نہیں ہو سکتا۔ لہٰذا عامل ہر حال میں اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے کام کرے گناہ اور معصیت سے بچے اور اس کے فضل و احسان کا طالب رہے۔ سب سے اچھا یہ ہے کہ ہر عمل میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا نمونہ سامنے رکھے اور سنت پر عمل کرے۔

١٧۔ عامل پر لازم ہے کہ وہ عاجزی، انکساری اور فروتنی کو اپنا شعار بنائے اور ہر قسم کے دعوؤں سے خود کو بچائے کہ تکبر ہمیشہ ذلت و خواری کا سبب ہے اور اللہ تعالیٰ سے دوری پیدا کرتا ہے۔

١٨۔ انبیائے کرامؑ، مقرب فرشتوںؑ اور اولیائے کرامؒ کے اسمائے کلامی جن نقوش

یادعاؤں میں استعمال ہوئے ہیں وہ محض برکت اور توسل کے لئے ہیں۔ اصل کام بنانے والا اللہ تعالیٰ رب العالمین ہے لہٰذا اسی کے کرم و فضل پر نظر رکھی جائے۔

۱۹۔ سورج، چاند، ستارے عملیات میں کچھ مددگار ثابت نہیں ہوتے اور نہ اوقات کی پابندی ضروری ہے۔ جب دل متوجہ ہو عمل کرے یا نقش و تعویذ لکھے انشاء اللہ تعالیٰ پورا پورا فائدہ حاصل ہوگا۔

۲۰۔ شریعت اسلامیہ کے خلاف کوئی کام نہ کرے اگر کرے گا تو دنیا میں ذلیل اور آخرت میں تباہ و برباد ہوگا۔

۲۱۔ تعویذ یا نقش کا معاوضہ لینا جائز ہے۔ لیکن متعلقہ شخص کی آمدنی کا لحاظ کرکے لے تو بہت بہتر ہے۔

۲۲۔ حلال روزی کمائے اور حلال روزی کھائے، حرام اور مشتبہ کھانے سے دل کا نور اور زبان کی تاثیر ختم ہوجاتی ہے۔ لہٰذا اس معاملے میں سخت احتیاط ضروری ہے

۲۳۔ جھوٹ بولنے سے پرہیز کرے اس عظیم گناہ کے سبب زبان کا اثر جاتا رہتا ہے اور جھوٹا آدمی کسی پر کلام پڑھ کر دم کرے گا تو فائدہ حاصل نہ ہوگا۔

۲۴ جھوٹ، غیبت، حسد، بغض، چغلی، اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نافرمانی سے بچے قلبی، زبانی اور عملی گناہوں سے خود کو بچائے اور اگر گناہ ہوجائے تو فوراً توبہ کرے۔

۲۵۔ بھاگنے اور فرار ہونے والے کے نقش یا تعویذات جو باندھے گئے ہوں یا دفن کئے گئے ہوں مفرور کے آنے ہی فوراً نکال لیں اور انہیں سمندر، دریا، نہر یا کنویں میں پتھر باندھ کر ڈال دیں ورنہ پھر بھاگ جائے گا۔

۲۶۔ فقہاء نے فرمایا ہے کہ خاوند کے لئے تسخیر کا تعویذ کرانا حرام ہے گو اس فتوے

کی عبارت مطلق ہے مگر قواعد سے اس کی شرح یہ ہے کہ حقوق دو طرح کے ہیں۔ ایک تو وہ حقوق جو شرعاً شوہر پر واجب ہیں اور دوسرے وہ ہیں جو شرعاً واجب نہیں۔ سو جو حقوق واجب نہیں ان میں کسی تعویذ و عمل کے ذریعہ سے اس کو مجبور کرنا یعنی تسخیر کی ایسی تدبیر جس سے وہ مغلوب اور پاگل ہوجائے اور اپنے مصالح کی کچھ خبر نہ رہے یہ غیر واجب پر مجبور کرنا ہے یہ حرام ہے۔ ہاں اگر حقوق واجبہ میں کوتاہی کرتا ہے تو اس کے لئے مجبور کرنا بھی جائز ہے اور چونکہ ان عملیات میں اثر تابع ہوتا ہے قصد کے اس لئے عمل کے وقت غیر واجبہ حقوق حاصل ہونے کا قصد کرنا بھی گناہ ہے اور اثر کا تابع قصد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ عملیات بھی ایک قسم کا مسمریزم ہے جس سے کسی کے دل اور دماغ پر قابو حاصل کیا جاتا ہے۔ لہٰذا عامل کو اس قسم کے تعویذ دینے میں احتیاط کرنا ضروری ہے اور کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرکے نقش یا تعویذ دے تو بہتر ہے۔

۲۷۔ مؤلف کتاب ہٰذا کے والدین مرحومین جملہ بزرگانِ دین و مشائخ عظام رح جن کے عملیات و تعویذات اس کتاب میں درج ہیں ان سب کے لئے اول درود شریف تین مرتبہ الحمد شریف چودہ مرتبہ اور سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد آخر تک) تین مرتبہ پھر درود شریف تین مرتبہ پڑھ کر اس کا ثواب مرحومین کو بخش دے اور ان کے حق میں دعائے مغفرت کرے تاکہ پورا پورا فیض حاصل ہو۔

تنبیہ: جو شخص کسی کو کچھ ثواب ہبہ کرتا ہے تو حق تعالیٰ بمحض احسان مثل اس ثواب کے اس کو یعنی جس کو اس نے بھیجا ہے عطا فرماتا ہے اور فرستندہ کا اصل ثواب فرستندہ کے واسطے رکھتا ہے

(مکتوب گرامی از حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی بنام مولانا ضیاء الحق

منقول در مکتوبات اکابر دیوبند ص۵۸)

کاہن، ساحر، جادوگر، رمّال، نجومی کا شرعی حکم

شیخ ملا علی قاریؒ شرح فقہ اکبر میں فرماتے ہیں۔

ایک مسئلہ یہ ہے کہ کاہن جو غیب کی خبریں دیتا ہے اس کی تصدیق کرنا کفر ہے۔ کیونکہ ارشاد خداوندی ہے "کہہ دیجئے کہ نہیں جانتے غیب جو آسمانوں میں ہیں اور زمین میں سوائے اللہ کے"۔

اور آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے کہ "جو شخص کاہن کے پاس گیا پس اس کی بات کی تصدیق کی تو اس نے کفر کیا اس کے ساتھ جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کیا گیا ہے"۔

پڑھے۔ پھر بے گنتی بے حساب پڑھتا رہے عشاء تک اور بعد نماز عشاء ایک سو ایک مرتبہ پڑھے اور پھر اس کے بعد بے شمار اور لاتعداد پڑھتا رہے۔ اور یہاں تک کہ نیند آنے لگے اسی حالت میں سو جائے۔ پھر صبح اٹھ کر فجر کی نماز پڑھے اور بعد نماز فجر گن کر ایک سو ایک مرتبہ پھر بسم اللہ شریف پڑھے اور مشک زعفران اور گلاب کے عرق سے ایک کاغذ پر ایک سو ایک جگہ لکھے لوبان عود وغیرہ یا لوبان کی دھونی کاغذ پر لکھتے وقت جلائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ جو شخص اس عمل کو کرے اور لکھ کر اپنے پاس رکھے وہ تمام دنیا کے بادشاہوں اور لوگوں کی نگاہوں میں ایسا عزیز رہے گا جیسے چودھویں کا چاند ہر ایک اس کی عزت کرے گا اور اطاعت کرے گا اور اس کی ہیبت سب کے دلوں میں رہے گی جن کی اس پر نگاہ پڑے گی وہ ہی اس سے محبت کرے گا۔ جو کام اس کا ہوگا بعد عاجزی بجالائے گا۔ کاغذ پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کو مفرد کر کے اس طرح لکھے۔

ب س م ال ل ہ ال ر ح م ا ن ال ر ح ی م

حکام وافسران کی خوشنودی کے لئے

جس شخص کو یہ منظور ہو کہ کوئی حاکم اعلیٰ وادنیٰ مجھ پر ناراض نہ ہو اور ہمیشہ

اس کی زبان میری زبان ہو اور ہر وقت اس کی تعریف میں رطب اللسان رہے پس کیسا ہی حاکم جابر و قاہر ہو مہربانی سے پیش آئے۔ اس دعا کو بہت چھوٹے سے پرچے کاغذ پر لکھ کر اوپر سے موم ذرا سا لپیٹے تاکہ کاغذ منہ کے تھوک سے گھل نہ جائے جب حاکم وغیرہ کے پاس جائے زبان کے نیچے رکھ لیا کرے۔ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ہ یَا غَنِیُّ مِنَ الْقُرْاٰنِ ط

انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مطیع وفرمان بردار ہوگا۔

حکمرانوں اور افسروں کو زیر فرمان کرنا

مندرجہ ذیل وظیفہ اس طرح پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مہربان ہوگا۔

بعد نماز فجر	دو سو مرتبہ	هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ
بعد نماز ظہر	دو سو مرتبہ	هُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ
بعد نماز عصر	دو سو مرتبہ	هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ
بعد نماز مغرب	دو سو مرتبہ	هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ
بعد نماز عشاء	دو سو مرتبہ	هُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ

حاکم یا افسر کے شر سے محفوظ رہنا۔

کسی حاکم یا امیر آدمی یا وڈیرے سردار سے دکھ تکلیف یا نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو یہ عمل کام میں لائے بحکم خدا عقل اس کی جاتی رہے اور اپنے عہدہ سے معزول ہو جائے اس کو لکھ کر جلائے اور ایک عدد لکھ کر جلائے اور ایک عدد لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھے۔

۱۱۱۷۶۱۱ ۹۱۱۱۱ عہ ۹۹۹۵۵ ۹۶۷

حاکم کے روبرو جانے کا عمل

جب کسی بھی حاکم یا افسر کے سامنے جائے تو تین۳ مرتبہ یہ طلسم پڑھ کر تھوک اپنے ماتھے پر مَل کر جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاکم مہربان ہوگا۔ طلسم یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلسَّيِّدُ الْمُعَلّٰى رَسُوْلُ نَبِيُّ الْخَافِقِيْنَ قَاسِمٌ خَيْرُ خَلْقِ اللّٰهِ۔

عزت و بزرگی کیلئے

جب کسی شخص کی یہ تمنا ہو کہ جہاں کہیں اور جس کسی کے پاس جاؤں میری آبرو اور عزت بڑھے تو اس کو چاہیئے کہ بعد نماز فجر کلمہ شریف

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

دس مرتبہ اور بعد نماز ظہر بتیس مرتبہ اور بعد نماز عصر تیس۳۰ مرتبہ اور بعد نماز مغرب چالیس۴۰ مرتبہ اور بعد فرض نماز عشاء پچاس مرتبہ اور بعد وتر کے ساٹھ مرتبہ پڑھتا رہے اور جمعرات کے دن حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایصال ثواب کے لئے کھانا کسی غریب کو کھلائے۔ عزت و آبرو کے علاوہ موت کے وقت بھی فرشتہ آسانی سے روح قبض کرے۔ بہشت میں حور و غلمان خدمت بجا لاتے ہیں۔ اور اور چہرہ اس کا مثل چاند کے روشن ہوگا۔

برائے عزت و بزرگی

عزت و بزرگی حاصل کرنے کے لئے جمعرات کے دن کا روزہ رکھے اور کشمش بھگوائے یا منقی سے روزہ افطار کرے اور مغرب کی نماز پڑھ کر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ سات سو چھیاسی ۷۸۶ مرتبہ پڑھے اور پھر عشاء کی نماز

پڑھے۔ اس کے بعد بستر سے پاک پر لیٹ کر بلا تعداد بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھے یہاں تک کہ پڑھتے پڑھتے نیند آجائے بروز جمعہ فجر کی نماز پڑھے اور پھر سات سو چھیاسی ۷۸۶ مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ پڑھے۔ پڑھ لینے کے بعد کاغذ پر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مفرد کر کے سیاہ روشنائی سے لکھے اور اپنے پاس رکھے۔ اللہ کے فضل و کرم سے ساری دنیا کی نظروں میں عزیز رہے گا اور جو کچھ کہے گا اہل دنیا دل و جان سے اس کی بات مانیں گے اور اس کی خاطر مدارات کریں گے۔ مفرد حروف اس طرح لکھے۔

ب س م ال ل ہ ال رح م ان ال رح ی م۔

ملازمت پر بحال ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص ملازمت سے علیحدہ کر دیا گیا ہو اور چاہے کہ وہ دوبارہ اسی ملازمت پر بحال ہو جائے تو اس کو یہ عمل کرنا چاہیئے انشاء اللہ تعالیٰ دوبارہ اسی ملازمت پر لگ جائے گا اور بے روزگار کا روزگار ہو جائے۔ قرض والے کا قرض اُتر جائے۔ چند روز میں دولت میسر آئے۔ اسے چاہیئے کہ وہ غریبوں کا کام اسی طرح کرے اور اپنا حال کسی پر ظاہر نہ کرے۔ عمل پڑھنے کا یہ ہے۔

سات روز تک مسلسل روزہ رکھے اور اس دوران کسی جانور کا گوشت نہ کھائے اور ایک مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ اسم بعد نماز عشاء اکتالیس روز تک پڑھے

يَا اللّٰهُ يَا صَمَدُ اَنْتَ الَّذِيْ لَا تَهْتَدِيْ الْعُقُوْلُ بِوَصْفِ عَظَمَتِهٖ

کسی کو اپنا گرویدہ کرنا

اگر کوئی شخص کسی شخص کو اپنے اوپر عاشق کرنا چاہے تو یہ تعویذ اتوار کے روز آفتاب نکلتے وقت لکھ کر قبر میں دفن کردے۔ مطلوب عاشق ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

یا تمحلثا باطلوع ماماغ ما عجاما معبوا لی
یا لھانا اھیاس اھیا اوصاون الرشد ای ای
مبین ابلسین وملسین الحلا الحر الحلا
العجل العحل العجل الوحا الوحا الوحا
الحب فلاں بن فلاں۔

کسی کو اپنا عاشق بنانا

اگر کوئی شخص چاہے کہ کسی کو اپنے اوپر عاشق کرے تو اس طلسم کو لکھ کر تین فتیلہ بنائے اور تین روز تک تینوں فتیلوں کو جلائے اور نام اسکا اور اس کی ماں کا لکھ دے۔ مجرب ہے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

ا۱۱۹ء و ا۱۱ عج ع ۱۱ ۱۱ ۱۱

نیند میں دانت چبانا

جب کوئی شخص نیند میں دانت چبانے کا عادی ہو اور سوتے سوتے دانت چباتا ہو تو نقش ذیل لکھ کر موم جامہ کرکے کالے کپڑے میں کرکے اس کے گلے میں باندھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دانت چبانا چھوڑ دے گا۔
نقش یہ ہے۔

هے	عو	قمر	مر
هے	عو	قمر	مالك
هے	عو	قمر	ہ كو
هے	عو	قمر	مر

گردے کی پتھری سے نجات

پتھری کی تکلیف سے نجات کے لئے نقشِ ذیل انتہائی مجرب ہے یہ مرض انتہائی تکلیف دینے والا ہے۔ اس میں انسان پیشاب نہیں کرسکتا اور درد کی شدت کی وجہ سے انسان موت کے قریب پہنچ جاتا ہے۔ چھوٹا ہو یا بڑا چاہیے کہ اس نقش کو لکھ کر مریض کو کھلائے انشاءاللہ تعالیٰ اس مرض سے فوراً نجات حاصل ہوگی۔ اگرچہ یہ مرض مادر زاد پیدائشی ہی کیوں نہ ہو بہت جلد شفا پائے۔ وہ نقش یہ ہے۔

	١	
۴	١٠	٦
	٩	

ماں کے دودھ کے لئے

جس عورت کا دودھ بند ہوا ہو یا نہ آتا ہو تو یہ تعویذ لکھ کر گلے میں باندھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دودھ بہت پیدا ہوگا۔
نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

موج	مارطا	مابدطي	ماوميري
اہیارب	یااہیا	شراہیا	یابرہیا
مامعمال	یافق	یاباعطوؔ	یاایماء یرا
یاماماکو	یااللہ	ال معن	مااہرد

غیب کی خبر معلوم کرنا

یہ تعویذ غیب کی خبر معلوم کرنے کے لئے بہت مجرب ہے۔ اپنے دائیں ہاتھ کی ہتھیلی پر باوضو لکھ کر سو جائے تو ارواح آکر معلوم کراتی ہے۔

وہ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ بِسۡمِ اللّٰہِ لہت ہت بہت بہت لہت الہت یا اللہ تون ہوے۔

میاں بیوی میں باہمی محبت کے لئے

میاں، بیوی میں محبت زیادہ ہونے کے لئے مندرجہ ذیل نقش لکھ کر پلائے انشاء اللہ تعالیٰ باہمی محبت میں اضافہ ہوگا۔

وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۳	۳	و
۲۱	ک	۳۲	۲
۶	و	و	س
ھ	۴	ھ	و

جادو سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص پر کسی دشمن نے جادو کر دیا ہو اور ہر طرح سے پریشان ہو تو یہ تعویذ باوضو لکھ کر دے۔ موم جامہ کر کے کالے کپڑے میں لپیٹ کر دائیں بازو یا گلے میں ڈال لے انشاء اللہ تعالیٰ جادو سے نجات حاصل ہوگی۔

مجرب اور آزمودہ ہے۔

۱۱۱ ط ح ۱۱۱ ح ۲۱ ۸ ۲ ۵۱۵ ۱۱ ۷

دیو، پری سے حفاظت کے لئے

یہ تعویذ جن بھوت، دیو، پری اور جملہ خبیث ارواح سے حفاظت کے لئے بہت مفید ہے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے باندھنے سے ہر بلا سے انسان بچہ محفوظ رہتا ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو یا گلے میں ڈال لے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

محبت کے لئے

یہ نقش محبت کے لئے ہے۔ شوہر اگر بیوی سے محبت سے پیش نہیں آتا تو یہ نقش لکھ کر روزانہ پلائے انشاء اللہ تعالیٰ محبت میں اضافہ ہوگا۔

مجرب ہے۔ نقش یہ ہے۔

۳۱۱	شوہر کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھے	۳۵۹
۳۱۵	۲۶۱۲	۲۳۰۳
۳۱۵	۳۰ر	۳۱۳

ب لا ل لل ی س و ھ و ا ا ھا ا

ذہن کی ترقی کے لئے

ذہن کی تیزی اور ترقی کے لئے مندرجہ ذیل کلمات چینی کے برتن (پلیٹ یا تشتری) میں لکھ کر پلائے۔ اس کے پلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ ذہن تیز ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَيْرِ الْخَلْقِ وَاَفْضَلِ الْبَشَرِ وَشَفِيْعِ الْاُمَمِ يَوْمَ الْحَشْرِ وَالنَّشْرِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَيْرِ خَلْقِهٖ وَجَمِيْعِ الْاَنْبِيَآءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ دود دود ک ک ک ooo يَا اللّٰهُ شَفِيْعُ يَا اللّٰهُ كَفِيْهِ يَا شَفِيْعُ يَا شَفِيْعُ يَا شَفِيْعُ يَا اللّٰهُ۔

دردِ زہ اور بچے کی پیدائش

اگر کسی عورت کے دردِ زہ شروع ہو اور تکلیف زیادہ ہو اور بچہ نہ نکلتا ہو تو یہ نقش لکھ کر دے انشاء اللہ تعالیٰ حاملہ فوراً بچہ جنے گی اور بچہ پیدا ہوتے ہی فوراً بلا تاخیر یہ نقش کھول دے اور کنویں (دریا یا سمندر) میں ڈال دے۔ اگر تعویذ عورت کے بندھا رہا تو خطرہ ہے کہ پیٹ کی آنتریاں (آنتیں) باہر نکل آئیں

گی لہٰذا سخت احتیاط کی ضرورت ہے۔

تعویذ باوضو لکھ کر ریشم کے لال کپڑے میں لپیٹ کر سیدھی ران میں باندھے

وہ نقش یہ ہے۔

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

اِنَّ النَّفْسَ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنَ بِالْعَيْنِ وَالْاَنْفَ بِالْاَنْفِ وَالْاُذُنَ بِالْاُذُنِ وَالسِّنَّ بِالسِّنِّ وَالْجُرُوْحَ قِصَاصٌ ط اُخْرُجِ النَّفْسَ مِنْ بَطْنِ اُمِّهٖ۔

برائے محبت

یہ پلیتے (فلیتہ) تین عدد ہیں۔ تین دن جلانا ہے۔ ایک پلیتہ روز جلائے بہت مجرب ہے انشاء اللہ محبت پیدا ہوگی۔ پلیتے یہ ہیں۔

(۱) پہلا پلیتہ پہلے روز جلانے کے لئے:

لالاء ووالا ۸۸۸ ۸۸ دو دو لادو ھ ماما مارا در دا ۱۱ سا وو دو

(۲) دوسرا پلیتہ دوسرے روز جلانے کے لئے:

۱۱۱۱۲ دع ۱۱ لا ۱۱ والاداء ۱۱ دو ۱۱ و ۱۱ ماو داح ۲ح

(۳) تیسرا پلیتہ تیسرے روز جلانے کے لئے:

۹۱۱د۸ ۱۱لا ۱۱ د۱۱۱ داء ۱۱ دو ۱۱ و ۱۱ لا درا ۲۲۲ح

دودھ کی زیادتی کے لئے

اگر کسی عورت کے یا جانور کے دودھ کم ہو تو یہ تعویذ باوضو لکھ کر گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دودھ میں زیادتی ہوگی اور بچہ سیر ہو کر ماں کا دودھ پیئے گا۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

م	ن	ی	ت
ت	ی	ن	م
ن	م	ت	ی
ی	ت	م	ن

اگر عورت کے پیٹ میں بچہ مر گیا ہے

اگر عورت کے پیٹ میں بچہ مر گیا ہو تو یہ تعویذ باوضو لکھ کر دھو کر عورت کو پلائے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بچہ باسانی باہر نکل آئے گا۔ مجرب ہے وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

ح ح ح ع ع و و کہ و و ظ
ا ۵ ۲ کہ او کہ ک ۷ و

دیوانگی دور کرنے کے لئے

اگر کسی کو دیوانگی کا دورہ پڑا ہو یا کوئی دیوانہ ہو گیا ہو تو یہ تعویذ مع مدد لکھ کر باوضو ایک اس دیوانے کو پلائے اور دوسرا تعویذ موم جامہ کر کے

مریض کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

الس ہ لا دو لا ۴ د د ط
ح عی لا ع ع ع ۶ ما د ما

قے سے نجات کے لئے

جس شخص کو بہت قے آتی ہو اور اس کے سبب بہت پریشانی ہو تو یہ تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ قے فوراً بند ہوگی۔ مجرب ہے۔ وہ تعویذ یہ ہے۔

۷۸۶

علہ	علی	مم	ہفتم	فرد	ختم
طالہہ	عمو	صا	ہ	فتم	نعم

جن بھوت پریت چڑیل کے دفع کرنے کے لئے

یہ عزیمت جن بھوت پریت چڑیل وغیرہ کے دفع کرنے کے لئے بہت مؤثر اور مفید ہے۔ جس کسی کو اثر جن بھوت، آسیب، خبیث، چڑیل، پریت وغیرہ کا ہو اس کے واسطے یہ عزیمت باوضو تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس مریض کو پلائے اگر نہ پیئے تو اس کے منہ پر چھینٹے مارے یہاں تک کہ وہ بولے گا، بلائے گا اور اگر نہ مانتا ہو تو اس دعا کو فتیلہ کر کے جلائے اور اس عزیمت کو باوضو لکھ کر مریض کو دکھلائے اور اگر نہ دیکھے تو اس فتیلہ کو جلا کر ہاتھ میں لے کر اس کا دھواں ناک میں دے۔ پس اگر جن بھوت، چڑیل، خبیث، آسیب اور پریت ہوگا بھاگ جائے گا یا جل جائے گا۔ وہ عزیمت یہ ہے۔

عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِرَبِّ جِبْرَائِيْلَ وَمِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ
وَعِزْرَائِيْلَ اَسْمَآءُ الَّذِيْ جَعَلَ الْعَرْشَ - عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِالَّذِيْ
اَجَابَ اَذْهَبَ لَهٗ عِيْسَى بْنَ مَرْيَمَ وَاَيَّدْنَاهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ
عَزَمْتُ عَلَيْكُمْ بِخَاتَمِ سُلَيْمٰنَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَيْهِ السَّلَامُ الَّذِيْ
تَسَخَّرَ لَهُ الرِّيَاحُ وَالْجِنُّ وَالشَّيْطٰنُ سَرِيْعًا۔
مگر شرط یہ ہے کہ جس تیل میں فتیلہ جلائے وہ تیل پاک ہو اور سرسوں
کا ہو۔ اگر جادو بھی ہوگا تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے جاتا رہے گا۔

حصار برائے حفاظت

یہ حصار بہت مجرب ہے بعد نماز عشاء ان کلمات کو پڑھ کر ہاتھوں پر دم
کرلے وہ کلمات یہ ہیں۔
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ حَوَالَيْنَا
حِصَارًا مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ قُفْلًا وَمِسْمَارًا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔
وصد ہزار بار گرد من و بر دوستان من حصار باد مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ
و بر دوستان من یار باد بستم دست و پائے عقل و ہوش و چشم و گوش و زبان
کسانے کہ در پیچیدہ ہزار عالم اند۔ از آدمیان و دیوان و پریان و ماران
و کژدمان و خدا ناترسان و ناحقان و ناشکران کسانے کہ مارا بدخواہ اندو
بداند و اندیشند بحُرمتِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔ مہر کردم بنام مُحَمَّدٌ
رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَوْلًا وَّ فِعْلًا - اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ لَشَدِيْدٌ ہ وَاللّٰهُ
مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ہ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ۙ فِيْ لَوْحٍ
مَّحْفُوْظٍ ۙ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ہ صُمٌّۢ بُكْمٌ
عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَعْقِلُوْنَ ہ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَتَكَلَّمُوْنَ

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ - وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ
خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ
بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ہ۔

مرض طحال (تلی کے مرض) سے شفا کیلئے

طحال یعنی تلی کے مرض کے لئے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ قُلْ
اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ہ ناس۔ ناس اسی طرح سب سورۃ میں جہاں الناس
کا لفظ آئے اس جگہ تین دفعہ تکرار کرے۔
ترکیب یہ ہے بروز ہفتہ و اتوار۔ اکیس ۲۱ عدد آکھ کے پتے مع ایک سرکنڈہ
کی لکڑی کے مریض لائے۔ اور صاحب عمل کو دے کہ ہر پتے پر سورۃ الناس مندرجہ
بالا ترکیب سے ایک دفعہ پڑھ کر اور دم کرکے مریض کو دے کہ وہ مرض کی جگہ پر
اس پتے کو پھیر دے۔ جب دوسرا پتہ پڑھ کر اور دم کرکے دے تو اس کو مریض کے
مرض کی جگہ پر پھیرے اور پہلے پتے کو سرکنڈہ کی اس لکڑی میں چھید لے
(اس سرکنڈے کے گودے میں اٹکائے) اسی طرح اکیسویں پتے کو بھی مرض کی جگہ
پھیر کر سرکنڈہ میں چھید لے اور پھر اس سرکنڈے کو جہاں مریض سوتا ہے اپنے سینے
کے اور تکلیف کی جگہ کے مقابل چھت میں ٹانک دے (اٹکادے) جیسے جیسے پتے
سوکھیں گے مریض کی تلی کو صحت ہوگی۔ اور اگر اس ہفتہ میں صحت نہ ہو تو دوسری بار
ہفتہ اور اتوار کو اسی طرح سے کرے انشاء اللہ تعالیٰ تیسری بار ایسا کرنے کی ضرورت
پیش نہ آئے گی اور مریض کو صحت کلی حاصل ہوگی۔ مجرب ہے۔ سورۃ الناس یہ ہے:

سُوْرَةُ النَّاسِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ مَلِكِ النَّاسِ ۙ اِلٰهِ النَّاسِ ۙ

مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ الَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ

سرخ بادہ (لال دانے) کے دفع کیلئے

سرخ بادہ (لال دانے) کے دفع کرنے کے لئے سورۃ انفطرت (پ ۳۰) کو باوضو چینی کی سفید پلیٹ پر لکھے اور اس کو دھو کر پانی ایک برتن میں لے کر اور اس پانی سے سرخ بادہ کو دھوئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہوگا۔

سورۃ انفطرت یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الْاِنْفِطَارِ مَکِّیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ انْتَثَرَتْ وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ وَاِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ یٰٓاَیُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِیْمِ الَّذِیْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ فَعَدَلَكَ فِیْٓ اَیِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّیْنِ وَاِنَّ عَلَیْكُمْ لَحٰفِظِیْنَ كِرَامًا كَاتِبِیْنَ یَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِیْمٍ وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِیْ جَحِیْمٍ یَّصْلَوْنَهَا یَوْمَ الدِّیْنِ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِیْنَ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا یَوْمُ الدِّیْنِ ثُمَّ مَآ اَدْرٰىكَ مَا یَوْمُ الدِّیْنِ یَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَیْئًا وَالْاَمْرُ یَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ

برائے سرخ بادہ

باوضو اس دعا کو سفید کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں

باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے جلد نجات حاصل ہوگی۔ یا اس دعا کو باوضو پڑھ کر مریض کے جسم پر پھونک مارے تین بار انشاء اللہ تعالیٰ مرض زائل ہوگا اور مریض جلد صحت یاب ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِدْفَعْ هٰذِهِ الْحُمْرَةَ بِدَفْعَةٍ وَّاحِدَةٍ كَمَا سَلَّطْتَهَا بِحَقِّ یٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِیْمِ وَبِحَقِّ عِبَادِكَ یَا كَرِیْمُ وَبِحَقِّ مُعَوِّذَتَیْكَ یَا حَكِیْمُ فَاِنَّ الْحُمْرَآءَ بِیَدِكَ وَرَفْعُهَا بِقُدْرَتِكَ یَا شَافِیْ اَنْتَ الشَّافِیْ بِحَقِّ الْاَنْبِیَآءِ اَجْمَعِیْنَ وَبِحَقِّ اُوَیْسِ قَرْنِیْ وَمَعْرُوْفِ كَرْخِیْ۔

واسطے دفع لقوہ

اگر کسی کو لقوہ ہوگیا ہو اور منہ اس کا ٹیڑھا ہو تو باوضو سورۃ الزلزال (پ ۳۰) کو لوہے کی پاک پرات (تھال) میں لکھے اور لقوہ والا اس میں دیکھے۔ اس کے بار بار دیکھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا منہ اور چہرہ صحیح ہوجائے گا۔ سورۃ الزلزال یہ ہے۔

سُوْرَۃُ الزِّلْزَالِ مَدَنِیَّۃٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا یَوْمَئِذٍ یَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا لِّیُرَوْا اَعْمَالَهُمْ فَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَیْرًا یَّرَهٗ وَمَنْ یَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا یَّرَهٗ۔

واسطے دفع نارو، دردِ چشم، دنبل، چھالہ وغیرہ

نارو، آنکھ کی تکلیف، دنبل اور آبلہ، چھالہ اور جو اس قسم سے ہوں، سب کے دفع کے لئے یہ عمل مفید ہے نارو کے لئے کہ ابھی اس مرض کی ابتداء ہو۔ غیر شادی شدہ لڑکی کے ہاتھ کا کاتا ہوا سوت کا دھاگہ مریض کے قد کے برابر لے۔ سر کے بال پیشانی سے شروع ہوتے ہیں وہاں سے پاؤں کے انگوٹھے کے ناخن تک ناپ لے پھر اس دھاگے کے ساتھ چھ دھاگے اور ملائے۔ اس طرح سات دھاگے ہو جائیں گے۔ ان میں فاصلے فاصلے سے سات گرہ دے اور جب ایک گرہ دے اس پر یہ دعا پڑھ کر دم کرے اسی طرح سات گرہ پر سات مرتبہ دم کرے اس کے بعد مریض کے سیدھے بازو پر باندھ دے نارو خشک ہو جائے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ تکلیف سے نجات مل جائے گی۔

آبلہ، دنبل اور آنکھ کے درد اور پھوڑے پھنسی کے لئے اس دعا کو پڑھ کر اپنے ہاتھ پر دم کرے اور مرض کی جگہ پر پھیرے۔ انشاء اللہ مرض اور تکلیف سے چھٹکارا حاصل ہو جائے گا۔ عورت ہو تو پڑھ کر اس کے ہاتھ پر دم کر دے وہ خود اپنے زخم پر ہاتھ پھیرے۔ دعا یہ ہے۔

اَللّٰهُمَّ يَا سَابِغَ النِّعَمِ وَيَا دَافِعَ النِّقَمِ وَيَا بَارِئَ النَّسَمِ وَيَا جَامِعَ الْاُمَمِ مِنَ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ اِدْفَعْ عَنْ فلان بن فلان (یہاں مریض یا مریضہ کا نام لے) كُلَّ بَلَآءٍ وَّاٰفَةٍ وَّعَاهَةٍ وَّلَامَّةٍ وَّمِنْ شَرِّ مَنْ لَّا يَخْشَاكَ فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۙ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ بِحَقِّ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥ اَللّٰهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَاَنْتَ لَا تَكْسِرُ قَدَمَاتَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُمْتُ يَا نَارُوْ وَيَا دُنْبُلُ وَيَا جَمِيْعَ الْاَوْجَاعِ وَالْاَدْوَآءِ بِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ ٥

حمل کی حفاظت۔ بچے کی ضد اور رونا

حمل کی حفاظت کے لئے باوضو ہرن کی کھال پر مشک اور زعفران و گلاب سے لکھے اور موم جامہ کر کے حاملہ کے ناف کے نیچے کمر میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل جملہ آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

اسی طرح اگر ایک کاغذ پر باوضو مشک، زعفران اور گلاب سے لکھ کر چھوٹے دودھ پیتے بچے کے موم جامہ کر کے گلے میں باندھ دے اللہ کے فضل سے بچہ ضد اور رونے سے محفوظ رہے گا اور بچہ نیک خصلت اور تندرست و توانا رہے گا۔ وہ آیات یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥

اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرَانَ رَبِّ اِنِّيْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِيْ بَطْنِيْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ٥ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ اِنِّيْ وَضَعْتُهَآ اُنْثٰى ۗ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا وَضَعَتْ ۗ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ٥ فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۚ كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ۗ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۗ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ٥

حمل کی حفاظت کے لئے

(اگلے صفحہ پر)

حمل کی حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل آیتیں باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے عورت کی کمر میں ناف کے نیچے باندھ دے بچہ پیدا ہونے کے بعد اس کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل محفوظ رہے گا اور بچہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ وہ آیتیں یہ ہیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرَانَ الَّتِيْٓ اَحْصَنَتْ فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيْهِ مِنْ رُّوْحِنَا وَصَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ ۝

پیدا ہونے والے بچے کے واسطے دفع آفات

جو بچہ ابھی پیدا ہوا ہے اور اس کو ہر قسم کی آفات وبلیات سے محفوظ بنانا ہے تو سورۃ الحاقہ کو ایک طشت (تھال) میں باوضو لکھے اور گرم پانی سے اس کو دھوئے اور اس پانی کو اس بچہ پر لگائے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر قسم کی آفات سے محفوظ رہے گا۔ اور اگر اس سورۃ مبارکہ (سورۃ الحاقہ) کو سات مرتبہ سرسوں کے تیل پر پڑھ کر دم کرے اور اس تیل کو بچے کے تمام جسم پر مالش کرے تاکہ تیل جسم میں جذب ہو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کیڑے مکوڑے، سانپ، بچھو اور تکلیف دہ جانوروں کے شر سے محفوظ رہے گا۔ نیز جس بچے کے بدن میں درد ہو اس کے بدن میں مالش کرے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ حاصل ہوگا اور درد سے نجات ملے گی۔ سورۃ الحاقہ یہ ہے۔

سُوْرَةُ الْحَاقَّةِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

اَلْحَاقَّةُ ۝ مَا الْحَاقَّةُ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْحَاقَّةُ ۝
كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ وَعَادٌۢ بِالْقَارِعَةِ ۝ فَاَمَّا ثَمُوْدُ فَاُهْلِكُوْا
بِالطَّاغِيَةِ ۝ وَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ ۝ سَخَّرَهَا
عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ ۙ حُسُوْمًا ۙ فَتَرَى الْقَوْمَ
فِيْهَا صَرْعٰى ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ ۝ فَهَلْ تَرٰى لَهُمْ
مِّنْۢ بَاقِيَةٍ ۝ وَجَآءَ فِرْعَوْنُ وَمَنْ قَبْلَهٗ وَالْمُؤْتَفِكٰتُ
بِالْخَاطِئَةِ ۝ فَعَصَوْا رَسُوْلَ رَبِّهِمْ فَاَخَذَهُمْ اَخْذَةً
رَّابِيَةً ۝ اِنَّا لَمَّا طَغَا الْمَآءُ حَمَلْنٰكُمْ فِي الْجَارِيَةِ ۝
لِنَجْعَلَهَا لَكُمْ تَذْكِرَةً وَّتَعِيَهَآ اُذُنٌ وَّاعِيَةٌ ۝ فَاِذَا نُفِخَ
فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ ۝ وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ
فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۝ فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝
وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ ۝ وَّالْمَلَكُ عَلٰٓى
اَرْجَآئِهَا ۝ وَيَحْمِلُ عَرْشَ رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ ۝
يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُوْنَ لَا تَخْفٰى مِنْكُمْ خَافِيَةٌ ۝ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ
كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ هَآؤُمُ اقْرَءُوْا كِتٰبِيَهْ ۝ اِنِّيْ
ظَنَنْتُ اَنِّيْ مُلٰقٍ حِسَابِيَهْ ۝ فَهُوَ فِيْ عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۝ فِيْ جَنَّةٍ
عَالِيَةٍ ۝ قُطُوْفُهَا دَانِيَةٌ ۝ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا هَنِيْٓـًٔا بِمَآ اَسْلَفْتُمْ
فِي الْاَيَّامِ الْخَالِيَةِ ۝ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ كِتٰبَهٗ بِشِمَالِهٖ ۙ فَيَقُوْلُ
يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُوْتَ كِتٰبِيَهْ ۝ وَلَمْ اَدْرِ مَا حِسَابِيَهْ ۝ يٰلَيْتَهَا
كَانَتِ الْقَاضِيَةَ ۝ مَآ اَغْنٰى عَنِّيْ مَالِيَهْ ۝ هَلَكَ عَنِّيْ
سُلْطٰنِيَهْ ۝ خُذُوْهُ فَغُلُّوْهُ ۝ ثُمَّ الْجَحِيْمَ صَلُّوْهُ ۝ ثُمَّ فِيْ
سِلْسِلَةٍ ذَرْعُهَا سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَاسْلُكُوْهُ ۝ اِنَّهٗ كَانَ

لَا یُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِیْمِ ۙ وَلَا یَحُضُّ عَلٰی طَعَامِ الْمِسْكِیْنِ ؕ فَلَیْسَ
لَهُ الْیَوْمَ هٰهُنَا حَمِیْمٌ ۙ وَّلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِیْنٍ ۙ لَّا یَاْكُلُهٗۤ
اِلَّا الْخَاطِـُٔوْنَ ؕ فَلَاۤ اُقْسِمُ بِمَا تُبْصِرُوْنَ ۙ وَمَا لَا تُبْصِرُوْنَ ۙ اِنَّهٗ لَقَوْلُ رَسُوْلٍ
كَرِیْمٍ ۚ وَّمَا هُوَ بِقَوْلِ شَاعِرٍ ؕ قَلِیْلًا مَّا تُؤْمِنُوْنَ ۙ وَلَا بِقَوْلِ
كَاهِنٍ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَذَكَّرُوْنَ ؕ تَنْزِیْلٌ مِّنْ رَّبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ وَلَوْ
تَقَوَّلَ عَلَیْنَا بَعْضَ الْاَقَاوِیْلِ ۙ لَاَخَذْنَا مِنْهُ بِالْیَمِیْنِ ۙ ثُمَّ
لَقَطَعْنَا مِنْهُ الْوَتِیْنَ ۚ فَمَا مِنْكُمْ مِّنْ اَحَدٍ عَنْهُ حٰجِزِیْنَ ۝
وَاِنَّهٗ لَتَذْكِرَةٌ لِّلْمُتَّقِیْنَ ۝ وَاِنَّا لَنَعْلَمُ اَنَّ مِنْكُمْ مُّكَذِّبِیْنَ
وَاِنَّهٗ لَحَسْرَةٌ عَلَی الْكٰفِرِیْنَ ۝ وَاِنَّهٗ لَحَقُّ الْیَقِیْنِ ۝ فَسَبِّحْ
بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِیْمِ ؕ

حمل قائم رہنے کے لئے

جب عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو اور گرجاتا ہو اس کے لئے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ ایک دھاگا کسم کا رنگا ہوا لے اس عورت کے قد کے برابر اور اس پر نو گرہ لگائے اور ہر گرہ پر یہ پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَیْهِمْ وَلَا تَكُ فِیْ ضَیْقٍ مِّمَّا یَمْكُرُوْنَ ۝ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ هُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۝

اس کے بعد قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پڑھے اور پھونکے۔ ہر گرہ پر اسی طرح پھونکے اور عورت کی کمر میں باندھ دے انشاءاللہ تعالیٰ حمل قائم رہے گا۔ سُوْرَةُ الْكٰفِرُوْنَ یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۙ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۙ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۚ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۙ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ؕ لَكُمْ دِیْنُكُمْ وَلِیَ دِیْنِ ؕ

دشمنوں میں پھوٹ ڈالنا

دشمنوں کے درمیان عداوت پیدا کرنا کہ وہ نقصان نہ پہنچا سکیں۔ اور ان کو متفرق کرنا کہ ایک رائے نہ ہوسکیں۔ سترہ عدد کالی مرچیں لے اور ہر کالی مرچ پر مندرجہ ذیل کلمات تین تین بار پڑھ کر پھونکیں اور جس جگہ وہ دشمن جمع ہوتے ہیں اس جگہ دفن کردے بحکم خدا ان میں اختلاف پیدا ہوجائے گا اور وہ متفرق ہوجائیں گے۔ ان کا اتفاق ختم ہوجائے گا۔

وہ کلمات یہ ہیں:

اَللّٰھُمَّ خَالِفْ بَیْنَھُمْ کَمَا خَالَفْتَ وَ فَرَّقْتَ بَیْنَ فِرْعَوْنَ وَ سَحَرَتِہٖ وَ فَرِّقْ وَخَالِفْ بَیْنَ فُلَانًا وَ فُلَانًا وَاجْعَلْھُمْ مُبْغِضِیْنَ یَا مُفَرِّقُ یَا مُفَرِّقُ۔

فلانًا و فلانًا کی جگہ ان سب کا نام لے۔

فقر و تنگدستی سے نجات

جو شخص روزانہ سو ۱۰۰ بار مندرجہ ذیل کلمات کہے گا وہ انشاء اللہ ہر بلا و مصیبت سے محفوظ رہے گا فقر و تنگدستی سے نجات پائے گا پابندی ضروری ہے تاکہ مکمل اثرات ظاہر ہوں۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔ وہ کلمات یہ ہیں:

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

غنی اور مالدار ہونا

جو شخص خواہ مرد ہو یا عورت ایک ہزار بار روزانہ مندرجہ ذیل کلمات پابندی سے پڑھے گا وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے غنی اور مالدار ہو جائے گا۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

روزی کی تنگی دور کرنا

اگر کسی کی روزی میں برکت نہ ہو اور ہمیشہ تنگی سے گذارہ ہوتا ہو تو اسے چاہیئے کہ روزانہ پابندی کے ساتھ فجر کی نماز کی سنت اور فرض کے

درمیان (یعنی سنت پڑھ کر پڑھے پھر فرض پڑھے لیکن شرط یہ ہے کہ مسجد میں اذانِ فجر سے پہلے پہنچے اور اذان ہوتے ہی دو سنت پڑھ کر یہ عمل پڑھے پھر جماعت میں شامل ہو کر فرض ادا کرے) ستر مرتبہ یہ آیت پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ روزی کی تنگی دور ہو گی۔ رزق وافر ملے گا اور گھر میں برکت ہو گی۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔ وہ آیت یہ ہے۔

وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَۃَ اللّٰہِ لَا تُحْصُوْھَا اِنَّ اللّٰہَ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

روزی میں فراخی پیدا کرنا

اگر کسی کی روزی میں گذارہ نہ ہوتا ہو اور اس کی روزی محدود ہو اسے چاہیئے کہ جمعہ کے دن نماز جمعہ کے بعد اول تین مرتبہ درود شریف پھر ستر مرتبہ یہ دعا اس کے بعد تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے روزی میں برکت ہو گی اور غنی اور مالدار ہو جائے گا۔ وہ دعا یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ۔

فقر و فاقہ سے نجات

جو شخص فقر و فاقہ سے تنگ ہو اور آمدنی میں برکت نہ ہو اسے چاہیئے کہ اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھے اور درمیان میں دس بار سُوْرَۃُ اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ پڑھے اور ہر جمعہ کو ہاتھ پاؤں کے ناخن تراشے انشاء اللہ تعالیٰ مالدار اور غنی ہو جائے گا اور فقر و فاقہ سے نجات حاصل ہو گی سُوْرَۃُ اِنَّا اَنْزَلْنٰہُ یعنی سُوْرَۃُ الْقَدْرِ یہ ہے:

سُوْرَةُ الْقَدْرِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِنَّآ اَنْزَلْنٰهُ فِىْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ ۝ وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۝ لَيْلَةُ الْقَدْرِ ۙ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝ تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ وَالرُّوْحُ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ ۚ مِّنْ كُلِّ اَمْرٍ ۝ سَلٰمٌ ۛ هِىَ حَتّٰى مَطْلَعِ الْفَجْرِ ۝

گھر میں برکت کے لئے

مندرجہ ذیل آیت کو باوضو جمعہ کی نماز کے بعد لکھ کر گھر میں دروازے کے سامنے والی دیوار پر لگا دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ روزی اور رزق میں برکت ہوگی اور گھر خیر و برکت کا مرکز بن جائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِى الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۗ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

رزق میں فراخی کے واسطے

جس شخص کی روزی تنگ ہو اور گھر خیر و برکت سے محروم ہو تو اسے چاہیئے کہ سات روز مسلسل ہر نماز کے بعد سورۃ الم نشرح چودہ ۱۴ مرتبہ پڑھے اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اسے ایسی جگہ سے روزی ملے گی جہاں سے ملنے کا گمان بھی نہ تھا۔

سورۃ الم نشرح یہ ہے:

سُوْرَةُ اَلَمْ نَشْرَحْ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ ۝ وَوَضَعْنَا عَنْكَ وِزْرَكَ ۝ الَّذِىْٓ اَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ ۝ فَاِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ اِنَّ مَعَ الْعُسْرِ يُسْرًا ۝ فَاِذَا فَرَغْتَ فَانْصَبْ ۝ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارْغَبْ ۝

روزی میں برکت

جو شخص روزی کی تنگی سے پریشان ہو۔ اسے چاہیئے کہ ہر نماز کے بعد ایک مرتبہ سورۃ والعادیات مکمل پڑھے۔ اول و آخر تین ۳ تین ۳ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ کثرت سے روزی عطا فرمائے گا اور وہاں سے روزی دے گا جہاں سے روزی ملنے کا گمان بھی نہ ہو۔

سورۃ والعدیت یہ ہے:

سُوْرَةُ الْعٰدِيٰتِ مَكِّيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا ۝ فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۝ فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۝ فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۝ فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۝ اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۝ وَاِنَّهٗ عَلٰى ذٰلِكَ لَشَهِيْدٌ ۝ وَاِنَّهٗ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيْدٌ ۝ اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِى الْقُبُوْرِ ۝ وَحُصِّلَ مَا فِى الصُّدُوْرِ ۝ اِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَّخَبِيْرٌ ۝

روزی کا کشادہ ہونا

(اگلے صفحہ پر)

جس شخص کی روزی تنگ ہو اور گزارہ مشکل سے ہوتا ہو تو اسے چاہئے کہ ہر نماز کے بعد پابندی سے سورۃ بینہ ایک مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ۔ انشاء اللہ تعالیٰ روزی کشادہ ہوگی اور بے گمان رزق ملے گا۔

سُورۂ بینہ یہ ہے:

سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَمْ يَكُنِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ مُنْفَكِّيْنَ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ الْبَيِّنَةُ ۙ رَسُوْلٌ مِّنَ اللّٰهِ يَتْلُوْا صُحُفًا مُّطَهَّرَةً ۙ فِيْهَا كُتُبٌ قَيِّمَةٌ ۗ وَمَا تَفَرَّقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ الْبَيِّنَةُ ۗ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ۙ حُنَفَآءَ وَيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَيُؤْتُوا الزَّكٰوةَ وَذٰلِكَ دِيْنُ الْقَيِّمَةِ ۗ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَالْمُشْرِكِيْنَ فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ اُولٰٓئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ ۗ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ ۙ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۗ جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۙ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ ۙ ذٰلِكَ لِمَنْ خَشِيَ رَبَّهٗ ۚ

مطلوب کی حاضری کے لئے

جائز محبت کے لئے مندرجہ ذیل کلمات جمعہ کے روز باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے داہنے بازو پر باندھے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے اگر مطلوب

اس کا زنجیر میں بھی بندھا ہو جب بھی اپنے محب کے پاس ضرور پہنچے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں:

سو سو سو خ ح خ ح ح ح ح ح ح ح خ ایل ایل یا آفت اسیل یا وہاب باعصا بہا کلشی بعد علیہ محمدؐ۔

محبت میں کامیابی کیلئے

اگر کوئی شخص کسی کی محبت میں گرفتار ہو اور جائز محبت ہو تو اس کے لئے اکتالیس کالی مرچ لے اور ہر کالی مرچ پر اکتالیس مرتبہ کلماتِ ذیل پڑھ کر پھونکے اور اس کالی مرچ کو کوئلے کی آگ میں ڈالتا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔ بہت مجرب عمل ہے۔

موکلان ہذا حروف فلاں بن فلاں کو جلدی حاضر کرو

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يُدْرِكُ جَبَّار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ غفور غفّار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کریم ستار لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ میں چاہتا ہوں فلانے کی دوستی لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مہربان ہو جائے فلاں بن فلاں میرے لئے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

بچے کے رونے کے لئے

اگر کوئی بچہ اکثر روتا رہتا ہے اور چپ نہیں ہوتا تو اس کے لئے مندرجہ ذیل طلسم لکھ کر جھولے میں باندھے یا اس کی چارپائی میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچے کا رونا بند ہوگا۔ وہ طلسم یہ ہے:

۱۱ ۱۱ ۵ ۱۱۱ ۵

اور یہ آیت شریفہ باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اس بچہ کے گلے میں باندھ دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ بچہ سلیمون... رہے۔ وہ آیت شریفہ یہ ہے:

اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِیْثِ تَعْجَبُوْنَ ۙ وَتَضْحَکُوْنَ وَلَا تَبْکُوْنَ ۙ وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ۝۔

محبت میں کامیابی کے لئے

محبت میں کامیابی کے لئے مندرجہ ذیل آیت باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے داہنے بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ جب تک یہ تعویذ رہے گا محبوب اپنے محب کی محبت میں بے قرار رہے گا۔ اس طرح لکھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ وَهُوَ الَّذِیْٓ اَنْشَاَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ فَمُسْتَقَرٌّ وَّمُسْتَوْدَعٌ ؕ قَدْ فَصَّلْنَا الْاٰیٰتِ لِقَوْمٍ یَّفْقَهُوْنَ ۝ فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں۔

برائے حب

یہ طلسم محبت میں کامیابی کے لئے تیر بہدف ہے۔ اس طلسم کو باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے سیدھے بازو پر باندھے۔ نام اپنا اور اپنی والدہ کا اور نام مطلوب اور اس کی والدہ کا بھی اس طلسم کے ساتھ لکھے۔ وہ طلسم یہ ہے۔

ھملت ۱۱۸ ھمعھت ۱۱۸ کمھم بظلاہ علفلل علملیح فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں۔

آسیب و سحر کا علاج

اگر کسی کو آسیب لپٹ گیا ہو یا کسی نے اس پر سحر کیا ہو یا دیوانگی کی حالت میں بہکی بہکی باتیں کر رہا ہو تو مندرجہ ذیل نقش کا فتیلہ تیار

کرکے اور روئی لپیٹ کر یا سوتی کپڑا لپیٹ کر اس کو جلائے اور مریض کے ناک میں اس کی دھونی دے۔ نقش کا فلیتہ یہ ہے:

۱۶	۱۱	۱۸
۱۷	۱۵	۱۳
۱۲	۱۹	۱۴

نمرود ہامان شداد فرعون

بچّہ کا رونا اور دودھ نہ پینا

یہ نقش اس بچّے کے لئے مفید ہے جو رات کو ڈرتا ہو یا بہت روتا ہو یا دودھ نہ پیتا ہو یا کوئی بڑا آدمی ہر وقت دانت چباتا ہو یا سوتے میں خراٹے لیتا ہو۔ باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پورا پورا فائدہ ہوگا۔ بہت مجرّب ہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۳	۸

ھاھا	ھا
۱۱ ۱۱	۱۱

نظرِ بد، بچّے کا رونا، اُمّ الصبیان سے حفاظت

مندرجہ ذیل نقش باوضو چار عدد لکھے۔ ایک موم جامہ کرکے بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ ایک عدد نقش پانی میں گھول کر بچے کو پلادے، ایک عدد ٹکڑے کی

دیوار میں دروازے کے مقابل لگادے، انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونے، ہر قسم کی بیماری نظر بد اور جادو وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ اسی طرح اگر بچہ کے پیدا ہوتے ہی یہ نقش موم جامہ کر کے بچہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ اُمّ الصبیان سے قطعاً محفوظ رہے گا۔ یہ نقش مضاعف اجل کہلاتا ہے۔ اس میں ہزاروں خوبیاں ہیں۔

نقشِ مکرّم یہ ہے:

۷۸۶

۸	۱۹	۲۲	۱
۲۱	۲	۷	۲۰
۳	۲۴	۱۷	۶
۱۸	۵	۴	۲۳

بچہ پیدا ہونے کا نقش نیز پیشاب بند کھولنا

اگر کسی عورت کے بچہ پیدا ہونے والا ہو تو درد شروع ہونے کے وقت یہ نقش باوضو لکھ کر سفید کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی بائیں ران میں باندھ دے۔ بحکمِ خدا فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ اور بچہ پیدا ہوتے کے بعد فوراً نقش کھول دے۔ اسی طرح اگر کسی کا پیشاب بند ہو جائے تو یہی نقش اس کی بائیں ران میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا پیشاب کھل جائے گا۔ جب پیشاب کر چکے فوراً نقش کھول دے۔ ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

نقشِ مکرّم یہ ہے:

عزرائیل	۷۸۶	جبرائیل
۶ و	۱ ا	۸ ح
۷ ز	۵ ھ	۳ ج
۲ ب	۹ ط	۴ د
اسرافیل		میکائیل

استخارہ

استخارہ بمعنی مشورہ ہے اور مشورہ کا صحیح مفہوم یہ ہے کہ اس پر عمل کیا جائے اگر کوئی شخص کسی کام کے کرنے کا عزم بالجزم تو کر چکا ہے اور اس کام کو ضرور کرے گا لہٰذا اب اس میں مشورہ کرنا بیکار ہے استخارہ صحیح یہ ہے کہ اس پر عمل کیا جائے اور کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کا فیصلہ کرنے سے قبل استخارہ کرو تو خدائے قدوس عالم الغیب ہے وہ دلوں کے بھیدوں اور نیت سے واقف ہے لہٰذا اگر صحیح طریقہ پر استخارہ کیا جائے تو جواب ضرور ملتا ہے۔ اگر صرف مذاق ہے تو جواب نہیں ملتا بلکہ نقصان کا اندیشہ ہے۔ اس نقش کا نام "کاشف الاسرار" ہے اور مناسب مجرّب نیز بزرگوں کا معمول ہے۔ اس نقش کا درمیانی خانہ جس میں ۲۲ کا ہندسہ ہے بس یہی ہندسہ اور خانہ "کاشف الاسرار" ہے۔ اس خانہ میں ۲۲ کے ہندسے کے نیچے اپنا مقصد تحریر کرو مختصر عبارت میں اگر ضرورت ہو تو یہ خانہ اور خانوں سے بڑا بنایا جائے تاکہ مقصد لکھنے میں آسانی ہو۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۵	۱۸	۲۳
۲۰	۲۲ اس جگہ مقصد یا مطلب جس کا مشورہ کرنا ہے لکھے	۲۴
۲۱	۲۶	۱۹

اس نقش کی ترکیب یہ ہے:
پہلے چھیاسٹھ ۶۶ عدد نقش بہ نیت زکوٰۃ باوضو تحریر کرو کوئی خاص وقت، دن، تاریخ مقرر نہیں۔ چھیاسٹھ ۶۶ عدد نقش پورے لکھ کر ایک نقش اور لکھے وہ سڑسٹھواں ۶۷ نقش ہوگا۔ اور اس میں ۲۲ عدد کے نیچے اپنا مقصد لکھے اور اس کو

اپنے سرہانے رکھ کر سو جاؤ، بحکم خدا اسی رات میں راز ظاہر ہو جائے گا اور کام کرنے یا نہ کرنے کا اشارہ مل جائے گا۔ وہ چھیاسٹھ عدد نقش گولیاں بنا کر نہر، دریا، سمندر کنویں یا تالاب میں ڈال دو یا پاک زمین میں دفن کر دو، اگر پہلے روز کوئی حال معلوم نہ ہو تو دوسرے دن پھر چھیاسٹھ عدد نقش تحریر کرو اور وہ نقش جو رات سرہانے رکھ کر سوئے تھے اسے بھی شامل کر کے دوسرے دن کل سڑسٹھ نقش ہوئے ایک نیا لکھا ہوا نقش لے کر اس میں مقصد لکھ کر سرہانے رکھ کر سو جاؤ اور بقیہ چھیاسٹھ عدد نقش گولی بنا کر پانی میں ڈال دو یا پاک زمین میں دفن کر دو۔ اب اگر اتفاق سے دوسرے دن بھی حال معلوم نہ ہوا تو تیسرے دن یہی ترکیب کرو انشاء اللہ تعالیٰ سب حال ظاہر ہو جائے گا جو کچھ حکم عالم الغیب کی طرف سے ملتا ہے اس پر عمل کرو۔ اگر کام کرنے کا اشارہ ہے تو کام کرو ورنہ ترک کر دو ورنہ نقصان ہو گا۔

بچے کے رونے کے لئے

اگر کوئی بچہ بہت روتا ہو تو مندرجہ ذیل تعویذ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈال دو۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کا رونا بند ہو گا۔ بس اسی طرح نقل کر لیں۔ وہ تعویذ یہ ہے:

اَلْوِلْدَانَ شِیْبًا ۞ السَّمَآءُ مُنْفَطِرٌۢ بِهٖ ۞ كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا ۞ اَللّٰهُمَّ فِيْ جَامِعِ الْمُسْلِمِيْنَ۔

اِستخارہ

یہ خاص الخاص اور مجرب و تیر بہدف استخارہ ہے۔ پیر کی شب (اتوار کا دن گذرنے کے بعد جو رات آئے گی وہ پیر کی رات ہے) جمعرات کی شب (بدھ کا دن گذرنے کے بعد جو رات آئے وہ جمعرات کی رات ہے) یا جمعہ کی شب (جمعرات کا دن گذرنے کے بعد جو رات آئے وہ جمعہ کی رات ہے) اس عمل کو کریں ترکیب یہ ہے کہ بعد نماز عشاء تمام ضروریات سے فارغ ہو کر بہ نیت استخارہ تازہ وضو کریں۔ بعد وضو چار رکعت نماز نفل پڑھیں۔ دو دو رکعت کر کے پڑھیں۔ پہلی رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ کے الم نشرح آخر تک تین مرتبہ پڑھیں۔ اسی طرح دو دو رکعت پڑھ کر چار رکعت پوری کر لیں۔ اس کے بعد شمال کی طرف منہ کر کے کھڑے ہوں۔ آنکھ بند کر کے خشوع اور خضوع اور پوری توجہ کے ساتھ ایک سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُبَشِّرِيْنَ

جب تعداد سو مرتبہ ہو جائے تو فوراً قبلہ رُخ ہو جائیں اور دو رکعت نماز نفل بہ نیت استخارہ پڑھیں پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سُورۃ الم نشرح مکمل ایک بار اور دوسری رکعت میں سُورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص ایک مرتبہ پڑھیں۔ پھر سلام پھیر کر اس طرح دعا کریں۔ الٰہی فلاں امر میں جو کچھ ہونے والا ہے اس سے مجھ کو مطلع فرما۔ فلاں امر کی جگہ اس کام کا نام لے۔ دعا کر کے پاک بستر پر قبلہ رخ سونے کے لئے لیٹ جائے نہ کسی سے کوئی بات کریں اور نہ کچھ کھانا پینا پسند کریں اور نہ کوئی دنیا کا کام کریں اور جب تک نیند آئے۔ درود شریف کا ورد کریں (پڑھتے) رہیں۔ اس کی تعداد مقرر نہیں ہے جب تک نیند نہ آئے پڑھتے رہیں۔ درود شریف جو یاد ہو پڑھیں کوئی خاص ورد مقرر نہیں ہے اسی طرح پڑھتے پڑھتے سو جائیں۔ باذن الٰہی و بہ برکت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم رات میں سب حال غیب سے منکشف ہو جائے گا۔ تردد نہ کریں۔ صدق دل سے استخارہ کو کریں۔ اول روز کریں اگر معلوم نہ ہو تو اسی طرح دوسرے روز کریں اس دن بھی معلوم نہ ہو تو انشاء اللہ تعالیٰ تیسرے روز ضرور معلوم ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

برائے حب

یہ محبت والفت کے واسطے ایک کرامت ہے۔ اکثر دوستوں نے اس کی آزمائش کی ہے کبھی خطا نہ کی۔ لیکن شرط یہ ہے اس نقش کو ہو بہو نقل کرکے عمل کرے۔ یہ تین طریقوں پر عمل میں لیا جاتا ہے۔

پہلا طریقہ عمل یہ ہے کہ ایک کاغذ کے ٹکڑے پر لکھ کر اوپر شہد ملے اور اور پھر فلیتہ بنا کر نئی روئی لپیٹ کر نئے چراغ میں مٹی کا چراغ ہو خوشبودار تیل (سرسوں کے تیل میں چنبیلی کا تیل ملالے) ڈال کر جلائے اور چراغ کا منہ محبوب کے گھر کی طرف کرے اور خود اس کے سامنے بیٹھ جائے۔ اسی طور پر متواتر سات دن اور سات رات تک برابر چراغ جلتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ محبوب بے قرار ہو کر آئے گا۔

دوسرا طریقہ عمل یہ ہے کہ بکرے کے شانہ کی ہڈی پر جو کوئی ہڈی نکلتی ہے جو کہ قصاب لوگ اس ہڈی کو نکال کر بیچ میں چھید کر بگاڑ دیتے ہیں وہ حصہ ثابت بگاڑی ہوئی اور چھید کی ہوئی نہ ہو بلکہ قصاب سے کہہ کر صاف نکلوا کر ثابت لا کر اسے خشک کرکے اس پر یہ نقش لکھ کر اوپر شہد مل دے اور پھر آگ کے نیچے دبا دے اس ہڈی پر ہر وقت آگ جلتی رہے۔ بحکم خدا مطلوب بے قرار ہو کر آجائے گا۔

تیسرا طریقہ عمل یہ ہے کہ مٹی کی ایک ایسی ٹھیکری جس کو مطلق پانی نہ لگا ہو یعنی بالکل کوری ٹھیکری پر یہ نقش لکھ کر آگ میں دفن کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔
یہ عمل افلاطون سے منقول ہے۔
نقش یہ ہے:

۷۸۶

نقش
۱۸۱۱ ۱۸ھ ۱۸۱۱ ۸
ک ۱۱ ۴۹ ۱۸ ۱۱ ▭
۱۱۱ ۱۹ ۴۱ ۱۹۱ ۶ ۱۱۱ ھ ۱
لا ۲۱ ۱۱ لا ۱ع ۴ ۱۱۸ک ۱۱
ھ ۹۱ لا ع ۹۱ ۲ و۱
۱۸ لا ع ۱۱ ۴ ۸۱ ہ ۸
۰ ۸ ۵ الساعتہ ☼
فلاں بن فلاں علی حب فلاں بن فلاں

برائے محبت

دوسرے کو خود کی محبت میں فریفتہ کرنے کے واسطے یہ نقش بادمنو لکھ کر ایک مٹی کے کوزہ (لوٹے) میں ڈال دے اور اوپر کسی قدر شکر ڈال کر کوزہ آگ میں دفن کردے کہ آگ کی گرمی کوزہ کو پہنچتی رہے۔ خدا کے حکم سے مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۳۷۲	۳۷۵	۳۷۹	۳۶۵
۳۷۸	۳۶۶	۳۷۱	۳۷۶
۳۶۷	۳۸۱	۳۷۳	۳۷۰
۳۷۴	۳۶۹	۳۶۸	۳۸۰

ہر ضرورت اور ہر کام کا نقش

(اگلے صفحہ پر)

یہ نقش ایسا ہے کہ نہ دیکھا نہ سُنا۔ ہر کام، ہر ضرورت اور ہر بیماری کے لئے کام آتا ہے، عامل کو اس کی قدر خود معلوم ہو جائے گی لکھنے کی ضرورت نہیں۔ نقش مکرم یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

کشتگان	خنجر	تسلیم را	برزمان
خنجر	تسلیم را	برزمان	از غیب
تسلیم را	برزمان	از غیب	جانے
برزمان	از غیب	جانے	دیگر است

عق ھا ھو ھو ھی ہی بکند عداکند بند ضعیف البنیان چہ کند

پیٹ کے درد کے لئے

پیٹ کے درد کے دفع کرنے کے واسطے یہ عمل خاکسار کا تجربہ کردہ ہے پیٹ کے درد کے مریض کو یہ کلمات لکھ کر پلائے۔ بحکم خدا درد فوراً دفع ہوگا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ الۡبَاسِطُ وَاَنَا الۡمَبۡسُوۡطُ فَمَنۡ یَّدۡعُ الۡمَبۡسُوۡطُ اِلَّا الۡبَاسِطُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ۔

حاکم کو مسخر کرنے کا حصار

اگر کسی حاکم جابر یا کسی ظالم شخص کے سامنے جانا پڑے تو اس حصار کو سات دفعہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے اور اس حاکم یا ظالم شخص کے سامنے چلا جائے وہ شخص مسخر و مطیع ہوگا۔ بہت ہی عجیب و غریب عمل ہے۔

وہ یہ ہے (اگلے صفحہ پر)

لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ یَا اِلٰہَ الۡاَوَّلِیۡنَ۔ ہر کہ مرا بد گوید زبان بند شود وَضُرِبَتۡ عَلَیۡھِمۡ حصار موسیٰ بر جگر او وآہ زکریا بر تن او و کرم حضرت ایوب در دہن او و مُہر حضرت سلیمان بر زبان او و تیغ رِجَالُ الۡغَیۡبِ بر جان او و قہر خدا بر آں مقہور یَا بَدُّوۡحُ یَا بَدُّوۡحُ یَا بَدُّوۡحُ وَاللّٰہُ الۡمُسۡتَعَانُ عَلٰی مَا تَصِفُوۡنَ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ۔

حاضرات قل ھو اللہ

یہ ایک بزرگ سے ملا ہے۔ اس کے اعداد کے نقش مربع میں پُر کرو اور سولھویں خانہ میں سیاہی لگائے اور تھوڑا عطر بھی لگائے اور پھر کسی نو دس سال کے لڑکے یا لڑکی کو دے وہ اپنے ہاتھ میں لے کر اس نقش میں دیکھے سولھویں خانہ میں سیاہی کی جگہ کہ کیا نظر آتا ہے۔ جو کچھ بچے کو نظر آئے وہ عامل کو بتادے۔ دریافت حال غائب کے واسطے دریافت کرے لیکن قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ معہ موکلات کے جس ترتیب کا ذکر کیا ہے وہ یہ ہے۔ کیونکہ بغیر زکوٰۃ کے کوئی عمل درست نہیں ہو سکتا۔ قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ معہ موکلات یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

قُلۡ ھُوَ اللّٰہُ اَحَدٌ یَا ھَمُوَاکِیۡلُ بِحَقِّ اَللّٰہُ الصَّمَدُ یَا طَاطَائِیۡلُ بِحَقِّ لَمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ یَا اَجۡمَائِیۡلُ بِحَقِّ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ۔

اعداد کا نقش ماسوا اسمائے موکلات کے یہ ہے۔ جو لکھ کر بچے کے ہاتھ میں دے۔

وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۰	۲۵۳	۲۵۶	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۲۵۸	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷

حاضرات گُم شدہ چیز

گم شدہ چیز کا پتہ چلانے کے لئے یہ حاضرات بہت کامیاب ہے۔
جب کوئی چیز کھو جائے اور اس کا حال معلوم کرنا چاہیں تو یہ نقش کاغذ پر لکھ کر کورہ چراغ مٹی کا لے کر اس کے اندر سرسوں کا تیل ڈال کر فتیلہ کرکے جلائیں اور چھوٹا لڑکا یا لڑکی جس کی عمر دس سال سے زائد نہ ہو اور کم از کم آٹھ سال ہو اور خوبصورت بھی ہو۔ اسے چراغ کے سامنے بٹھا دیں اور اس کو ہدایت کریں کہ وہ چراغ کی لو (بتی جو جل رہی ہے اس) کی طرف نظر کرے اور غور سے دیکھے جب اس بچہ کو چراغ کی لو غیر معمولی نظر آئے تو اس سے گمشدہ چیز کے متعلق سوالات کرے اور جن لوگوں پر چرا کرلے جانے کا شبہ ہو ان کا نام لیں پس وہ چیز کا درست بتائے گا اسی طریقے ہر قسم کے اور سوالات کرکے معلومات کرسکتے ہیں یعنی جب بچہ کو غیر معمولی چیز کی شکلیں نظر آئیں تو اس سے ہر قسم کے سوالات جس بات کو معلوم کرنا ہو معلوم کرسکتے ہیں تو وہ صحیح جواب دے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ مطلب پورا ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹	۲۲	۲۵	۱۲
۲۴	۱۳	۱۸	۲۳
۱۴	۲۷	۲۰	۱۷
۲۱	۱۶	۱۵	۲۶

حاضرات

دس سالہ خوبصورت لڑکا ہو یا لڑکی ہو۔ اس کے داہنے ہاتھ کے انگوٹھے کے ناخن پر کاجل عطر ملا کر لگائے اور یہ نقش لڑکے کے ہاتھ میں انگوٹھے اور شہادت کی انگلی (انگوٹھے کے برابر والی انگلی) سے نقش کو پکڑوا دیں اور اس لڑکے یا لڑکی کو ہدایت کریں کہ وہ سیاہی لگا ہوا ناخن غور سے دیکھتا رہے اور جب اسے سیاہی میں کچھ نظر آئے تو اس سے سوالات کرکے جوابات حاصل کرے جو بات پوچھنی ہو پوچھے جو سوال دریافت کرنا ہو کرے انشاء اللہ تعالیٰ صحیح جواب ملے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰
۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰	۱۳۰

حاضرات، چور کی شکل نظر آئے

باوضو یہ نقش بڑے کاغذ پر لکھے اور درمیان کے خانہ پر جس کے ہندسہ کے چاروں طرف سیاہی لگائیں اور اس پر عطر گلاب لگا کر یہ نقش نابالغ دس سالہ لڑکے کے ہاتھ میں دیں اور اس سے کہیں کہ جس جگہ سیاہی لگی ہوئی ہے اس جگہ نظر جما کر دیکھے اس میں اسے کسی آدمی کی شکل نظر آئے گی۔ بچہ سے دریافت کرتے جاؤ کہ کوئی چیز نظر آئی پس جس کی شکل نظر آئے گی وہی چور ہوگا۔ اب اس سے چوری کے مال کا زبردست مطالبہ کرو کہ وہ مال واپس کردے۔ نقش معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۲۳۵	۲۴۸	۲۴۵	۲۴۲
۲۴۶	۲۴۱	۲۳۶	۲۴۷
۲۴۰	۲۴۳	۲۵۰	۲۳۷
۲۴۹	۲۳۸	۲۳۹	۲۴۴

آسان حاضرات

سورۃ لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ سات مرتبہ پڑھ کر اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک سفید چینی کا پیالہ صاف دُھلا ہوا لیں اور اس میں پانی بھر کر سامنے رکھیں اور اس پر مندرجہ بالا سورۃ پڑھ کر دم کریں اور نابالغ ۱۰ دس سالہ لڑکے کو اس پیالے کے سامنے بٹھا کر اس پر بھی دم کریں اور اس کو کہیں کہ خوب خوب نظر جما کر دیکھے۔ جب کوئی شکل نظر آئے تو کہیں کہ بھنگی کو بلا کر جھاڑو دلواؤ۔ اس کے بعد سقے کو بلواؤ کہ پانی چھڑکے اس کے بعد فراش کو بلا کر فرش اور چاندنی بچھائے۔ چاندنی پر تخت بچھواؤ اور کہو کہ بادشاہ کو بلواؤ اور اس کو تخت پر بٹھواؤ پھر اچھے اچھے کھانے کھلواؤ اس کے بعد بادشاہ کو اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کہو پھر ان سے جو حال دریافت کرنا ہو معلوم کرو وہ حالات سب صاف صاف بیان کریں گے۔ سورۃ لایلف قریش یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لِاِیْلٰفِ قُرَیْشٍ ۙ اٖلٰفِهِمْ رِحْلَةَ الشِّتَآءِ وَالصَّیْفِ ۚ فَلْیَعْبُدُوْا رَبَّ هٰذَا الْبَیْتِ ۙ الَّذِیْۤ اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ ۙ وَّاٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ ۠

کان اور گلے کے ورم کے لئے

ذیل کے الفاظ جس طور پر لکھے ہوئے ہیں اسی طور پر لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ کان اور گلے کا ورم دور ہوگا بہت مجرب ہے اسی طرح اگر پیپل کے پتہ پر لکھ کر اس پتہ کو ورم کی جگہ پر باندھ دیں تو خدا تعالیٰ کے حکم سے ورم بہت تھوڑے عرصہ میں دور ہو جائے گا۔ بارہا کا تجربہ کیا ہوا عمل ہے اور وہ یہ ہے۔

۷۸۶

یکیھہ	علیف
علیف	یکیھو

برائے قیامِ حمل

اگر کسی عورت کا حمل کچا ہی گر جاتا ہو یا در حقیقت حمل ہوتا ہی نہ ہو تو یہ نقش ۲ دو عدد لکھے باوضو اور ایک موم جامہ کر کے عورت کی کمر میں یا گلے میں باندھ دے اور دوسرا گھول کر پلائے۔ جس طرح یہ لکھا ہوا ہے اسی طرح لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حمل گرنے سے محفوظ رہے اور نہ ٹھہرتا ہو تو ٹھہر جائے گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

جبرائیل	الٰہی بحرمۃ عبد الکریم و نوح کریم	میکائیل
[illegible]	یا حی ۔ یا قیوم ۔ یا قائم یا قائم ۔ محمد ۱۱۲۱ ۔ محمد ۱۱۲۱	[illegible]
اسرافیل	الٰہی بحرمۃ عبد الرحیم گویند	عزرائیل

حیض کا خون بند کرنا

یہ نقش صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ کا ہے۔ اس کے کل عدد ۸۰۷ ہیں۔ جس کے خون حیض کا جاری ہو اور زائد مدت ہوگئی ہو اور خون کسی طرح رُکتا نہ ہو تو باوضو اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کرکے عورت کی کمر میں باندھے بفضل خدا خون فوراً بند ہوگا۔ یہ نقش مجرب اور آزمودہ ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷۰	۲۶۵	۲۷۲
۲۷۱	۲۶۹	۲۶۷
۲۶۶	۲۷۳	۲۶۸

قید سے رہائی، چور کا پتہ، حمل کی حفاظت، غائب کا حاضر کرنا

یہ نقش قل ھو اللہ احد (یعنی سورۂ اخلاص) کا ہے۔ نقش عربی الفاظ اور عددی دونوں طرح کے دیتے ہیں۔ یہ نقش بے لائق تعریف ہے۔

اگر کوئی شخص تپ دق (ٹی۔ بی) میں مبتلا ہو اور منہ یا پیٹ سے خون جاری ہو یا جسم میں کسی قسم کا ورم ہو یا اور کوئی لاعلاج مرض ہو تو باوضو عربی الفاظ کا نقش لکھ کر چالیس روز پابندی کے ساتھ پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مرض دفع ہوگا اور مریض صحتیاب ہوکر موٹا تازہ ہوجائے گا۔

اگر جمعرات کے دن باوضو ہرن کی جھلی (چاندی سونے کے ورق بنانے والوں کے پاس مل جاتی ہے ان سے خرید لیں) پر نقش عربی الفاظ لکھ کر موم جامہ کرکے قیدی کے داہنے بازو پر باندھ دے تو بحکم خدا وہ قید سے رہا ہوجائے۔

اگر کوئی شخص کسی کا مال چرا کر بھاگ گیا ہو اور ہاتھ نہ لگتا ہو تو نقش عربی

الفاظ باوضو لکھ کر قرآن شریف میں رکھ دے انشاءاللہ تعالیٰ رات کو خواب میں چور کا ٹھکانہ اور اس کا پورا پتہ معلوم ہوجائے گا اور پتہ چل جائے گا کہ چور کون ہے اور مال کہاں رکھا ہے۔ (لیکن صرف خواب کی بنیاد پر چور کا یقین کرلینا درست نہیں البتہ مال کی تلاش میں رہے کہ اس کے پاس ہے یا بیچ کر کھا گیا ہے یہ صحیح ہے)۔

اگر کوئی شخص عرصے سے غائب ہو اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو باوضو عرقِ گلاب، زعفران و مشک سے اگر مشک نہ ملے تو صرف عرق گلاب اور زعفران کو ملا کر نقش عربی الفاظ میں لکھے اور سر کے نیچے رکھ کر سو رہے انشاءاللہ تعالیٰ تمام حال مع صورت کے خواب میں معلوم ہوجائے گا۔

اگر کسی حاملہ عورت کا حمل گر جاتا ہو تو یہ نقش اعدادی باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے عورت کی کمر میں باندھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ حمل قائم ہوگا اور سب درد وغیرہ اور خون کا بہنا موقوف ہوگا۔

اگر کوئی آدمی غائب ہے یا بھاگا ہے اس کو بلانا مطلوب ہے تو نقش لکھ کر دو پتھروں کے درمیان رکھ کر ان کو چولہے پر یا سخت دھوپ میں رکھ دے انشاءاللہ تعالیٰ وہ فوراً آجائے گا۔ اگر کچھ دور ہوا تو کچھ دن بعد آجائے گا۔

اگر محبت والفت کے لئے لکھے تو تیر بہدف ہے، اسی طرح جس کام کے لئے لکھے انشاءاللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا۔ نقش عربی الفاظ میں لکھے یا اعداد میں دونوں قسم کے نقوش کا اثر یکساں ہے۔ عمل میں کثرت سے یہ نقش آتے ہیں اور سب ہی میں یہ سریع التاثیر واقع ہوتے ہیں۔

ان کی زکوٰۃ ادا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ چاند کی دس تاریخ سے بیس تاریخ تک کسی بھی وقت شروع کرے اور چالیس عدد نقش عربی الفاظ یا اعدادی لکھے اور ان کی گولی بنا کر اور آٹا گوندھ کر وہ کاغذ کی گولیاں اس آٹے کی گولیوں میں لپیٹ لے اور دریا، نہر، تالاب، سمندر میں روزانہ ڈال دیا کرے ایک چلے

تک یہی کرے۔ نقش ہمیشہ پاک بدن، پاک کپڑے، پاک جگہ اور وضو کے ساتھ لکھے اور آخری روز اپنے ہاتھ سے طہارت کامل (کامل صفائی اور پاکی کے ساتھ باوضو) دودھ چاول کی کھیر پکا کر کچھ خود کھالے اور بقیہ دریا میں ڈال دے۔ اس طرح عامل ہوگئے۔ نقش کو اچھی طرح یاد کرلیں تاکہ غلط نہ لکھا جائے۔

نقش الفاظ عربی یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

جبرائیلؑ — میکائیلؑ

قل ۱۳۰	ھو ۱۱	اللہ ۶۶	احد ۱۳	اللہ ۶۶	الصمد ۱۶۵	لم ۷۰	یلد ۴۴
ھو	اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم ۷۶
اللہ	احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد ۵۰
احد	اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم ۷۶
اللہ	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن ۸۰
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ ۳۵
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفوا ۱۰۷
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لہ	کفوا	احد ۱۳

اسرافیلؑ — عزرائیلؑ

سورۂ قل ھو اللّٰہ احد (سورۂ اخلاص)
کا نقش عددی۔ کل اعداد ۱۰۰۲

۷۸۲

۲۴۳	۲۵۶	۲۵۳	۲۵۰
۲۵۴	۲۴۹	۲۴۴	۲۵۵
۲۴۸	۲۵۱	۲۵۸	۲۴۵
۲۵۷	۲۴۶	۲۴۷	۲۵۲

برائے جن آسیب

جمعہ کی رات کو سرسوں کے تیل پر "یَا قَھَّارُ یَا جَبَّارُ" ایک ہزار ایک بار باوضو پڑھے اور تیل پر پھونک مارے اور دم کرے۔ پھر وہ تیل کوری مٹی کے چراغ میں ڈال کر جلائیں (چراغ ایسا ہو جس پر پانی نہ لگا ہو اور روئی بھی بتی کے لئے نئی ہو) اور مریض یا مریضہ کو اس کے قریب بٹھائیں۔ اس پر جن آسیب جو کچھ ہوگا جل جائے گا (کیونکہ جاندار کا جلانا جائز نہیں ہے اس لئے پہلے روز سے تین آواز لگا دے کہ اس مرد یا عورت پر جو کچھ ہے چلا جائے ورنہ جل جائے گا۔ اس طرح آدمی گناہ سے محفوظ رہے گا۔) نہایت ہی عجیب اور مفید عمل ہے جس نے کبھی خطا نہیں کی اور ہر بار کامیاب ہوا بڑا قیمتی عمل ہے۔

دفع جن، بھوت، آسیب کے لئے

آیۃ الکرسی سات بار اور سورۃ اخلاص پانچ بار اور سورۃ فاتحہ سات بار پڑھ کر مریض یا مریضہ پر دم کرے۔ جس پر جن بھوت، آسیب کا خلل ہو یا جن آتا ہو وہ دم کرتے ہی دفع ہو جائے گا اور پھر کبھی نظر نہ آئے گا۔ بہت مجرب ہے۔

سحر، جادو، آسیب، دیوانگی کا علاج

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۙ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۙ اس جگہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کو دو (۲) مرتبہ کہے اور اپنے دلی مقصد کا خیال کرے پھر سورۂ مذکورہ پوری کر لے اور جب لفظ آمین پر پہنچے تو تین (۳) مرتبہ آمین کہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی پابندی شرط ہے۔

برائے صحتِ کامل و شفائے کُلّی

سورۂ فاتحہ کو اس ترکیب سے پڑھے اور پھر دعا کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف ضرور پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو صحتِ کامل و شفائے کلی حاصل ہوگی مجرب عمل ہے۔

ترکیب یہ ہے:

بسم اللہ شریف کا آخری لفظ الرَّحِیْمِ کے م کو الحمد کے
ساتھ ملاکر پڑھے۔ اس طرح:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ه اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

یہ عمل جمعہ کے دن سے شروع کرے تو بہتر ہے اور کچھ صدقہ (کچھ رقم یا کھانا کسی غریب
کو دے دے) جمعہ کے دن بعد نماز فجر پڑھے تو بہتر ہے۔ ورنہ جو وقت فرصت
ملے پڑھے۔

جمعہ کے دن پہلے دن سورہ فاتحہ (۶۲) باسٹھ بار پڑھے
ہفتہ کے دن دوسرے دن سورۃ فاتحہ (۵۲) باون بار پڑھے
اتوار کے دن تیسرے دن سورۃ فاتحہ (۴۲) بیالیس بار پڑھے
پیر کے دن چوتھے دن سورۃ فاتحہ (۳۲) بتیس بار پڑھے
منگل کے دن پانچویں دن سورۃ فاتحہ (۲۲) بائیس بار پڑھے
بدھ کے دن چھٹے دن سورۃ فاتحہ (۱۲) بارہ بار پڑھے
جمعرات کے دن ساتویں دن سورۃ فاتحہ (۷) سات بار پڑھے

سخت سے سخت مرض سے صحت کیلئے

سخت سے سخت مرض ناسور، گٹھیا، وجع مفاصل، مرگی، درد سر یا
کوئی بھی مرض کے لئے نماز فجر کی سنتوں کے بعد فرض سے پہلے اکتالیس بار
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے الرَّحِيْمِ کے میم کو الحمد
کے لام سے ملاکر پڑھنا۔ اس طرح:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ه

پھر کسی کھانے یا پینے کی چیز پر دم کرکے وہ چیز یا پانی شربت یا عرق وغیرہ
مریض کو پلانا نہایت مفید و مجرب ہے۔

برائے قضائے حاجت (مراد پوری ہو)

اگر کوئی حاجت یا ضرورت پیش آئے یا کوئی مشکل کام اٹک جائے
یا کوئی عزیز سفر پر گیا اور وہاں سے کامیاب اور خیریت سے لوٹ آئے یا
کوئی بیمار ہو اور اس کی صحت کے لئے پریشانی ہو تو سورۃ فاتحہ کو اکتالیس
بار درمیان سنت اور فرض فجر کی کے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرورت
پوری ہوگی۔

دلی مراد پوری ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی دلی مراد پوری ہو اور جملہ رکاوٹیں دور
ہوں اور کامیابی حاصل ہو تو سورۃ فاتحہ کو اس طرح پڑھے کہ بِسْمِ اللّٰهِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ کے میم کو اَلْحَمْدُ کے لام سے ملادے اس
طریقے سے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ه اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ه

اور فجر کی سنت اور فرض کے درمیان اس ترکیب سے پڑھے۔ اتوار کے
دن سے شروع کرے۔

اتوار کے دن سورۃ فاتحہ ستر (۷۰) بار پڑھے
پیر کے دن سورۃ فاتحہ ساٹھ (۶۰) بار پڑھے
منگل کے دن سورۃ فاتحہ پچاس (۵۰) بار پڑھے
بدھ کے دن سورۃ فاتحہ چالیس (۴۰) بار پڑھے
جمعرات کے دن سورۃ فاتحہ تیس (۳۰) بار پڑھے
جمعہ کے دن سورۃ فاتحہ بیس (۲۰) بار پڑھے

ہفتہ کے دن سورۂ فاتحہ دس (١٠) بار پڑھے۔

تین ہفتے نہیں گذریں گے کہ خدائے تعالیٰ اس کی مراد پوری کر
اگرچہ مراد اس کی پہاڑ کے برابر ہو۔ نہایت مجرّب عمل ہے۔

عقیدہ درست ہونے اور نورِ ایمان پیدا ہونے کے ل

اگر کسی کا عقیدہ دین اسلام کی باتوں پر پکا نہ ہوتا ہو یا دین کی
بات میں شک رہتا ہو تو ایسے آدمی کے لئے سورۂ فاتحہ کو باوضو پاک چینی
طشتری (پلیٹ) میں لکھیں اور پانی سے دھوکر پلایا جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ
اس کے دل سے شک کا اندھیرا دور ہو جائے گا اور نورِ ایمان سے قلب
جائے گا۔ مجرّب عمل ہے۔

دل کی پریشانی اور دل کا ہلنا

اگر کسی پریشانی یا صدمہ کے سبب دل پریشان ہو اور اس کی دھڑ
تیز ہو گئی ہو اور دل کے دورہ کا ڈر ہو تو سورۃ الفاتحہ کو باوضو چینی کی پا
طشتری (پلیٹ) پر لکھے اور بارش کے پانی سے دھوکر پئے تو اس کے د
کی گھبراہٹ اور دل کی بے جا حرکت ختم ہو جائے گی۔ دل میں سکون و آ
پیدا ہوگا۔ گھبراہٹ سے نجات حاصل ہوگی۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

تنبیہ: اگر بارش کا پانی نہ ملے تو دریا یا نہر یا تالاب یا چشمے
کنوئیں کا پانی لے لے۔ یہ بھی نہ ملے تو نل کا پانی استعمال کرے۔

برائے حافظہ و یاد داشت

اگر کسی کا حافظہ کمزور ہو یا بچے کا دماغ پڑھائی میں کام نہ کرتا ہو

یا سبق یاد نہ ہوتا ہو تو باوضو سورۃ الفاتحہ (الحمد شریف) کو زعفران سے چینی
کی طشتری پلیٹ میں لکھے اور عرق گلاب سے دھوکر پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ
بچے کا ذہن کھلے گا اور جو پڑھے گا یاد رہے گا۔ کم از کم سات دن پلائے۔

دانتوں کے درد سے نجات کے لئے

سورۃ الفاتحہ (الحمد شریف پوری) پڑھے اور زبان کو گرد اگرد دانتوں
کے پھیرائے (یعنی زبان کو سارے دانتوں کے لگائے) اگر روزانہ اس طرح
کر لیا کرے تو انشاءاللہ تعالیٰ تمام عمر دانتوں کے درد سے محفوظ رہے گا۔

کان کے درد کے لئے

اگر سورۃ الفاتحہ (الحمد شریف پوری) کو باوضو چینی کی پاک طشتری
پلیٹ میں لکھے اور چنبیلی کے تیل سے دھوکر نیم گرم کان میں ڈالے تو
انشاءاللہ تعالیٰ کان کا درد جاتا رہے۔

برص کے مرض سے نجات کے لئے

اگر کسی کو خدانخواستہ برص کا مرض ہو جائے یا نارو یا کوئی اور موذی
مرض پیدا ہو جائے تو اس کے لئے مرض کے خاتمہ تک روزانہ فجر کی سنّت
اور فرض کے درمیان سورۃ الفاتحہ (الحمد شریف پوری) بمع بِسْمِ اللّٰہِ
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے چالیس مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر موذی مرض
سے نجات حاصل ہوگی لیکن شرط یہ ہے کہ روزانہ پابندی کے ساتھ بلاناغہ
پڑھے۔ اگر ناغہ ہو جائے تو از سرِ نو شروع کرے۔

ہر مشکل کے حل کے لئے

دینی یا دنیاوی مقصد میں کامیابی اور بڑی سے بڑی مشکل کے حل کے
لئے سورۃ الفاتحہ (الحمد شریف مکمل بمعہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
باوضو ایک ہزار مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے
انشاء اللہ تعالیٰ ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی اور بڑی سے بڑی مشکل
چاہے دین کی ہو یا دنیا کی حل ہو جائے گی۔ مجرب ہے۔

دولت میں ترقی کے لئے

دولت میں ترقی کے لئے ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ الحمد شریف
مکمل معہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے بعد نماز عشاء پڑھے
نہایت مفید ہے مگر جس وقت صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ
پر پہنچے تو اس کے بعد اتنا جملہ تین دفعہ کہے۔

مِثْلَ دَاوٗدَ وَسُلَیْمَانَ وَیُوْسُفَ عَلَیْھِمُ السَّلَامُ

اس کے بعد پھر آخری آیت پڑھے۔

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ

اسی طرح سورۃ الفاتحہ ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ پڑھ کر ختم کرے
اور دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ اکتالیس دن میں مال میں برکت اور تجارت
میں ترقی ہوگی۔

تنبیہ: اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔

اولاد کے لئے

(اگلے صفحہ پر)

اگر کسی شخص کے اولاد نہ ہوتی ہو اور وہ اولاد کے سلسلے میں مایوس
ہو چکا ہو تو سورۃ الفاتحہ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کو دستک دے۔
انشاء اللہ تعالیٰ اس کی گود میں بچے کھیلیں گے۔ ترکیب اس کی یہ ہے کہ
سورۃ الفاتحہ مکمل معہ بسم اللہ شریف کے ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ پڑھے۔
اور بعد آیت صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ
کے یہ جملہ تین مرتبہ پڑھے۔

مِثْلَ اِبْرَاھِیْمَ وَیَعْقُوْبَ عَلَیْھِمَا السَّلَامُ

اس کے بعد آخری آیت

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ

پڑھ کر سورۃ ختم کرلے اور دعا کرے۔ اس عمل کے اول و آخر میں درود شریف
گیارہ گیارہ مرتبہ ضرور پڑھے۔

لڑکا ہونے کے لئے

اسی طرح جس شخص کے لڑکیاں ہی لڑکیاں ہوں اور لڑکا نہ ہوتا
ہو تو اس کو سورۃ الفاتحہ ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ پڑھنی ہے۔ اول و آخر
گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پڑھنے کے دوران جب بھی یہ
آیت صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ
پڑھنے کے بعد تین دفعہ یہ جملہ کہے۔

مِثْلَ زَکَرِیَّا عَلَیْہِ السَّلَامُ

اس کے بعد آخری آیت

غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ

پڑھے اور دُعا مانگے۔ حصولِ مقصد تک اس کا روزانہ پڑھنا ضروری ہے۔

انشاءاللہ تعالیٰ پڑھنے والا اپنی مراد کو ضرور پہنچے گا۔ یہ عمل نہایت پُرزور اور باا‌ثر ہے۔ پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کی ذات پر مکمل اور مضبوط بھروسہ رکھے اور خلوصِ نیت سے پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ ضرور کامیاب ہوگا۔

الحمد شریف (سُوْرَۃُ الفَاتِحَۃ) کی زکوٰۃ کا طریقہ

اس کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ عامل گیارہ روزے متواتر (بلاناغہ) رکھے۔ سحری اور افطاری میں جَو کی روٹی کھائے اور روزہ مدینہ طیبہ کی کھجور یا آبِ زمزم سے افطار کرے۔ اس گیارہ دن کے عرصہ میں سُورۃ الفاتحہ بسم اللہ شریف کے ساتھ ایک لاکھ دس ہزار مرتبہ پڑھے۔ اگر دس ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے تو گیارہ دن میں ایک لاکھ دس ہزار مرتبہ ہوجائے گا۔ عمل باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر کرے اور عمل پڑھنے سے قبل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور اسی طرح عمل ختم کرنے کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

گیارہویں دن جب عمل ختم ہو فوراً مرگی والے یا دیوانہ مجنون پر دم کرے۔ اگر مریض وہاں موجود نہ ہو تو پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مریض فوراً تندرست ہو۔ مرگی، جنون اور سارے لاعلاج امراض کے لئے یہ عمل نہایت مُجرّب ہے۔

(پارہ ۱، سورۃ ۲) سُوْرَۃُ الْبَقَرَۃِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۴۰ آیات ۲۸۶

یہ سُورۃ بے شمار خوبیوں کی مالک ہے۔ آسیب، سحر، جادو، سفلی، جن بھوت سے نجات کے لئے بے نظیر ہے۔ اس کو روزانہ پڑھ کر گھر کے تمام افراد کو پانی پلایا جائے اور بلند آواز سے پڑھنے کی برکت سے جن آسیب اس گھر سے نکل جائیں۔

ہر قسم کی بیماری، جنون، پاگل پن، مرگی، بواسیر، برص، جذام۔

سے صحت کے لئے اس کا پڑھنا بے حد اکسیر ہے۔ اگر سُورۃ البقرۃ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے پاس رکھے تو انشاءاللہ تعالیٰ جملہ آفات و بلیّات سے محفوظ رہے۔

اس کے کل اعداد ۹۴۷۶۰۹ ہیں۔ پانچویں خانہ میں چال ہے اور اس کا مربع نقش ہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

۲۳۶۸۹۴	۲۳۶۹۰۸	۲۳۶۹۰۵	۲۳۶۹۰۲
۲۳۶۹۰۶	۲۳۶۹۰۱	۲۳۶۸۹۵	۲۳۶۹ ۷
۲۳۶۹۰۰	۲۳۶۹۰۳	۲۳۶۹۱۰	۲۳۶۸۹۶
۲۳۶۹۰۹	۲۳۶۸۹۷	۲۳۶۸۹۹	۲۳۶۹۰۴

ہر مقصد میں کامیابی

سورۃ البقرۃ سات مرتبہ جس مقصد میں کامیابی کی نیت سے پڑھے گا انشاءاللہ تعالیٰ اس میں کامیاب ہوگا۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

اگر کسی شخص کو دشمن سے خوف آتا ہے یا دشمن نقصان پہنچانا چاہتا ہے تو باوضو سورۃ البقرۃ مکمل لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے گلے میں لٹکا لے یا دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاءاللہ تعالیٰ کوئی دشمن اس کو نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ مُجرّب ہے۔

(پارہ ۳) (سورۃ ۳) سُوْرَۃُ اٰلِ عِمْرَانَ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۲۰ آیات ۲۰۰

اس سورۃ کا پڑھنے والا انشاء اللہ تعالیٰ با ایمان اٹھے گا اور اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔ اگر کسی کی کوئی چیز گم ہوگئی ہو تو اس کو اکتالیس (۴۱) دن تک روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ چیز مل جائے گی۔ حفاظتِ حمل کے لئے اس کا پڑھنا مفید ہے۔ اس کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریضہ کو پلائے تو انشاء اللہ تعالیٰ حمل قائم رہے گا۔

دل کی بے جا دھڑکن اور خفقانِ قلب کے لئے بھی اس کا پڑھنا بیحد نافع ہے۔ پڑھنا نہ جانتا ہو تو کسی سے پڑھوا کر پانی پر دم کرا کر رکھ لے اور تھوڑا تھوڑا پیتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔ روزگار اور شادی کے لئے بھی اس کا پڑھنا بے حد مفید ہے۔ قبولیتِ دعا اور بخار کے دفعیہ کے لئے بھی یہ سورۃ بہت نافع ہے۔

اس کا نقش مثلث ہے۔ اس کے کل اعداد ۱۸۴۹۵۶ ہیں اس کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے یا بازو پر باندھے تو انشاء اللہ تعالیٰ کسی کا محتاج نہ رہے گا اور غیب سے روزی کا انتظام ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۱۶۵۳	۶۱۶۴۸	۶۱۶۵۵
۶۱۶۵۴	۶۱۶۵۲	۶۱۶۵۰
۶۱۶۴۹	۶۱۶۵۶	۶۱۶۵۱

پیٹ کی جملہ تکالیف سے آرام

اگر کسی کے پیٹ میں کسی بھی قسم کی تکلیف ہو اور کسی طرح آرام نہ آتا ہو تو سورۃ آلِ عمران تیرہ (۱۳) مرتبہ خود پڑھ لے یا پڑھوا کر پانی پر دم

کر کے مریض کو پلا دے انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کے مرض سے صحت حاصل ہوگی۔

(پارہ ۴) (سورۃ ۴) سُوْرَۃُ النِّسَآءِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۲۴ آیات ۱۷۶

اس سورت کی تلاوت سے گناہوں سے چھٹکارا حاصل ہوتا ہے۔ اگر کوئی عورت یا مرد زنا میں مبتلا ہوں اول و آخر "گیارہ گیارہ" مرتبہ درود شریف اور درمیان میں سات مرتبہ سورۃ النساء پڑھ کر اس کا پانی پلائے اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ نیک صالح ہو جائیں گے۔ اس کے کل اعداد ۹۳۹۲۹۳ ہیں۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے یا بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے گناہ اور پریشانی سے محفوظ رہے گا۔ اس کا نقش مربع ہوگا اور چال پانچویں خانہ میں ہوگی۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۸۴۸۲۳	۲۸۴۸۲۶	۲۸۴۸۲۹	۲۸۴۸۱۵
۲۸۴۸۲۸	۲۸۴۸۱۶	۲۸۴۸۲۲	۲۸۴۸۲۷
۲۸۴۸۱۷	۲۸۴۸۳۱	۲۸۴۸۲۴	۲۸۴۸۲۱
۲۸۴۸۲۵	۲۸۴۸۲۰	۲۸۴۸۱۸	۲۸۴۸۳۰

(پارہ ۶) (سورۃ ۵) سُوْرَۃُ الْمَآئِدَۃِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۱۶ آیات ۱۲۰

یہ سورۃ بہت بابرکت ہے۔ اس کا پڑھنے والا ہمیشہ غیب سے روزی پائے گا اور فقر و فاقہ اور قرض سے محفوظ رہے گا۔ اس کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے یا بازو پر باندھے تو فقر و فاقہ سے محفوظ رہے گا۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۸۴۸۵۴۶ ہیں۔ نقش مبارک یہ ہے۔ نقش مربع ہے۔

۷۸۶

۲۱۲۱۳۶	۲۱۲۱۳۹	۲۱۲۱۴۲	۲۱۲۱۲۹
۲۱۲۱۴۱	۲۱۲۱۳۰	۲۱۲۱۳۵	۲۱۲۱۴۰
۲۱۲۱۳۱	۲۱۲۱۴۴	۲۱۲۱۳۷	۲۱۲۱۳۴
۲۱۲۱۳۸	۲۱۲۱۳۳	۲۱۲۱۳۲	۲۱۲۱۴۳

چوری ڈاکہ سے مال کی حفاظت

جو شخص باوضو سورۃ المائدہ کو ہرن کی کھال (ہرن کی کھال چاندی کا ورق بنانے والوں کے پاس مل جاتی ہے) پر لکھے اور صندوق میں رکھے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا مال چوری سے محفوظ ہو جائے گا۔ سفر کے سامان میں رکھ دے تو وہ بھی چوری نہ ہو اور محفوظ رہے۔

فاقہ، بھوک سے نجات اور عزت کے لئے

اگر کوئی شخص باوضو اکتالیس[۴۱] مرتبہ سورۃ المائدہ کو پڑھے تو اس کے گھر والے فاقہ سے محفوظ رہیں اور اس کا پڑھنے والا دنیا کے لوگوں کی نگاہ میں عزیز ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

(پارہ ۷) (سورۃ ۶) سُوْرَۃُ الْاَنْعَامِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲۰ آیات ۱۶۵

حاجت کے پورا کرنے اور مشکل کے حل کے واسطے سورۃ الانعام کی تلاوت بہت مفید ہے۔ عزت و منصب حاصل کرنے کے لئے اس کا نقش بہت فائدہ مند ہے۔ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے یا بازو پر باندھے۔ اس کا نقش مربع ہے۔ چال پانچویں خانہ میں ہے۔ کل اعداد ۹۳۵۳۲۹ ہیں۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۳۳۸۲۴	۲۳۳۸۳۸	۲۳۳۸۳۵	۲۳۳۸۲۲
۲۳۳۸۳۹	۲۳۳۸۳۱	۲۳۳۸۲۵	۲۳۳۸۲۷
۲۳۳۸۳۰	۲۳۳۸۳۳	۲۳۳۸۳۰	۲۳۳۸۲۶
۲۳۳۸۲۹	۲۳۳۸۲۸	۲۳۳۸۲۹	۲۳۳۸۳۳

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

جو شخص سورۃ الانعام کو باوضو اکتالیس[۴۱] مرتبہ پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

دشمنوں پر کامیابی کے لئے

دشمن کے دفع کرنے کی نیت سے سورۃ الانعام کو تین[۳] مرتبہ پڑھنا نہایت اکسیر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوگا۔

جانور کی حفاظت کے لئے

اگر کوئی باوضو سورۃ الانعام کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کر کے گھوڑے، اونٹ، گائے، بکری یا دوسرے جانوروں کے باندھے تو جانور تمام بیماریوں سے محفوظ رہے انشاء اللہ تعالیٰ۔

(پارہ ۸) (سورۃ ۷) سُوْرَۃُ الْاَعْرَافِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲۴ آیات ۲۰۶

جملہ مصائب و آفات سے حفاظت کے لئے اس کا پڑھنا بہت مفید ہے۔ اگر جابر و ظالم حکمران کے سامنے جانا ہو تو تین[۳] بار یہ سورۃ مبارکہ پڑھ کر جائے تو حکمراں ظلم سے باز رہے اور رحمدلی سے پیش آئے۔ اس سورۃ کا نقش مربع ہے اس کی چال نویں خانہ میں ہے۔ جو شخص اس نقش کو باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے یا اپنے داہنے بازو پر باندھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے امن و امان سے رہے اور کسی قسم کا نقصان اسے نہ پہنچے۔ نیز جادو، فالج، لقوہ کے اثر سے محفوظ رکھنے میں یہ سورۃ پُر تاثیر ہے۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۲۵۳۵۹۲ ہیں۔ نقش مربع ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۳۳۹۷	۶۳۴۰۱	۶۳۴۰۴	۶۳۳۹۰
۶۳۴۰۳	۶۳۳۹۱	۶۳۳۹۶	۶۳۴۰۲
۶۳۳۹۲	۶۳۴۰۶	۶۳۳۹۹	۶۳۳۹۵
۶۳۴۰۰	۶۳۳۹۴	۶۳۳۹۳	۶۳۴۰۵

آنکھ کی تکلیف اور زخم سے آرام کیلئے

اگر کوئی شخص باوضو عرق گلاب اور زعفران سے سورۃ الاعراف کو پاک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے پاس رکھے وہ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھ کی تکلیف اور آنکھ کے زخم سے صحتیاب ہوگا۔

موذی جانور کے کاٹنے سے حفاظت، دشمن سے حفاظت

جو کوئی شخص باوضو سورۃ الاعراف کو گلاب و زعفران سے لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے تو انشاء اللہ تعالیٰ موذی جانور کے کاٹنے سے محفوظ رہے گا، دشمن سے بھی حفاظت رہے گی اور راستہ بھولنے سے بھی محفوظ رہے گا۔

خوف سے امن اور جان کی صحت کے لئے

جو شخص سورۃ اعراف تین ۳ مرتبہ پڑھے وہ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے خوف سے امن میں ہوگا اور اس کی صحت قائم رہے گی۔

(پارہ ۹) (سورۃ ۸) سُوْرَۃُ الْاَنْفَالِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۱۰ آیات ۷۵

ہر حاجت کے واسطے سورۃ الانفال کا پڑھنا بہت مفید ہے۔ اگر کوئی ناحق قید ہوگیا ہو تو اس کی روزانہ تلاوت سے وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رہا ہوجائے۔ نیز اس کا پڑھنے والا ہمیشہ کامیاب رہے، عزت حاصل ہو، دشمنوں پر ہیبت طاری ہو۔ اس کا نقش مربع ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے پاس رکھے یا گلے میں ڈالے یا بازو پر باندھے تو اس کی برکت سے ہر مشکل آسان ہوگی۔ اس کے کُل اعداد ۴۱۲۳۷۵ ہیں۔ چال تیرھویں خانہ میں ہے۔ یعنی تیرھویں خانہ میں ایک عدد مزید بڑھادے۔ نقش مربع ہے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۰۳۰۹۳	۱۰۳۰۹۶	۱۰۳۱۰۰	۱۰۳۰۸۶
۱۰۳۰۹۹	۱۰۳۰۸۷	۱۰۳۰۹۲	۱۰۳۰۹۷
۱۰۳۰۸۸	۱۰۳۱۰۲	۱۰۳۰۹۴	۱۰۳۰۹۱
۱۰۳۰۹۵	۱۰۳۰۹۰	۱۰۳۰۸۹	۱۰۳۱۰۱

حاکم کے مہربان ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص حاکم یا عدالت یا کسی ظالم کے پاس جانا چاہے اور پریشان ہو تو اس کو چاہیئے کہ سورۃ الانفال لکھے اور موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم اس کے ساتھ نرمی سے پیش آئے گا۔

جیل سے رہائی اور دشمنوں سے حفاظت کیلئے

جو کوئی شخص قید ہوگیا ہو یا دشمنوں کے نقصان پہنچانے کا اندیشہ

ہو تو باوضو ایک بیٹھک میں سورۃ الانفال کو سات مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جیل سے رہائی حاصل ہوگی اور دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

(پارہ ۱۰)(سورۃ ۹) سُوْرَةُ التَّوْبَةِ مَدَنِيَّةٌ رکوع ۱۶ آیات ۱۲۹

ظالم حاکم کو رحمدل بنانے کے لئے اس سورت کی کثرت سے تلاوت بہت مفید ہے۔ اس سورۃ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے گلے میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھ لے اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہر جگہ عزت حاصل ہوگی۔ ظالم حاکم نرم ہوگا جہاں جائے اس کی ہیبت قائم ہو۔ اس کا نقش گھر میں لگائے تو گھر چوری ڈاکہ سے محفوظ ہو جائے۔ اس کا نقش مربع ہے۔ اس کے کل اعداد ۷۰۳۶۱۵ ہیں۔ اور چال تیرھویں خانہ میں ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۵۸۹۶	۱۷۵۹۱۰	۱۷۵۹۰۶	۱۷۵۹۰۳
۱۷۵۹۰۷	۱۷۵۹۰۲	۱۷۵۸۹۷	۱۷۵۹۰۹
۱۷۵۹۰۱	۱۷۵۹۰۴	۱۷۵۹۱۲	۱۷۵۸۹۸
۱۷۵۹۱۱	۱۷۵۸۹۹	۱۷۵۹۰۰	۱۷۵۹۰۵

ہر مشکل مہم اور افسران کے سامنے جانے کے لئے

جس شخص کو سخت مشکل درپیش ہو یا کسی افسر کے سامنے پیشی ہو تو سورۃ التوبہ گیارہ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

(پارہ ۱۱)(سورۃ ۱۰) سُوْرَةُ يُوْنُسَ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱۱ آیات ۱۰۹

دشمن پر فتح پانے اور غلبہ حاصل کرنے کے لئے سورۃ یونس کی تلاوت بہت اکسیر ہے۔ اس کی کثرت سے تلاوت آدمی کو فتح و ظفر سے ہمکنار کرتی ہے۔

ہر مشکل کے لئے اس کی تلاوت اس مشکل کو آسان بنا دیتی ہے۔ اس سورۃ کا نقش مربع ہے۔ اس کے کل اعداد ۵۵۰۱۰۸ ہیں اور چال نویں خانہ میں ہے۔ اس سورۃ کا نقش باوضو لکھ کر اور موم جامہ کرکے جو شخص اپنے گلے یا بازو پر باندھے وہ ہر قسم کے ظلم و زیادتی سے محفوظ رہے اور حاکم اس پر مہربان ہو۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۳۷۵۱۹	۱۳۷۵۳۳	۱۳۷۵۳۰	۱۳۷۵۲۶
۱۳۷۵۳۱	۱۳۷۵۲۵	۱۳۷۵۲۰	۱۳۷۵۳۲
۱۳۷۵۲۴	۱۳۷۵۲۸	۱۳۷۵۳۵	۱۳۷۵۲۱
۱۳۷۵۳۴	۱۳۷۵۲۲	۱۳۷۵۲۳	۱۳۷۵۲۹

مُشکلات کے حَل کے لئے

سُورۃ یونس کو دو مرتبہ باوضو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جملہ مشکلات حل ہوں گی۔ مجرب ہے۔

(پارہ ۱۲)(سورۃ ۱۱) سُوْرَةُ هُوْدٍ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱۰ آیات ۱۲۳

ہر مشکل گھڑی میں سورۃ ھود کی تلاوت بہت فائدہ مند ہے۔ اس کے پڑھنے سے دشمن مغلوب رہتا ہے۔ اگر کوئی شخص باوضو اس سُورۃ پاک کا نقش لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں باندھے یا دائیں بازو پر باندھ لے تو ہر طرح کے خوف و ڈر سے آزاد ہو جائے گا اور دشمن پر غلبہ حاصل ہوگا۔ اس کے کل اعداد ۵۱۲۰۱۱ ہیں اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔

نقش مربع ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۸۶۹۵	۱۲۸۶۹۸	۱۲۸۷۰۱	۱۲۸۶۸۷
۱۲۸۷۰۰	۱۲۸۶۸۸	۱۲۸۶۹۴	۱۲۸۶۹۹
۱۲۸۶۸۹	۱۲۸۷۰۳	۱۲۸۶۹۶	۱۲۸۶۹۳
۱۲۸۶۹۷	۱۲۸۶۹۲	۱۲۸۶۹۰	۱۲۸۷۰۲

جُملہ مُہمات میں کامیابی کے لئے

جملہ مہمات میں کامیابی کے لئے ایک مرتبہ باوضو سُورۂ ھود کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی۔

(پارہ ۱۲)(سورۃ ۱۲) سُوْرَۃُ یُوسُفَ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱۲ آیات ۱۱۱

ہر قسم کی حاجت برآری اور ضرورت کے لئے سورۂ یوسف کی تلاوت بہت اہم ہے۔ اگر کوئی شخص اپنے عہدے سے معزول ہوگیا ہو یا نوکری سے نکال دیا گیا ہو تو اس کی کثرت سے تلاوت کرے انشاء اللہ تعالیٰ واپس اپنے عہدے پر بحال ہوگا۔ اگر غریب ونادار ہو تو اس کی تلاوت کرنے سے بحکم خدا غنی اور مالدار ہوجائے گا۔ اس کے کل اعداد ۵۰۳۹۸۰ ہیں اور چال نوری خانہ میں ہے۔ اس سُورۃ مبارکہ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے یا داہنی بازو میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے باندھنے سے منصب وعہدہ میں ترقی ہوگی اور دنیا میں عزت کی نگاہ سے دیکھا جائیگا۔ نقش مربع ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۲۵۹۹۴	۱۲۵۹۹۸	۱۲۶۰۰۱	۱۲۵۹۸۷
۱۲۶۰۰۰	۱۲۵۹۸۸	۱۲۵۹۹۳	۱۲۵۹۹۹
۱۲۵۹۸۹	۱۲۶۰۰۳	۱۲۵۹۹۶	۱۲۵۹۹۲
۱۲۵۹۹۷	۱۲۵۹۹۱	۱۲۵۹۹۰	۱۲۶۰۰۲

جملہ مہمات میں کامیابی کے لئے

جملہ مہمات میں کامیابی کے لئے روزانہ سورۂ یوسف ایک بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی ہوگی

قرآن پاک حفظ کرنے کے لئے

جو شخص قرآن پاک حفظ کرنا چاہتا ہے تو سب سے پہلے سورۂ یوسف حفظ کرے انشاء اللہ تعالیٰ قرآن پاک بآسانی حفظ ہوگا۔

(پارہ ۱۳)(سورۃ ۱۳) سُوْرَۃُ الرَّعْدِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۶ آیات ۴۳

اگر بچہ کثرت سے روتا ہے تو اس پر پڑھ کر دم کرنے سے بچہ ہشاش بشاش رہے اس کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے یا داہنی بازو پہ باندھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ شخص آسیب وجن کے اثر سے محفوظ رہے گا اور ظالم حاکم کے شر سے محفوظ رہے گا۔ اس کا نقش مثلث ہے۔ اس سورہ کے اعداد ۲۴۴۶۹۲ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۱۵۶۵	۸۱۵۶۰	۸۱۵۶۷
۸۱۵۶۶	۸۱۵۶۴	۸۱۵۶۲
۸۱۵۶۱	۸۱۵۶۸	۸۱۵۶۳

جیل سے رہائی اور بچّہ کا رونا موقُوف

جیل خانہ سے رہائی کے لئے باوضو مغرب اور عشاء کے درمیان اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھے۔ اور اگر بچہ روتا ہو تو تین (۳) مرتبہ پڑھ کر بچے پر دم کرے۔ مجرب ہے۔

(پارہ ۱۳) (سورۃ ۱۴) سُوْرَۃُ اِبْرَاھِیْمَ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۷ آیات ۵۲

یہ سورۃ سحر سے نجات کے لئے بہت مفید ہے۔ اگر کسی شخص کی قوتِ مردمی سحر کے ذریعہ باندھ دی گئی ہو تو روزانہ تین ۳ مرتبہ سورۃ ابراہیم کی تلاوت کرنے سے سحر باطل ہوگا اور اصلی قوتِ مردمی بحال ہوجائے گی۔ اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے وہ مرد اپنی اصلی حالت پر آجائے گا۔

اس سُورۃ کا نقش بچہ کے رونے، نظرِ بد سے نجات اور حصولِ دولت کے لئے بہت اہم ہے۔ اس کا نقش باوضو لکھے اور بچہ کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ہر قسم کی نظر بد، بیماری اور رونے سے محفوظ رہے گا۔ اس کا نقش مربع ہوگا۔ اس کے کل اعداد ۲۴۵۸۱۸ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

٦١٣٥٣	٦١٣٥٧	٦١٣٦٠	٦١٣٤٧
٦١٣٥٩	٦١٣٤٨	٦١٣٥٣	٦١٣٥٨
٦١٣٤٩	٦١٣٦٢	٦١٣٥٥	٦١٣٥٢
٦١٣٥٦	٦١٣٥١	٦١٣٥٠	٦١٣٦١

دُشمنی دُور کرنے کے لئے

جو شخص سُورۃ ابراھیم کو سات مرتبہ پڑھے گا تو اس کے دشمن ذلیل ہوں گے اور دشمنوں سے نجات حاصل ہوگی۔

(پارہ ۱۴) (سورۃ ۱۵) سُوْرَۃُ الْحِجْرِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۶ آیات ۹۹

اگر کوئی شخص سُورۃ حجر کو زعفران کے پانی سے باوضو لکھے اور پاک پانی سے دھوکر عورت کو پلائے تو بحکم خدا اس کا دودھ بہت زیادہ ہو۔ جب کوئی چیز خریدے یا فروخت کرے اگر اس پر سورۃ حجر پڑھ کر

دم کردے تو اس مال میں برکت ہوگی۔ اگر اس سورۃ کا نقش زعفران سے لکھ کر اپنے مال ومتاع میں رکھ دے تو انشاء اللہ تعالیٰ جملہ مال چوری سے محفوظ ہوجائے گا اور چور اسے چُرا نہ سکے گا۔

اس کا نقش اعداد کے حساب سے بھرا جائے سب سے پہلے پہلا خانہ جس میں ایک عدد لکھا ہے پھر دوسرا خانہ جس میں ۲ کا عدد لکھا ہے اسی طرح جملہ خانے بھریں۔ ایک سے لے کر ۹ تک کے اعداد کا نقش سے کوئی تعلق نہیں یہ صرف نقش بھرنے کی چال بتانے کے لئے ہیں۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۱۷۶۷۰۹ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

٦ ٥٨٩٠٤	١ ٥٨٨٩٩	٨ ٥٨٩٠٦
٧ ٥٨٩٠٥	٥ ٥٨٩٠٣	٣ ٥٨٩٠١
٢ ٥٨٩ ٠	٩ ٥٨٩٠٧	٤ ٥٨٩٠٢

خرید وفروخت میں برکت

جو کوئی شخص خرید وفروخت کرنے سے قبل تین ۳ مرتبہ سُورۃ الحجر پڑھے تو ہر ایک چیز میں برکت ونفع ہو۔ نقصان سے محفوظ رہے۔

(پارہ ۱۴) (سورۃ ۱۶) سُوْرَۃُ النَّحْلِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱۶ آیات ۱۲۸

اگر کسی شخص کے دشمن اسے جان سے مارنا چاہتے ہوں اور اسے ہلاکت کا خوف ہو تو سُورۃ نحل کو ایک بیٹھک میں ایک آدمی یا کئی آدمی ایک ایک بار پڑھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اس کے فرماں بردار ہوں گے اگر اطاعت نہ کی تو پریشان اور ذلیل وخوار ہوں گے۔

اگر کوئی شخص اس سورۃ کا نقش اپنے پاس باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے یا دائیں بازو پر باندھ لے تو دشمن اس کا ذلیل ہو اور دشمن اس پر قابو نہ پا سکے۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۵۲۰۱۸۸ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۳۳۹۹	۱۷۳۳۹۲	۱۷۳۳۹۷
۱۷۳۳۹۴	۱۷۳۳۹۶	۱۷۳۳۹۸
۱۷۳۳۹۵	۱۷۳۴۰۰	۱۷۳۳۹۳

دشمنوں میں تفرقہ ڈالنے کے لئے

اگر کسی کے دشمن جتھا بنا کر اور ایک جگہ ہو کر نقصان پہنچانا چاہتے ہوں تو سورۃ النحل کو تین مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن منتشر ہو جائیں گے۔

(پارہ ۱۵) (سورۃ ۱۷) سُوْرَۃُ بَنِیْ اِسْرَآءِیْلَ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱۲ آیات ۱۱۱

سورۃ بنی اسرائیل کا روزانہ باوضو تین مرتبہ پڑھنا، دو جہان کی ترقی، کامیابی، ترقی مراتب و عزت اور سارے جہاں کی مشکلیں حل کرنے کے لئے نہایت مجرب اور مفید ہے۔

حاجت روائی کے لئے

جب کوئی حاجت پیش آئے تو سات بار سورۃ بنی اسرائیل پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔ جب تک حاجت پوری نہ ہو برابر پڑھتا رہے ناغہ نہ کرے اور نہ بددل ہو کر چھوڑے، انشاء اللہ تعالیٰ یقیناً کامیابی ہوگی۔

قیدی کی رہائی کے لئے

سورۃ بنی اسرائیل کو قیدی کی رہائی کے لئے روزانہ باوضو دس بار پڑھے ناغہ نہ کرے انشاء اللہ تعالیٰ قیدی جلد ہی قید سے رہا ہوگا۔

حاسدوں اور دشمنوں کی شرارت سے حفاظت

دشمنی اور حسد کرنے والوں کی غیبت اور بدگوئی سے حفاظت کے لئے روزانہ باوضو دس بار پڑھنا بہت مجرب ہے۔ اس کا پڑھنے والا دشمنوں اور حاسدوں کی دشمنی اور شرارت سے محفوظ رہتا ہے اور دشمن اور حاسد ناکام رہتے ہیں۔

بچے کی زبان سے لکنت دور کرنا

اگر کسی بچے کی زبان میں لکنت ہے اور وہ بات کرتے میں اٹکتا ہے یا بات کرتے وقت اس کی زبان پھرتی ہے تو عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے پاک کاغذ پر سورۃ بنی اسرائیل کو لکھے اور پانی سے گھول کر روزانہ بچے کو پلائے تو کچھ عرصہ کے بعد اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بچے کی زبان کی لکنت ختم ہو جائیگی۔

شکار یا دشمن پر یقینی حملہ

اگر کوئی شخص سبز کپڑے پر باوضو سورۃ بنی اسرائیل کو تحریر کرے اور کمان کے قبضے پر باندھے یا بندوق یا پستول کی نال پر باندھے تو انشاء اللہ تعالیٰ نشانہ ٹھیک لگے گا کبھی خطا نہ ہوگا۔

کند ذہن بچے کا ذہن کھولنا

اگر لڑکا یا لڑکی کند ذہن ہو اور سبق یاد نہ ہوتا ہو یا یاد کر کے بھول جاتا

ہو تو سورۃ بنی اسرائیل کو باوضو عرقِ گلاب میں زعفران کو حل کرکے اس سے پوری سورۃ لکھے اور پانی میں گھول کر روزانہ بچے کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ اس کا ذہن کھل جائے گا اور حافظہ بحال ہو جائے گا۔ جو پڑھے گا یاد رہے گا۔ مُجرّب ہے۔

دشمن کی شرارت سے حفاظت

اگر دشمن زبان دراز ہو اور اپنی شرارتوں سے باز نہ آتا ہو تو باوضو سورۃ بنی اسرائیل کا نقش لکھے اور موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھ لے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بند ہو جائے گی اور وہ اپنی شرارتوں سے باز آجائے گا۔ کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

اس سورۂ مبارکہ کے کل اعداد ۳۸۶۱۲ ہیں اور چال خانہ یحیم ہیں ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۶۳۵	۹۶۵۹	۹۶۵۶	۹۶۵۳
۹۶۵۷	۹۶۵۲	۹۶۳۶	۹۶۵۸
۹۶۵۱	۹۶۵۴	۹۶۶۱	۹۶۳۷
۹۶۶۰	۹۶۴۸	۹۶۵۰	۹۶۵۵

پارہ ۱۵ (سورۃ ۱۸) سُوْرَۃُ الْکَھْفِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱۲ آیات ۱۱۰

سورۂ کہف کا جمعہ کے دن پڑھنا زمین سے آسمان تک نور پیدا کرتا ہے اور آٹھ دن تک وہ نور برقرار قائم رہتا ہے پھر اس کے پڑھنے والے کو یہ سارا نور قبر میں اور حشر کے بعد قیامت میں دیا جائے گا۔ اس سورت کا روزانہ تلاوت کرنا ایمان کی قوت کو زیادہ کرتا ہے اور نور ایمان میں ترقی بخشتا ہے۔

شیطان اور چور سے حفاظت

جس مکان میں سورۂ کہف پڑھی جائے گی اس مکان میں کوئی شیطان یا چور داخل نہ ہو سکے گا اور نہ اس گھر والوں کو کوئی نقصان پہنچا سکے گا۔

وقت مقرّرہ پر جاگ اٹھنا

اگر کسی شخص کو رات کے وقت جاگنا منظور ہو اور کوئی جگانے والا نہ ہو اور خود بھی اُٹھنے کی امید نہ ہو تو وہ شخص نمازِ عشاء کے بعد سورۂ کہف پڑھ کر سو جائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جس وقت اٹھنے کا ارادہ کرے گا بحکم خدا اسی وقت آنکھ کھُل جائے گی مجرّب عمل ہے۔

قرض سے نجات

جو شخص قرض میں گرفتار ہو اور قرض اترنا مشکل ہو گیا ہو تو بعد نماز جمعہ سورۂ کہف سات بار پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے پوری توجّہ و یکسوئی کے ساتھ دعائیں مانگا کرے انشاءاللہ تعالیٰ اس کا قرضہ اُتر جائے گا۔

طاعون، برص، جذام، فتنۂ دجال سے حفاظت

اگر کوئی شخص باوضو روزانہ سورۂ کہف کی تلاوت کرتا رہے تو وہ شخص اور وہ گھر اور اس کے جملہ رہنے والے طاعون، برص، جذام اور فتنۂ دجّال سے بحکم خدا تعالیٰ محفوظ رہیں گے۔

دشمن سے حفاظت

اگر کوئی شخص اس سورۃ کے اعداد کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے

اپنے گلے میں ڈالے یا داہنے بازو پر باندھے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ ہر بلا سے محفوظ رہے گا اور ہر قسم کے دشمن سے کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔ اور دشمن اس کی غیبت چغلی اور بدگوئی نہ کر سکے گا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہ دشمن کے ہر حملہ سے امن میں رہے گا۔

اس سُورۃ کے کل اعداد ۵۰۵۱۷ ہیں اور حیال خانۂ پنجم میں ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۶۳۷۹	۱۲۶۳۸۲	۱۲۶۳۸۵	۱۲۶۳۷۱
۱۲۶۳۸۴	۱۲۶۳۷۲	۱۲۶۳۷۸	۱۲۶۳۸۳
۱۲۶۳۷۳	۱۲۶۳۸۷	۱۲۶۳۸۰	۱۲۶۳۷۷
۱۲۶۳۸۱	۱۲۶۳۷۶	۱۲۶۳۷۴	۱۲۶۳۸۶

(پارہ ۱۶) (سورۃ طٰہٰ) سُوْرَۃُ مَرْیَمَ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۶ آیات ۹۸

اس سورۃ کی روزانہ تلاوت سے غنائے ظاہری و باطنی حاصل ہوتا ہے۔ تنگی معاش سے نجات حاصل ہوتی ہے۔

روزی کی تنگی

جو شخص روزی کی کمی کے سبب پریشان رہتا ہو اور آمدنی کم ہونے کی وجہ سے گذارہ مشکل ہو گیا ہو تو باوضو روزانہ سات مرتبہ سورۃ مریم کی تلاوت کیا کرے اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ سے گڑگڑا کر دعا مانگ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی روزی میں اضافہ ہوگا اور پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔

حاجت روائی کے لئے

(اگلے صفحہ پر)

اگر کسی شخص کو کوئی حاجت پیش آجائے تو اس کے لئے باوضو تین ۳ بار سُورۃ مریم کی تلاوت کرے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اس کی حاجت پوری ہوگی۔

قوّتِ مردمی کی بحالی

اگر کسی دشمن نے کسی نوجوان کی قوّتِ مردمی باندھ دی ہو اور وہ پریشان ہو تو اسے چاہیئے کہ باوضو تین ۳ بار سورۃ مریم پڑھ کر دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی مردمی قوت بحال ہو جائے گی۔ اگر خود پڑھنا نہ جانتا ہو تو کسی سے تین ۳ مرتبہ پڑھوا کر پانی پر دم کرالے اور روزانہ وہ پانی پیئے۔ جب تک طاقت بحال نہ ہو پانی پیتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحتیاب ہوگا۔

آفات و بلیات سے حفاظت

جو شخص باوضو عرق گلاب میں زعفران کو گھول کر اس سے یہ سُورت لکھے اور اس کو پانی میں گھول کر پیئے تو بفضلِ خدا ہر قسم کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔

باغ کی سرسبزی

اگر باغ ویران ہو گیا ہو درخت سوکھ گئے ہوں یا درختوں نے پھل دینا بند کر دیا ہو تو ویران شدہ باغ میں درختوں کے ساتھ اس سورت کا نقش باوضو لکھ کر باندھے اور اس باغ کو پانی دے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے باغ سرسبز اور ترو تازہ ہو جائے گا اور خوب پھل دے گا۔

اس سورہ کے کل اعداد ۲۸۹۶۴۴ ہیں۔

نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۹۶۵۵۱	۹۶۵۴۴	۹۶۵۴۹
۹۶۵۴۶	۹۶۵۴۸	۹۶۵۵۰
۹۶۵۴۷	۹۶۵۵۲	۹۶۵۴۵

(پارہ ۱۶) (سورۃ ۲۰) سُوْرَۃُ طٰہٰ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۸ آیات ۱۳۵

اس سورۃ کا روزانہ باوضو پابندی سے تلاوت کرنے والا سحر جادو سے محفوظ رہتا ہے۔ نیز اس کا پڑھنے والا روزی کی تنگی سے محفوظ رہتا ہے۔

لڑکی کی شادی کے لئے

اگر کوئی لڑکی شادی کے قابل ہو اور رشتہ نہ آتا ہو یا شادی میں رکاوٹ ہو تو اکیس ۲۱ بار روزانہ سُورۃ طٰہٰ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مناسب جگہ رشتہ طے ہو جائے گا۔

نیک مرد سے رشتہ کے لئے

اگر یہ چاہت ہو کہ لڑکی کا رشتہ کسی نیک مرد سے ہو جائے تو سورۃ طٰہٰ کو باوضو کسی ریشمی کپڑے پر لکھ کر موم جامہ کرکے لڑکی کے گلے میں ڈال دے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے رشتہ اور شادی کسی نیک مرد سے ہو جائے گی اور اولاد نیک پیدا ہو گی۔

سحر و جادو سے حفاظت

اگر کوئی شخص باوضو اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے بازو پر باندھ لے تو خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے سحر و جادو سفلی سے محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۳۹۹۲۸۳ ہیں اور چال تیرہویں خانہ میں ہے۔

۷۸۶

۹۹۸۱۳	۹۹۸۲۷	۹۹۸۲۳	۹۹۸۲۰
۹۹۸۲۴	۹۹۸۱۹	۹۹۸۱۴	۹۹۸۲۶
۹۹۸۱۸	۹۹۸۲۱	۹۹۸۲۹	۹۹۸۱۵
۹۹۸۲۸	۹۹۸۱۶	۹۹۸۱۷	۹۹۸۲۲

(پارہ ۱۷) (سورۃ ۲۱) سُوْرَۃُ الْاَنْبِیَآءِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۷ آیات ۱۱۲

اگر کوئی شخص پریشان حال ہو اور اکثر پریشان اور غم زدہ رہتا ہو تو ہر روز باوضو تین ۳ بار سورۃ انبیاء پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی تمام غم اور پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔

دفع دشمنان کے لئے

اگر کسی کے دشمن مقابل آجائیں یا ان سے مقابلہ پیش آجائے تو باوضو اکیلے بیٹھ کر سورۃ انبیاء پچیس ۲۵ مرتبہ پڑھے یا کچھ افراد ایک جگہ جمع ہو کر پڑھ لیں انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہو جائے گا اور ہر طرح حفاظت رہے گی۔

دشمن کی مغلوبی کے لئے

سورۃ انبیاء کا نقش دشمن کی مغلوبی کے لئے تیر بہدف ہے۔ اس نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھ لے۔ اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم سے دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۳۸۲۲۱۹ ہیں اور چال تیرہویں خانہ میں ہے۔ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۹۵۵۵۴	۹۵۵۵۷	۹۵۵۶۱	۹۵۵۴۷
۹۵۵۶۰	۹۵۵۴۸	۹۵۵۵۳	۹۵۵۵۸
۹۵۵۴۹	۹۵۵۶۳	۹۵۵۵۵	۹۵۵۵۲
۹۵۵۵۶	۹۵۵۵۱	۹۵۵۵۰	۹۵۵۶۲

(پارہ ۱۷) (سورۃ ۲۲) سُوْرَۃُ الْحَجِّ مَدَنِيَّةٌ رکوع ۱۰ آیات ۷۸

جب کسی شخص کو کوئی سمندری یا دریائی سفر درپیش ہو تو جہاز یا کشتی میں سوار ہونے سے قبل باوضو تین مرتبہ اس سورۃ کو پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جہاز یا کشتی بخیریت منزلِ مقصود پر پہنچیں گے اور ہر قسم کے نقصان یا ڈوبنے سے محفوظ رہیں گے۔

کشتی کی غرقابی سے حفاظت

اگر کشتی مچھلی پکڑنے سمندر یا دریا میں جاتی ہے یا مسافروں کو لے کر سفر کرتی ہے تو اس کی حفاظت کے لئے سفر سے قبل باوضو اس سورت کو سات مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ کی رحمت سے کشتی ڈوبنے سے محفوظ رہے گی اور اس کو کوئی نقصان نہ پہنچے گا۔

جملہ آفات و بلیات سے حفاظت

اگر اس سورۃ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پہ باندھ لے تو انشاءاللہ تعالیٰ جملہ آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔

اس سورہ کے کل اعداد ۳۸۲۲۴۴ ہیں۔
نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۱۲۷۴۴۹	۱۲۷۴۴۴	۱۲۷۴۵۱
۱۲۷۴۵۰	۱۲۷۴۴۸	۱۲۷۴۴۶
۱۲۷۴۴۵	۱۲۷۴۵۲	۱۲۷۴۴۷

(پارہ ۱۸) (سورۃ ۲۳) سُوْرَۃُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ رکوع ۶ آیات ۱۱۸

نماز پڑھنے میں بہت سستی کاہلی ہوتی ہے۔ نماز پڑھنا مشکل ہو جاتا ہے اور ہر وقت گناہوں کا خیال آتا رہتا ہے۔ بُرے بُرے وسوسے دل میں پیدا ہوتے ہیں اور گناہوں سے بچنا مشکل ہو جاتا ہے تو ایسی تمام صورتوں میں ضروری ہے کہ باوضو سورۃ المؤمنون کو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے اول سے آخر تک پوری لکھے اور موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کے گناہ اور نماز میں سستی و کاہلی اور بُرے بُرے وساوس سے محفوظ رہے گا۔

شراب، ہیروئن، زنا، سٹہ، جوا کی عادت سے نجات

اگر کوئی شخص شراب، ہیروئن، چرس، سٹہ، جُوا، سُود، زنا اور دیگر گناہوں میں بُری طرح مبتلا ہو اور اسے یہ گناہ چھوڑنا مشکل معلوم ہو تو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے باوضو سفید کپڑے پر اس سورت کو لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے۔ انشاءاللہ تعالیٰ وہ شخص ان بُری عادتوں سے توبہ کر لے گا اور نیک و عبادت گذار بن جائے گا۔

افلاس و تنگی دور کرنا

گھر میں افلاس اور تنگی کی وجہ سے پریشانی رہتی ہو تو اس سورۃ کے نقش کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے یا دائیں بازو پر باندھ لے

عورت گلے میں ڈالے یا بائیں بازو پر باندھے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے افلاس اور روزی کی تنگی دور ہوگی اور گھر میں خوشحالی آئے گی۔

اس سورت کے کل اعداد ۳۵۱۷۱۴ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۱۷۲۳۹	۱۱۷۲۳۴	۱۱۷۲۴۱
۱۱۷۲۴۰	۱۱۷۲۳۸	۱۱۷۲۳۶
۱۱۷۲۳۵	۱۱۷۲۴۲	۱۱۷۲۳۷

پارہ ۱۸ (سورۃ ۲۴) سُوْرَۃُ النُّوْرِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۹ آیات ۶۴

اگر کسی شخص کو دشمن بہت تنگ کرتے ہوں اور طرح طرح سے زبان درازی اور تہمت بازی کرتے ہوں تو اس سورۃ کو روزانہ باوضو دن میں کسی وقت ایک ہی بیٹھک میں پانچ مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان، چغلی، الزام تراشی اور نقصان پہنچانے سے باز رہے گی۔

احتلام کی روک تھام

اگر کسی شخص کو بکثرت احتلام ہوتا ہو تو روزانہ باوضو تین بار اس سورۃ کو پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلے اور پانی پر دم کرکے پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ احتلام سے محفوظ رہے گا۔

شیطانی وسوسوں سے حفاظت

اگر کسی کو شیطانی وسوسے بہت آتے ہوں تو سورۃ نور کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شیطانی وسوسوں سے محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۴۰۲۴۵۷ ہیں اور چال خانہ پنجم میں ہے۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۰۰۶۱۴	۱۰۰۶۱۷	۱۰۰۶۲۰	۱۰۰۶۰۶
۱۰۰۶۱۹	۱۰۰۶۰۷	۱۰۰۶۱۳	۱۰۰۶۱۸
۱۰۰۶۰۸	۱۰۰۶۲۲	۱۰۰۶۱۵	۱۰۰۶۱۲
۱۰۰۶۱۶	۱۰۰۶۱۱	۱۰۰۶۰۹	۱۰۰۶۲۱

پارہ ۱۸ (سورۃ ۲۵) سُوْرَۃُ الْفُرْقَانِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۶ آیات ۷۷

دشمن کی ہلاکت کے لئے روزانہ اٹھائیس مرتبہ اس سورۃ کو پڑھے بحکم خدا دشمن ہلاک ہوگا۔ اس عمل کو کرنے سے قبل کسی عالم دین اور خدا ترس شخص سے مشورہ کرلے ورنہ قتل کا گناہ ہوگا۔

ظالم کے ظلم سے حفاظت

اگر کسی کو کوئی ظالم شخص ناحق ستاتا ہو اور ہر وقت درپئے آزار رہتا ہو تو اس سورۃ کو ایک سو آٹھ (۱۰۸) مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

ظلم سے نجات

اس سورۃ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ ظلم سے محفوظ رہے گا۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۲۰۹۵۷۵ ہیں اور چال تیرہویں خانہ میں ہے۔

نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۵۲۳۹۳	۵۲۳۹۶	۵۲۴۰۰	۵۲۳۸۶
۵۲۳۹۹	۵۲۳۸۷	۵۲۳۹۲	۵۲۳۹۷
۵۲۳۸۸	۵۲۴۰۳	۵۲۳۹۴	۵۲۳۹۱
۵۲۳۹۵	۵۲۳۹۰	۵۲۳۸۹	۵۲۴۰۱

(پارہ ۱۹) (سورۃ ۲۶) سُوْرَۃُ الشُّعَرَاءِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱۱ آیات ۲۲۷

اگر کسی کا بیٹا، بیٹی، نوکر سرکش ہو اور کہنا نہ مانتا ہو یا گھر سے بھاگ جاتا ہو تو سورۃ الشعراء کو سات بار باوضو ایک ہی بیٹھک میں پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مطیع و فرمانبردار ہو۔

گھر سے فرار ہونے والے کے لئے

اگر کوئی لڑکا یا نوکر گھر سے بھاگنے کا عادی ہو تو سورۃ الشعراء کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے لڑکے یا نوکر کی گردن میں باندھ دے۔ خدا تعالیٰ کے حکم سے بھاگنے سے رک جائے گا اور گھر میں اس کا دل لگے گا۔

خوف و ڈر سے نجات

اگر کوئی شخص خوف و ڈر کی وجہ سے بہت پریشان ہو تو سورۃ الشعراء کو باوضو سات مرتبہ پڑھ کر دعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ دل ڈر خوف سے آزاد ہو جائے گا اور کسی قسم کی پریشانی باقی نہ رہے گی۔

اولاد یا نوکر کی اطاعت کے لئے

اگر کسی کی اولاد یا نوکر نافرمان ہوں اور کہنا نہ مانتے ہوں۔ ہر طرح

ستاتے ہوں تو سورۃ الشعراء کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں ڈال دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اطاعت و فرمانبرداری اختیار کریں گے اور سرکشی سے چھٹکارا حاصل ہوگا۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۴۰۳۷۳۸ ہیں۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۰۰۹۳۴	۱۰۰۹۳۷	۱۰۰۹۴۰	۱۰۰۹۲۷
۱۰۰۹۳۹	۱۰۰۹۲۸	۱۰۰۹۳۳	۱۰۰۹۳۸
۱۰۰۹۲۹	۱۰۰۹۴۲	۱۰۰۹۳۵	۱۰۰۹۳۲
۱۰۰۹۳۶	۱۰۰۹۳۱	۱۰۰۹۳۰	۱۰۰۹۴۱

(پارہ ۱۹) (سورۃ ۲۷) سُوْرَۃُ النَّمْلِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۷ آیات ۹۳

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکریہ ادا کرنے کے لئے سورۃ النمل کو دس مرتبہ پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں برکت دے گا اور ہر قسم کے غم و فکر سے آزادی نصیب ہوگی۔

حاجت پورا کرنے کے لئے

اگر کسی شخص کو ضروری کوئی حاجت پیش آئے تو سورۃ نمل ایک ہفتہ تک روزانہ ایک بار باوضو پڑھ لیا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کی حاجت ضرور پوری ہوگی۔

سانپ، بچھو اور موذی جانوروں سے گھر کی حفاظت

اگر کوئی شخص ہرن کی کھال پہ اس سورۃ کو باوضو لکھ کر اپنے صندوق یا گھر میں رکھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ گھر سانپ، بچھو اور موذی جانوروں سے محفوظ رہے گا۔

برائے حاجت روائی

اگر کوئی شخص باوضو اس سورت کا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کی ہر حاجت پوری ہوگی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ٣٤٠٩٦٢ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

١١٣٦٥٧	١١٣٦٥٠	١١٣٦٥٥
١١٣٦٥٢	١١٣٦٥٤	١١٣٦٥٦
١١٣٦٥٣	١١٣٦٥٨	١١٣٦٥١

(پارہ ٢٠) (سورۃ ٢٨) سُوْرَۃُ الْقَصَصِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ٩ آیات ٨٨

اگر کوئی شخص بیمار ہو تو سورۃ القصص کو تین روز تک باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے مریض صحتیاب ہوگا۔

غائب کی واپسی کے لئے

اگر کوئی شخص غائب ہو گیا ہو اور اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو سورۃ القصص کو باوضو ٢١ اکیس مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ غائب شخص بہت بخیر و سلامتی گھر لوٹ آئے گا۔

بیماری سے شفاء، پیٹ کے درد سے نجات، استسقاء اور جذام سے حفاظت

اگر کوئی بیمار ہو یا پیٹ میں درد رہتا ہو، یا اسے استسقاء یا جذام کی بیماری کا ڈر ہو تو اس سورۃ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈال لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر مرض سے صحت حاصل ہوگی اور کوئی خطرناک بیماری

اس پر حملہ نہ کر سکے گی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ٤٠٧١٢٠ ہیں۔ نقش یہ ہے اور چال نویں خانہ میں ہے۔

٧٨٦

١٠١٧٧٢	١٠١٧٨٦	١٠١٧٨٣	١٠١٧٧٩
١٠١٧٨٤	١٠١٧٧٨	١٠١٧٧٣	١٠١٧٨٥
١٠١٧٧٧	١٠١٧٨١	١٠١٧٨٨	١٠١٧٧٤
١٠١٧٨٧	١٠١٧٧٥	١٠١٧٧٦	١٠١٧٨٢

(پارہ ٢١) (سورۃ ٢٩) سُوْرَۃُ الْعَنْکَبُوْتِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ٧ آیات ٦٩

اگر کوئی شخص رنج و غم میں مبتلا ہو تو سورۃ العنکبوت باوضو عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے لکھے اور اس کو پانی میں گھول کر پئے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس پانی کے پینے سے اس کا رنج و غم دور ہوگا۔

غم و اندوہ سے نجات

اگر کوئی شخص غم زدہ ہو اور رنج و غم سے اسے نجات نہ ملتی ہو تو باوضو سورۃ العنکبوت کو سات مرتبہ ایک ہی بیٹھک میں پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ رنج و غم اس کا ختم ہوگا اور بشاشت و خوشی حاصل ہوگی۔

ہر قسم کے فکر و غم سے نجات

ہر قسم کے رنج و غم اور فکر و وحشت سے نجات کے لئے باوضو اس سورۃ کا نقش لکھے اور موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھ لے انشاءاللہ تعالیٰ رنج و غم اس کے قریب نہ آئیں گے اور ہمیشہ خوش و خرم رہے گا۔

اس سورۃ کے کُل اعداد ٢٧٥٢٩٧ ہیں اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔
نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٦٨٨٢٤	٦٨٨٢٧	٦٨٨٣٠	٦٨٨١٦
٦٨٨٢٩	٦٨٨١٧	٦٨٨٢٣	٦٨٨٢٨
٦٨٨١٨	٦٨٨٣٢	٦٨٨٢٥	٦٨٨٢٢
٦٨٨٢٦	٦٨٨٢١	٦٨٨١٩	٦٨٨٣١

(پارہ ٢١) (سورۃ ٣٠) سُوْرَةُ الرُّوْمِ مَكِّيَّةٌ رکوع ٦ آیات ٦٠

اگر کسی کا دشمن بہت عیار و چالاک ہو اور اپنی شرارتوں سے ہر وقت پریشان رکھتا ہو تو سورۃ الروم کو اکیس ٢١ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوگا اور ہمیشہ ناکام رہے گا اور ہر طرح دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔

دشمن کو ذلیل کرنا

اگر کوئی چاہے کہ دشمن اس کا ذلیل ہو اور اسے فتح حاصل ہو اور دشمن کو قدم قدم ناکامی ہو تو سورۃ الروم کو باوضو کاغذ پر لکھ اور اس کو لپیٹ کر ایک بوتل میں رکھ دے اور سخت ڈاٹ سے اس بوتل کا منہ بند کرکے اپنے مکان میں رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل و خوار رہے گا۔

میاں بیوی میں اتفاق

اگر میاں بیوی میں جھگڑا رہتا ہو تو باوضو اس سورۃ کو لکھ کر شیشی میں بند کرکے مظلوم اپنے پاس رکھے تو ظالم ظلم و زیادتی سے باز رہے اور خدا تعالیٰ کے فضل و کرم سے دونوں میں اتفاق قائم ہوجائے۔

دشمنوں پر ہمیشہ فتح

جو شخص اس سُورۃ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو وہ انشاء اللہ تعالیٰ ہمیشہ دشمنوں پر غالب رہے اور اس کے دشمن ہمیشہ ہمیشہ ناکام رہیں۔ اس سورۃ کے کل اعداد ٢٧٠٣٧٧ ہیں۔ اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔ نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٦٧٥٩٤	٦٧٥٩٧	٦٧٦٠٠	٦٧٥٨٦
٦٧٥٩٩	٦٧٥٨٧	٦٧٥٩٣	٦٧٥٩٨
٦٧٥٨٨	٦٧٦٠٣	٦٧٥٩٥	٦٧٥٩٢
٦٧٥٩٦	٦٧٥٩١	٦٧٥٨٩	٦٧٦٠١

(پارہ ٢١) (سورۃ ٣١) سُوْرَةُ لُقْمٰنَ مَكِّيَّةٌ رکوع ٤ آیات ٣٤

اگر کسی شخص کے پیٹ میں شدید درد ہو یا پیٹ کی کوئی بھی بیماری ہو سورۃ لقمان کو سات بار پڑھ کر پیٹ پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کا درد جاتا رہے گا اور پیٹ کے مرض سے صحت حاصل ہوگی۔

ہر بیماری سے صحت کے لئے

ہر بیماری سے صحت کے لئے باوضو تین ٣ بار پڑھ کر بیمار پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہوگا۔

سمندر یا دریا میں غرقابی سے حفاظت

اگر کوئی شخص ہر وقت دریا یا سمندر کے سفر پر رہتا ہے تو اگر سفر کرنے سے قبل ایک مرتبہ اس سورۃ کو پڑھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ بخیر و عافیت اپنے مقام پر واپس ہوگا اور سفر میں ڈوبنے سے محفوظ رہے گا۔

پیٹ کے درد کے لئے

اگر کسی شخص کے پیٹ میں ہمیشہ درد رہتا ہو اور اس بیماری سے پریشان ہو تو سورۃ لقمٰن کا نقش باوضو لکھ کر پیٹ پر باندھے اور سورۃ لقمان ایک مرتبہ روزانہ پڑھ کر دم کر لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۵۹۰۰۰ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۳۰۰۱	۵۲۹۹۶	۵۳۰۰۳
۵۳۰۰۲	۵۳۰۰۰	۵۲۹۹۸
۵۲۹۹۷	۵۳۰۰۴	۵۲۹۹۹

(پارہ ۲۱)(سورۃ ۳۲) سُوْرَۃُ السَّجْدَۃِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۳ آیات ۳۰

اگر کوئی شخص بیمار ہو اور کسی طرح صحت بحال نہ ہوتی ہو تو باوضو سات بار سورۃ السجدۃ کو پڑھے اور بیمار پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بیمار صحتیاب ہوگا۔

بیمار کی شفاء کے لئے

اگر کسی شخص کو مختلف امراض نے گھیر رکھا ہو تو اس کے لئے سورۃ السجدہ کو باوضو عرق گلاب میں زعفران حل کر کے لکھے اور مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ تمام بیماریوں سے شفاء حاصل ہوگی اور بیمار تندرست ہو جائے گا۔

لڑکیوں کی شادی کے لئے

(اگلے صفحہ پر)

سورۃ السجدۃ کو لڑکیوں کا نصیبہ کھولنے کے لئے کہ اچھی جگہ رشتہ ہو جائے تو اکیس ۲۱ مرتبہ روزانہ پڑھے انشاء اللہ بہت اچھی جگہ رشتہ ہو جائے گا۔

جذام یا دق کے مرض سے صحت

اگر کسی کو جذام یا دق کا مرض ہو یا اس کا ڈر ہو کہ یہ مرض لپٹ جائے گا تو باوضو اس سورت کا نقش لکھے اور موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ جذام یا دق سے محفوظ ہو جائے گا اور ہر طرح صحت حاصل ہوگی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۱۳۳۳۲ ہیں اور چال نویں خانہ میں ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۸۳۳۲	۲۸۳۳۶	۲۸۳۳۹	۲۸۳۲۵
۲۸۳۳۸	۲۸۳۲۶	۲۸۳۳۱	۲۸۳۳۷
۲۸۳۲۷	۲۸۳۴۱	۲۸۳۳۴	۲۸۳۳۰
۲۸۳۳۵	۲۸۳۲۹	۲۸۳۲۸	۲۸۳۴۰

(پارہ ۲۱)(سورۃ ۳۳) سُوْرَۃُ الْاَحْزَابِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۹ آیات ۷۳

میاں بیوی میں نا اتفاق اور عدم موافقت کو دور کرنے کے لئے سورۃ الاحزاب کا باوضو پڑھنا بہت کارآمد ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے پڑھنے سے اہل خانہ میں محبت و اتفاق پیدا ہوتا ہے۔

ظالم کے ظلم سے نجات کے لئے

اگر کوئی ظالم شخص کسی مجبور و بے کس پر ناحق ظلم کرتا ہے اور ظلم و تعدی سے باز نہیں آتا تو سورۃ احزاب کو باوضو سات بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

اس کے ظلم سے نجات حاصل ہوگی اور ظالم مطیع و فرمانبردار ہوگا۔

لڑکے یا لڑکی کی شادی کے لئے

اگر کسی لڑکے یا لڑکی کا رشتہ نہ آتا ہو یا بات لگ کر چھوٹ جاتی ہو یا بار بار شادی میں رخنہ پڑ جاتا ہو تو سورۃ الاحزاب کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے لڑکے کے دائیں بازو پر اور لڑکی کے بائیں بازو پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ بخت کھلے گا اور اچھی جگہ رشتہ ہوجائے گا اور جملہ رکاوٹیں دور ہوجائیں گی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۳۵۵۲۵۸ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۸۸۰۴	۸۸۸۲۰	۸۸۸۱۴	۸۸۸۱۳
۸۸۸۱۸	۸۸۸۱۳	۸۸۸۰۸	۸۸۸۱۹
۸۸۸۱۲	۸۸۸۱۵	۸۸۸۲۲	۸۸۸۰۹
۸۸۸۲۱	۸۸۸۱۰	۸۸۸۱۱	۸۸۸۱۶

(پارہ ۲۲) (سورۃ ۳۴) سُوْرَۃُ سَبَا مَکِّیَّۃٌ رکوع ۶ آیات ۵۴

اگر کسی کے دشمن ناحق ستاتے ہوں اور ہر وقت تکلیف پہنچانے کا بہانہ ڈھونڈتے رہتے ہوں تو اس کے لئے روزانہ باوضو دس مرتبہ سورۃ سبا پڑھی جائے تاکہ دشمن دفع ہو اور اس کے ظلم سے نجات حاصل ہو۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس سورۃ کا پڑھنے والا ظلم سے محفوظ رہے گا۔

ظالم کے ظلم سے حفاظت

اگر کوئی شخص ناحق ظلم کرتا ہو تو مظلوم باوضو سات بار سورۃ سبا

پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ظالم کی تمام تدابیر ناکام ہوں گی اور مظلوم ظلم سے محفوظ رہے گا۔

موذی اور تکالیف دینے والے جانوروں سے حفاظت

اگر کوئی شخص سورۃ سبا بادستو سفید کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کرکے سفید کپڑے میں لپیٹ کر اپنے داہنے بازو پر باندھے تو اللہ کے فضل وکرم سے ہر قسم کے موذی جانوروں کے نقصان سے محفوظ رہے۔

بلیّات کے دفع کے لئے

اگر کوئی شخص آفات و بلیات کے دفع کرنے کے لئے باوضو سورۃ سبا کا نقش لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے گلے میں ڈال لے تو انشاءاللہ تعالیٰ وہ ہر قسم کی آفات و بلیّات سے محفوظ ہوجائے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۲۵۳۴۱۹ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۴۴۷۶	۸۴۴۶۹	۸۴۴۷۴
۸۴۴۷۱	۸۴۴۷۳	۸۴۴۷۵
۸۴۴۷۲	۸۴۴۷۷	۸۴۴۷۰

(پارہ ۲۲) (سورۃ ۳۵) سُوْرَۃُ فَاطِرٍ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۵ آیات ۴۵

اگر کسی حاکم کو درخواست دینی ہے یا ملازمت یا کسی اور کام کے سلسلے میں عرضی پیش کرنی ہے تو چاہیئے کہ باوضو سورۃ فاطر کو پچھتر (۷۵) مرتبہ پڑھے اور درخواست پر انگلی سے بغیر روشنائی کے اپنا مطلب لکھے اور درخواست حکام

کو بھیج دے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی درخواست منظور ہوگی۔ مطلب حاصل ہوگا یا اگر ملازمت کے لئے درخواست دی ہے تو ملازمت حاصل ہوگی۔

دلی مقصد میں کامیابی

اگر کوئی چاہتا ہے کہ اس کا دلی مقصد ہمیشہ کامیاب ہو تو سورۃ فاطر کا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے داہنے بازو پر باندھ لے اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ہر دلی مقصد میں کامیاب ہوگا۔

اس سورت کے کل اعداد ۳۶۲۷۲۴ ہیں۔ نقش یہ ہے۔ میال پانچویں خانہ میں ہے۔

۷۸۶

۹۰۶۸۵	۹۰۶۹۹	۹۰۶۹۶	۹۰۶۹۳
۹۰۶۹۷	۹۰۶۹۲	۹۰۶۸۶	۹۰۶۹۸
۹۰۶۹۱	۹۰۶۹۴	۹۰۷۰۱	۹۰۶۸۷
۹۰۷۰۰	۹۰۶۸۸	۹۰۶۹۰	۹۰۶۹۵

(پارہ ۲۲) (سورۃ ۳۶) سُوْرَۃُ یٰسٓ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۵ آیات ۸۳

سورہ یٰسین شریف کا بیمار پر ایک مرتبہ روز پڑھ کر دم کرنا جلد شفا دیتا ہے۔ موت کے وقت نزع کی حالت والے کو اس مبارک سورت کا سنانا جلد مشکل آسان کر دیتا ہے اور روح بآسانی نکلنے میں بہت مددگار ہوتا ہے۔

اگر کوئی مسافر سفر کے دوران اس سورت کو تلاوت کرے تو خیریت کے ساتھ اپنے گھر واپس آ جائے۔ زچہ کو چلہ (بچہ پیدا ہونے کے بعد چالیس روز تک) کے ایام میں اس سورت کو پڑھ کر پانی پر پھونک کر پانی پلانا صحت کے لئے نہایت مجرب عمل ہے۔

حاملہ کو روزانہ اس سورۃ کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا یا کسی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلانا خیریت کے ساتھ حمل سے فارغ کرنے کا عجیب وغریب عمل ہے۔ الغرض یہ سورۃ قرآن مجید کا دل ہے اس کا روزانہ تلاوت کرنا اور پڑھنا دو جہاں کی مصیبتوں کے لئے اکسیرِ اعظم کا حکم رکھتا ہے۔

بے اولاد کے لئے اولاد

اگر کسی کے بسیار کوشش کے باوجود اولاد نہ ہوتی ہو تو اس سورۃ کو روزانہ تین۳ مرتبہ تلاوت کر لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد سے گود بھر جائے گی۔ نہایت مجرب ہے۔

رزق کی ترقی کے لئے

اگر کوئی رزق کی تنگی کا شکار ہو اور رزق میں برکت نہ ہو یا قرض میں بندھا ہوا ہو تو اسے چاہیئے کہ روزانہ کسی وقت بھی جب فرصت ہو تو تین۳ مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھ لیا کرے۔ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے رزق بے گمان اور بہت ملے گا اور کم رزق میں بھی برکت ہوگی۔ یہ مجرب عمل ہے۔

برائے ترقی حافظہ

یٰسین شریف کو سات دن تک روزانہ باوضو زعفران کو عرق گلاب میں حل کر کے لکھے اور صبح سویرے پانی میں گھول کر پی لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جو سنے گا یاد رہے گا اور جو دیکھے گا نگاہ میں اس کا تصور بندھ جائے گا۔ بہت مجرب عمل ہے۔

-:-

سحر و آسیب سے نجات

سورۂ یٰسین کو روزانہ باوضو اگر سحر جادو میں مبتلا شخص پر پڑھ کر دم کرے تو سحر جادو سفلی سے نجات حاصل ہو اور مریض جلد صحت یاب ہو۔ اسی طرح اگر باوضو کسی آسیب، جن، بھوت، پریت اور دیو پری والے بچہ عورت، مرد پر روزانہ پڑھ کر پھونکے اور پانی پر دم کرکے پلائے تو انشاءاللہ تعالیٰ آسیب، جن، بھوت، پریت اور دیو پری دفع ہوں اور مریض کو ان تمام بلاؤں سے نجات ملے۔ اگر کسی پر جن آیا ہوا ہو اور پڑھ کر اس پر پھونکے تو جن بھاگ جائے۔

ہر مہم اور مشکل کام کے لئے

سورۂ یٰسین شریف کا ختم ہر مہمات کے واسطے مشائخؒ سے ثابت ہے جب کوئی ضرورت پیش آئے تو سورۂ یٰسین اس ترکیب سے باوضو پڑھے کہ ہر لفظ مُبِیْن سے ازسرِنو دوبارہ شروع کرے (یٰسین شریف میں سات جگہ مُبِیْن کا لفظ آیا ہے۔ جب پڑھنا شروع کرے اور پہلے مُبِیْن پر پہنچے تو پھر دوبارہ شروع سے پڑھے۔ پھر دوسرے مُبِیْن پر پہنچ کر ازسرِنو تلاوت شروع کرے۔ جب چھ مُبِیْن سے لوٹ کر پڑھ لے اور ساتواں مُبِیْن آئے تو پڑھتا ہوا آگے بڑھ جائے اور سورہ ختم کرلے) جب اس طریقہ سے سورۃ ختم ہو جائے تو سر ننگا کرکے سجدہ میں جاکر اپنی حاجت نہایت عاجزی سے اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے اور جب تک کام نہ بن جائے یہ عمل کرتا رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بہت جلد اور عمدہ طریقہ سے کامیاب ہوگا۔
مجرب ہے۔

برائے عقیمہ عورت

جس عورت کے اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے باوضو انار کی چار پھانکیں اس طرح کرے کہ سب پھانکیں ملی رہیں الگ الگ نہ ہوں۔ اور سورۂ یٰسین شریف پڑھنی شروع کرے جب اوّل مُبِیْن پر پہنچے تو انار پر دم کرے پھر آگے بڑھے جب دوسرے مُبِیْن پر پہنچے تو پھر انار پر دم کرے اور اسی طرح ساتوں مُبِیْن کے مواقع پر انار پر دم کرے اور پھر سورت ختم کرکے دم کرے اور پاؤ (ڈھائی سو گرام) کشمش اور پاؤ (ڈھائی سو گرام) بھنے ہوئے چنے کی دال ہفت سلاطین کو ثواب پہنچانے کی غرض سے ننھے ننھے بچوں میں تقسیم کردے اور بانجھ عورت حیض کے بعد اس انار میں سے چند دانے روزانہ کھالیا کرے انشاءاللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔ ہفت سلاطین یہ ہیں:

(۱) حضرت ابراہیم بن ادھم رحمۃ اللہ علیہ (۲) حضرت بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ (۳) حضرت محمد حسین سنجر رحمۃ اللہ علیہ (۴) حضرت احمد خضرویہ رحمۃ اللہ علیہ (۵) حضرت قاضی اسمٰعیل سامانی رحمۃ اللہ علیہ (۶) حضرت ابوسعید ابوالخیر رحمۃ اللہ علیہ (۷) حضرت سلطان محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ۔

برائے ہر اہم مہم و مشکل

اگر کسی کو کوئی مشکل پیش آئے یا کوئی اہم مہم درپیش ہو تو باوضو سورۂ یٰسین شریف اس ترکیب سے پڑھے کہ پہلے مُبِیْن پر پہنچ کر سات مرتبہ سورہ فاتحہ مع بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (یعنی الحمد شریف معہ بسم اللہ شریف) اول و آخر درود شریف تین تین مرتبہ پڑھے۔ اسی طرح ہر مُبِیْن پر پڑھتا جائے پھر آگے پڑھے اور سورۃ ختم کرے پھر دعا مانگے یہ عمل روزانہ کرے جب تک کامیابی

نہ ہو کرتا رہے۔ بددل اور مایوس ہو کر نہ چھوڑے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

حلِ مشکلات کے لئے سورۃ یٰسین کا ورد

مشکلات و تکالیف، آفات، بلیات سے نجات اور اہم مقاصد میں کامیابی کے لئے سورۃ یٰسین باوضو اس طرح پڑھے کہ ہر مُبِیْن پر یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ گیارہ دفعہ پڑھے اور جب کلمہ ”کُنْ“ (اِذَآ اَرَادَ اللّٰہُ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ) پر پہنچے تو پڑھے یَا اَللّٰہُ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُّ یَا فَتَّاحُ پڑھ کر ختم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سب تکالیف کا خاتمہ ہو جائے گا۔

موتیا بند کے ازالہ کے لئے

باوضو سورۃ یٰسین شریف پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے آنکھوں میں روزانہ بلاناغہ لگایا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ موتیا بند جاتا رہے گا۔

قرض کی ادائیگی کے لئے

سورۃ یٰسین شریف روزانہ باوضو بعد نمازِ عشاء سات مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل قرض کی ادائیگی کے لئے اکسیر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی قرض سے نجات حاصل ہوگی۔

ہر حاجت کو پورا کرنے کے لئے

باوضو سورۃ یٰسین شریف روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ جس مقصد کے لئے

پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ ضرور اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔ مجرب ہے۔

جن کا سایہ و سحر کا علاج

ایک وقت مقرر کر کے روزانہ باوضو سورۃ یٰسین شریف کو اس ترکیب سے پڑھے کہ پہلی مرتبہ سورۃ یٰسین شریف مکمل پڑھ کر مریض کے دائیں کان میں پھونک مارے۔ دوسری مرتبہ مکمل سورۃ یٰسین پڑھ کر مریض کے بائیں کان میں پھونک مارے۔ تیسری مرتبہ سورۃ یٰسین مکمل پڑھ کر منہ میں پھونک مارے۔ چوتھی مرتبہ سورۃ یٰسین شریف مکمل پڑھ کر ناک کے دائیں بائیں نتھنے (ناک کے دائیں اور بائیں یعنی سیدھے الٹے سوراخ) میں پھونک مارے اور پانچویں مرتبہ سورۃ یٰسین شریف مکمل پڑھ کر سارے جسم پر دم کرے۔ اگر عورت ہو تو یہ دم پلاسٹک کا پائپ لے کر یا لمبی نلکی لے کر اس کے ذریعے پھونک مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن کا سایہ دفع ہوگا اور سحر سے نجات ملے گی۔

برائے قضائے حاجت

ہر قسم کی حاجت و ضرورت کے پورا ہونے اور ہر مقصد میں کامیابی کے لئے جمعہ کی رات کو سات مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھے اور سات سلطان کی ارواح کو بخشے۔ دوسرا جمعہ نہ ہونے پائے گا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مراد پوری ہوگی۔ سات سلطان یہ ہیں۔

(۱) سلطان ابو سعید رحمۃ اللہ علیہ (۲) سلطان بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ
(۳) سلطان محمد صلابت رحمۃ اللہ علیہ (۴) سلطان اسمٰعیل سامانی رحمۃ اللہ علیہ
(۵) سلطان سنجر بلخی رحمۃ اللہ علیہ (۶) سلطان ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ
(۷) سلطان محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ۔

نہ ہو کرتا رہے، بددل اور مایوس ہو کر نہ چھوڑے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

حلِ مشکلات کے لئے سُورۃ یٰسین کا ورد

مشکلات وتکالیف، آفات۔ بلیات سے نجات اور اہم مقاصد میں کامیابی کے لئے سورۃ یٰسین باوضو اس طرح پڑھے کہ ہر مُبِین پر یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ گیارہ دفعہ پڑھے اور جب کلمہ "کُنْ" (اِذَا اَرَادَ اللّٰہُ شَیْئًا اَنْ یَّقُوْلَ لَہٗ کُنْ فَیَکُوْنُ) پر پہنچے تو پڑھے یَا اَللّٰہُ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُّ یَا فَتَّاحُ پڑھ کر ختم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سب تکالیف کا خاتمہ ہو جائے گا۔

موتیابند کے ازالہ کے لئے

باوضو سورۃ یٰسین شریف پڑھ کر سرمہ پر دم کرکے آنکھوں میں روزانہ بلاناغہ لگایا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ موتیابند جاتا رہے گا۔

قرض کی ادائیگی کے لئے

سورۃ یٰسین شریف روزانہ باوضو بعد نمازِ عشاء سات مرتبہ پڑھے۔ یہ عمل قرض کی ادائیگی کے لئے اکسیر ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی قرض سے نجات حاصل ہوگی۔

ہر حاجت کو پورا کرنے کے لئے

باوضو سورۃ یٰسین شریف روزانہ اکتالیس (۴۱) مرتبہ جس مقصد کے لئے

پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ ضرور اپنے مقصد میں کامیاب ہوگا۔ مُجرّب ہے۔

جن کا سایہ وسحر کا علاج

ایک وقت مقرر کرکے روزانہ باوضو سورۃ یٰسین شریف کو اس ترکیب سے پڑھے کہ پہلی مرتبہ سورۃ یٰسین شریف مکمل پڑھ کر مریض کے دائیں کان میں پھونک مارے۔ دوسری مرتبہ مکمل سورۃ یٰسین پڑھ کر مریض کے بائیں کان میں پھونک مارے۔ تیسری مرتبہ سورۃ یٰسین مکمل پڑھ کر منہ میں پھونک مارے۔ چوتھی مرتبہ سورۃ یٰسین شریف مکمل پڑھ کر ناک کے دائیں بائیں نتھنے (ناک کے دائیں اور بائیں یعنی سیدھے الٹے سوراخ) میں پھونک مارے اور پانچویں مرتبہ سورۃ یٰسین شریف مکمل پڑھ کر سارے جسم پر دم کرے۔ اگر عورت ہو تو یہ دم پلاسٹک کا پائپ لے کر یا لمبی نلکی لے کر اس کے ذریعے پھونک مارے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن کا سایہ دفع ہوگا اور سحر سے نجات ملے گی۔

برائے قضائے حاجت

ہر قسم کی حاجت وضرورت کے پورا ہونے اور ہر مقصد میں کامیابی کے لئے جمعہ کی رات کو سات مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھے اور سات سلطان کی ارواح کو بخشے۔ دوسرا جمعہ نہ ہونے پائے گا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مُراد پوری ہوگی۔ سات سلطان یہ ہیں۔

(۱) سلطان ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ (۲) سلطان بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ
(۳) سلطان محمد صلابت رحمۃ اللہ علیہ (۴) سلطان اسمٰعیل سامانی رحمۃ اللہ علیہ
(۵) سلطان سنجر بلخی رحمۃ اللہ علیہ (۶) سلطان ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ
(۷) سلطان محمود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ۔

ہر حاجت پوری ہونے کے لئے

نمازِ جمعہ کے بعد قبلہ کی طرف منہ کرکے باوضو سورۂ یٰسین تین[۳] بار اس طریقے سے پڑھے کہ پہلے مُبین پر پہنچے تو سورۂ اخلاص (قل ھو اللہ احد) تین[۳] بار پڑھے، دوسرے مُبین پر پہنچے تو سورۂ کوثر تین[۳] بار پڑھے تیسرے مُبین پر پہنچے تو سورۃ الانشراح (الم نشرح) تین[۳] بار پڑھے، چوتھے مُبین پر پہنچے تو سورۃ الفاتحہ (الحمد شریف) تین[۳] بار پڑھے۔ پانچویں مُبین پر پہنچے تو آیۃ الکرسی تین[۳] بار پڑھے۔ چھٹے مُبین پر پہنچے تو یہ دعا تین[۳] بار پڑھے۔

اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ؕ

اور ساتویں مُبین پر پہنچے تو تین[۳] بار درود شریف پڑھ اور یہ دعا سات بار کرے

اَللّٰھُمَّ وَسِّعْ رِزْقِیْ وُسْعَۃً لَّا اَحْتَاجُ اِلٰی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِکَ ؕ

اور پھر سورۃ مکمل کرلے۔

نسیان (بھول جانے کا مرض)

سورۂ یٰسین شریف عرقِ گلاب میں زعفران حل کرکے اس سے باوضو لکھیں اور عرقِ گلاب میں حل کرکے اکتالیس[۴۱] دن پئیں انشاءاللہ تعالیٰ بھول چوک کے مرض سے نجات ملے گی۔

اختلاجِ قلب

سورۂ یٰسین کو باوضو اس ترکیب سے پڑھے کہ پہلے مُبین سے لوٹ کر دوبارہ پڑھنا شروع کرے جب دوسرے مُبین پر پہنچے تو پھر لوٹ کر شروع سے پڑھے اسی طرح ساتویں مُبین پر پہنچے تو بغیر لوٹے سورۃ ختم کرلے

پھر پانی پر دم کرکے مریض کو پلائیں۔ بارش کا پانی میسر آجائے تو بہتر ہے ورنہ جو پانی مل جائے اسی پر دم کریں اور پلائیں۔ یہ عمل گیارہ[۱۱] دن تک روزانہ بلاناغہ کرنا ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دل کے مرض سے صحت حاصل ہوگی۔

جملہ امراض کے دفعیہ کے لئے

جملہ امراض وآفات وبلیّات کے دفعیہ کے لئے باوضو سورۂ یٰسین شریف اس طریقے پر پڑھے کہ پہلے مُبین پر پہنچے تو سورۂ فاتحہ سات مرتبہ پڑھے پھر شروع سے یٰسین شریف پڑھنا شروع کرے پھر دوسرے مُبین پر پہنچے تو سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے اس طرح ہر مبین پر پہنچ کر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھے۔ اس طرح انچاس[۴۹] مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھی جائے گی۔ اس ترکیب سے یٰسین شریف پڑھ کر مریض پر دم کردیا کرے یا پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ جملہ امراض سے نجات حاصل ہوگی۔

فرار شدہ اور بھاگے ہوئے کو بلانا

کوئی چلا گیا ہو اور اس کو بلانا منظور ہو تو سورۂ یٰسین اکیس[۲۱] مرتبہ (پوری سورۃ مع بسم اللہ) پڑھے اور یہ خیال کرے کہ وہ چلا آرہا ہے (اس کے آنے کا تصور کرے) انشاءاللہ تعالیٰ اس روز یا دوسرے دن یا تیسرے دن ضرور آجائے گا اگر فاصلہ زیادہ ہوگا تو کچھ دن بعد ضرور آجائے گا۔ آزمودہ اور مجرب ہے۔

برائے حاجت روائی

بعد از نماز چاشت سورۂ یٰسین شریف باوضو تین[۳] مرتبہ پڑھے اور دعا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہو اور اس کو اپنے مقصد میں کامیابی

حاصل ہوگی۔

غیب سے روزی حاصل ہو اور لوگ تابع فرمان ہوں

جو شخص بعد نماز باوضو سورۃ یٰسین شریف کو تین بار اس طرح پڑھے کہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے اور درمیان میں تین مرتبہ سورۃ یٰسین شریف پڑھے۔ اس طرح پڑھے کہ جب سورۃ یٰسین کو اول مبین تک پڑھ چکے تو آگے پڑھنے کے بجائے اول سے شروع کرے اور دوسرے مبین پر پہنچے اس کے بعد پھر اول سے شروع کرے۔ اور تیسرے مبین تک پڑھے اس کے بعد اول سے شروع کرے اور چوتھے مبین تک پڑھے پھر اول سے شروع کرے اور پانچویں مبین تک پڑھے اس کے بعد اول سے شروع کرکے چھٹے مبین تک پڑھے پھر اول سورہ سے شروع کرے اور جب ساتویں مبین پر پہنچے تو آخر سورہ تک پڑھے اور سورۃ ختم کرے اس طرح سورۃ یٰسین شریف روزانہ پڑھنے والا اللہ تعالیٰ کے خزانۂ غیب سے روزی پاتا ہے کسی کو معلوم بھی نہ ہوگا کہ کہاں سے کھاتا ہے اور سب آدمی تابعدار اور فرمان بردار اور مطیع ہوں اور فتوحات روز بروز کمال ہوں گی مجرب عمل ہے۔

دودھ میں اضافہ کے لئے

جس عورت کا دودھ کم ہو اور بچہ بھوکا رہتا ہو تو سورۃ یٰسین شریف باوضو کسی چینی کی پلیٹ یا کاغذ پر لکھے اور پانی میں گھول کر عورت کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عورت کا دودھ زیادہ ہو اور بچہ سیر ہو کر پئے۔

دل کی سختی اور گناہ سے حفاظت کے لئے

(اگلا صفحہ پر)

دل کی سختی دور کرنے اور دل میں نرمی اور شفقت پیدا کرنے۔ گناہوں سے بچنے اور بزرگوں کی نصیحت پر عمل کرنے کے لئے سورۃ یٰسین باوضو کسی چینی کی پلیٹ یا کاغذ پر لکھے اور اس شخص کو پلائے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کا دل نرم ہوگا، نماز روزہ کی طرف توجہ ہوگی گناہوں سے نفرت ہوگی اور بزرگوں کی نصیحت پر عمل کرنے کے لئے دل آمادہ ہوگا۔

بارش کی طلب کے لئے

خشک سالی سے نجات اور بارش رحمت طلب کرنے کے لئے باوضو سورۃ یٰسین شریف (۷۵) پچھتر مرتبہ یا (۴۱) اکتالیس مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بارش رحمت خوب برسے گی اور فصل اور کھیتی خوب سیراب ہوگی۔

قیدی کی رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص قید میں ہو اور اس کی رہائی ناممکن یا مشکل ہو تو باوضو پچھتر بار سورۃ یٰسین پڑھے اگر اکیلا نہ پڑھ سکتا ہو تو چند آدمی مل کر پڑھ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ قیدی جلد ہی قید سے رہا ہوگا۔

مشکل کام کے لئے

اگر کوئی کام بہت مشکل ہو اور پورا ہونے کی کوئی امید نظر نہ آتی ہو تو سورۃ یٰسین شریف کو باوضو ایک سو مرتبہ پڑھے یا چند آدمی مل کر پڑھ لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ جملہ رکاوٹیں دور ہوں گی اور مشکل حل ہوگی اور کام پورا ہو جائے گا۔

اعداد اس سورۃ کے ۳۲۱۴۱۱ ہیں۔ اگر باوضو اس کا نقش لکھ کر تعویذ کرکے گلے میں پہنے یا دائیں بازو پر باندھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے

ہر آفت سے نجات حاصل ہو۔ نقش مربع ہے چال تیرہویں خانہ میں ہے

۷۸۶

۸۰۳۴۵	۸۰۳۵۹	۸۰۳۵۵	۸۰۳۵۲
۸۰۳۵۶	۸۰۳۵۱	۸۰۳۴۶	۸۰۳۵۸
۸۰۳۵۰	۸۰۳۵۳	۸۰۳۶۱	۸۰۳۴۷
۸۰۳۶۰	۸۰۳۴۸	۸۰۳۴۹	۸۰۳۵۴

(پارہ ۲۳)(سورۃ ۳۷) سُوْرَۃُ الصّٰٓفّٰتِ مَکِّیَۃٌ رکوع ۵ آیات ۱۸۲

جو کوئی سورۃ والصّٰفّٰت کو سات مرتبہ پڑھے جو مطلب ہو بحکم خدا پورا ہو۔

جنات سے حفاظت کے لئے

اگر کسی گھر میں جن ہو تو سورۃ والصّٰفّٰت کو باوضو عرق گلاب اور زعفران سے لکھ کر لپیٹ کر صندوق میں بند کر کے رکھ دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جن کسی قسم کی تکلیف نہ پہنچا سکے اور جملہ اہل خانہ اس کے شر سے محفوظ رہے گا۔

روزی میں برکت

اگر کوئی شخص سورۃ صٰفّٰت کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھے انشاءاللہ تعالیٰ اس کی روزی میں برکت ہو وہ کسی کا محتاج نہ رہے۔

واسطے برکتِ رزق

سورۃ والصّٰفّٰت سات مرتبہ باوضو پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کی روزی میں برکت دے گا اور اس کی روزی فراخ ہوگی۔

مہمات میں کامیابی کے لئے

اگر کوئی شخص مشکلات میں گھر گیا ہو اور مشکلات سے نجات حاصل کرنا چاہتا ہو تو باوضو سات مرتبہ سُورۃ والصّٰفّٰت کو پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ جملہ مشکلات سے نجات حاصل ہوگی۔ اور پریشانیاں دور ہوں گی۔

اس سُورۃ کے کل اعداد ۲۶۴۷۵۴ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۶۱۸۱	۶۶۱۹۴	۶۶۱۹۱	۶۶۱۸۸
۶۶۱۹۲	۶۶۱۸۷	۶۶۱۸۲	۶۶۱۹۳
۶۶۱۸۶	۶۶۱۸۹	۶۶۱۹۶	۶۶۱۸۳
۶۶۱۹۵	۶۶۱۸۴	۶۶۱۸۵	۶۶۱۹۰

(پارہ ۲۳)(سورۃ ۳۸) سُوْرَۃُ صٓ مَکِّیَۃٌ رکوع ۵ آیات ۸۸

اگر اس سورۃ کو نظرِ بد کے دفعیہ کے لئے سات بار باوضو پڑھ کر دم کریں انشاءاللہ تعالےٰ نظر بد دُور ہوگی۔

دفع دشمن کے لئے

اگر کوئی شخص دشمنوں سے پریشان ہو تو سُورۃ صٓ کو باوضو سات بار پڑھ کر دُعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوں گے اور ان کے شر سے ہر طرح محفوظ رہے گا۔

آنکھ کے زخم کا علاج

اگر کسی کی آنکھ میں زخم ہو گیا ہو تو سات بار باوضو پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لے۔ انشاءاللہ تعالےٰ چند دن میں آنکھ کا زخم صحیح

ہوجائے گا۔

نظرِ بد سے حفاظت

نظرِ بد سے حفاظت کے لئے سورۂ حٰم کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ نظرِ بد سے محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۲۲۹۳۳۸ ہیں اور چال خانہ تجم میں ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵۷۳۳۳	۵۷۳۳۸	۵۷۳۳۰	۵۷۳۲۶
۵۷۳۳۹	۵۷۳۲۸	۵۷۳۴۳	۵۷۳۳۱
۵۷۳۲۸	۵۷۳۳۲	۵۷۳۳۵	۵۷۳۳۲
۵۷۳۳۴	۵۷۳۳۱	۵۷۳۲۹	۵۷۳۲۱

(پارہ ۲۴) (سورۃ ۳۹) سُوْرَۃُ الزُّمَرِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۸ آیات ۷۵

دوبارہ عزت حاصل کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص چاہے کہ کھوئی ہوئی عزت دوبارہ حاصل ہو تو اسے چاہئے کہ روزانہ باوضو سات بار سورۃ زمر پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عزت دوبارہ حاصل ہو۔

مال میں برکت

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کے مال میں برکت ہو اور مال غیب سے بڑھتا رہے تو اسے چاہئے کہ سورۃ زمر باوضو پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ مال میں برکت ہوگی۔

مال میں برکت کے لئے

اگر کوئی شخص مال میں برکت چاہتا ہے تو سُورۃ زمر کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے داہنے (سیدھے) بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ مال میں برکت ہوگی۔ اس سُورۃ کے کل اعداد ۳۰۶۵۸۸ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۲۱۹۶	۱۰۲۱۹۱	۱۰۲۱۹۸
۱۰۲۱۹۷	۱۰۲۱۹۵	۱۰۲۱۹۳
۱۰۲۱۹۲	۱۰۲۱۹۹	۱۰۲۱۹۴

(پارہ ۲۴) (سورۃ ۴۰) سُوْرَۃُ الْمُؤْمِنِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۹ آیات ۸۵

بہت بڑی مشکل کے حل کے لئے

اگر کسی کو کوئی بڑی اہم مہم پیش آگئی ہو اور وہ مشکل حل نہ ہوتی ہو تو اس سورۃ مومن کو ایک سو مرتبہ باوضو پڑھے یا چند آدمی مل کر پڑھیں اور دُعا کریں انشاء اللہ تعالیٰ کتنی ہی بڑی مشکل ہو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے حل ہوگی اور پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔

بیماری سے صحت اور پھوڑے پھنسی سے نجات

جس شخص کو پھوڑے پھنسی نکلے ہوں یا کوئی شخص بیمار ہو تو سُورۃ مومن کو ایک بار باوضو روزانہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرلیا کرے اور پانی پر دم کرکے پیئے یا اگر کوئی دوسرا شخص بیمار ہو تو اس پر پڑھ کر دم کردیا کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ ہر قسم کی بیماری سے صحت حاصل ہوگی۔

مال کی فروخت میں اضافہ اور دکان کی ترقی کے لئے

اگر کوئی شخص سورۂ مومن کو باوضو سفید کاغذ پر لکھ کر دوکان میں دروازے کے سامنے والی دیوار میں لگائے تو خریدار بہت آئیں اور مال خوب فروخت ہو۔ اللہ تعالےٰ کے فضل وکرم سے تجارت میں خوب ترقی ہو۔

دشمنوں کے شر سے حفاظت کے لئے

جو شخص باوضو سورۂ مومن کا نقش لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالےٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۳۶۸۵۲۴ ہیں اور چال خانۂ نہم میں ہے۔

نقش یہ ہے۔

۵۸۹

۹۲۱۳۰	۹۲۱۳۳	۹۲۱۳۷	۹۲۱۲۳
۹۲۱۳۶	۹۲۱۲۴	۹۲۱۲۹	۹۲۱۳۵
۹۲۱۲۵	۹۲۱۳۹	۹۲۱۳۲	۹۲۱۲۸
۹۲۱۳۳	۹۲۱۲۷	۹۲۱۲۶	۹۲۱۳۸

(پارہ ۲۴) (سورۃ ۴۱) سُوْرَۃُ حٰمٓ السَّجْدَۃِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۶ آیات ۵۴

حاکم کی ناراضگی دور کرنا

اگر کسی کا افسر و حاکم ناراض ہوگیا ہو اس کی ناراضگی دور کرنے کے لئے سورۂ حٰمٓ السجدہ کو باوضو صبح فجر کی نماز کے بعد دس مرتبہ اور مغرب کی نماز کے بعد دس مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ افسر و حاکم بہت زیادہ مہربان ہوگا اور

اس کی ناراضگی فوراً دور ہوگی۔

ہر قسم کی حاجت پوری کرنے کیلئے

اگر کوئی مشکل کام پیش آگیا ہو یا کوئی اہم حاجت پیش آگئی ہو یا کسی مقصد میں ضرور کامیابی چاہیئے تو باوضو فجر کی نماز کے بعد سات مرتبہ سورۂ حٰمٓ السجدہ پڑھے انشاء اللہ تعالےٰ مشکل حل ہوگی۔ حاجت پوری ہوگی اور مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

آنکھ کی تکلیف ناخونہ ظفرہ پھولا وغیرہ

جس شخص کی آنکھ میں کوئی تکلیف ہو یا ناخونہ ہو یا ظفرہ پھولا وغیرہ ہو تو باوضو پوری سورۂ حٰمٓ السجدہ لکھ کر بارش کے پانی میں گھول کر اس کا پانی آنکھ میں لگائے یا اس کے پانی میں سرمہ پیس کر آنکھوں میں لگاتے رہیں۔ انشاء اللہ العزیز سفیدی زائل ہوجائے گی اور آنکھوں میں تکالیف سے نجات حاصل ہوگی۔

حاکم کو راضی کرنے کے لئے

اگر کسی آدمی سے حاکم یا افسر ناراض ہوگیا ہو اور کسی طرح راضی نہ ہوتا ہو تو سورۂ حٰمٓ السجدہ کا نقش لکھ کر اپنے پاس رکھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ حاکم خوش رہے گا اور ناراضگی دور ہوجائے گی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۲۴۵۸۳۷ ہیں اور چال خانۂ پنجم میں ہے۔

نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۶۱۴۵۹	۶۱۴۶۲	۶۱۴۶۵	۶۱۴۵۱
۶۱۴۶۴	۶۱۴۵۲	۶۱۴۵۸	۶۱۴۶۳
۶۱۴۵۳	۶۱۴۶۷	۶۱۴۶۰	۶۱۴۵۷
۶۱۴۶۱	۶۱۴۵۶	۶۱۴۵۴	۶۱۴۶۶

(پارہ ۲۵)(سورۃ ۴۲) سُوْرَۃُ الشُّوْرٰی مَکِّیَّۃٌ رکوع ۵ آیات ۵۳

دشمن کے خوف سے نجات کے لئے

اگر کسی شخص کو دشمن کا خوف ہو تو اسے چاہیئے کہ باوضو سورۃ شوریٰ روزانہ بعد نماز فجر تین مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالےٰ دل سے دشمن کا خوف نکل جائے گا۔

ظالم کے ظلم سے حفاظت

اگر کوئی شخص ظالم کے پھندے میں پھنس گیا ہو تو اسے چاہیئے کہ باوضو روزانہ فجر کی نماز کے بعد ایک بار سورۃ شوریٰ پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں پر غالب رہے گا اور ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔ اسی طرح اگر باوضو اس سورۃ کو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈال لے تو ایسا شخص انشاء اللہ تعالےٰ ظالم کے ظلم سے محفوظ رہے گا۔

حاکم کے ظلم سے نجات

اگر کسی کا حاکم یا افسر سخت مزاج ہو اور ظلم کرتا ہو تو سورۃ شوریٰ کا نقش باوضو لکھ کر اپنے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم کے ظلم سے

نجات حاصل ہوگی اور ظالم حاکم کے قہر و غضب سے محفوظ رہے گا۔
اس کے کل اعداد ۱۳۳۹-۲ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶۷۱۱۴	۶۷۱۰۹	۶۷۱۱۶
۶۷۱۱۵	۶۷۱۱۳	۶۷۱۱۱
۶۷۱۱۰	۶۷۱۱۷	۶۷۱۱۲

(پارہ ۲۵)(سورۃ ۴۳) سُوْرَۃُ الزُّخْرُفِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۷ آیات ۸۹

مقصد میں کامیابی اور مراد پوری ہونے کے لئے

اگر کوئی شخص مقصد میں کامیابی چاہتا ہو اور یہ چاہتا ہو کہ من کی مراد پوری ہو تو اسے چاہیئے کہ مقصد حاصل ہونے تک روزانہ باوضو آٹھ (۸) مرتبہ سورۃ زخرف پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالےٰ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی اور من کی مراد پوری ہوگی۔

مشکل کے حل کے لئے

اگر کوئی مشکل پیش آگئی ہو اور کسی طرح حل نہ ہوتی ہو تو باوضو سورۃ زخرف روزانہ سات مرتبہ پڑھ لیا کرے اور جب تک مشکل حل نہ ہو برابر پڑھتا رہے انشاء اللہ تعالےٰ مشکل آسان ہوگی اور جملہ مہمات میں کامیابی حاصل ہوگی۔

بیماری سے شفاء

اگر کوئی شخص بیمار ہو اور بیماری سے نجات حاصل نہ ہوتی ہو تو باوضو سورۃ زخرف کو لکھے اور پانی میں گھول کر چند دن وہ پانی تھوڑی دیر

مشکلات کے حل کے لئے

اگر کوئی مشکل پیش آئے اور مشکل حل ہوتی نظر نہ آئے تو پہلے وضو کرے اور پہلے گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد سورۃ دخان سات مرتبہ پڑھے اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر مشکل کے حل کے لئے بارگاہِ خداوندی میں دعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ چند دن کے عمل سے مشکل حل ہوگی۔

پیچش اور دست کا علاج

اگر کسی شخص کو سخت دست آرہے ہوں اور پیچش کی تکلیف ہو تو سورۃ دخان کو باوضو ایک سفید کاغذ پر لکھے اور اسے پانی میں گھول کر تھوڑا تھوڑا پیتا رہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دست اور پیچش کے مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

دلی مراد حاصل کرنے کے لئے

اگر کوئی شخص باوضو سورۃ دخان کا نقش لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اس کی دلی مراد حاصل ہو۔

اس سورۃ دخان کے کل اعداد ۹۷۷۹۳ ہیں اور چال خانہ پنجم ہیں ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۴۴۴۸	۲۴۴۵۱	۲۴۴۵۴	۲۴۴۴۰
۲۴۴۵۳	۲۴۴۴۱	۲۴۴۴۷	۲۴۴۵۲
۲۴۴۴۲	۲۴۴۵۶	۲۴۴۴۹	۲۴۴۴۶
۲۴۴۵۰	۲۴۴۴۵	۲۴۴۴۳	۲۴۴۵۵

بعد مریض کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہو جائے گا۔

دشمنوں کے شر سے حفاظت

اگر سورۃ زخرف کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاءاللہ تعالیٰ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۲۶۰۶۹۷ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۶۹۰۰	۸۶۸۹۵	۸۶۹۰۲
۸۶۹۰۱	۸۶۸۹۹	۸۶۸۹۷
۸۶۸۹۶	۸۶۹۰۳	۸۶۸۹۸

(پارہ ۲۵) (سورۃ ۴۴) سُوْرَةُ الدُّخَانِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۳ آیات ۵۹

بلاؤں سے نجات اور ان کے دفعیہ کے لئے

ہر قسم کی بلاؤں سے نجات کے لئے سورۃ دخان تیر بہدف ہے باوضو چند آدمی مل کر پچاس مرتبہ پڑھ لیں انشاءاللہ تعالیٰ مکان ہر قسم کی بلاؤں سے محفوظ ہو جائے گا۔

آسانی سے جان نکلنے کے لئے

بعض مرتبہ مرنے والے کی جان اٹک جاتی ہے اور موت نہیں آتی ایسی صورت میں چند آدمی مل کر پچاس مرتبہ باوضو سورۃ دخان پڑھ کر مریض پر دم کریں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں یا اس کے چہرے اور ہاتھوں پر وہ پانی ملیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ روح بغیر کسی تکلیف کے نکل جائے گی۔

(پارہ ٢٥)(سورۃ ٤٥) سُوْرَۃُ الْجَاثِیَۃِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ٤ آیات ٣٧

دفع دشمنوں کے لئے

دشمنوں کے شر سے حفاظت اور ان کے دفع ہونے کے لئے یہ سورۃ اکسیر ہے۔ اس سورۃ کو اکتالیس ٤١ مرتبہ باوضو چند آدمی مل کر پڑھ لیں یا اکیلا آدمی پڑھ لے چند دن پڑھنے سے انشاء اللہ تعالےٰ دشمن دفع ہو جائیں گے اور ان کے شر سے حفاظت رہے گی۔

بچوں کی حفاظت کے لئے

اس سورۃ مبارکہ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے بچوں کے گلے میں ڈال دے انشاء اللہ تعالےٰ بچے جملہ آفات و بلیات سے محفوظ رہیں گے۔

سکرات سے نجات اور خاتمہ بالخیر کیلئے

جب کسی شخص پر سکرات کا عالم طاری ہو اور جان نکلنے کا وقت ہو تو باوضو سورۃ جاثیہ پڑھ کر مرنے والے پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ آسانی کے ساتھ اس کی جان نکلے گی اور خاتمہ بالایمان ہوگا۔

بدگو اور غیبت، چغلی کرنے والوں سے حفاظت

باوضو سورۃ جاثیہ کا نقش لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے داہنے بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے دشمنوں کی بدگوئی، غیبت، چغلی اور برائی سے حفاظت رہے گی۔

سورۃ جاثیہ کے کل اعداد ١٥٠١٥٣ ہیں اور نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

٧٨٦

٥٠٠٥٤	٥٠٠٤٧	٥٠٠٥٢
٥٠٠٤٩	٥٠٠٥١	٥٠٠٥٣
٥٠٠٥٠	٥٠٠٥٥	٥٠٠٤٨

(پارہ ٢٦)(سورۃ ٤٦) سُوْرَۃُ الْاَحْقَافِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ٤ آیات ٣٥

طلب بارش کے لئے

اگر بارش نہ ہوتی ہو اور کھیتی پانی نہ ہونے کے سبب سوکھ رہی ہو تو اللہ تعالیٰ سے بارش طلب کرنے کا یہ ہے کہ چند دن باوضو تیرہ ١٣ مرتبہ سورۃ الاحقاف پڑھے انشاء اللہ تعالےٰ بارش ہوگی۔

جن، دیو، پری، بھوت سے حفاظت

اگر کسی کو جنگل میں یا مکان میں جن دیو، پری، بھوت ڈراتے اور ستاتے تو سورۃ الاحقاف باوضو ایک بڑے کاغذ پر سات بار لکھے اور موم جامہ کرکے گلے میں ڈال لے۔ انشاء اللہ تعالےٰ جن، دیو، پری، بھوت کی شرارتوں سے محفوظ رہے گا۔

جن، بھوت، پریت اور دیو سے حفاظت

اگر اس سورۃ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ کی مدد سے ہر قسم کے خبیث، جن، بھوت، پریت اور دیو سے محفوظ رہے گا۔ اور اس پر ان کا حملہ کامیاب نہ ہوگا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ٤،٧٧،٣٧ ہیں۔ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

٧٨٦

١٨٤٤٣	١٨٤٤٦	١٨٤٤٩	١٨٤٣٦
١٨٤٤٨	١٨٤٣٧	١٨٤٤٢	١٨٤٤٧
١٨٤٣٨	١٨٤٥١	١٨٤٤٤	١٨٤٤١
١٨٤٤٥	١٨٤٤٠	١٨٤٣٩	١٨٤٥٠

(پارہ ۲۶)(سورۃ ۴۷) سُوْرَۃُ مُحَمَّدٍ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۴ آیات ۳۸

مشکل مہمات میں کامیابی کے لئے

اگر کسی کو کوئی مشکل مہم پیش آگئی ہو تو باوضو سورۃ محمد کو اکتالیس[۴۱] مرتبہ چند دن پڑھے اگر اکیلا پڑھنا مشکل ہو تو چند آدمی مل کر باوضو پڑھ لیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ مشکل آسان ہوگی۔

عزت و عظمت حاصل کرنے کے لئے

جو شخص یہ چاہے کہ اس کی عزت بڑھے اور لوگ اس کی عظمت کو تسلیم کریں اور اسے بڑا مانیں تو چاہیئے کہ سورۃ محمد کو زعفران وعرق گلاب اور زمزم کے پانی میں گھول کر اس سے باوضو لکھے اور اس کو پانی میں گھول کر چند دن پیئے اللہ تعالےٰ کے فضل سے اس پانی کو چند دن پینے سے لوگ اس کی عزت کریں گے اور اس کو بڑا مانیں گے

بیماری سے صحت کے لئے

اگر سورۃ محمد کو باوضو زعفران کو عرق گلاب میں ملاکر لکھے اور اسے آب زمزم یا عرق گلاب میں گھول کر مریض کو پلائے تو انشاءاللہ تعالےٰ مریض

کو صحت حاصل ہو۔

دشمنوں پر فتح پانے کے لئے

سُورۃ مُحمّد کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں ڈال لے تو ہر قسم کے دشمنوں پر فتح حاصل ہو اور دشمنوں کے مکر و فریب سے محفوظ رہے۔

اس سُورۃ محمد کے کُل اعداد ۱۸۰۶۵۵ ہیں اور چال تیرھویں خانہ میں سے نقش یہ ہے۔

٧٨٦

٤٥١٦٣	٤٥١٦٦	٤٥١٧٠	٤٥١٥٦
٤٥١٦٩	٤٥١٥٧	٤٥١٦٢	٤٥١٦٧
٤٥١٥٨	٤٥١٧٢	٤٥١٦٤	٤٥١٦١
٤٥١٦٥	٤٥١٦٠	٤٥١٥٩	٤٥١٧١

(پارہ ۲۶)(سورۃ ۴۸) سُوْرَۃُ الْفَتْحِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۴ آیات ۲۹

فتح یابی کے لئے

ہر قسم کی کامیابی اور دشمن پر فتح حاصل کے لئے سورۃ فتح باوضو اس طرح پڑھے کہ اول و آخر درود شریف اکہتر اکہتر (۷۱) بار درمیان میں تین تین دفعہ سورۃ فتح اور سورۃ نصر پڑھے۔ انشاءاللہ تعالےٰ ہر قسم کی کامیابی حاصل ہوگی اور دشمن پر غلبہ حاصل ہو اور فتحیاب ہو۔

جنگ و جہاد میں دشمن پر فتح کے لئے

اگر کوئی شخص سورۃ فتح کو اکتالیس[۴۱] بار روزانہ باوضو پڑھے یا چند آدمی

بل کر پڑھ لیں تو اللہ تعالٰے کی غیبی مدد آئے اور دشمن پر فتح کامل حاصل ہو۔

سال بھر امن و امان کے لئے

جو شخص ماہ رمضان المبارک کا چاند دیکھ کر اس کے سامنے کھڑے ہو کر باوضو تین بار سورہ فتح پڑھے تو بفضل الٰہی سال بھر امن و امان سے رہے، ہر قسم کی پریشانی سے محفوظ رہے۔

حاسدوں کے حسد و بغض سے حفاظت

اگر سورہ فتح کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے داہنے بازو پر باندھے تو انشاءاللہ تعالٰے حاسدوں کے حسد سے محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۸۸۸۲۸ ہیں اور چال خانہ [illegible] میں ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۷۲۰۶	۳۷۲۱۰	۳۷۲۱۳	۳۷۱۹۹
۳۷۲۱۲	۳۷۲۰۰	۳۷۲۰۵	۳۷۲۱۱
۳۷۲۰۱	۳۷۲۱۵	۳۷۲۰۸	۳۷۲۰۴
۳۷۲۰۹	۳۷۲۰۳	۳۷۲۰۲	۳۷۲۱۴

(پارہ ۲۶) (سورۃ ۴۹) سُوْرَۃُ الْحُجُرَاتِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۱۸

حمل قائم رہنے کے لئے

اگر سورہ حجرات کو باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے حاملہ عورت کے گلے میں باندھ دے تو اللہ تعالٰے کے حکم سے حاملہ کا حمل قائم رہے گا۔ اور بچہ صحت

و تندرستی کے ساتھ پیدا ہو۔

پیٹ کے تمام امراض سے شفاء کے لئے

اگر کسی شخص کو پیٹ کے مختلف امراض ہوں تو چاہیئے کہ روزانہ سات بار باوضو سورہ حجرات کو بلاناغہ پڑھا کرے۔ انشاءاللہ تعالٰے پیٹ کی تمام بیماریوں سے شفاء حاصل ہوگی۔

دشمن کے دفع کے لئے

اگر کسی شخص کو دشمنوں نے تنگ کر رکھا ہو اور اکثر ستاتے رہتے ہوں تو ایسے دشمن کے لئے روزانہ باوضو سات مرتبہ سورہ حجرات پڑھ کر دعا کرے۔ انشاءاللہ تعالٰے دشمن دفع ہو جائیں گے۔

ہر بیماری سے صحت کے لئے

ہر بیماری سے صحت کے لئے باوضو سورہ حجرات کا دس مرتبہ پڑھنا اور پڑھ کر مریض پر دم کرنا اور مریض کو پانی پر دم کر کے پلانا بہت مفید ہے۔ اس طرح کرنے سے انشاءاللہ تعالٰے مریض صحتیاب ہوگا۔

دودھ کی زیادتی کے لئے

اگر کسی عورت کے پستانوں میں دودھ کم ہو اور بچہ بھوک سے اکثر روتا رہتا ہو تو باوضو سورہ حجرات کو ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچے کی والدہ کو پلائے یا باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کی والدہ کے گلے میں ڈال دے انشاءاللہ تعالٰے دودھ زیادہ ہو اور بچہ سیر ہو کر پئے۔

جریان کے لئے

اگر کسی کا مادہ پتلا ہو گیا ہو اور جریان منی کی شکایت ہو تو روزانہ باوضو سورۂ حجرات تین[۳] بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور اکتالیس[۴۱] دن تک یہ عمل جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہو گی۔

آسیب، جن، بھوت، پری کے شر سے امن

اگر کسی کو آسیب، جن، بھوت، پری ستاتے ہوں یا کوئی شخص آسیب کے چکر میں پھنس گیا ہو اور اسے آسیب ہر وقت تنگ کرتا ہو تو باوضو سورۂ حجرات کو لکھے اور موم جامہ کر کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب، جن، بھوت، پری کے شر سے محفوظ رہے گا اور وہ اس کے نزدیک نہیں آئیں گے۔ اسی طرح اس سورت کو باوضو لکھ کر گھر کی دیوار پر دروازے کے بالکل سامنے لگا دے تو وہ گھر جن، آسیب، بھوت، دیو، پری سے محفوظ ہو جائے اور وہ اس گھر میں داخل نہ ہوں اور اس گھر میں رہنے والوں کا ڈر، خوف ختم ہو جائے۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۰۲۸۹۳ ہیں اور چال خانہ ختم میں ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۷۱۵	۲۵۷۲۹	۲۵۷۲۶	۲۵۷۲۲
۲۵۷۲۴	۲۵۷۲۱	۲۵۷۱۶	۲۵۷۲۸
۲۵۷۲۰	۲۵۷۲۳	۲۵۷۳۱	۲۵۷۱۷
۲۵۷۳۰	۲۵۷۱۸	۲۵۷۱۹	۲۵۷۲۵

(پارہ ۲۶) (سورۃ ۵۰) سُوْرَۃُ قٓ مَکِّیَۃٌ رکوع ۳ آیات ۴۵

پیٹ کی بیماریوں کے لئے

پیٹ کی تمام بیماریوں کے لئے باوضو سورۂ قٓ کو لکھے اور پانی میں گھول کر چند دن وہ پانی پیئے انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کی جملہ بیماریوں سے صحت حاصل ہو گی۔

دیوانگی اور پاگل پن دور کرنا

پاگل پن اور دیوانگی دور کرنے کے لئے سورۂ قٓ کو باوضو لکھے اور پانی میں گھول کر مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کا خوف، ڈر اور دیوانگی دور ہو گی۔

آنتوں کے کیڑے، چرنے

اگر آنتوں میں کیڑے ہوں یا زیادہ میٹھا کھانے سے بچوں کے چرنے ہو گئے ہوں تو باوضو تین[۳] بار سورۂ قٓ پڑھے اور بارش کے پانی پر دم کر کے اکیس[۲۱] روز برابر مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہو جائے گا۔ (اگر بارش کا پانی نہ ہو تو دریا یا کنویں یا نل کا پانی لے لیں)۔

آنکھوں کی روشنی کے لئے

آنکھوں کی روشنی کے لئے سورۂ قٓ کو تین[۳] بار باوضو پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے آنکھوں پر پھیر لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے آنکھوں کی روشنی زیادہ ہو گی۔ اور بینائی قائم رہے گی۔

بچے کے دانت آسانی سے نکلنے کے لئے

جس بچے کے دانت مشکل سے نکلتے ہوں سورۂ قٓ کو باوضو لکھے اور

بارش کے پانی سے دھوکر چند دن پلائے انشاء اللہ تعالیٰ دانت آسانی سے نکل آئیں گے اور بچے کو کوئی تکلیف نہیں ہوگی۔ اگر بارش کا پانی میسر نہ ہو تو عرق گلاب، آب زمزم یا کسی بھی پانی میں گھول کر پلادے۔

دشمن کو مغلوب کرنے کے لئے

اگر کسی شخص کو دشمنوں سے تکلیف پہنچنے کا اندیشہ ہو یا دشمن سے ڈر لگتا ہو تو باوضو سورۃ حج کا نقش لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ دشمن ناکام اور مغلوب رہے گا۔

اس سورہ کے کل اعداد ۱۰۹۷۳۶ ہیں اور چال خانہ نہم میں ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۷۴۳۳	۲۷۴۳۷	۲۷۴۳۰	۲۷۴۲۶
۲۷۴۳۹	۲۷۴۲۷	۲۷۴۳۲	۲۷۴۳۸
۲۷۴۲۸	۲۷۴۳۴	۲۷۴۳۵	۲۷۴۳۱
۲۷۴۳۶	۲۷۴۳۰	۲۷۴۲۹	۲۷۴۳۱

(پارہ ۲۶) (سورۃ ۵۱) سُوْرَۃُ الذّٰرِیٰتِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۳ آیات ۶۰

غلہ کی کمی اور قحط سے نجات کے لئے

اگر غلہ کی تنگی ہو یا قحط کے آثار ہوں اور غلہ کم پیدا ہوا ہو تو سورۃ ذاریات کو باوضو بارہ۱۲ مرتبہ پڑھے ایک ہی بیٹھک (نشست) میں اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم سے غلہ کی کمی دور ہوگی اور قحط کے آثار ختم ہوں گے۔

دولت بے شمار اور نعمت بے حساب کے لئے

اگر کوئی شخص باوضو ایک ہی بیٹھک (نشست) میں پچپن (۵۵) بار سورۃ ذاریات کو پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ دولت بے شمار پاوے اور نعمت بے حساب سے مالا مال ہو۔ اگر یہ عمل اکتالیس۴۱ دن کرے تو بہت ہی زیادہ کامیابی حاصل ہو۔

بچہ باآسانی پیدا ہو

اگر کوئی عورت باوضو سورۃ ذاریات بچہ کی پیدائش کے وقت پڑھے تو اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم سے لڑکا پیدا ہو اور باآسانی پیدا ہو۔

شہر سے قحط کو دور کرنا

اگر کسی ملک یا بستی میں قحط پڑ گیا ہو اور لوگ بھوک کی وجہ سے پریشان ہوں یا خوراک کا ذخیرہ ختم ہو گیا ہو تو چند آدمی مل کر باوضو سورۃ ذاریات ستر مرتبہ روزانہ ایک وقت میں مل کر پڑھ لیا کریں۔ جب تک قحط ختم نہ ہو پڑھتے رہیں انشاء اللہ تعالےٰ جلد ہی ملک یا بستی سے فاقہ دفع ہوگا۔ اور غلہ کی فراوانی ہو جائے گی۔

فاقہ سے نجات کے لئے

اگر کسی گھر میں اکثر فاقہ رہتا ہو تو سورۃ ذاریات کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ عورت اپنے بائیں بازو یا گلے میں باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فاقہ کی تکلیف سے نجات حاصل ہوگی۔

اس سورۃ ذاریات کے کل اعداد ۱۱۹۵۴۴ ہیں۔ نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

٧٨٦

٣٩٨٤٩	٣٩٨٤٤	٣٩٨٥١
٣٩٨٥٠	٣٩٨٤٨	٣٩٨٤٦
٣٩٨٤٥	٣٩٨٥٢	٣٩٨٤٧

(پارہ ٢٧) (سورۃ ٥٢) سُوْرَۃُ الطُّوْرِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ٢ آیات ٤٩

جذام، کوڑھ سے حفاظت کیلئے

اگر کوئی شخص ہر روز رات کو تین مرتبہ سُورۃ طُور باوضو پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم سے جذام اور کوڑھ کے مرض سے محفوظ رہے گا اور اگر خدانخواستہ اس بیماری کے آثار شروع ہو چکے ہوں تو جلد ہی بیماری سے نجات حاصل ہو گی بشرطیکہ مرض کے خاتمہ تک برابر پڑھتا رہے ناغہ نہ کرے۔

مسافر کی اپنے گھر بحفاظت واپسی کے لئے

اگر کوئی مسافر سفر کے دوران سُورۃ طور ایک مرتبہ باوضو روزانہ پڑھ لیا کرے تو انشاءاللہ تعالےٰ وہ ہر قسم کی آفات و بلیات اور حادثات سے محفوظ رہے گا اور بحفاظت گھر واپس پہنچ جائے گا۔

غنائے ظاہری و باطنی کے لئے

اگر کوئی شخص سُورۃ طُور کا نقش باوضو لکھ کر اور اسے موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو غنائے ظاہری و باطنی حاصل ہو۔

اس سورۃ کے کل اعداد ٩٤١٨٣ ہیں اور چال تیرھویں خانہ میں ہے۔ (نقش اگلے صفحہ پر ہے)

٧٨٦

٢٢٥٤٥	٢٣٥٣٨	٢٣٥٥٢	٢٣٥٣٨
٢٣٥٥١	٢٣٥٣٩	٢٣٥٤٤	٢٣٥٤٩
٢٣٥٤٠	٢٣٥٥٤	٢٣٥٤٦	٢٣٥٤٣
٢٣٥٤٧	٢٣٥٤٢	٢٣٥٤١	٢٣٥٥٣

(پارہ ٢٧) (سورۃ ٥٣) سُوْرَۃُ النَّجْمِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ٣ آیات ٦٢

ہر قسم کی مُراد پوری ہونے کیلئے

ہر قسم کی مُراد پوری ہونے کے لئے سُورۃ النجم باوضو اکیس ٢١ مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ تعالےٰ ہر قسم کی مُراد پوری ہو گی اور پریشانی سے نجات ملے گی۔

دشمنوں پر فتح حاصل کرنے کے لئے

جو شخص روزانہ باوضو ایک مرتبہ سُورۃ النجم پڑھ لیا کرے انشاءاللہ تعالےٰ اسے جلد ہی دشمنوں پر فتح حاصل ہو اور دشمن کسی طرح بھی اسے نقصان نہ پہنچا سکے۔

ہر مشکل کے حل کے لئے

سُورۃ النجم کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے داہنے بازو پر باندھے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت اور فضل سے کوئی مشکل پیش نہ آئے اور اگر کوئی مشکل پیش آجائے تو بہت جلد حل ہو جائے۔

اس سُورۃ کے کُل اعداد ١١٤٢٧٤ ہیں۔

اور نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر ہے)

۷۸۶

۲۸۵۶۸	۲۸۵۷۱	۲۸۵۷۴	۲۸۵۶۱
۲۸۵۷۳	۲۸۵۶۲	۲۸۵۶۷	۲۸۵۷۲
۲۸۵۶۳	۲۸۵۷۶	۲۸۵۶۹	۲۸۵۶۶
۲۸۵۷۰	۲۸۵۶۵	۲۸۵۶۴	۲۸۵۷۵

(پارہ ۲۷) (سورۃ ۵۴) سُوْرَۃُ الْقَمَرِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۳ آیات ۵۵

لوگوں کی نگاہ میں باعزت ہونا

اگر کوئی شخص یہ چاہے کہ اسے لوگوں میں مقبولیت حاصل ہو اور ہر شخص اس کی قدر کرے تو چاہیئے کہ سورۃ قمر کو باوضو ظہر کے وقت لکھے اور موم جامہ کر کے اپنی پگڑی میں باندھ لے یا ٹوپی میں رکھ لے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالےٰ لوگوں میں مقبول ہوگا اور اس کے تمام مشکل کام آسان ہو جائیں گے۔

دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے

شب جمعہ (جمعرات کا دن گذرنے کے بعد آنے والی رات) میں باوضو سورۃ قمر پڑھے تو اللہ تعالےٰ کے فضل وکرم سے دشمن پر غلبہ حاصل ہو اور مشکل حل ہو۔

ہر قسم کی مشکلیں آسان کرنے کے لئے

ہر قسم کی مشکلیں آسان کرنے کے لئے سورۃ قمر کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے بازو پر باندھ لے۔

انشاء اللہ تعالےٰ ہر مشکل آسان ہوگی اور ہر شخص عزت کرے گا۔

ہر بلا سے حفاظت

ہر بلا سے حفاظت کے لئے سورۃ قمر کا باوضو بعد نمازِ عشاء پڑھنا بہت مجرب ہے۔ (ایک مرتبہ پڑھنا کافی ہے)

آسیب زدہ کے لئے

سورۃ قمر کو سات مرتبہ باوضو پڑھ کر آسیب والے پر دم کرے یا پانی پر دم کر کے پلائے انشاء اللہ تعالےٰ شفاء اور صحت کے لئے اکسیر ہے۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۲۰۴۵۰ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۰۱۱۲	۳۰۱۱۵	۳۰۱۱۸	۳۰۱۰۵
۳۰۱۱۷	۳۰۱۰۶	۳۰۱۱۱	۳۰۱۱۶
۳۰۱۰۷	۳۰۱۲۰	۳۰۱۱۳	۳۰۱۱۰
۳۰۱۱۴	۳۰۱۰۹	۳۰۱۰۸	۳۰۱۱۹

(پارہ ۲۷) (سورۃ ۵۵) سُوْرَۃُ الرَّحْمٰنِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۳ آیات ۷۸

خسرہ اور چیچک سے حفاظت کے لئے

ایک پاک وصاف نیلے رنگ کا دھاگہ لے لیں۔ باوضو پہلے تین بار درود شریف پڑھ کر اس دھاگے پر پھونکیں۔ پھر سورۃ رحمٰن کا عمل اس طرح کریں کہ سورۃ رحمٰن پڑھنا شروع کریں جب فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ پڑھیں تو دھاگہ پر ایک گرہ دے کر دم کر دیں۔ ایسے ہی جب یہ آیت آئے تو دھاگہ پر گرہ دے کر دم کرتے جائیں۔ سورۃ رحمٰن میں یہ آیت اکتیس (۳۱) مرتبہ آئے گی لہٰذا دھاگے پر

اکتیس ۳۱ گرہ لگیں گی۔

خسرہ اور چیچک سے حفاظت کا دوسرا عمل

جب خسرہ یا چیچک کی وبا پھیل رہی ہو تو اس سے حفاظت کے لیے مونگ پر سورۃ الرحمٰن تین ۳ بار باوضو پڑھ کر دم کریں۔ ان مونگوں میں سے تین، پانچ یا سات مونگ لے کر منہ میں ڈال کر پانی سے نگل لیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ خسرہ اور چیچک سے حفاظت رہے گی۔

خفقان (دل کا دھڑکنا اور ہولِ دل)

اگر کسی کا دل تیزی سے دھڑکتا ہو یا ہولِ دل کا مرض ہو تو پوری سورۃ الرحمٰن کو باوضو پڑھ کر پانی پر تین ۳ بار پھونک مارے (دم کرے) اور مسلسل (لگاتار) ایک ہفتہ تک پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد فائدہ ہوگا۔

آسیب زدہ (جس کو جن بھوت لپٹ گیا ہو) کے لیے

ایک سفید دھاگہ سات تارے جو پونے دو گز لمبا ہو باوضو ہاتھ میں لے کر گیارہ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دھاگے پر دم کرے اور پھر سورۃ الرحمٰن پڑھنا شروع کرے جس وقت آیت فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ آئے دھاگے پر گرہ لگاتا جائے اور پھونک مارتا جائے (دم کرے)، آخر میں گیارہ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کرے۔

یہ گنڈہ آسیب زدہ کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو صحت حاصل ہوگی اور آسیب کا اثر جاتا رہے گا۔

-:-

آنکھ کی تکلیف کے لیے

جس کی آنکھیں دکھتی ہوں اس کے گلے میں اوپر والی ترکیب سے گنڈہ تیار کرکے ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کو جلد شفاء حاصل ہوگی۔

سورۃ الرحمٰن کی زکوٰۃ کا طریقہ

سورۃ الرحمٰن کی زکوٰۃ کی ترکیب یہ ہے کہ زکوٰۃ دینے والا سات دن تک متواتر (لگاتار) روزے رکھے مسجد میں اعتکاف کرے اور ایک سو اکتالیس ۱۴۱ مرتبہ روزانہ سورۃ الرحمٰن باوضو پڑھے۔ اس کے بعد تین ۳ مرتبہ روزانہ صبح کی نماز کے بعد ہمیشہ اس سورت کو پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عمل قبضہ میں رہے۔ زکوٰۃ کے بعد اس کا عمل کرتے ہیں بہت تاثیر پیدا ہوجاتی ہے۔ رمضان المبارک کے آخری عشرہ میں باآسانی زکوٰۃ دی جاسکتی ہے۔

دلی مقصد میں کامیابی کیلئے

اگر کوئی شخص اپنے دلی مقاصد میں کامیابی حاصل کرنا چاہتا ہو تو سورۃ الرحمٰن کو باوضو گیارہ ۱۱ بار پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ دلی مقاصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

تلی (طحال) بڑھ جانا

اگر کسی کو طحال کا مرض ہو تو اس کو چاہیئے کہ باوضو سورۃ الرحمٰن لکھ کر پانی میں گھول کر پیئے، انشاء اللہ تعالیٰ تلی کے مرض سے نجات حاصل ہو۔

موذی (تکلیف پہنچانے والے) جانور کے بھگانے کے لئے

اگر کسی جگہ موذی جانور ہوں تو باوضو سورۃ الرحمٰن ایک سفید کاغذ پر لکھے اور اس کو پانی میں گھول کر وہ پانی مکان کی دیواروں پر چھڑکے۔ انشاءاللہ تعالیٰ تمام موذی جانور بھاگ جائیں گے۔

برائے حاجت پورا ہونے کے

سورۃ الرحمٰن کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

اس کے کل اعداد ۱۲۱۶۱۴ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۰۳۹۶	۳۰۴۰۹	۳۰۴۰۶	۳۰۴۰۳
۳۰۴۰۷	۳۰۴۰۲	۳۰۳۹۷	۳۰۴۰۸
۳۰۴۰۱	۳۰۴۰۴	۳۰۴۱۱	۳۰۳۹۸
۳۰۴۱۰	۳۰۳۹۹	۳۰۴۰۰	۳۰۴۰۵

(پارہ ۲۷) (سورۃ ۵۶) سُوْرَۃُ الْوَاقِعَۃِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۳ آیات ۹۶

فاقہ سے نجات

اگر کوئی شخص فاقوں سے تنگ ہو اور گھر میں اکثر فاقہ رہتا ہو تو روزانہ مغرب کی سنتوں میں سورۃ واقعہ پڑھتا رہے تو فاقہ سے نجات حاصل ہوگی اور عیش سے زندگی بسر کرے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ مجرب ہے۔

فقر و فاقہ کا خاتمہ

جو شخص شب جمعہ میں ہمیشہ باوضو سورۃ واقعہ ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے وہ انشاءاللہ تعالیٰ فقر و فاقہ سے محفوظ رہے گا۔

استسقاء۔ جلندھر۔ پڑ پانی

ایسے مریض کو جو جلندھر، پڑ پانی کے مرض میں مبتلا ہو تین بار سورۃ واقعہ باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے سات روز تک مسلسل مریض کو پلائیں انشاءاللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔

طلب بارش کے لئے

جب ہر طرف بارش کی ضرورت ہو اور بارش نہ ہوتی ہو تو سات مرتبہ روزانہ سورۃ واقعہ باوضو پابندی کے ساتھ پڑھی جائے انشاءاللہ تعالیٰ بارش ہوگی اور خشک سالی ختم ہو جائے گا۔

بارش روکنا

اگر پانی کی کثرت سے سیلاب آگیا ہو اور بارش نہ رکتی ہو تو سورۃ واقعہ روزانہ باوضو پانچ مرتبہ پابندی کے ساتھ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ بارش رک جائے گی اور آسمان کھل جائے گا۔

باغ میں پھلوں کی کثرت اور تمام آفات سے حفاظت

اگر کوئی شخص باوضو سورۃ واقعہ کو کاغذ پر زعفران سے لکھ کر باغ کے

کسی درخت پر لٹکا دے تو اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم سے باغ میں خوب پھل آئیں اور باغ ہر قسم کی ارضی و سماوی آفات سے محفوظ رہے۔

فاقہ کشی سے نجات

اگر کوئی شخص سورۂ واقعہ کو باوضو ایک ہی نشست میں اکتالیس (۴۱) بار پڑھے تو فاقہ کی تکلیف نہ ہو اور اس گھر سے فاقہ ہمیشہ کے لئے رخصت ہو جائے اور رزق بہت ملے۔

حصولِ غنا کا عمل

ظاہری و باطنی غنا حاصل کرنے کے لئے جمعہ کے روز سے سات روز تک متواتر ہر نماز کے بعد پچیس (۲۵) مرتبہ سورۂ واقعہ پڑھے (مثلاً جمعہ کے دن فجر کی نماز کے بعد (۲۵) پچیس مرتبہ پڑھے پھر ظہر کی نماز کے بعد پچیس ۲۵ مرتبہ پڑھے) جب جمعہ کی رات (جمعہ کا دن گذرنے کے بعد آنے والی رات) آئے تو اس سورہ کو بعد نماز مغرب پچیس ۲۵ بار پڑھے پھر نماز عشاء کے بعد پچیس مرتبہ پڑھے۔ اس کے بعد سو مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ غنائے ظاہری و باطنی حاصل ہوگا اور جس مقصد کے لئے پڑھے گا کامیاب ہوگا۔

محتاجگی دور کرنے کے لئے

ہر قسم کی محتاجگی دور کرنے کے لئے سورۂ واقعہ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے داہنے بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ محتاجگی دور ہوگی۔
اس سورۃ کے کُل اعداد ۱۰۲۹۶۵ ہیں اور نقش یہ ہے اور چال خانۂ پنجم میں ہے۔

۷۸۶

۲۵۷۴۱	۲۵۷۴۴	۲۵۷۴۷	۲۵۷۳۳
۲۵۷۳۶	۲۵۷۳۴	۲۵۷۴۰	۲۵۷۴۵
۲۵۷۳۵	۲۵۷۴۹	۲۵۷۴۲	۲۵۷۳۹
۲۵۷۴۳	۲۵۷۳۸	۲۵۷۳۶	۲۵۷۴۸

(پارہ ۲۷) (سورۃ ۵۷) سُورۃُ الحَدِیدِ مَدَنِیَّۃ رکوع ۴ آیات ۲۹

مقدمہ میں کامیابی کے لئے

سُورۃ الحدید کو کمزور مقدمہ میں سات ہزار مرتبہ روزانہ پڑھنا کمزور مقدمہ کو زور دار ہارے ہوئے مقدمہ کو جتوا تا ہے۔ جس قدر ضرورت مند پڑھے گا۔ اسی قدر جلد کام ہوگا۔

میدانِ جنگ میں حفاظت کیلئے

اگر کوئی شخص باوضو سورۂ حدید لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو اللہ کے فضل و کرم سے جنگ کے دوران ہر قسم کے نقصان، زخم اور چوٹ سے محفوظ رہے اسی طرح اگر کسی آدمی کو جنگ کے میدان میں زخم آجائیں تو سورۂ حدید باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی زخموں پر لگائے انشاء اللہ تعالیٰ زخم جلد ہی اچھے ہو جائیں گے۔

ہر کام میں آسانی پیدا ہو

اگر کام میں کسی قسم کی رکاوٹ یا مشکل پیش آئے تو سُورۂ حدید تین ۳ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالےٰ کام آسان اور راحت کے ساتھ انجام پائے گا۔

— ❊ —

بیماری سے شفاء کے لئے

بیمار کے بیماری سے شفاء کے لئے سات بار سورۂ حدید باوضو پڑھے اور مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص دشمنوں کے ہاتھوں تنگ ہو تو اس کے لئے روزانہ سات مرتبہ باوضو سورۂ حدید پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

دشمنی کو دوستی میں بدلنا

اگر کوئی شخص چاہے کہ دشمن کی دشمنی دوستی میں بدل جائے سورۂ حدید کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمنی دوستی میں بدل جائے گی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ١٩٨٩٢٤ ہیں اور نقش یہ ہے۔

٦٦٣٠٩	٦٦٣٠٤	٦٦٣١١
٦٦٣١٠	٦٦٣٠٨	٦٦٣٠٦
٦٦٣٠٥	٦٦٣١٢	٦٦٣٠٧

پارہ ۲۸ السورۃ ۵۸ سُوْرَۃُ الْمُجَادَلَۃِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ٣ آیات ٢٢

مایوس العلاج مریض کی شفایابی کے لئے

(اگلے صفحہ پر)

ایسا مریض جس کے علاج سے اہل خانہ مایوس ہو چکے ہوں۔ اس کے لئے بعد نمازِ عصر باوضو سورۂ مجادلہ تین[٣] بار پڑھ کر اور ہر مرتبہ مریض پر پھونکیں۔ یہ عمل متواتر چالیس[٤٠] روز تک عمل میں لائیں۔

ف: یہ عمل حضرت شیخ الاسلام مولانا سید حسین احمد مدنی رحمۃ اللہ علیہ سابق شیخ الحدیث دارالعلوم دیوبند کے تجربہ میں رہا ہے اور الحمدللہ متعدد مایوس العلاج حضرات شفایاب ہوئے ہیں۔

کیڑے سے غلّہ کی حفاظت

سورۂ مجادلہ کسی کاغذ پر باوضو لکھ کر غلّہ میں وہ کاغذ لپیٹ کر رکھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس غلّہ کو کیڑے وغیرہ نقصان نہیں پہنچا سکیں گے۔

خنازیر، کنٹھ، ہنجیر

خنازیر، کنٹھ، اور ہنجیر کے لئے بعد نمازِ عصر سورۂ مجادلہ مکمل تین[٣] بار باوضو پڑھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈال لیں انشاء اللہ تعالیٰ شفا حاصل ہوگی۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

سورۂ مجادلہ کو باوضو تین[٣] بار پڑھ کر خاک (مٹی) پر دم کرے اور وہ خاک اس طرف اچھال دے جس طرف دشمن ہوں۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمنوں کی بیخ اور ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

دشوار کام میں آسانی اور مشکل مہم کے حل کے لئے

اگر کوئی کام مشکل ہو یا کوئی سخت مہم پیش آگئی ہو تو اس کے لئے روزانہ

سورۂ مجادلہ باوضو بیالیس ۴۲ مرتبہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہوگی۔ اور مشکل کام آسان ہو اور مشکل مہم حل ہو۔

دشمنی دور کرنے کے لئے

اگر دو قوموں یا دو گروہوں میں سخت دشمنی ہو تو تین ۳ بار باوضو سورۂ مجادلہ پڑھی جائے انشاءاللہ تعالیٰ دشمنی دور ہو اور باہم محبت پیدا ہو جائے۔

جنگ میں ہر طرح سے محفوظ رہنے کیلئے

جو شخص باوضو سورۂ مجادلہ کا نقش لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے بازو پر باندھے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے جنگ میں ہر طرح سے محفوظ رہے۔
اس سورۃ کے کل اعداد ۳۴۲۳۷ ہیں اور چال خانہ پنجم میں ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۵۵۹	۸۵۶۲	۸۵۶۵	۸۵۵۱
۸۵۶۴	۸۵۵۲	۸۵۵۹	۸۵۶۳
۸۵۵۳	۸۵۶۸	۸۵۶۰	۸۵۵۷
۸۵۶۱	۸۵۵۶	۸۵۵۴	۸۵۶۶

پارہ ۲۸ سورۃ ۵۹ سُوْرَةُ الْحَشْرِ مَدَنِيَّة رکوع ۳ آیات ۲۴

حاجت پوری ہونے کے لئے

اگر کوئی حاجت درپیش ہو تو چار رکعت نماز نفل پڑھیں اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ایک بار سورۂ حشر مکمل پڑھیں۔ پھر سلام پھیر کر

دعا کریں انشاءاللہ تعالیٰ ضرور دعا قبول ہوگی۔

بھول اور نسیان کا علاج

اگر کسی کو بہت بھول ہوتی ہو یہاں تک کہ نماز کی رکعتیں بھی بھول جاتا ہو تو سورۂ حشر کو باوضو چینی کی رکابی (پلیٹ) پر لکھ کر بارش کے پانی سے حل کرکے وہ پانی پی لے اگر بارش کا پانی نہ ہو تو جو پانی مل جائے اسی میں گھول کر پی لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بھول اور نسیان کا مرض دور ہوگا۔ حافظہ قوی ہوگا۔

مشکل مہم کے حل کے لئے

ہر قسم کی مشکل مہم کے لئے سورۂ حشر روزانہ باوضو چالیس ۴۰ مرتبہ پڑھے، ناغہ نہ کرے جملہ حاجات پوری ہوں اور مشکل مہم حل ہو جائے۔

مال داری کے لئے

اگر کوئی شخص چاہے کہ وہ مال دار بن جائے تو سورۂ حشر کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے داہنے بازو پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ مالدار ہو۔
اس سورۃ کے کل اعداد ۱۳۳۴۶۱ ہیں اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۳۳۶۵	۳۳۳۶۸	۳۳۳۷۱	۳۳۳۵۷
۳۳۳۷۰	۳۳۳۵۸	۳۳۳۶۴	۳۳۳۶۹
۳۳۳۵۹	۳۳۳۷۳	۳۳۳۶۶	۳۳۳۶۳
۳۳۳۶۷	۳۳۳۶۲	۳۳۳۶۰	۳۳۳۷۲

خاوند سے طلاق لینا

اگر کوئی عورت اپنے خاوند سے شرعی عذر کی وجہ سے طلاق لینا چاہتی ہو اور خاوند اس کو طلاق نہ دیتا ہو تو وہ عورت سورۃ ممتحنہ کو گیارہ روز تک روزانہ باوضو گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ کوئی صورت اس طلاق کی ہو جائے گی۔

شیطانی وسوسوں سے نجات کیلئے

شیطانی وسوسوں سے نجات کے لئے سورۃ ممتحنہ روزانہ ایک مرتبہ صبح اور ایک مرتبہ بعد نماز مغرب باوضو پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ شیطانی وسوسے دفع ہوں گے۔ اس سورۃ کا پڑھنا اس سلسلے میں نہایت مفید ہے۔

دشمن کے خوف کو دور کرنا

اگر کسی شخص کے دل و دماغ پر دشمن کا خوف چھا گیا ہو اور ہر وقت ڈر اور خوف سے دل لرزتا رہتا ہو تو سورۃ ممتحنہ کو بعد نماز فجر باوضو دو مرتبہ پڑھ کر دعا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دل کا خوف ختم ہو گا۔

بدزبان عورت کی اصلاح کے لئے

اگر کوئی عورت بدزبان اور ہر وقت زبان درازی کرتی ہو تو اس کے لئے باوضو سورۃ ممتحنہ لکھے اور پانی میں گھول کر اس عورت کو پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بدزبانی سے باز آ جائے گی۔

گھر یا مکان کو شیطان سے پاک کرنا

جس گھر یا مکان میں سورۃ ممتحنہ روزانہ کسی بھی وقت باوضو پڑھی جائے گی۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس گھر یا مکان میں شیطان نہ آئے گا۔

لڑکی کی شادی کے لئے

اگر کسی لڑکی کی شادی میں رکاوٹ ہو اور اس کی شادی نہ ہوتی ہو تو سورۃ ممتحنہ روزانہ پانچ بار باوضو پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ اس کی شادی کسی نیک بخت نوجوان سے ہو جائے گی۔

مرض طحال (تلی) کا علاج

اگر کسی کو طحال یعنی تلی کا مرض ہو گیا ہو تو اس کے لئے روزانہ باوضو چینی کی رکابی (پلیٹ) پر لکھ کر مریض کو تین ۳ دن تک پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ شفا حاصل ہو گی۔

شیطانی کاموں اور گناہوں سے بچنے کیلئے

اگر کوئی شخص شیطانی کاموں اور گناہوں میں مبتلا ہو تو اسے چاہیئے کہ روزانہ باوضو پانچ مرتبہ سورۃ ممتحنہ کی تلاوت کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ اس سورۃ کے پڑھنے سے وہ تمام برے کاموں اور گناہوں سے بچ جائے گا۔

تلی کے مرض سے صحت

طحال یا تلی کے مرض سے صحت حاصل کرنے کے لئے سورۃ ممتحنہ کا نقش

باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالےٰ جلد صحت حاصل ہوگی۔

اس سُورۃ کے کل اعداد ۱۰۱۳۵۰ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۲۵۳۳۷	۲۵۳۴۰	۲۵۳۴۳	۲۵۳۳۰
۲۵۳۴۲	۲۵۳۳۱	۲۵۳۳۶	۲۵۳۴۱
۲۵۳۳۲	۲۵۳۴۵	۲۵۳۳۸	۲۵۳۳۵
۲۵۳۳۹	۲۵۳۳۴	۲۵۳۳۳	۲۵۳۴۴

(پارہ ۲۸) (سورۃ ۶۱) سُوْرَۃُ الصَّفِّ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۱۴

خاندان والے اور اہل وعیال کا مطیع ہونا

جو کوئی شخص یہ چاہے کہ اس کی اولاد اور اہل خانہ اور خاندان والے اس کی اطاعت و فرمانبرداری کریں تو اسے چاہیئے کہ ستّر مرتبہ سُورہ صف پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ اس کی اولاد، اھل خانہ اور خاندان والے مطیع و فرمانبردار ہوں گے۔

ہر قسم کی ناگہانی آفت، بیماری اور بلاء سے حفاظت

سورۃ صف کا فجر کی نماز کے بعد روزانہ تین مرتبہ پڑھنا ہر ایک قسم کی ناگہانی آفت، بیماری اور بلاء سے محفوظ رکھتا ہو۔

بچہ کا ذہن کھولنے کے لئے

جس بچہ کا ذہن بند ہو اور اُلٹے سیدھے کام کرتا ہو اور پڑھنے میں کمزور ہو تو اس کے لئے فجر کی نماز کے بعد باوضو ایک مرتبہ سُورۃ صف پڑھ کر

پانی پر دم کرکے بچہ کو پلانا ذہن کو کھولتا ہے۔

قلب کو گناہوں سے پاک کرنا اور قلب کو نورانی کرنا

سورۃ صف کا روزانہ بعد نماز ظہر باوضو ایک مرتبہ پڑھنا گناہوں کی سیاہی کو دور کرتا ہے اور قلب کو منور کرتا ہے۔

اولاد کی فرمان برداری کے لئے

جو لڑکا یا لڑکی نا خلف ہو اور اپنے والدین کی اطاعت نہ کرتے ہوں تو تین بار باوضو سُورۃ صف پڑھ کر ان پر دم کرے اور پانی پر دم کرکے انہیں پلائے انشاءاللہ تعالےٰ ان کے دل سرکشی سے ہٹ کر اطاعت و فرمانبرداری کی طرف مائل ہوں گے۔

مسافر کا خیر و عافیت سے گھر واپس آنا

اگر کوئی آدمی سفر پر گیا ہو تو اسے چاہیئے کہ باوضو روزانہ کسی وقت سُورۃ صف پڑھ لیا کرے۔ انشاءاللہ تعالےٰ صحت و سلامتی اور امن وامان کے ساتھ اپنے گھر واپس آئے۔ دورانِ سفر کوئی تکلیف یا نقصان نہ ہوگا۔

اہلِ خانہ کی اطاعت اور روزی کی فراخی کیلئے

سُورۃ صف کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے داہنے بازو پر باندھے انشاءاللہ تعالےٰ اہل خانہ اس کی اطاعت کریں اور اس کی روزی میں فراخی و برکت ہو۔

اس سُورۃ صف کے کُل اعداد ۵۹۰۶۰ ہیں اور چال نویں خانہ

ہیں ہے۔ نقش یہ ہے

۷۸۶

۱۳۷۶۴	۱۳۷۶۸	۱۳۷۷۱	۱۳۷۵۷
۱۳۷۷۰	۱۳۷۵۸	۱۳۷۶۳	۱۳۷۶۹
۱۳۷۵۹	۱۳۷۷۳	۱۳۷۶۶	۱۳۷۶۲
۱۳۷۶۷	۱۳۷۶۱	۱۳۷۶۰	۱۳۷۷۲

(پارہ ۲۸)(سورۃ ۶۲) سُوْرَۃُ الْجُمُعَۃِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۱۱

میاں بیوی کے درمیان محبت

اگر میاں بیوی میں ناموافقت ہو اور ہر وقت بات بات پر جھگڑا ہوتا ہو تو جمعہ کے دن کسی وقت بھی باوضو تین مرتبہ سُورۃ جمعہ پڑھے اور دعا مانگے انشاء اللہ تعالیٰ آپس میں محبت بڑھ جائے گی اور نفاق دور ہوگا۔ نیز پانی پر دم کرکے دونوں کو پلانا بھی مفید ہے۔

بات کرنے میں دشواری کا علاج

اگر کوئی شخص اچھی طرح بات نہ کرسکتا ہو اور بات کرنے میں دشواری پیش آتی ہو تو باوضو اس سُورۃ جمعہ کو کئی بار روزانہ پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی زبان درست ہو جائے گی اور زبان کی رکاوٹ دُور ہوگی۔

مال میں برکت کے لئے

اگر سورۃ جمعہ کو باوضو سیب پر لکھ کر یا پلیٹ پر لکھ کر اپنے مال میں رکھے تو مال میں اضافہ ہو اور خوب برکت ہو اور مال نقصان سے محفوظ رہے۔

میاں بیوی میں محبت کے لئے

سُورۃ جمعہ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے میاں کے دائیں بازو پر باندھے یا عورت گلے میں پہن لے تو اس کی برکت سے میاں بیوی کے اختلافات ختم ہوجائیں اور آپس میں بہت زیادہ محبت پیدا ہو جائے۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۶۱۵۲۵ ہیں اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵۳۸۱	۱۵۳۸۴	۱۵۳۸۷	۱۵۳۷۳
۱۵۳۸۶	۱۵۳۷۴	۱۵۳۸۰	۱۵۳۸۵
۱۵۳۷۵	۱۵۳۸۹	۱۵۳۸۲	۱۵۳۷۹
۱۵۳۸۳	۱۵۳۷۸	۱۵۳۷۶	۱۵۳۸۸

(پارہ ۲۸)(سورۃ ۶۳) سُوْرَۃُ الْمُنٰفِقُوْنَ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۱۱

دشمن کی پامالی اور ذِلّت کے لئے

جو کوئی شخص سورۃ منافقون کو روزانہ باوضو رات کو پڑھ کر سوئے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کے دشمن ہمیشہ پامال اور ذلیل رہیں گے اور اسے نقصان نہ پہنچاسکیں گے۔

نفاق کے مرض سے حفاظت

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کا دل نفاق سے پاک ہوجائے اور اس مرض سے محفوظ رہے تو اسے چاہیئے کہ باوضو روزانہ سورۃ منافقون پڑھے۔ انشاء اللہ

نفاق کے مرض سے محفوظ رہے گا۔

چغل خور سے حفاظت

اگر کوئی شخص چغل خور سے پریشان ہو اور اس سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہو تو ایک سو ساٹھ (۱۶۰) مرتبہ باوضو سُورۃ منافقون پڑھے۔ انشاءاللہ چغل خور کی چغلخوری اور اس کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔

آنکھ میں درد کا علاج

اگر کسی کی آنکھ میں درد ہو تو باوضو ایک بار سُورۃ منافقون پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کا درد چند دن میں دور ہو جائے گا۔

دشمن کے شر سے حفاظت کے لئے

سُورۃ منافقون کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالےٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

اس سورہ کے کل اعداد ۵۳۲۵۶ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۷۵۳	۱۷۷۴۸	۱۷۷۵۵
۱۷۷۵۴	۱۷۷۵۲	۱۷۷۵۰
۱۷۷۴۹	۱۷۷۵۶	۱۷۷۵۱

(پارہ ۲۸) (سورۃ ۶۴) سُوْرَةُ التَّغَابُنِ مَدَنِيَّةٌ رکوع ۲ آیات ۱۸

مال میں خیر و برکت کے لئے

اگر کوئی شخص روزانہ باوضو تین بار سورۃ تغابن پڑھے تو انشاءاللہ تعالیٰ اس کے مال میں خیر و برکت پیدا ہوگی۔

مال کی حفاظت کے لئے

زیور، سونا چاندی، مال اور روپیہ رکھ کر سات مرتبہ باوضو سُورۃ تغابن پڑھ کر اس پر پھونک دے انشاء اللہ تعالےٰ کوئی چور اور ڈاکو اس مال کو چوری نہ کر سکے گا۔ وہ مال بالکل محفوظ رہے گا۔

تمام آفات سے حفاظت کے لئے

تمام آفات سے حفاظت کے لئے سُورۃ تغابن کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے داہنے بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ تمام آفات سے محفوظ رہے گا۔

اس سُورۃ کے کُل اعداد ۷۹۷۴۱ ہیں۔ اور چال پانچویں خانہ تک ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹۹۳۵	۱۹۹۳۸	۱۹۹۴۱	۱۹۹۲۷
۱۹۹۴۰	۱۹۹۲۸	۱۹۹۳۴	۱۹۹۳۹
۱۹۹۲۹	۱۹۹۴۳	۱۹۹۳۶	۱۹۹۳۳
۱۹۹۳۷	۱۹۹۳۲	۱۹۹۳۰	۱۹۹۳۲

(پارہ ۲۸) (سورۃ ۶۵) سُوْرَۃُ الطَّلَاقِ مَدَنِيَّةٌ رکوع ۲ آیات ۱۲

شدید زخموں کا جلد اچھا ہونا

سورۃ طلاق کا تین۳ دن تک باوضو تین۳ مرتبہ پڑھ کر شدید زخموں پر دم کرنا خدا کے فضل سے زخموں کو جلد اچھا کرتا ہے۔

رنج و غم دور کرنا

اگر کوئی شخص غمگین ہو اور شدید غم میں مبتلا ہو تو سورۃ طلاق کو روزانہ باوضو ایک دفعہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دل سے رنج و غم دور ہوگا۔

بیماری سے صحت کے لئے

اگر کوئی شخص بیمار ہو تو اس سورہ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے بیمار کے گلے میں باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بیمار جلد اچھا ہو جائے گا۔
اس سورہ کے کل اعداد ۸۲۴۰۱۲ ہیں اور چال نویں خانہ میں ہے۔
نقش یہ ہے۔

۸۲۴

۲۰۶۰۰۲	۲۰۶۰۰۶	۲۰۶۰۰۹	۲۰۵۹۹۵
۲۰۶۰۰۸	۲۰۵۹۹۶	۲۰۶۰۰۱	۲۰۶۰۰۷
۲۰۵۹۹۷	۲۰۶۰۱۱	۲۰۶۰۰۳	۲۰۶۰۰۰
۲۰۶۰۰۵	۲۰۵۹۹۹	۲۰۵۹۹۸	۲۰۶۰۱۰

(پارہ ۲۸) (سورۃ ۶۶) سُوْرَۃُ التَّحْرِيْمِ مَدَنِيَّةٌ رکوع ۲ آیات ۱۲

ذات الجنب، ورم غلاف پسلی کا درد، نمونیہ وغیرہ

ذات الجنب، ورم غلاف، پسلی کا درد اور نمونیہ وغیرہ کے لئے سورۃ تحریم تین۳ بار پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔

شوہر بیوی کو آرام سے رکھے اور اولاد تابعدار

جو عورت ہمیشہ روزانہ باوضو سورۃ تحریم پڑھے گی۔ انشاء اللہ تعالیٰ خاوند اس کا ہمیشہ اسے آرام و راحت سے رکھے گا اور اولاد تابعدار اور فرمان بردار ہوگی۔

قرض کی ادائیگی کے لئے

اگر کوئی شخص قرض میں مبتلا ہو اور قرض اترتا نہ ہو تو باوضو اکیس۲۱ بار سورۃ تحریم پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی قرض ادا ہو جائے گا۔

دشمن کی ایذا رسانی سے حفاظت

اگر کسی شخص کو دشمن ایذاء دیتا ہو اور تکلیف پہنچانے سے باز نہ آتا ہو تو اس کے شر و ایذاء سے حفاظت کے لئے باوضو سورۃ تحریم پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دوست بن جائے گا اور ایذاء رسانی سے باز آجائے گا۔

مالدار اور غنی ہونا

اگر کوئی شخص غربت کے سبب بہت پریشان ہو تو سورۃ تحریم کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ

غنی اور مالدار ہوجائے گا۔ اس سورۃ کے کُل اعداد ۴۹۲۳۲ ہیں اور چال خانہ نہم میں ہے۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۱۲۳۰۷	۱۲۳۱۱	۱۲۳۱۴	۱۲۳۰۰
۱۲۳۱۳	۱۲۳۰۱	۱۲۳۰۶	۱۲۳۱۲
۱۲۳۰۲	۱۲۳۱۶	۱۲۳۰۹	۱۲۳۰۵
۱۲۳۱۰	۱۲۳۰۴	۱۲۳۰۳	۱۲۳۱۵

(پارہ ۲۹) (سورۃ ۶۹) سُورَۃُ الْحَاقَّۃِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۵۲

آشوب چشم (آنکھ دُکھنا)

سُورۃ مُلک نمازِ فجر کی سُنّت اور فرض کے درمیان وقفہ میں پوری سُورۃ باوضو ایک بار پڑھ کر انگلیوں کے پوروں پر دم کرکے آنکھوں کے لگائے انشاء اللہ تعالیٰ آنکھ کا دُکھنا موقوف ہوگا اور شفاء حاصل ہوگی۔

بانجھ پن سے نجات اور اولاد کے لئے

اولاد ہونے کے لئے بوقت تہجد دو رکعت نفل اس طرح پڑھیں کہ دونوں رکعت میں سُورۃ مُلک تلاوت کی جائے۔ اکتالیس (۴۱) روز تک یہی عمل جاری رکھیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ اولاد ہوگی

عذابِ قبر سے نجات

عذابِ قبر سے نجات کے لئے ہر روز کسی وقت بھی باوضو سُورۃ ملک ایک بار پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ عذابِ قبر سے محفوظ رہے گا۔

مریض کی شفاء کے لئے

مریض کی شفاء کے لئے سُورۃ مُلک تین (۳) بار نمازِ فجر کے بعد باوضو پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے۔ اسی طرح تین (۳) بار بعد نمازِ مغرب پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی دم کرکے مریض کو پلائے۔ چند دن کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہوگا۔

زچہ اور بچہ کی حفاظت کے لئے

سُورۃ مُلک کو باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرکے زچہ اور بچہ کو پلانے سے زچہ اور بچہ جملہ آفات و بلیات سے محفوظ رہیں گے۔

جملہ مشکلات کے حل کے لئے

جو شخص بہت سی مشکلات میں گھرا ہو اور مشکلات حل نہ ہوتی ہوں تو سُورۃ مُلک باوضو اکتالیس (۴۱) بار روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جملہ مشکلات حل ہوں گی اور تمام حاجتیں پوری ہوں گی اور قرض سے نجات حاصل ہوگی۔

حل مطلب کے لئے

حل مطلب کے لئے سُورۃ مُلک کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر مطلب پورا ہوگا اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

اس سُورۃ کے کل اعداد ۹۹۵۹۴ ہیں۔

اور نقش یہ ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۳۳۱۹۹	۳۳۱۹۴	۳۳۲۰۱
۳۳۲۰۰	۳۳۱۹۸	۳۳۱۹۶
۳۳۱۹۵	۳۳۲۰۲	۳۳۱۹۷

(پارہ ۲۹)(سورۃ ۶۸) سُوْرَۃُ الْقَلَمِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۵۲

ہر قسم کی مہمات میں کامیابی کیلئے

جو شخص باوضو پچھتر مرتبہ سُورۂ قلم پڑھے۔ اس کے پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ جملہ مہمات میں کامیابی حاصل ہوگی اور مشکل حل ہوگی۔

چغل خور اور بُرا کہنے والوں سے حفاظت

جو شخص باوضو تین بار سُورۂ قلم پڑھے۔ اس کے پڑھنے سے چغل خور اور بُرا کہنے والوں کے شر سے محفوظ رہے۔

سر کے درد کے لئے

جس شخص کے سر میں درد ہو تو سورۂ قلم کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے سر پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سر درد سے آرام ہوگا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۹۳۳۰۸ ہیں اور چال ذیل خانہ میں ہے اور نقش یہ ہے

۷۸۶

۲۳۳۲۶	۲۳۳۳۰	۲۳۳۳۳	۲۳۳۱۹
۲۳۳۳۲	۲۳۳۲۰	۲۳۳۲۵	۲۳۳۳۱
۲۳۳۲۱	۲۳۳۳۵	۲۳۳۲۸	۲۳۳۲۴
۲۳۳۲۹	۲۳۳۲۳	۲۳۳۲۲	۲۳۳۳۴

(پارہ ۲۹)(سورۃ ۶۹) سُوْرَۃُ الْحَاقَّۃِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۵۲

دشمن سے نجات حاصل کرنا

جس شخص کا کوئی دشمن ہو اور ہر وقت تکلیف پہنچانے کی فکر میں رہتا ہو تو سورۃ الحاقہ کو ہفتہ کی صبح بعد نمازِ فجر اکیس بار پڑھ کر دشمن کے دفع ہونے کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن اپنے کرتوتوں کے سبب بہت جلد قید خانہ میں پہنچ جائے گا۔

مسان کے خلل والے بچے کی صحت کے لئے

اگر سورۂ حاقہ کو متواتر تین روز تک باوضو ایک مرتبہ پڑھ کر مسان کے خلل والے بچہ پر پڑھ کر دم کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ بچہ بہت جلد تندرست اور صحت مند ہو جائے گا۔

حاجت پوری ہونے کے لئے

اگر کسی کو کوئی حاجت پیش آئے تو باوضو پچپن مرتبہ سورۂ حاقہ کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ حاجت جلد پوری ہوگی۔

غم سے نجات کے لئے

اگر کوئی شخص کسی غم میں مبتلا ہو اور وہ غم اسے نہ چھوڑتا ہو تو باوضو سورۂ حاقہ لکھے اور پانی میں گھول کر پئے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غم سے جلد نجات حاصل ہوگی۔

لڑکی یا لڑکا روتا ہو یا آسیب کا خلل ہو

سورۂ حاقہ کو باوضو لکھے اور پانی میں گھول کر اس لڑکے یا لڑکی کو پلائے جو بہت روتا ہو یا اس پر آسیب کا خلل ہو۔

حمل کی حفاظت کے لئے

اگر سورۂ حاقہ کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے حاملہ کے پیٹ پر باندھے تو اللہ تعالےٰ کے فضل و کرم سے حمل نہ گرے اور محفوظ رہے۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۸۱۷۱۹ ہیں اور چال تیرہویں خانہ میں ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۴۲۲	۲۰۴۳۶	۲۰۴۳۲	۲۰۴۲۹
۲۰۴۳۳	۲۰۴۲۸	۲۰۴۲۳	۲۰۴۳۵
۲۰۴۲۷	۲۰۴۳۰	۲۰۴۳۸	۲۰۴۲۴
۲۰۴۳۷	۲۰۴۲۵	۲۰۴۲۶	۲۰۴۳۱

(پارہ ۲۹) (سورۃ ۷۰) سُوْرَۃُ الْمَعَارِجِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۴۴

وبائے مہلک اور بخار سے حفاظت

سورۂ معارج کا بعد نماز ظہر کے باوضو ہمیشہ بلا ناغہ پڑھنا ہر طرح کی وبائے مہلک اور بخار سے محفوظ رکھتا ہے

فالج اور لقوہ کی بیماری سے حفاظت

(اگلا صفحہ پر)

سورۂ معارج کو عشاء کی نماز کے بعد باوضو پڑھ کر شہد پر دم کرے اور اس شہد میں سے تین ۳ انگلیاں بھر کر چاٹ لے اور سو جائے۔ اس کا عمل کرنے والا ہمیشہ فالج اور لقوہ کی بیماری سے محفوظ رہے گا۔

خفقان (دل کا دھڑکنا اور ہولِ دل) سے حفاظت

سورۂ معارج اشراق کے چار نفلوں میں پڑھ کر سینہ پر دم کرنا خفقان کے مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔

حمل کی حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص سورۂ معارج باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے حاملہ عورت کے گلے میں باندھے بحکمِ خدا حمل جملہ آفتوں سے محفوظ رہے گا اور بچہ پیدا ہونے کے بعد سورۂ معارج باوضو لکھ کر پلائے تو بچہ ان تمام آفات و بلیات سے جو بچوں کو پیش آتی ہیں محفوظ رہے گا۔

احتلام سے حفاظت

جس شخص کو احتلام بہت ہوتا ہو باوضو سورۂ معارج کو آٹھ مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالےٰ احتلام کی کثرت سے نجات حاصل ہوگی۔

اسی طرح سورۂ معارج کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے داہنے بازو پر باندھے تو احتلام سے محفوظ رہے۔

اس سورہ کے کل اعداد ۳۵۳۵ ہیں اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔

نقش یہ ہے (نقش اگلے صفحہ پر ہے)

۷۸۶

۱۸۳۸۱	۱۸۳۸۴	۱۸۳۸۷	۱۸۳۷۳
۱۸۳۸۶	۱۸۳۷۴	۱۸۳۸۰	۱۸۳۸۵
۱۸۳۷۵	۱۸۳۸۹	۱۸۳۸۲	۱۸۳۷۹
۱۸۳۸۳	۱۸۳۷۸	۱۸۳۷۶	۱۸۳۸۸

(پارہ ۲۹)(سورۃ ۷۱) سُوْرَۃُ نُوحٍ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۲۸

ہر قسم کی اچانک موت سے حفاظت کیلئے

سُورۃ نوح کا عصر کی نماز کے بعد باوضو ہمیشہ پڑھنا ڈوب کر مرنے، دیوار کے نیچے دب کر مرنے اور اسی طرح ہر قسم کی اچانک موت سے محفوظ رکھتا ہے۔

دشمن کے دفعیہ کے لئے

جو شخص موذی اور ستانے والا ہو اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق اس کے ظلم سے پریشان ہو تو ایسے شخص کے دفعیہ کے لئے ایک ہزار مرتبہ سورۃ نوح پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی اور دشمن دفع ہوگا۔

احتلام سے حفاظت کے لئے

جس شخص کو کثرت سے احتلام ہوتا ہو اسے چاہئیے کہ رات کو سونے سے قبل باوضو ایک بار سورۃ نوح پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ احتلام سے محفوظ رہے گا۔

دشمنوں پر فتح حاصل کرنے کیلئے

اگر سورۃ نوح کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر

باندھے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے دشمنوں پر ہمیشہ غالب رہے گا اور کامیاب ہوگا۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۷۴۳۱۴ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۸۵۷۸	۱۸۵۸۱	۱۸۵۸۴	۱۸۵۷۱
۱۸۵۸۳	۱۸۵۷۲	۱۸۵۷۷	۱.۱۵۸۲
۱۸۵۷۳	۱۸۵۸۶	۱۸۵۷۹	۱۸۵۷۶
۱۸۵۸۰	۱۸۵۷۵	۱۸۵۷۴	۱۸۵۸۵

(پارہ ۲۹)(سورۃ ۷۲) سُوْرَۃُ الْجِنِّ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۲۸

رزق میں فراخی کے لئے

اگر کسی شخص کا رزق کم ہو تو اس کے لئے ہر نماز کے بعد باوضو تین مرتبہ سورۃ جن کی تلاوت کرے انشاء اللہ تعالیٰ اس کا رزق فراخ ہوگا اور آمدنی میں برکت ہوگی۔

قید سے رہائی کے لئے

اگر کوئی قید کی کثرت سے سورۃ جن باوضو پڑھے تو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اسے رہائی عطا کرے۔

برائے حُبّ

سورۃ جن کو سات بار جَو کے دانوں پر پڑھ کر ایک ایک آگ میں ڈالتا جائے تین روز کرے اور دیکھے کہ قدرت خدا سے کیا ظاہر ہوتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی کا دروازہ کھل جائے گا۔

آسیب دُور کرنے کے لئے

سُورۃ جن کو زعفران سے یا کالی روشنائی (پکی روشنائی) سے سفید کاغذ پر باوضو لکھے اور آسیب زدہ کو پلائے انشاءاللہ تعالٰے آسیب دُور ہوگا۔ نہایت مُجرّب ہے۔

مرگی کے مرض سے شفاء

جس شخص کو مرگی کا خلل ہو، سُورۃ جن باوضو زعفران اور عرقِ گلاب ملا کر باریک کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کرکے سر کے بال کاٹ کر ان بالوں کے درمیان رکھے انشاءاللہ تعالٰے شفاء حاصل ہوگی۔

مسافر کی حفاظت و سلامتی کیساتھ واپسی

اگر کوئی مسافر باوضو سورۃ جن لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاءاللہ تعالٰے اس کی جان اور اس کا مال محفوظ رہے گا اور سفر بخیر و خوبی طے ہوگا۔ عمل مُجرّب ہے۔

جملہ آفات سے بچوں کی حفاظت

بچوں کی جملہ آفات سے حفاظت کے لئے سُورۃ جن کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے بچوں کے گلے میں ڈال دے انشاءاللہ تعالیٰ تمام آفات سے محفوظ رہیں گے۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۶۰۶۳۳ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۲۱۴	۲۰۲۰۷	۲۰۲۱۳
۲۰۲۰۹	۲۰۲۱۱	۲۰۲۱۴
۲۰۲۱۰	۲۰۲۱۵	۲۰۲۰۸

(پارہ ۲۹)(سورۃ ۷۳) سُورَۃُ الْمُزَّمِّلِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۲۰

ترقی رزق اور ترقی مدارج و عہدہ کے لئے

سُورۃ المزمل کا ختم پڑھنا ترقیٔ رزق، ترقیٔ مدارج یعنی عہدہ کے لئے اکسیر اعظم کا حکم رکھتا ہے۔ ترکیب ختم کی یہ ہے کہ چالیس (۴۰) دن تک روزانہ خلوت (تنہائی) میں بیٹھ کر باوضو پورے چالیس (۴۰) مرتبہ اس سورۃ کو پڑھے۔ جب ایک چلّہ پورا ہو جائے تب روزانہ گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھتا رہے انشاءاللہ تعالٰی عمل کی تاثیر باقی رہے گی۔

ھدایت: اگر پرھیز جلالی ہو سکے تب نہایت بہتر ہے ورنہ خیر پرہیز جمالی بھی ہو سکتا ہے

سورۃ مزمّل کے ختم کی دوسری ترکیب: دوسری ترکیب یہ ہے کہ رات بارہ (۱۲) بجے کے بعد روزانہ غسل کرے اور بارہ (۱۲) رکعت تہجد کی پڑھے۔ اس کے بعد تیرہ (۱۳) مرتبہ سُورۃ مُزّمل پڑھے اکتالیس (۴۱) دن تک ایسا ہی کرے۔ انشاءاللہ تعالٰی رزق اور عہدے میں ترقی ہوگی مگر اس ختم کی تاثیر پہلے ختم سے ایک ثلث (تہائی) ہے۔

فاقہ سے حفاظت کے لئے

جس گھر میں فاقہ رہتا ہو اگر سورۃ مُزّمل ایک بار روزانہ باوضو بعد نمازِ عشاء پڑھ لی جائے تو انشاءاللہ تعالٰے وہ گھر فاقہ سے محفوظ رہے گا اور گھر میں برکت ہوگی۔

برائے فراخیٔ رزق و غنا ظاہری و باطنی

(از حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ)

(اگلا صفحہ)

سورۂ مزمل باوضو روزانہ کسی مقررہ وقت گیارہ[11] مرتبہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں فراخی ہوگی اور غنائے ظاہری و باطنی حاصل ہو۔ اگر ایک وقت میں گیارہ[11] مرتبہ پڑھنا دشوار ہو تو فجر، ظہر، عصر، مغرب کی نماز کے بعد دو[2] مرتبہ اور عشاء کی نماز کے بعد تین[3] مرتبہ پڑھا کرے۔

ہلاکیٔ دشمن کے لئے

اگر بقر عید کے روز غسل کر کے مسجد کے راستے کی خاک اور پرانی قبر کی مٹی اور پژاوے (کمہار کا آوا) کی خاک لے کر نو[9] مرتبہ سورۂ مزمل کو پڑھ کر دم کرے اور دشمن کی طرف یا اس کے گھر کی طرف اڑا دے دشمن ہلاک ہوگا۔

نوٹ: یہ عمل شرعی ضرورت اور شرعی حدود کو پیش نظر رکھ کر کیا جائے بہتر ہے کہ کسی ثقہ عالم دین سے مشورہ کرلے ورنہ قتل کا گناہ ہوگا اور دنیا و آخرت کی تباہی کا شکار الگ ہوگا۔ لہٰذا احتیاط بہت ضروری ہے۔

ظالم کے ظلم سے نجات حاصل کرنیکا طریقہ

اگر کسی ظالم کے ظلم سے لوگ تنگ ہوں اور اس کی قید میں گرفتار ہوں تو بعد نماز جمعہ سورۂ مزمل انیس[19] مرتبہ پڑھ کر سرسوں پر دم کر کے آگ میں ڈالے مجرب ہے۔ خلاصی ہوگی۔ ظالم ذلیل ہوگا۔

برائے قوت حافظہ

حافظہ میں قوت و زیادتی کے لئے روزانہ سورۂ مزمل ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ذہن کھل جائے گا۔

رزق میں فراخی اور فاقہ سے نجات

سورۂ مزمل کو بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے ساتھ چالیس[40] مرتبہ روزانہ پڑھنے والا کبھی رزق کی تنگی میں مبتلا نہ ہوگا اور اگر چالیس[40] مرتبہ نہ ہو سکے تو گیارہ[11] مرتبہ روزانہ پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالیٰ رزق میں فراخی اور فاقہ سے نجات حاصل ہوگی۔

تسخیر افسر یعنی افسر کو قابو کرنا اور کام نکالنا

سورۂ مزمل اول رکوع اکیس[21] بار اور دوسرا رکوع گیارہ[11] بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے کچھ پانی منہ پر مل لے۔ اور باقی پانی پی لے انشاء اللہ تعالیٰ افسر مہربان ہوگا اور کام کرے گا اور مقصد میں بآسانی کامیابی حاصل ہوگی۔

برائے مغلوبی دشمن

دشمن کو زیر کرنے کے لئے بعد نماز فجر بغیر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے، سورۂ مزمل اکیس[21] بار پڑھ کر رائی کے دانوں پر دم کر کے جلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوں گے۔

وسعت رزق کے لئے

وسعت رزق کے لئے ساٹھ بار روزانہ باوضو سورۂ مزمل پڑھے۔

اس کا طریقہ یہ ہے ہر نماز کے بعد سورۂ مزمل ایک بار پڑھے اور فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سورۂ مزمل دو[2] بار اور صبح کے فرض کے بعد ایک بار پڑھے۔ اس طرح دن رات میں ساٹھ بار ہوگئی۔

اگر سنت اور فرض کے درمیان وقت کی کمی کے باعث نہ پڑھ سکے تو

فجر کی نماز کے فرض کے بعد تین ۳ مرتبہ پڑھ لے۔

دولت سے مالا مال ہونا اور جن وانس پر رعب و دہشت

اگر اکتالیس ۴۱ بار سورۂ مزمل اور اول و آخر درود شریف تین ۳ تین ۳ بار پڑھے تو دولت سے مالا مال ہوگا اور جن وانس پر اس کا رعب اور اس کی دہشت ہوگی۔

امن و امان سے رہنے کے لئے

اگر کوئی شخص روزانہ گیارہ ۱۱ بار سورۂ مزمل باوضو پابندی کے ساتھ پڑھتا رہے تو مصیبت سے امن و امان میں رہے گا۔

بیماری سے شفاء کے لئے

اگر روزانہ باوضو گیارہ ۱۱ بار سورۂ مزمل پڑھ کر کسی بیمار پر دم کرتا ہے تو انشاء اللہ تعالےٰ اس کو شفاء حاصل ہوگی

عمل برائے وسعت رزق

(عمل از شاہ محمد فائق صاحب)

سورۂ مزمل شریف ہر روز مغرب و عشاء کے درمیان گیارہ ۱۱ بار پابندی سے پڑھے اول و آخر گیارہ گیارہ ۱۱ بار درود شریف پڑھے۔ اکیس ۲۱ روز متواتر یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالےٰ رزق میں وسعت و برکت ہوگی۔

اُمّ الصبیان (سان سوکھا) کے واسطے اکسیر

اونٹ کے بالوں کا گنڈا بنائے اور اس پر سورۂ مزمل اکتالیس ۴۱ مرتبہ باوضو پڑھ کر دم کرے۔ اس طرح کہ پہلی مرتبہ پڑھ کر ایک گرہ دے اور اس گرہ پر

دم کرے پھر دوسری مرتبہ پڑھ کر دوسری گرہ لگائے اور اس پر دم کرے۔ اسے اکتالیس ۴۱ گرہ لگیں گی۔ وہ گنڈہ بچے کے گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ فوراً صحتیاب ہوگا۔ بالوں کا گنڈہ بنانے سے قبل ان کو دھوکر پاک کرلے۔

سوزاک و قرحہ مثانہ

سوزاک اور قرحہ مثانہ کی تکلیف سے نجات حاصل کرنے کے لئے سورۂ مزمل باوضو عرق گلاب اور زعفران ملاکر سفید کاغذ پر لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں ڈال لیں۔ نیز سورۂ مزمل باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر پیئیں انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

بچے کی درازیٔ عمر (لمبی عمر) کے لئے

جس شخص کے اکثر بچے مرجاتے ہوں تو سات مرتبہ باوضو سورۂ مزمل پڑھ کر سپاری (چھالیہ ثابت) پر دم کرکے اس میں سوراخ کرکے بچے کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ کی عمر دراز ہوگی۔

اسباب دنیا کی فراوانی اور زیادتی کیلئے

جو شخص روزانہ باوضو ایک بار سورۂ مزمل پڑھ لیا کرے اللہ تعالیٰ اس کے اسباب دنیا میں زیادتی کردیتا ہے اور روزی میں برکت ہوتی ہے۔

مشکل مہم میں کامیابی کے لئے

جو شخص اکیلا یا مختلف افراد جمع ہوکر سورۂ مزمل باوضو ایک ہزار بار پڑھ لیں تو ہر قسم کی مشکل مہم میں کامیابی حاصل ہو اور ہر پریشانی سے نجات

حاصل ہو اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہو۔

طریقہ زکوٰۃ سورۂ مزمل (پہلا طریقہ)

سورۂ مزمل کو سات روز تک اکیس مرتبہ روزانہ باوضو پڑھے۔ اور ہر روز پڑھنے کے بعد اکیس نقش باوضو لکھے اور گیہوں کے آٹے میں گولیاں بنا کر روزانہ دریا میں ڈالے۔ اس طرح سات دن گذرنے کے بعد زکوٰۃ سے فارغ ہو کر ایک مرتبہ روزانہ سورۂ مزمل پڑھ لیا کرے۔ اور ایک نقش روز لکھے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۸۶۰	۱۶۸۷۳	۱۶۸۷۰	۱۶۸۶۷
۱۶۸۷۱	۱۶۸۶۶	۱۶۸۶۱	۱۶۸۷۲
۱۶۸۶۵	۱۶۸۶۸	۱۶۸۷۵	۱۶۸۶۲
۱۶۸۷۴	۱۶۸۶۳	۱۶۸۶۴	۱۶۸۶۹

سورۂ مزمل کی زکوٰۃ کا دوسرا طریقہ

سورۂ مزمل باوضو ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھے جتنی مدت میں بھی پوری ہو سکے لیکن پڑھنے کی جگہ اور مصلیٰ نہ بدلے۔ آخر تک اس شرط کا پابند ہونا ضروری ہے اور بہتر یہ ہے کہ ان ایام میں لوگوں سے بات چیت نہ کرے۔

فوائد اعمالِ سورۂ مزمل

۱۔ اگر کسی شخص کو کوئی مشکل پیش آئے تو چاہئے کہ سات روز یا ستائیس روز تک باوضو اکیس مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اول و آخر تین تین مرتبہ

درود شریف پڑھے۔ ان دنوں میں گوشت کھانا ترک کر دے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مشکل آسان ہو گی۔

۲۔ اگر فائدہ نمبر۱ میں درج شرائط کے مطابق پڑھے گا تو انشاءاللہ تعالیٰ مالدار ہو جائے گا۔

۳۔ اگر درد زہ والی عورت کو (بچہ کی پیدائش کے وقت) گیارہ بار باوضو سورۂ مزمل پڑھ کر شکر پر دم کر کے کھلا دے تو انشاءاللہ تعالیٰ فوراً خیریت کے ساتھ بچہ پیدا ہو گا۔

۴۔ اگر سورۂ مزمل کو تین بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس پانی کو منہ پر مل کر کسی حاکم یا افسر یا ظالم آدمی کے پاس جائے گا تو حاکم انشاءاللہ تعالیٰ اس شخص کی بہت عزت کرے گا۔

۵۔ اگر کوئی شخص قید میں ہو یا کسی کا کوئی مقدمہ دائر ہو تو وہ سورۂ مزمل کو مشک و زعفران سے باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھے تو انشاءاللہ تعالیٰ قیدی فوراً قید سے رہا ہو جائے گا اور مقدمہ والا اللہ تعالیٰ کے فضل سے مقدمہ جیت جائے گا۔

۶۔ اگر بقر عید کے دن غسل کر کے مسجد کے راستے کی خاک اور پرانی قبر کی خاک اور کمہار کے پزاوے (بھٹہ) کی راکھ لے کر نو (۹) مرتبہ باوضو سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرے اور دشمن کے گھر کی طرف یا دشمن کی طرف اڑا دے تو انشاءاللہ تعالیٰ دشمن ہلاک ہو گا۔

(ف) بلا عذر شرعی نہ کرے اور کرنے سے پہلے کسی متقی عالم دین سے مشورہ کرلے اور بلا سبب کسی کو عمل کے ذریعہ مارے گا تو قتل کا گناہ گار ہو گا۔

۷۔ اگر کسی ظالم کے ظلم سے لوگ تنگ ہوں اور اس کی قد

حاصل ہو اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہو۔

طریقۂ زکوٰۃ سُورۂ مُزّمّل (پہلا طریقہ)

سُورۂ مُزّمّل کو سات روز تک اکتیس مرتبہ روزانہ باوضو پڑھے۔ اور ہر روز پڑھنے کے بعد اکتیس نقش باوضو لکھے اور گیہوں کے آٹے میں گولیاں بناکر روزانہ دریا میں ڈالے۔ اس طرح سات دن گذرنے کے بعد زکوٰۃ سے فارغ ہوکر ایک مرتبہ روزانہ سورۂ مزمل پڑھ لیا کرے۔ اور ایک نقش روز لکھے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۸۶۷	۱۶۸۷۰	۱۶۸۷۳	۱۶۸۶۰
۱۶۸۷۲	۱۶۸۶۱	۱۶۸۶۶	۱۶۸۷۱
۱۶۸۶۲	۱۶۸۷۵	۱۶۸۶۸	۱۶۸۶۵
۱۶۸۶۹	۱۶۸۶۴	۱۶۸۶۳	۱۶۸۷۴

سُورۂ مُزّمّل کی زکوٰۃ کا دوسرا طریقہ

سُورۂ مزمل باوضو ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ پڑھے جتنی مدت میں بھی پوری ہوسکے لیکن پڑھنے کی جگہ اور مُصلّیٰ نہ بدلے۔ آخر تک اس شرط کا پابند ہونا ضروری ہے اور بہتر یہ ہے کہ ان ایام میں لوگوں سے بات چیت نہ کرے۔

فوائد اعمالِ سُورۂ مُزّمّل

۱۔ اگر کسی شخص کو کوئی مشکل پیش آئے تو چاہیے کہ سات روز یا ستائیس روز تک باوضو اکیس مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اول و آخر تین تین مرتبہ

درود شریف پڑھے۔ ان دنوں میں گوشت کھانا ترک کردے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مشکل آسان ہوگی۔

۲۔ اگر فائدہ نمبر ۱ میں درج شرائط کے مطابق پڑھے گا تو انشاءاللہ تعالیٰ مالدار ہوجائے گا۔

۳۔ اگر دردِ زہ والی عورت کو (بچّہ کی پیدائش کے وقت) گیارہ بار باوضو سورۂ مزمل پڑھ کر شکر پر دم کرکے کھلادے تو انشاءاللہ تعالیٰ فوراً خیریت کے ساتھ بچہ پیدا ہوگا۔

۴۔ اگر سُورۂ مزمل کو تین بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرکے اس پانی کو منہ پر مَل کر کسی حاکم یا افسر یا ظالم آدمی کے پاس جائے گا تو حاکم انشاءاللہ تعالیٰ اس شخص کی بہت عزت کرے گا۔

۵۔ اگر کوئی شخص قید میں ہو یا کسی کا کوئی مقدمہ دائر ہو تو وہ سُورۂ مزمل کو مشک و زعفران سے باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھے تو انشاءاللہ تعالیٰ قیدی فوراً قید سے رہا ہوجائے گا اور مقدمہ والا اللہ تعالیٰ کے فضل سے مقدمہ جیت جائے گا۔

۶۔ اگر بقر عید کے دن غسل کرکے مسجد کے راستے کی خاک اور پُرانی قبر کی خاک اور کمہار کے پژاوے (بھٹہ) کی راکھ لے کر نو (۹) مرتبہ باوضو سورۂ مزمل پڑھ کر دم کرے اور دشمن کے گھر کی طرف یا دشمن کی طرف اڑادے تو انشاءاللہ تعالیٰ دشمن ہلاک ہوگا۔

(ف) بلا عذرِ شرعی نہ کرے اور کرنے سے پہلے کسی متقی عالمِ دین سے مشورہ کرلے اور بلا سبب کسی کو عمل کے ذریعہ مارے گا تو قتل کا گناہ گار ہوگا۔

۷۔ اگر کسی ظالم کے ظلم سے لوگ تنگ ہوں اور اس کی قد

گرفتار ہوں تو بعد نماز جمعہ سورۂ مُزّمل باوضو انیس مرتبہ پڑھ کر سرسوں پر دم کرکے آگ میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالےٰ ظلم سے نجات حاصل ہوگی اور قید سے رہائی ملے گی۔ اور ظالم ذلیل وخوار ہوگا۔

۸۔ اگر کسی معصوم بچہ پر سایہ یا جن وپری کا اثر ہو تو فولاد کے چاقو پر اکتالیس[۴۱] بار باوضو سورۂ مُزّمل پڑھ کر اس بچہ کو کھڑا کرکے اس کے سایہ پر زمین میں گاڑ دے تو انشاء اللہ تعالیٰ بچہ اس تکلیف اور مصیبت سے نجات پائے گا۔

۹۔ اگر مرد وعورت میں باہم موافقت نہ ہو تو سورۂ مزّمل کو باوضو اکیس[۲۱] مرتبہ پڑھ کر دونوں میں جو خلاف ہو اس پر دم کرکے یا کسی چیز پر دم کرکے اسے کھلا دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ دونوں میں محبت پیدا ہو جائے گی۔

مریض کی صحت کے لئے

اگر سورۂ مُزّمل کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں ڈال دے تو اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے مریض جلد اچھا ہوگا۔

اس سورہ کے کل اعداد ۶۸۴۶۶ ہیں اور نقش یہ ہے

۲۲۸۲۵	۲۲۸۱۸	۲۲۸۲۳
۲۲۸۲۰	۲۲۸۲۲	۲۲۸۲۴
۲۲۸۲۱	۲۲۸۲۶	۲۲۸۱۹

(پارہ ۲۹) (سورۃ ۷۴) سُوْرَۃُ الْمُدَّثِّرِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۵۶

محتاجگی دور کرنے کے لئے

(اگلے صفحہ پر)

اگر کوئی شخص محتاج ہو اور چاہتا ہو کہ محتاجگی دور ہو جائے تو سُورۂ مُدّثّر روزانہ ایک مرتبہ باوضو پڑھ لیا کرے انشاء اللہ تعالےٰ محتاجگی ختم ہو جائے گی اور مالدار ہو جائے گا۔

دشمنوں پر غالب آنے کے لئے

اگر میدانِ جنگ یا جہاد میں جانے کا اتفاق ہو تو سُورۂ مُدّثّر کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دشمنوں پر غالب رہے گا۔

اس سورہ کے کل اعداد ۹۲۳۵۵ ہیں نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۰۷۸۸	۳۰۷۸۱	۳۰۷۸۶
۳۰۷۸۳	۳۰۷۸۵	۳۰۷۸۷
۳۰۷۸۴	۳۰۷۸۹	۳۰۷۸۲

(پارہ ۲۹) (سورۃ ۷۵) سُوْرَۃُ الْقِیٰمَۃِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۴۰

علم دین میں ترقی کے لئے

سورۂ قیامہ کا روزانہ رات کو ایک بار باوضو پڑھنا اور ایک بار صبح کو باوضو پڑھنا طالب علم کے لئے علم دین میں ترقی بخشتا ہے۔

آنکھوں کی روشنی تیز کرنا۔

جو شخص چاہتا ہو کہ اس کی آنکھوں کا نور تیز ہو جائے تو بعد نماز عشاء باوضو ایک مرتبہ سورۂ قیامہ پڑھ کر ذرا سے پانی پر دم کرے اور اس پانی میں

سرمہ کی سلائی تر کرکے آنکھوں میں لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی تیز ہوگی۔

لوگوں کو قابو میں کرنے کے لئے

تسخیرِ خلائق کے لئے سورۂ قیامہ کو روزانہ سات بار باوضو پڑھا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ لوگ مطیع ہوں گے اور خوب عزت و خدمت کریں گے۔

حکام کے دلوں میں ہیبت کے لئے

جو شخص باوضو سورۂ قیامہ کا نقش لکھ کر موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ حکام کے دلوں میں اس کی ہیبت قائم ہوگی۔

اس کے کل اعداد ۷۰۶۳۵ ہیں۔ چال تیرہویں خانہ میں ہے۔ اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۳۶۵۱	۱۳۶۵۳	۱۳۶۵۸	۱۳۶۴۳
۱۳۶۵۷	۱۳۶۴۵	۱۳۶۵۰	۱۳۶۵۵
۱۳۶۴۶	۱۳۶۶۰	۱۳۶۵۲	۱۳۶۴۹
۱۳۶۵۳	۱۳۶۴۸	۱۳۶۴۷	۱۳۶۵۹

(پارہ ۲۹) (سورۃ ۷۶) سُوْرَۃُ الدَّھْرِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۳۱

استحاضہ اور کثرت حیض

(اگلا صفحہ پر)

اگر کسی عورت کو استحاضہ اور کثرتِ حیض کا مرض ہو تو اس کے لئے سورۂ دھر باوضو ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پی لے اور سات دن تک روزانہ بلاناغہ یہ عمل کرے انشاء اللہ تعالیٰ مرض سے شفاء حاصل ہوگی۔

مکان کو طاعون سے محفوظ رکھنا

سورۂ دھر کا تین مرتبہ روزانہ باوضو پڑھنا اس مکان کو طاعون سے اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے محفوظ رکھتا ہے۔

دشمن کے دفع ہونے کے لئے

سات بار روزانہ سورۂ دھر کا باوضو دشمن کے دفع ہونے کی نیت سے پڑھنا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے سات روز میں دشمن کو دفع کرتا ہے۔

روزی کی فراخی کے واسطے

روزی کی فراخی کے لئے پچھتر بار باوضو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ روزی فراخ ہوگی۔

مراد دلی حاصل کرنے کے لئے

دلی مراد حاصل کرنے کے لئے سورۂ دھر کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے داہنے بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دلی مراد حاصل ہوگی۔ اس سورہ کے کل اعداد ۷۷۵۸۸ ہیں اور چال نویں خانہ میں ہے نقش یہ ہے۔ (اگلا صفحہ پر)

۷۸۶

۱۹۳۹۶	۱۹۴۰۰	۱۹۴۰۳	۱۹۳۸۹
۱۹۴۰۲	۱۹۳۹۰	۱۹۳۹۵	۱۹۴۰۱
۱۹۳۹۱	۱۹۴۰۵	۱۹۳۹۸	۱۹۳۹۴
۱۹۳۹۹	۱۹۳۹۳	۱۹۳۹۲	۱۹۴۰۴

(پارہ ۲۹) (سورۃ ۷۷) سُوْرَۃُ الْمُرْسَلٰتِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۵۰

سانس پھولنے کے لئے

اگر کسی کا سانس بہت پھولتا ہو اور اسے ضعف نفس کی شکایت ہو تو اسے چاہیئے کہ باوضو سورۃ مرسلت پڑھے۔ انشاءاللہ سانس پھولنا بند ہوگا اور دل کی تیز دھڑکن ختم ہوگی۔

بُرے بُرے خواب سے نجات

اگر کوئی شخص بُرے بُرے اور ڈراؤنے خواب دیکھتا ہو تو روزانہ فجر کی نماز کے بعد ایک مرتبہ باوضو سورہ مرسلات پڑھ لیا کرے انشاءاللہ تعالیٰ بدخوابی سے نجات حاصل ہوگی۔

احتلام سے حفاظت

سورۂ ھذا جو شخص باوضو ایک مرتبہ روزانہ بعد نماز عشاء پڑھ کر سوئے تو انشاءاللہ تعالیٰ احتلام سے محفوظ رہے گا۔

بیمار کی شفاء کے لئے

(اگلے صفحہ پر)

اگر کوئی بیمار ہو تو سورۂ مرسلات باوضو ایک مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی پر پڑھ کر - - - دم کرے۔ اور - - - - - مریض کو پانی پلائے انشاءاللہ تعالیٰ مریض صحتیاب ہوگا۔

مسافر کا صحیح و سالم گھر واپس آنا

اگر کوئی گھر کا فرد سفر پر گیا ہو اور گھر والوں کو اس کے بارے میں پریشانی ہو تو روزانہ ایک مرتبہ باوضو سورۂ مرسلات پڑھ لیا کریں۔ جب تک مسافر واپس آئے۔ برابر پڑھتے رہیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ مسافر بخیریت اور صحیح و سالم گھر آئے گا۔

غائب اور مفرور کو حاضر کرنا

اگر کوئی گھر کا فرد یا کوئی لڑکا یا نوکر فرار ہو گئے ہوں تو سورۂ مرسلات کا نقش باوضو لکھ کر پتھر یا کسی وزنی چیز کے نیچے دبا دے اور اس پر کوئی کمبل یا رضائی ڈال دے یا اندھیری جگہ میں دبا دے تو انشاءاللہ تعالیٰ مفرور جلد واپس ہوگا۔

اس سورۂ مرسلات کے کل اعداد ۷۰۶۳۴ ھیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۶۵۸	۱۷۶۶۱	۱۷۶۶۴	۱۷۶۵۱
۱۷۶۶۳	۱۷۶۵۲	۱۷۶۵۷	۱۷۶۶۲
۱۷۶۵۳	۱۷۶۶۶	۱۷۶۵۹	۱۷۶۵۶
۱۷۶۶۰	۱۷۶۵۵	۱۷۶۵۴	۱۷۶۶۵

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۷۸) سُوْرَۃُ النَّبَاِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۴۰

دل میں یقین اور نورِ ایمان پیدا کرنا

سورۃ نبأ کا ایک مرتبہ باوضو بعد نماز عصر پڑھنا دل میں یقین اور نورِ ایمان پیدا کرتا ہے اور خدا کے فضل و کرم سے اس سورۃ پڑھنے والے کا ایمان پر خاتمہ ہوگا۔

حاکم کے شر سے حفاظت

اگر کوئی شخص باوضو زعفران کو عرق گلاب میں گھول کر سورۃ نبأ لکھے اور اس کا تعویذ بنا کر اپنے داہنی بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالےٰ حاکم کے شر سے محفوظ رہے گا۔

آنکھوں کی روشنی کے لئے

سورۃ نبأ کا بعد نماز عصر باوضو تین[۳] مرتبہ پڑھنا آنکھوں کی روشنی کو بڑھاتا ہے اور روشنی چشم قائم رہتی ہے۔ انتہائی مفید ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ آنکھوں کی روشنی ضائع نہیں ہوگی۔

نقصان پہنچانے والوں سے حفاظت

سورۃ نبأ کو باوضو سفید کاغذ یا سفید کپڑے پر لکھے اور موم جامہ کرکے داہنی بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالےٰ حاکم کے شر اور دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور نقصان سے محفوظ رہے گا۔

لوگوں کی نظروں میں ہمیشہ باوقار رہنا

سورۃ نبأ کا عامل لوگوں کی نظروں میں باوقار رہتا ہے۔ اس عمل کی ترکیب یہ ہے کہ دس[۱۰] دن کا اعتکاف کیا جائے اور دس[۱۰] روزے رکھے جائیں اور پرہیز جلالی کے ساتھ ایک سو اکتالیس[۱۴۱] مرتبہ روزانہ اس مبارک سورۃ کو صبح کی نماز کے بعد ظہر تک پڑھا جائے، پھر ظہر کی نماز کے بعد سے شام تک یہ آیت برابر بے گنتی پڑھتا رہے۔

يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ۝

اور روزانہ قدرے (تھوڑے) عرق گلاب پر یہ سارے ختم پڑھ کر دم کرتا رہے۔ دس[۱۰] روز کے بعد اس گلاب کے عرق میں سیاہی گھول کر تمام سورۃ نبأ، باوضو لکھ کر تعویذ بنا کر موم جامہ کرکے اپنے داہنی بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں کی نظروں میں بڑے بڑے امیر کبیر کی وہ عزت نہ ہوگی جو اس عامل کی عزت ہوگی۔

عمل کو قائم رکھنے کے لئے روزانہ بعد نماز فجر باوضو تین[۳] بار پڑھے اور اسی طرح مغرب کی نماز کے بعد باوضو ایک بار پڑھے اور بعد نماز عشاء ایک بار اس کو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس کی پابندی سے عمل قائم رہے گا اگر ناغہ ہوگیا تو دوبارہ اسی طرح دس[۱۰] دن کا اعتکاف کرکے عمل کرنا ہوگا۔

آنکھوں کی روشنی کے لئے

جو شخص باوضو سورۃ نبأ کا نقش لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے داہنی بازو پر باندھے اور ایک تعویذ پانی میں گھول کر پیئے اور اس پانی

کو آنکھوں پر بھی لگائے تو آنکھوں کی روشنی زیادہ ہو۔
اس سورۃ کے کل اعداد ۵۲۶۵۶ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۷۵۵۳	۱۷۵۴۸	۱۷۵۵۵
۱۷۵۵۴	۱۷۵۵۲	۱۷۵۵۰
۱۷۵۴۹	۱۷۵۵۶	۱۷۵۵۱

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۷۹) سُوْرَۃُ النّٰزِعٰتِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۲ آیات ۴۶

دشمن یا حاکم کے سامنے بے خوف ہونا

جو شخص باوضو سورۃ والنازعات پڑھ کر کسی دشمن یا حاکم کے سامنے جائے تو اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اس کے دل سے دشمن و حاکم کا خوف نکل جائے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ وہاں سے بحفاظت واپس آئے گا۔

سلامتی ایمان کے لئے

جو شخص باوضو ہر روز اکیس (۲۱) مرتبہ سورۃ والنازعات پڑھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ موت کی تکلیف سے محفوظ رہے گا اور مرتے وقت اپنا ایمان سلامت لے جائے گا۔

قیامت کے ہول اور ڈر سے حفاظت

جو شخص قیامت کی ہول اور اس کی سختی سے ڈرتا ہو تو اسے چاہئے کہ روزانہ باوضو سورۃ والنازعات پڑھا کرے انشاء اللہ تعالیٰ قیامت کے ہول اور ڈر سے محفوظ رہے گا۔

ایمان کی حفاظت کے لئے

جو شخص باوضو سورۃ والنازعات کا نقش لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھے گا انشاء اللہ تعالیٰ اس کا قدم شریعت کی راہ سے نہ ڈگمگائے گا اور ایمان سلامت رہے گا۔

اس کے کل اعداد ۶۷۲۵۳ ہیں۔

نقش یہ ہے اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔

۷۸۶

۱۶۸۱۳	۱۶۸۱۶	۱۶۸۱۹	۱۶۸۰۵
۱۶۸۱۸	۱۶۸۰۶	۱۶۸۱۲	۱۶۸۱۷
۱۶۸۰۷	۱۶۸۲۱	۱۶۸۱۴	۱۶۸۱۱
۱۶۸۱۵	۱۶۸۱۰	۱۶۸۰۸	۱۶۸۲۰

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۸۰) سُوْرَۃُ عَبَسَ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۴۲

بچے کا رونا بند کرنا

جو بچہ روتا ہو اور چپ نہ ہوتا ہو اس کے لئے باوضو سات مرتبہ سورۃ عبس پڑھ کر پانی پر دم کرکے تھوڑا تھوڑا بچے کو پلائے اور بچے پر بھی دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچے کا رونا بند ہو جائے گا۔

دشمن سے حفاظت اور حاکم پر رعب

اگر کسی کو دشمنوں سے واسطہ پڑ جائے یا ظالم اور بے رحم حاکم کے پاس حاضری ہو تو چاہئے کہ باوضو تین (۳) بار سورۃ عبس پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ

دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور حاکم کے سامنے جائے گا تو وہ ہیبت کی وجہ سے خاموش رہے گا۔

دورانِ سفر حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص باوضو ہرن کی کھال پر سورۃ عبس لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ دورانِ سفر محفوظ رہے گا اور اس کو کوئی نقصان اور تکلیف نہ پہنچے گی۔

کسی کو بااخلاق اور اطاعت گذار بنانا

اگر کسی شخص کی عورت، یا اس کا مالک یا عورت کا خاوند بدمزاج ہو اور ہر وقت تیوری چڑھائے رکھتا ہو کبھی اخلاق سے بات نہ کرتا ہو اور پھر کوئی ایسے بداخلاق شخص کو اپنا مطیع کرنا چاہے۔ سورۃ عبس کا ختم بطور زکوٰۃ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد ہی مطلب حاصل ہوگا۔

ترکیب ختم کی یہ ہے۔ پرہیز جلالی کے ساتھ گیارہ روز کا اعتکاف کرے اور خلوت میں (تنہا) بیٹھ کر سورۃ عبس کو تین سو تیرہ ۳۱۳ مرتبہ روزانہ باوضو پڑھے اور حصول مقصد کے لئے دعا کرتا رہے۔ جب اعتکاف سے باہر نکلے، تب تین ۳ مرتبہ سورۃ مذکور کو پڑھ کر کسی چیز پر دم کرکے کھلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بداخلاق شخص کے اخلاق درست ہو جائیں گے اور مطیع اور فرماں بردار بن جائے گا۔

ہر قسم کے مرض سے صحت کے لئے

اس مبارک سورۃ (سورۃ عبس) کو باوضو پڑھ کر پانی پر دم کرکے جس قسم کے مریض کو بھی روزانہ پلائے گا انشاء اللہ تعالیٰ مریض جلد صحت یاب ہوگا۔

آنکھ میں ورم یا شب کوری (رتوندا) کے لئے

جس شخص کی آنکھ میں ورم ہو یا شب کوری یا رتوندا ہو اور اسے رات کو دکھائی نہ دیتا ہو تو سورۃ عبس کو باوضو پچپن ۵۵ بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھ کا ورم اور رتوندا کا مرض دور ہوگا۔

ہر قسم کے امراض سے حفاظت

جو شخص سورۃ عبس کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھے گا تو انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے امراض سے محفوظ رہے گا اور اگر مرض میں مبتلا ہوگا تو جلد صحت حاصل ہوگی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۵۱۳۱۴ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۲۸۲۸	۱۲۸۳۱	۱۲۸۳۴	۱۲۸۲۱
۱۲۸۳۳	۱۲۸۲۲	۱۲۸۲۷	۱۲۸۳۲
۱۲۸۲۳	۱۲۸۳۶	۱۲۸۲۹	۱۲۸۲۶
۱۲۸۳۰	۱۲۸۲۵	۱۲۸۲۴	۱۲۸۳۵

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۸۱) سُوْرَۃُ التَّکْوِیْرِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۲۹

بیمار کی صحت یابی کے لئے

بیمار کی صحت یابی کے لئے سورۃ تکویر کو ستر مرتبہ باوضو پڑھ کر بیمار پر دم کرے اور پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ بیمار جلد صحتیاب ہوگا۔

کام باآسانی ہونے کے لئے

کسی بھی کام کا باآسانی ہونے کے لئے اور جملہ رکاوٹوں کو دور کرنے کے لئے سورۃ تکویر (سورۃ کوّرت) کو باوضو اکیس[۲۱] مرتبہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ کام میں آسانی ہوگی اور جملہ رکاوٹیں دور ہوں گی۔

آتشک مجازی کے لئے

جس کسی کو آتشک کی بیماری ہو تو باوضو سورۃ تکویر کو سات بار پڑھے اور آب زمزم پر دم کرکے اکیس[۲۱] روز تک پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ صحتِ کامل حاصل ہوگی۔

دشمنوں سے حفاظت کے لئے

جب کسی شخص کو دشمن تکلیف پہنچائیں اور ایذا دیں تو باوضو سورۃ تکویر اکیس[۲۱] بار پڑھے اور دعا کرے انشاءاللہ تعالیٰ دشمنوں سے حفاظت رہے گی۔ اور دشمنوں پر غلبہ حاصل ہوگا۔

واسطے دفع بلیات کے

ہر قسم کی بلاؤں کے دفع ہونے کے لئے سورۃ تکویر کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی بلا دور ہوگی اور ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۳۸۲۹۹ ہیں اور نقش یہ ہے۔ اور چال تیرہویں خانہ میں ہے۔ (اگلے صفحہ پر)

۷۸۶

۹۵۶۷	۹۵۸۱	۹۵۷۷	۹۵۷۴
۹۵۷۸	۹۵۷۳	۹۵۶۸	۹۵۸۰
۹۵۷۲	۹۵۷۵	۹۵۸۳	۹۵۶۹
۹۵۸۲	۹۵۷۰	۹۵۷۱	۹۵۷۶

(پارہ ۳۰) (سورہ ۸۲) سُوْرَۃُ الْاِنْفِطَارِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۱۹

سحر اور جادو مدفون کا پتہ لگانا

سحر اور جادو کسی مکان میں دفن ہو لیکن اس کا پتہ نہ چلتا ہو تو سورۃ انفطار کو ایک بار باوضو پڑھ کر تازہ پانی پر دم کرکے اور پورے مکان کی دیواروں پر چھڑکے انشاءاللہ تعالیٰ خواب کے ذریعہ معلوم ہو جائے گا کہ فلاں جگہ سحر یا جادو دفن ہے۔ اور کوئی سحر یا جادو اس کو نقصان نہ پہنچائے گا۔

حاجت روائی کے لئے

جب کوئی حاجت ہو۔ سورۃ انفطار کو باوضو ستر بار پڑھ کر دعا مانگے انشاءاللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی۔

قیدی کی رہائی کے لئے

اگر کوئی شخص قید ہوگیا ہو اور رہائی چاہتا ہو تو سورۃ انفطار باوضو ستر بار پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد رہا ہوگا۔

دشمن کے شر سے حفاظت

(اگلے صفحہ پر)

دشمن کے شر کو دفع کرنے اور اس کے شر سے حفاظت کے لئے
سورۃ الانفطار کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھے
انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کا شر دفع ہوگا اور دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔
اس سورۃ کے کل اعداد ۲۶۷۴۵ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۸۹۱۶	۸۹۱۱	۸۹۱۸
۸۹۱۷	۸۹۱۵	۸۹۱۳
۸۹۱۲	۸۹۱۹	۸۹۱۴

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۸۳) سُوْرَۃُ الْمُطَفِّفِيْنَ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۳۶

بچہ کی باآسانی پیدائش کے لئے

جو شخص ستر بار باوضو سورۃ المطففین پڑھے تو بچہ آسانی کے ساتھ پیدا ہو اور انشاء اللہ تعالیٰ زچہ ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے۔

بچہ کا رونا ختم کرنا

اگر کوئی بچہ ہر وقت روتا رہتا ہو اور خاموش نہ ہوتا ہو تو باوضو ستر مرتبہ سورۃ المطففین پڑھ کر پانی پر دم کرے اور بچہ پر بھی دم کرے اور وہ پانی بچہ اور اس کی ماں کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونے سے رک جائے گا۔

غلہ کی کیڑوں سے حفاظت

اگر سورۃ المطففین پوری باوضو پڑھ کر غلہ (اناج وغیرہ) پر دم کردیا جائے تو انشاء اللہ تعالیٰ وہ غلہ کیڑوں سے محفوظ رہے گا۔

بچہ کا رونا

اگر لڑکا بہت روتا ہو تو باوضو سات بار سورۃ المطففین پڑھ کر بچے پر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونے سے باز رہے گا۔

بچہ کے رونے کو روکنا

جو بچہ کثرت سے روتا رہتا ہو اور چپ نہ ہوتا ہو اس کے لئے سورۃ المطففین کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے بچے کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ رونا بند کردے گا۔
اس سورۃ المطففین کے کل اعداد ۴۸۷۰۷ ہیں اور نقش یہ ہے۔
چال تیرہویں خانہ میں ہے۔

۷۸۶

۱۲۱۷۶	۱۲۱۷۹	۱۲۱۸۳	۱۲۱۶۹
۱۲۱۸۲	۱۲۱۷۰	۱۲۱۷۵	۱۲۱۸۰
۱۲۱۷۱	۱۲۱۸۵	۱۲۱۷۷	۱۲۱۷۴
۱۲۱۷۸	۱۲۱۷۳	۱۲۱۷۲	۱۲۱۸۴

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۸۴) سُوْرَۃُ الْاِنْشِقَاقِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۲۵

بچھو کے زہر سے آرام

اگر کسی کو بچھو ڈنک مار دے اور زہر کے سبب بہت تکلیف ہو تو باوضو سورۃ انشقاق پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچھو کا زہر زائل ہوگا اور مریض کو آرام آجائے گا۔

بدہضمی سے شفاء

اگر کسی کو بدہضمی ہو گئی ہو یا کھانا ہضم نہ ہوتا ہو تو عرقِ گلاب پر باوضو سورۃ انشقاق پڑھ کر دم کرے اور وہ مریض کو تھوڑا تھوڑا کر کے پلائے۔ انشاء اللہ تعالےٰ بدہضمی سے شفاء حاصل ہوگی۔

بچہ کا رونا

اگر کوئی بچہ بہت روتا ہو اور باز نہ آتا ہو تو اس کے لئے باوضو سورۃ انشقاق پڑھ کر بچے پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ بچے کا رونا موقوف ہوگا۔

بچہ کی پیدائش کے لئے

بچہ کی پیدائش کے وقت کی سخت تکلیف سے بچنے کے لئے سورۃ انشقاق کا نقش باوضو لکھ کر سفید کپڑے میں لپیٹ کر عورت کی کمر میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تکلیف کے بغیر بچہ آسانی کے ساتھ پیدا ہوگا۔ لیکن بچہ پیدا ہوتے ہی یہ نقش فوراً کمر سے کھول دے ورنہ آنتیں باہر آجائیں گی۔ نیز اس سورۃ کا پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا بھی مفید ہے۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۲۸۸۴۳۶ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۱۱ے	۲۱۴ے	۲۱۷ے	۲۰۴ے
۲۱۶ے	۲۰۵ے	۲۱۰ے	۲۱۵ے
۲۰۶ے	۲۱۹ے	۲۱۲ے	۲۰۹ے
۲۱۳ے	۲۰۸ے	۲۰۷ے	۲۱۸ے

(پارہ ۳۰) (سورہ ۸۵) سُوْرَۃُ الْبُرُوْجِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۲۲

دشمن، بدگو اور دیو پری سے حفاظت

دشمن، بدگو، دیو اور پری کے شر سے حفاظت کے لئے جو شخص باوضو بیس ۲۰ مرتبہ سورۃ البروج پڑھے تو انشاء اللہ تعالےٰ دشمن، بدگو اور دیو و پری کے شر و ظلم سے محفوظ رہے گا۔ اور وہ اسے کسی طرح کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

بدگویوں کے دفع ہونے کے لئے

بدگو لوگوں کے دفع ہونے کے لئے روزانہ اِد تو سورۃ البروج پانچ ۵ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ بدگو دفع ہوں گے۔

بچہ کا آسانی کے ساتھ دودھ چھڑانا

جو شخص باوضو سورۃ البروج کو لکھے اور موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالے تو انشاء اللہ تعالیٰ بچہ آسانی کے ساتھ دودھ چھوڑ دے گا اور از خود دودھ سے از رہے گا۔

دشمنوں کی قید سے رہائی

جو کوئی شخص دشمنوں کی قید سے رہائی چاہے یا دشمن کی قید میں جانے سے بچنا چاہے وہ سورۃ بروج کو ستر بار باوضو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ قید سے محفوظ رہے گا اور اگر قید ہو گیا ہو تو جلد رہا ہو گا۔

دنبل کا علاج

اگر کسی شخص کے دنبل نکلیں (چھوٹے پھنسی) تو وہ روزانہ بعد نماز عصر باوضو سورۃ البروج ایک مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اصحہ

حاصل ہوگی اور آئندہ اس مرض سے محفوظ رہے گا۔

ہر قسم کی حاجت کے واسطے

ہر قسم کی حاجت کے لئے سورۃ البروج کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی حاجت پوری ہوگی۔ اس سورۃ کے کل اعداد ٣٢١٥٥ ہیں اور نقش یہ ہے چال تیرہویں خانہ میں ہے۔

٨٠٣٨	٨٠٤١	٨٠٣٥	٨٠٣١
٨٠٤٤	٨٠٣٢	٨٠٣٧	٨٠٤٢
٨٠٣٣	٨٠٤٧	٨٠٣٩	٨٠٣٦
٨٠٣٠	٨٠٣٥	٨٠٤٣	٨٠٣٦

(پارہ ٣٠) (سورۃ ٨٦) سُوْرَۃُ الطَّارِقِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ١ آیات ١٧

سانپ بچھو سے حفاظت

جس گھر میں سانپ یا بچھو نکلتے ہوں، وہاں سورۃ الطارق کو باوضو ایک کاغذ پر لکھ کر دیوار پر لگا دیں۔ نہایت مجرب ہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ اس کے لگانے کے بعد کوئی سانپ یا بچھو باہر نظر نہ آئے گا اور اگر باہر نکل بھی آئے گا تو کسی کو نقصان نہ پہنچائے گا۔

دیو، پری سے نجات کے لئے

جس گھر میں دیو یا پری کا اثر ہو اس گھر میں باوضو سورۃ الطارق

چالیس۴۰ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دیو یا پری اس گھر سے چلے جائیں گے۔

دیو پری والے کا علاج

اگر کسی شخص یا بچے پر دیو یا پری کا اثر ہو گیا ہو تو اس کے لئے تین۳ مرتبہ سورۃ الطارق باوضو پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ یہ عمل روزانہ کرے انشاء اللہ تعالےٰ مریض جلد صحت یاب ہوگا۔

دانت کے درد کا علاج

جس شخص کے دانت میں درد ہو اس کے لئے باوضو سورۃ الطارق دو۲ کاغذ پر لکھے اور ایک کاغذ موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے اور دوسرا کاغذ لپیٹ کر درد والے دانت کے نیچے دبالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گا اور آرام آجائے گا۔

قے سے حفاظت کے لئے

اگر کوئی شخص دوا یا شربت پئے یا کوئی چیز کھائے تو اس پر ایک مرتبہ سورۃ الطارق باوضو پڑھ کر دم کر کے پی لے یا کھالے انشاء اللہ تعالیٰ قے سے محفوظ رہے گا۔

باغ یا کھیت کو موذی جانوروں سے محفوظ کرنا

باغ یا کھیت کو موذی جانوروں مثلاً ٹڈی، جنگلی چوہے خطرناک کیڑے اور دیگر جانوروں سے محفوظ رکھنے کے لئے سورۃ الطارق کو چار۴ کاغذ کے ٹکڑوں پر الگ الگ لکھے اور زیتون کی لکڑی میں لپیٹ کر (یعنی لکڑی میں سوراخ کر کے اس میں رکھ کر) باغ یا کھیت کے چاروں کونوں میں دفن کر دیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ فصل کو نقصان دینے والے تمام جانور اس باغ یا کھیت سے نکل جائیں گے اور باغ یا کھیت کی فصل کو نقصان نہ پہنچائیں گے۔

باؤلے (پاگل) کتے کا زہر

اگر کسی کو باولا (پاگل) کتا کاٹ لے تو سورۃ الطارق تین بار باوضو پڑھ کر کاٹی ہوئی جگہ پر دم کرے انشاء اللہ تعالےٰ باؤلے کتے کا زہر اثر نہ کرے گا اور صحت حاصل ہوگی۔

احتلام سے حفاظت

اگر کسی کو سوتے میں احتلام بہت ہوتا ہو تو اس کے لئے تین بار باوضو سوتے وقت سورۃ الطارق پڑھ کر اپنے سینے پر دم کر لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالےٰ احتلام سے محفوظ رہے گا۔

بھاگے ہوئے کی واپسی کے لئے

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو اور اسے واپس بلانا ہو تو سورۃ الطارق کا نقش لکھ کر اس کے نیچے بھاگنے والے اور اس کی والدہ کا نام لکھے اور کسی وزن دار پتھر یا کسی بھاری وزن والی چیز کے نیچے اس طرح دبائے کہ پورا وزن اس پہ پڑے۔ انشاء اللہ تعالےٰ بھاگا ہوا جلد آئے گا۔ اس کے آتے ہی نقش نکال کر کسی پاک زمین میں دفن کر دے۔

اس کے کل اعداد ۱۷۷۹۵ ہیں۔ نقش یہ ہے اور چال پانچویں خانہ چال ہے۔

۷۸۶

۴۴۴۱	۴۴۴۴	۴۴۴۷	۴۴۳۳
۴۴۴۶	۴۴۳۴	۴۴۴۰	۴۴۴۵
۴۴۳۵	۴۴۴۹	۴۴۴۲	۴۴۳۹
۴۴۴۳	۴۴۳۸	۴۴۳۶	۴۴۴۸

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۸۷) سُوْرَۃُ الْاَعْلٰی مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۱۹

ہر قسم کے درد اور جملہ آفتوں سے حفاظت

ہر قسم کے درد کے لئے صبح بعد نماز فجر باوضو سورۃ الاعلیٰ پڑھے اور دونوں ہاتھ درد کی جگہ پھیرے انشاء اللہ تعالےٰ درد دور ہوگا اور اگر کوئی باوضو اس سورۃ کو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے تو انشاء اللہ تعالیٰ جملہ آفتوں سے محفوظ رہے گا۔

بواسیر سے صحت کے لئے

بواسیر کے لئے سورۃ الاعلیٰ کا روزانہ باوضو ایک مرتبہ پڑھنا بواسیر سے نجات کے لئے کافی ہے۔ اس کے پڑھنے سے انشاء اللہ تعالیٰ مرض دور ہو جائے گا۔ یہ عمل بواسیر خونی و بادی دونوں کے لئے مفید ہے۔

برائے ذہن و قوتِ حافظہ

باوضو سورۃ الاعلیٰ لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ذہن و حافظہ قوی ہوگا۔

کان کا بہنا

اگر کسی کا کان بہتا ہو تو سورۃ الاعلیٰ باوضو تین بار پڑھ کر کان میں دم کیا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔ پڑھنے والا اگر اپنے کان میں خود دم کرنا چاہے تو پلاسٹک کی نلکی لے کر اس کا ایک سرا منہ میں لگائے اور دوسرا سرا کان کے سوراخ میں لگا کر پھونک مارے دم ہو جائے گا۔

ناسور (زخم) اور بھگندر وغیرہ کے لئے

اگر کسی کو ناسور (کا زخم) ہو گیا ہو یا بھگندر ہو گیا ہو تو اس کے لئے سورۃ الاعلیٰ باوضو روزانہ ایک مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ناسور اور بھگندر کی تکلیف سے آرام ہو گا۔

راہ کی ہر قسم کی آفات سے حفاظت

اگر کوئی شخص سفر پہ جا رہا ہو تو باوضو تین (۳) بار سورۃ الاعلیٰ پڑھ لے راستے کی ہر قسم کی آفات سے انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گا اور صحیح و سلامت اپنے گھر واپس آئے گا۔

جملہ قسم کی آفات و بلیات سے حفاظت

جملہ قسم کی آفات و بلیات سے حفاظت کے لئے باوضو سورۃ الاعلیٰ کا نقش لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جملہ قسم کی آفات و بلیات سے محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۷۷۰۴ ہیں اور چال نویں خانہ میں ہے۔

نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۴۱۸	۴۴۳۲	۴۴۲۹	۴۴۲۵
۴۴۳۰	۴۴۲۴	۴۴۱۹	۴۴۳۱
۴۴۲۳	۴۴۲۷	۴۴۳۴	۴۴۲۰
۴۴۳۳	۴۴۲۱	۴۴۲۲	۴۴۲۸

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۸۸) سُوْرَةُ الْغَاشِيَةِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۲۶

آخرت کا خوف، قلب میں رقت اور اعمال میں اصلاح کے لئے

سورۃ الغاشیہ کا باوضو ہر نماز (فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء) کے بعد پڑھنے سے پڑھنے والے کے دل میں آخرت کا خوف، قلب میں رقت اور اعمال میں اصلاح پیدا کرتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر نماز کے بعد اس کا پڑھنے والا نیک اور صالح بن جائے گا۔

ہچکی بند ہونے کے لئے

اگر کسی کو ہچکی لگی ہوئی ہو اور بند نہ ہو رہی ہو تو سورۃ الغاشیہ باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ ہچکی فوراً بند ہو گی۔

چیچک و دیگر امراض کے لئے

سورۃ الغاشیہ چیچک اور دیگر وبائی امراض سے بچنے کے لئے باوضو اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا پڑھنے والے چیچک اور دیگر وبائی امراض سے محفوظ رہیں گے۔

برے اور فاسد خیالات سے حفاظت

اگر کسی کو گندے گندے اور فاسد خیالات بہت آتے ہوں تو باوضو سورۃ الغاشیہ اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر سوئے انشاء اللہ تعالیٰ گندے اور فاسد خیالات سے حفاظت رہے گی۔

ہر مرض سے صحت کے لئے

اگر کوئی شخص مریض پر باوضو سورۃ الغاشیہ تین بار پڑھ کر دم کرے تو انشاءاللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہو۔

ہر قسم کی وبا سے حفاظت

اگر وبائی امراض پھیل رہے ہوں تو ان سے حفاظت کے لئے سورۃ الغاشیہ کا نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے گھر کے باہر ہر فرد کے گلے میں باندھ دے انشاءاللہ تعالیٰ پورا گھر وبائی امراض سے محفوظ رہے گا۔

سورۃ الغاشیہ کے کل اعداد ۳۷۴۵۷ ہیں اور نقش یہ ہے:

چال پانچویں خانہ میں ہے۔

۷۸۶

۹۳۶۳	۹۳۶۷	۹۳۷۰	۹۳۵۶
۹۳۶۹	۹۳۵۷	۹۳۶۳	۹۳۶۸
۹۳۵۸	۹۳۷۲	۹۳۶۵	۹۳۶۲
۹۳۶۶	۹۳۶۱	۹۳۵۹	۹۳۷۱

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۸۹) سُوْرَۃُ الْفَجْرِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۳۰

ہر قسم کی بلا سے حفاظت کے لئے

جو شخص روزانہ باوضو سورۃ الفجر کو سات مرتبہ پڑھ لیا کرے وہ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی بلا سے محفوظ رہے گا اور اگر سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی تمام اہل خانہ کو پلا دیا کرے تو انشاءاللہ تعالیٰ جملہ گھر والے بھی ہر قسم کی بلا سے محفوظ رہیں گے۔

ہر قسم کی بلا کو دفع کرنے کے لئے

ہر قسم کی بلا کو دفع کرنے کے لئے سات بار باوضو سورۃ الفجر پڑھے تو انشاءاللہ تعالیٰ اس گھر سے ہر قسم کی بلا دور ہوگی۔

لڑکا پیدا ہونے کے لئے

جو شخص چاہے کہ اس کے لڑکا پیدا ہو تو سورۃ الفجر کو باوضو سو مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ انشاءاللہ تعالیٰ لڑکا پیدا ہوگا۔

ہر قسم کی مشکل مہم کے حل کے لئے

جو شخص چاہے کہ اس کی مشکل حل ہو اور ہر قسم کی مشکل مہم سے آسانی نکل جائے تو اسے چاہئے کہ باوضو ستر بار سورۃ الفجر پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکل مہم حل ہوگی۔

ہر قسم کی پریشانی سے نجات

ہر قسم کی پریشانی سے نجات کے لئے سورۃ الفجر کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی پریشانی سے نجات حاصل ہوگی۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۸۸۰۹۲ ہیں اور چال نویں خانہ میں ہے۔

۷۸۶

۲۲۲۷۳	۲۲۲۷۶	۲۲۲۷۹	۲۲۲۶۵
۲۲۲۷۸	۲۲۲۶۶	۲۲۲۷۱	۲۲۲۷۷
۲۲۲۶۷	۲۲۲۸۱	۲۲۲۷۴	۲۲۲۷۰
۲۲۲۷۵	۲۲۲۶۹	۲۲۲۶۸	۲۲۲۸۰

(پارہ ۳۰)(سورۃ ۹۰) سُوْرَۃُ الْبَلَدِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۲۰

پریشانی دور کرنے کے لئے

جو شخص سورۃ البلد کو روزانہ ایک مرتبہ باوضو پڑھے گا انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی پریشانی سے محفوظ رہے گا۔

درد گردہ سے آرام

جو شخص درد گردہ کا مریض ہو وہ اگر روزانہ باوضو سورۃ البلد گیارہ مرتبہ پڑھ لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ درد گردہ کی تکلیف سے آرام پائے گا۔ اگر گیارہ مرتبہ درد گردہ کے مریض کو پانی پر دم کرکے پلائے تو انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

مرگی والے کا علاج

مرگی کے مریض کے لئے روزانہ گیارہ مرتبہ سورۃ البلد باوضو پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صحت حاصل ہوگی۔

کسی شہر میں داخلے کے وقت عزت پانا

جب کسی شہر میں داخل ہونے کا ارادہ ہو تو باوضو ایک مرتبہ سورۃ البلد کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اہل شہر اس کی عزت کریں گے اور اس کے ساتھ لطف و مہربانی کا برتاؤ کریں گے اور اس شہر میں وہ شخص امن و امان کیساتھ رہے گا۔

نظر بد سے حفاظت

نظر بد سے حفاظت اور نظر بد کے اثرات کو زائل کرنے کے لئے سورۃ

البلد کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے مریض کے گلے میں باندھ دے انشاء اللہ تعالیٰ نظر بد سے محفوظ رہے گا اور نظر بد کے اثرات بد سے صحت حاصل ہوگی۔

اس سورۃ کے کُل اعداد ۲۴۲۸۳ ہیں۔ نقش یہ ہے اور چال تیرہویں خانہ میں ہے۔

٦٠٧٠	٦٠٧٣	٦٠٧٧	٦٠٦٣
٦٠٧٦	٦٠٦٤	٦٠٦٩	٦٠٧٤
٦٠٦٥	٦٠٧٩	٦٠٧١	٦٠٦٨
٦٠٧٢	٦٠٦٧	٦٠٦٦	٦٠٧٨

(پارہ ۳۰)(سورۃ ۹۱) سُوْرَۃُ الشَّمْسِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۱۵

چھوٹے بچوں کی حفاظت

جن عورتوں کے بچے مرجاتے ہوں۔ اس کے لئے حمل کے پہلے مہینہ میں پاؤ بھر دیسی اجوائن۔ آدھ پاؤ سیاہ مرچ ڈھائی پاؤ شہد خالص پر چاند کے شروع میں (چاند دکھائی دینے کے بعد پہلا پیر) پیر کے دن سے اشراق کی نماز کے بعد اکتالیس ۴۱ مرتبہ باوضو سورۃ الشمس پڑھ کر تمام چیزوں پر دم کرے۔ پھر روزانہ ایام حمل (حمل کے دوران جب بچہ پیٹ میں ہو) ایک چٹکی اجوائن تین دانہ سیاہ مرچ اور ایک انگلی شہد کی روزانہ بلاناغہ کھانا نہایت مفید عمل ہے۔ اگر یہ چیزیں ختم ہوجائیں تو دوبارہ پڑھ کر پھر تیار کرلیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ زندہ رہے گا اور طویل عُمر پائے گا۔

فالج، لقوہ اور رعشہ سے حفاظت

(اگلے صفحہ پر)

روزانہ بعد نماز اشراق باوضو سورۃ الشمس کا ایک مرتبہ پڑھنا انشاء اللہ تعالیٰ فالج، لقوہ اور رعشہ سے محفوظ رکھتا ہے۔

بچہ زندہ رہنے کے لئے

اجوائن اور کالی مرچ ڈیڑھ۔ ڈیڑھ پاؤ پیر کے دن دوپہر کے وقت چالیس[۴۰] بار باوضو سورۃ الشمس اس طرح پڑھے کہ ہر دفعہ سورۃ الشمس پڑھنے کے ساتھ اول وآخر درود شریف ایک ایک مرتبہ پڑھے۔ اور جب چالیس[۴۰] بار ہوجائے تو پھر ایک بار درود شریف پڑھے اور اجوائن اور کالی مرچ پر دم کرے اور جب حمل قائم ہوجائے یا تین[۳] ماہ کا ہوجائے تو تھوڑی اجوائن اور تھوڑی کالی مرچ لے کر روزانہ پابندی کے ساتھ بلاناغہ کھاتی رہے اور دودھ چھڑانے تک برابر کھاتی رہے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ زندہ رہے گا۔ یہ عمل سوکھا اور مسان کے مریض بچوں کے لئے بھی فائدہ مند ہے۔

سلامتی جان ومال کے لئے

سلامتی جان ومال کے لئے سورۃ الشمس باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جان ومال محفوظ رہیں گے۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۱۹۴۹۹ ہیں اور نقش یہ ہے چال تیرہویں خانہ میں ہے

۴۸۶

۴۸۶۷	۴۸۸۱	۴۸۷۷	۴۸۷۳
۴۸۷۸	۴۸۷۳	۴۸۶۸	۴۸۸۰
۴۸۷۲	۴۸۷۵	۴۸۸۳	۴۸۶۹
۴۸۸۲	۴۸۷۰	۴۸۷۱	۴۸۷۶

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۹۲) سُوْرَۃُ الَّیْلِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۲۱

بھاگے ہوئے یا غائب شخص کا واپس لوٹانا

اگر کوئی شخص گم ہوجائے یا بھاگ جائے تو اس کی سلامتی سے واپسی کے لئے سورۃ اللیل کو باوضو ہرن کی کھال پر لکھ کر کسی درخت کی شاخ پر باندھ دے کہ ہلتا رہے۔ انشاء اللہ تعالےٰ بھاگا ہوا یا غائب جلد واپس آئے گا۔ نہایت مجرب عمل ہے۔

ملازمت اور رزق کی ترقی کے لئے

ملازمت لگ جانے، نوکری مل جانے اور رزق میں برکت کے لئے سورۃ اللیل کو باوضو روزانہ اکتالیس[۴۱] مرتبہ پڑھے اور پھر اکتالیس[۴۱] چونیاں (یا اٹھنیاں یا روپے) راہِ خدا میں تقسیم کرے۔ اکتالیس[۴۱] دن تک یہ عمل پابندی کے ساتھ کرے ناغہ نہ کرے۔ اس عمل کے دوران کچا لہسن، کچا پیاز اور ہینگ کا استعمال نہ کرے ورنہ عمل میں اثر پیدا نہ ہوگا۔ اس عمل کی برکت سے انشاء اللہ تعالےٰ کہیں نہ کہیں ملازمت ضرور مل جائے گی اور آدمی نوکر ہوجائے گا۔ اگر نوکر ہے تو رزق میں ترقی اور برکت ہوگی۔

بیماری سے صحت کے لئے

جو بخار والا یا بیمار آدمی باوضو سورۃ اللیل کو لکھ کر اور پانی میں گھول کر پئے یا کسی دوسرے کو پلائے تو اس کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ بخار فوراً دور ہوگا اور بیماری سے صحت حاصل ہوگی۔

مال کی حفاظت کے لئے

جو شخص سورۃ اللیل کو باوضو سات مرتبہ پڑھ کر اپنے مال پر پھونک دے تو انشاء اللہ تعالیٰ اس کا مال جلنے، ڈوبنے اور گم ہونے یا ٹوٹ پھوٹ سے محفوظ رہے گا۔

ہر حاجت کے پورا ہونے کے لئے

جو شخص کسی سخت مشکل میں پھنسا ہو یا کوئی ضروری حاجت سامنے ہو اس کے پورا ہونے کے لئے باوضو سات مرتبہ سورۃ اللیل روزانہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ مشکل حل ہوگی اور حاجت پوری ہوگی۔

مشکل آسان ہونے کے لئے

جب کوئی مشکل سامنے آجائے اور حل ہونا مشکل نظر آئے تو سورۃ اللیل کو باوضو ایک سو اسی مرتبہ ایک ہی بیٹھک میں پڑھے کیسی ہی مشکل ہو انشاء اللہ تعالیٰ حل ہو جائے گی۔

مال کی حفاظت کے لئے

مال کی حفاظت کے لئے سورۃ اللیل کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مال محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۲۹۶۶۶ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۴۰۹	۷۴۲۲	۷۴۱۹	۷۴۱۶
۷۴۲۰	۷۴۱۵	۷۴۱۰	۷۴۲۱
۷۴۱۴	۷۴۱۷	۷۴۲۴	۷۴۱۱
۷۴۲۳	۷۴۱۲	۷۴۱۳	۷۴۱۸

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۹۳) سُوْرَۃُ الضُّحٰی مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۱۱

بھولی ہوئی چیز کا واپس ملنا

اگر کوئی شخص کوئی بات، جگہ یا چیز رکھ کر بھول جائے تو اسے چاہیئے کہ کثرت سے سورۃ الضحیٰ باوضو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ وہ بات، جگہ یا چیز بھولی ہوئی یاد آجائے گی۔

بھاگے ہوئے کو واپس لانا

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی گم ہوگیا ہو یا کوئی بڑا آدمی ملازم فرار ہوگیا ہو تو اس کی واپسی کے لئے ایک دائرے کی شکل میں باوضو سورۃ والضحیٰ لکھے اور دائرہ کے چار کونوں پر خلفاء راشدین کے نام امیر المومنین ابو بکر صدیق، امیر المومنین عمر فاروق، امیر المومنین حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ، امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ اور دائرہ کے درمیان بھاگنے والے کا نام اور اس کی والدہ یا والد کا نام لکھے اور [illegible] درمیان بھاگنے والے کا نام اور اس کی والدہ یا والد کا نام لکھے اور قرآن شریف کے سیپارہ کے درمیان اس کاغذ کو لپیٹ کر رکھ دے اور قرآن شریف اس کو [illegible] رکھے۔ بھاگنے والا سوا [illegible] انشاء اللہ تعالیٰ مقررہ جلد واپس آئے گا۔

دو شخصوں میں ملاپ کرانا

دو شخصوں میں ملاپ کرانے کے لئے سورۃ الضحیٰ کو اکیس مرتبہ باوضو عشاء کی نماز کے بعد پڑھ کر سوئے۔ پھر صبح (فجر) کی نماز کے بعد سات مرتبہ [illegible] سات مرتبہ سورۃ والضحیٰ پڑھ کر بہت دیر تک حصول مقصد کے لئے [illegible] گیارہ دن میں کامیابی حاصل ہوتی ہے۔

بدخوابی یا سوتے ہوئے ڈرنا، رونا

بدخوابی یا سوتے ہوئے ڈرنا یا رونا، ان سب باتوں کو دفع کرنے کے لئے سورۃ والضحیٰ کا سات مرتبہ روزانہ پڑھ کر سونا [illegible] ہے۔

ترقی مال اور تجارت کے چلنے کے لئے

سورۃ والضحیٰ کا تین سو تیرہ مرتبہ اکیس روز [illegible] روزانہ پڑھنا اور تین [illegible] کو کھانا کھلانا ترقی مال کے لئے تجارت کے چلنے کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مال میں ترقی ہوگی اور تجارت خوب چلے گی۔

برائے محبت

محبت میں کامیابی کے لئے سورۃ والضحیٰ سات بار [illegible] کے پڑھ کر دم کرے اور محبوب کو [illegible]۔ انشاء اللہ تعالیٰ محبت پیدا ہوگی۔

برائے گمشدہ یا فرار شدہ

سورۃ والضحیٰ (مکمل) ایک کاغذ پر لکھیں اس کے چاروں کونوں پر خلفائے اربعہؓ (حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ، حضرت علی مرتضیٰؓ) کے نام لکھے اس تعویذ کو چرخہ پر باندھ کر الٹا چلائے اس طرح اکیس مرتبہ الٹا چلائے اور اکتالیس روز تک یہ عمل جاری رکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ یا فرار شدہ جلد آجائے گا۔

برائے مال گمشدہ یا لڑکا لڑکی گمشدہ

(اگلے صفحہ پر)

سورۃ والضحیٰ کی زکوٰۃ ادا کرے۔ اس طرح کہ بعد نماز عشاء ہر روز گیارہ بار اکتالیس رات تک بلا ناغہ پڑھے۔ زکوٰۃ ادا ہو جائے گی۔ اس کے بعد بوقت ضرورت اگر کسی کا مال گم ہو گیا ہو تو سات دفعہ پڑھ کر دم کرے اور چادر یا رومال کے ایک کنارے پر گانٹھ (گرہ) دے اور مال گمشدہ والا گانٹھ نہ کھولے بلکہ تین دن تک انشاء اللہ تعالیٰ مال مل جائے گا۔ مال مل جانے کے بعد عامل کے پاس جا کے وہی گانٹھ کھولے گا۔ بغیر زکوٰۃ کے کام نہ ہوگا۔

چوری کی ہوئی چیز کی دستیابی اور چور کی گرفتاری

گمشدہ یا چوری شدہ چیز کی واپسی کے لئے سورۃ والضحیٰ (پوری سورت) کو ساٹھ مرتبہ پڑھ کر شہادت کی انگلی پر دم کر کے اپنے سر کے چاروں طرف پھرائے۔ اس کے بعد سات مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر دستک دے جیسی ہاتھ پر ہاتھ مار کے انشاء اللہ تعالیٰ گمشدہ یا چوری شدہ مال واپس مل جائے گا۔ وہ کلمات یہ ہیں۔

اَصْبَحْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَمْسَیْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ۔ اَمْسَیْتُ فِیْ اَمَانِ اللّٰہِ وَاَصْبَحْتُ فِیْ جِوَارِ اللّٰہِ۔

منہ کے چھالے

اگر کسی کے منہ میں چھالے ہو گئے ہوں اور کھانا یا مرچ نمک کا استعمال مشکل ہو گیا ہو تو سورۃ والضحیٰ اکتالیس بار چینی پر دم کر کے مریض کو دیں وہ اس چینی کو [illegible] کر چوسے۔ چوسنے سے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے منہ کے چھالے ٹھیک ہو جائیں گے۔

غائب اور مفرور کے حاضر ہونے کیلئے

(اگلے صفحہ پر)

غائب اور بھاگے ہوئے کے لئے سورۃ والضحیٰ دو ہزار مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالےٰ مفرور جلد واپس آجائے گا۔ کئی آدمی بھی مل کر پڑھ سکتے ہیں۔

بھاگے ہوئے کے لئے

اگر کوئی لڑکا یا لڑکی بھاگ کر چلے گئے ہوں تو اس کے لئے سورۃ والضحیٰ کا نقش لکھے اور اس نقش کے نیچے اس بھاگے ہوئے کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھ کر قرآن شریف میں اسی جگہ رکھدے جہاں سورۃ والضحیٰ لکھی ہوئی ہے انشاء اللہ تعالیٰ بھاگا ہوا جلد واپس آئے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۳۳۲۲ ہیں نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۳۳۰	۳۳۳۳	۳۳۳۶	۳۳۲۳
۳۳۳۵	۳۳۲۴	۳۳۲۹	۳۳۳۲
۳۳۲۵	۳۳۳۸	۳۳۳۱	۳۳۲۸
۳۳۳۲	۳۳۲۷	۳۳۲۶	۳۳۳۰

پارہ ۳۰، سورۃ ۹۴، سُوۡرَۃُ الۡاَلَمۡ نَشۡرَحۡ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۸

دفع وسواس، دل کی دھڑکن

جو شخص آٹھ روز مسلسل ہر نماز کے بعد (پانچوں نمازوں کے بعد) سات مرتبہ سورۃ الم نشرح کو پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ وسواس دور ہوں گے اور دل کی دھڑکن اور بے چینی دور ہوگی۔

درد سینہ و درد دل سے امن

(سے صحت)

سورۃ الم نشرح کو جو شخص سات روز مسلسل ہر نماز کے بعد پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ درد سینہ اور درد دل سے صحت حاصل ہوگی۔

مثانہ کی پتھری و درد سے نجات

جو شخص باوضو عرق گلاب اور زعفران کو ملا کر سورۃ الم نشرح لکھے اور پانی میں گھول کر اس پر تین مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھ کر اس پانی پر دم کرے اور پلائے انشاء اللہ تعالیٰ درد گردہ اور مثانہ کی پتھری سے نجات حاصل ہوگی۔

برائے ادائے قرض

سورہ الم نشرح مکمل سورت اکہتر بار باوضو روزانہ وقت مقررہ پر پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ قرض سے جلد چھٹکارا حاصل ہوگا۔

رنج و غم اور وہم دور کرنے کے لئے

ہر نماز کے بعد سات مرتبہ سورۃ الم نشرح آخر تک باوضو پڑھیں اور سوتے وقت ستر مرتبہ باوضو یہی سورۃ پڑھیں اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اور سینہ پر دم کر لیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کے رنج و غم اور وہم سے نجات حاصل ہوگی۔

غنی اور مالدار ہونے کے لئے

سورۃ الم نشرح آخر تک باوضو بعد نماز فجر چالیس بار سات دن تک لگاتار پڑھے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ غنی اور مالدار ہوگا۔ اگر ہمیشہ اس عمل کو کرتا ہے تو کبھی غریب و محتاج نہ ہوگا۔

برائے زبان بندی دشمن

سورۃ الم نشرح آخر تک مع اعوذ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ایک سو ایک[101] بار پڑھے اور گندم (گیہوں) کے دانوں پر دم کرے اور مرغیوں کو کھلا دے۔ یہ عمل سورج نکلنے سے قبل پڑھے اور ختم کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کی زبان بند ہوگی۔

یاد آخرت سے غفلت اور دین کے کاموں میں سستی

دینی معاملات میں غفلت دور کرنے اور دین کے کاموں میں مثلاً نماز، روزہ میں سستی ہونے لگے تو روزانہ باوضو بعد نماز فجر سورۃ ق ایک مرتبہ پڑھے اور اس کے بعد سات مرتبہ سورۃ الم نشرح پڑھے تو انشاء اللہ تعالیٰ یاد آخرت پیدا ہوگی اور دین کے کاموں میں سہولت و آسانی پیدا ہوگی۔ سستی و کاہلی ختم ہوگی۔

ہر مقصد میں کامیابی کے لئے

ہر مشکل کے حل کے لئے اور ہر مقصد میں کامیابی کے لئے سورۃ الم نشرح باوضو یا ہر نماز کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ[11] مرتبہ درود شریف اور درمیان میں ستر[70] بار سورۃ الم نشرح پڑھ کر دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔

دردِ شقیقہ یعنی آدھے سر کا درد (آدھا سیسی)

جن کسی کے سر میں آدھا سیسی کا درد ہو یعنی یہ درد سورج نکلنے کے ساتھ ساتھ شروع ہوتا ہے اور جیسے جیسے سورج بلند ہوتا جاتا ہے تیز سے تیز تر ہوتا جاتا ہے اور ناقابل برداشت ہو جاتا ہے اور سورج ڈھلنے کے بعد از خود ختم ہو جاتا ہے۔ اس درد کو ختم کرنے کے لئے سورۃ الم نشرح باوضو [illegible] بار پڑھ کر مریض کے سر پر دم کیا جائے

انشاء اللہ تعالیٰ درد سے نجات حاصل ہوگی۔

نسیان (بھول جانے کا مرض)

(از معمولات پیرِ طریقت مولانا امام شاہ صاحب گوگڑاں)

جس شخص کو بھول جانے کا مرض ہو گیا ہو یا بچہ کو سبق یاد نہ ہوتا ہو یا یاد کرکے بھول جاتا ہو تو اس کے لئے زعفران کو عرق گلاب میں حل کرکے سورہ الم نشرح ایک بار چینی کی پلیٹ پر لکھے اور اکتالیس[41] دن تک متواتر بلاناغہ ایک پلیٹ لکھی ہوئی پانی میں حل کرکے پلائی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حافظہ تیز ہوگا اور بھول چوک کا مرض دور ہوگا۔

ترقی مدارج دین و دنیا، مال کی کثرت، نیک بخت اولاد عزت و نیک نامی۔

سورۃ الم نشرح کا ختم پڑھنا ترقی مدارج دین اور ترقی مراتب دنیا کے لئے نہایت مفید ہے، مال کی کثرت ہو، اولاد نیک بخت پیدا ہو، ہر قسم کی عزت آبرو، جہاں میں نیک نامی ہو، خاندان میں بیماری، ہیضہ، طاعون داخل نہ ہو۔

الغرض یہ سورۃ ایک خزانہ ہے عرش الٰہی کے خزانوں میں سے۔

ترکیب ختم کی یہ ہے کہ ہر روز غسل کرنے کے بعد دو رکعتیں نفل پڑھنے کے بعد سات سو ستر[770] مرتبہ سورۃ الم نشرح مکمل سورۃ دو زانو بیٹھ کر پڑھے۔ جب پڑھ چکے تب آخر میں سات مرتبہ بلند آواز سے یا ذالجلال والاکرام کہہ کر وظیفہ ختم کرے۔ پھر چالیس[40] دن تک اسی طرح عمل کرتا رہے جب چلہ چالیس دن پورا ہو جائے تب روزانہ اکتالیس[41] مرتبہ اس سورۃ کو بعد نماز عشاء کے پڑھتا رہے۔ انشاء اللہ عمل قبضہ میں رہے گا اور بے حد نفع دارین کے حاصل ہوں گے۔

مال میں برکت

جب کوئی مال خریدے تجارت کے لئے تو سورۂ الم نشرح آخر تک تین۳ مرتبہ پڑھ کر اس مال پر دم کرے، انشاء اللہ تعالیٰ مال میں برکت ہوگی۔

سینے کے درد کے لئے

اگر کسی شخص کے سینے میں درد ہو تو سورۂ الم نشرح آخر تک باوضو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر پانی سے حل کرکے اس پانی کو سینے پر ملے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سینہ کے درد سے نجات حاصل ہوگی۔

گٹھیا کے مرض کا علاج

نقش سورۂ اَلَمْ نَشْرَحْ کو باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے گٹھیا کے مریض کے گلے میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ گٹھیا کا مرض دور ہوگا اور صحت حاصل ہوگی۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۱۲۴۱۶ ہیں، چار لوح خانہ میں ہے۔ اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱۰۳	۳۱۰۷	۳۱۱۰	۳۰۹۶
۳۱۰۹	۳۰۹۷	۳۱۰۲	۳۱۰۸
۳۰۹۸	۳۱۱۳	۳۱۰۵	۳۱۰۱
۳۱۰۶	۳۱۰۰	۳۰۹۹	۳۱۱۱

پارہ ۳۰ (سورۃ ۹۵) سُوْرَۃُ التِّیْنِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۸

خوبصورت لڑکے کی پیدائش کے لئے

(اگلے صفحہ)

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کے گھر میں خوبصورت لڑکا پیدا ہو تو اسے چاہیئے کہ حمل کی ابتداء سے نو مہینہ تک برابر سفید چینی کی تشتری (پلیٹ) پر سورۂ والتین کو روزانہ باوضو لکھ کر نہار منہ (کھانا کھانے سے پہلے صبح کو) عورت کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ لڑکا خوبصورت پیدا ہوگا

ہر پریشانی سے نجات اور ہر مقصد میں کامیابی

سورۂ والتین سات ہزار مرتبہ باوضو پڑھے اول و آخر درود شریف گیارہ۱۱ گیارہ۱۱ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر پریشانی دور ہوگی اور اگر کوئی اہم مقصد ہے تو اس میں کامیابی ہوگی۔

عزت اور سرخروئی کے لئے

اگر کوئی آدمی کسی سخت حاکم کے سامنے پیش ہونے والا ہو اور اس کی سختی سے خوف کھاتا ہو تو اس کے سامنے جانے سے پہلے باوضو تین۳ مرتبہ سورۂ والتین پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی اور مخلوق میں عزت بڑھے گی۔

غائب یا بھاگے ہوئے کو واپس لانا

اگر کوئی شخص غائب ہوگیا ہو یا بھاگ گیا ہو اس کو واپس لانے کے لئے باوضو اول و آخر گیارہ۱۱ گیارہ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے اور درمیان میں دو ہزار۲۰۰۰ مرتبہ سورۂ والتین پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ غائب حاضر ہوگا اور بھاگنے والا واپس آئے گا۔

زبان کی بندش کھولنا

اگر زبان میں گرہ پڑگئی ہو یا بولنے میں دشواری پیش آتی ہو تو زبان کی

بندش کھولنے کے لیے سورۃ والتین باوضو فجر کی نماز کے بعد اور مغرب کی نماز کے بعد اکیس ۲۱ اکیس بار یعنی فجر کی نماز کے بعد اکیس بار اور مغرب کی نماز کے بعد اکیس بار پڑھیں انشاء اللہ تعالیٰ زبان کی بندش کھل جائے گی۔

سوکھا مسان

اگر کسی بچہ کو سوکھا مسان کا مرض ہے تو اس کے لیے سورۃ والتین کو گیارہ روز تک روزانہ گیارہ بار باوضو پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچہ کو وہ پانی پلائے انشاء اللہ تعالیٰ اس مرض سے نجات حاصل ہوگی۔

غائب یا بھاگے ہوئے یا گم شدہ کی واپسی

اگر کوئی آدمی غائب ہو گیا، یا بھاگ گیا یا گم ہو گیا ہو تو اس کے لیے سورۃ والتین کا نقش ایک کاغذ پر باوضو لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے اس طرح دبائے کہ پورے پتھر کا وزن اس نقش پر پڑے انشاء اللہ تعالیٰ غائب حاضر ہوگا۔ بھاگا ہوا جلد واپس آئے گا اور گم شدہ جلد مل جائے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۰۲۳۶ ہیں اور چال تیرہویں خانہ میں ہے۔ اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۵۴	۲۵۶۸	۲۵۶۴	۲۵۶۱
۲۵۶۵	۲۵۶۰	۲۵۵۵	۲۵۶۷
۲۵۵۹	۲۵۶۲	۲۵۷۰	۲۵۵۶
۲۵۶۹	۲۵۵۷	۲۵۵۸	۲۵۶۳

پارہ ۳۰ سورۃ ۹۶ سُوْرَةُ الْعَلَقِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۱۹

جوڑوں کے درد کو زائل کرنا

سورۃ العلق (اِقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ) کا فجر کی نماز کے بعد سورج نکلنے سے پہلے سات مرتبہ پڑھنا پھر ایک سجدہ تلاوت کرنا اور سجدہ میں حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ۔ سات مرتبہ پڑھنا جوڑوں کے درد کو زائل کرنے کے لئے نہایت مفید عمل ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس عمل کے کرنے سے جوڑوں کا درد ختم ہو جائے گا۔

ام الصبیان کا علاج

جس بچہ کو ام الصبیان کا مرض ہو یا ہونے کا ڈر ہو تو تانبے کی تختی پر سورۃ العلق کو کندہ کرا کر اس پر پلاسٹک چڑھا کر بچہ کے گلے میں ڈالنا بچہ کو ام الصبیان کے مرض سے محفوظ رکھتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بچہ ام الصبیان کے مرض سے محفوظ رہے گا۔

حاکم و افسر کی پیشی میں کامیابی

اگر کسی انسان کو ضروری کام سے یا حاکم کے طلب کرنے پر اس کے سامنے پیش ہونا پڑے تو باوضو تین مرتبہ سورۃ العلق پڑھ کر جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاکم و افسر مہربان ہوگا اور ظلم سے باز رہے گا۔

دشمن کی پریشانی کے لئے

اگر کوئی ظالم دشمن بلاوجہ کے ستاتا ہو اور باز نہ آتا ہو تو اس کے پریشان کرنے کے لئے سورۃ العلق باوضو سات مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن بے چین

اور پریشان ہوگا۔

جمیع آفات سے حفاظت

اگر کوئی شخص سورۃ علق کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے انشاء اللہ تعالیٰ جمیع آفات سے محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۲۲۵۴۱ ہیں اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔

نقش یہ ہے۔

۵۸۶

۵۶۳۵	۵۶۳۸	۵۶۳۱	۵۶۲۷
۵۶۳۰	۵۶۲۸	۵۶۲۳	۵۶۳۹
۵۶۲۶	۵۶۴۳	۵۶۳۴	۵۶۲۳
۵۶۳۷	۵۶۲۲	۵۶۳۰	۵۶۴۲

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۹۷) سُوْرَۃُ الْقَدْرِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۵

آنکھوں کی روشنی کے لئے

جس شخص کی آنکھ کی روشنی کم ہو یا اس کی آنکھ کی پلکوں پر چھوٹے چھوٹے دانے نکل آئے ہوں ان امراض سے شفا کے لئے روزانہ باوضو اکیس (۲۱) مرتبہ سورۃ القدر پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی زیادہ ہوگی اور دانے ختم ہوجائیں گے۔

خارش خشک و تر کے لئے

اگر کسی کو خارش ہوگئی ہو چاہے خشک خارش ہو یا تر خارش اس کے لئے سات بار باوضو سورۃ القدر پڑھ کر مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ خارش سے نجات حاصل ہوگی۔

ہیضہ ہر قسم کی وبا و طاعون وغیرہ کیلئے

ہیضہ، وباء و طاعون وغیرہ امراض کے زمانے میں جو چیز کھائیں پہلے اس چیز پر تین ۳ بار باوضو سورۃ القدر پڑھ کر دم کرلیا کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام امراض سے حفاظت رہے گی اور جس کو یہ مرض ہوجائے اس کو بھی کسی چیز پر دم کرکے کھلادیں یا پانی پر دم کرکے پلادیں انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

سر کے درد کے لئے

جس شخص کے درد سر ہو اس کی پیشانی یا ماتھے پر زعفران سے باوضو سورۃ القدر لکھ دی جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کے سر کا درد جاتا رہے گا۔

خفقان (دل کا دھڑکنا اور ہول دل)

اگر کسی آدمی کا دل دھڑکتا ہو یا ہول دل کے مرض میں مبتلا ہو اس کے لئے سورۃ القدر کو باوضو تین ۳ مرتبہ پڑھ کر چنبیلی کے پھول پر دم کرے اور مریض وہ پھول دیر تک سونگھتا رہے، دن میں تین ۳ مرتبہ (صبح، دوپہر، رات) یہ عمل کرنا ہے۔ چالیس روز تک برابر بلاکسی ناغہ کے کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ یہ مرض دور ہوجائے گا اور صحت حاصل ہوگی

حصول عزت کے لئے

جو شخص چاہتا ہو کہ اسے اپنے خاندان، دوست، احباب اور ساتھیوں

میں عزت حاصل ہو تو روزانہ صبح و شام باوضو سورۃ القدر تین[۳] تین[۳] بار پڑھے[۳]
انشاء اللہ تعالیٰ باعزت ہو جائے گا۔

حصولِ عزت و جاہ کے لئے

عزت و جاہ حاصل کرنے کے لئے سورۃ القدر کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے
اپنے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ عزت و جاہ حاصل ہوگی۔
اس سورۃ کے کل اعداد ۸۳۱۱ ہیں اور چال تیرہویں خانہ میں ہے۔
نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۷۰	۲۰۸۴	۲۰۸۰	۲۰۷۷
۲۰۸۱	۲۰۷۶	۲۰۷۱	۲۰۸۳
۲۰۷۵	۲۰۷۸	۲۰۸۶	۲۰۷۳
۲۰۸۵	۲۰۷۳	۲۰۷۲	۲۰۷۹

(پارہ ۳۰) سورۃ ۹۸ سُوْرَۃُ الْبَیِّنَۃِ مَدَنِیَّۃٌ

نکسیر روکنا

اگر کسی آدمی کی نکسیر جاری ہوگئی ہو اور ناک سے خون مسلسل بہہ رہا ہو
تو اس کے لئے سورۃ البینہ کو تین بار باوضو پڑھ کر ملتانی مٹی پر دم کرکے وہ ملتانی
مٹی ماتھے پر لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نکسیر فوراً بند ہو جائے گی۔

سستی نامردی کے لئے

سستی نامردی کے لئے سورۃ البینہ پوری سورۃ باوضو لکھ کر پانی میں گھول

کر مریض کو وہ پانی پلایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ صحت بحال ہوگی۔

ہر حاجت پوری ہونے کے لئے

جو شخص چاہتا ہو کہ اس کی حاجت پوری اور مقصد میں کامیابی حاصل ہو
تو وہ باوضو اکیس[۲۱] مرتبہ روزانہ سورۃ البینہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت
پوری ہوگی۔

مقبولیت و عزت حاصل کرنے کیلئے

مقبولیت و عزت حاصل کرنے کے لئے سورۃ البینہ باوضو روزانہ اکیس[۲۱] بار
پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں میں مقبولیت حاصل ہوگی اور لوگوں میں باعزت ہو جائے گا۔

یرقان (پیلیہ) سے صحت

جو شخص سورۃ البینہ کو باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے یرقان والے کے گلے
یا بازو پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یرقان کے مرض سے صحت حاصل ہو۔

عارضہ برص یا مرض یرقان سے شفاء

اگر کسی شخص کو عارضہ برص ہو یا یرقان (پیلیہ) کا مرض ہو تو باوضو سورۃ
البینہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ ایسا کرنے سے عارضہ برص اور یرقان
کے مرض سے شفاء حاصل ہوگی۔

برص یا یرقان کا علاج

اگر کوئی شخص برص یا یرقان (پیلیہ) میں مبتلا ہو تو سورۃ البینہ کا نقش
باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی پئے اور کچھ پانی سر، چہرے اور دونوں ہاتھوں

میں عزت حاصل ہو تو روزانہ صبح و شام باوضو سورۃ القدر تین[۳] تین[۳] بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ باعزت ہو جائے گا۔

حصولِ عزت و جاہ کے لئے

عزت و جاہ حاصل کرنے کے لئے سورۃ القدر کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے دائیں بازو پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ عزت و جاہ حاصل ہوگی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۸۳۱۱ ہیں اور چال تیرہویں خانہ میں ہے۔

نقش یہ ہے:

۷۸۶

۲۰۷۷	۲۰۹۰	۲۰۸۴	۲۰۷۰
۲۰۸۳	۲۰۷۱	۲۰۷۶	۲۰۸۱
۲۰۷۲	۲۰۸۶	۲۰۷۸	۲۰۷۵
۲۰۷۹	۲۰۷۴	۲۰۷۳	۲۰۸۵

(پارہ ۳۰) سورۃ ۹۸ / سُوْرَةُ الْبَيِّنَةِ مَدَنِيَّةٌ رکوع ۱ / آیات ۸

نکسیر روکنا

اگر کسی آدمی کی نکسیر جاری ہوگئی ہو اور ناک سے خون مسلسل بہہ رہا ہو تو اس کے لئے سورۃ البینہ کو تین بار باوضو پڑھ کر ملتانی مٹی پر دم کرکے وہ ملتانی مٹی ماتھے پر لگائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ نکسیر فوراً بند ہو جائے گی۔

سستی نامردی کے لئے

سستی نامردی کے لئے سورۃ البینہ پوری سورۃ باوضو لکھ کر پانی میں گھول

کر مریض کو وہ پانی پلایا جائے انشاء اللہ تعالیٰ صحت بحال ہوگی۔

ہر حاجت پوری ہونے کے لئے

جو شخص چاہتا ہو کہ اس کی حاجت پوری اور مقصد میں کامیابی حاصل ہو تو وہ باوضو اکیس[۲۱] مرتبہ روزانہ سورۃ البینہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ اس کی حاجت پوری ہوگی۔

مقبولیت و عزت حاصل کرنے کیلئے

مقبولیت و عزت حاصل کرنے کے لئے سورۃ البینہ باوضو روزانہ اکیس[۲۱] بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ لوگوں میں مقبولیت حاصل ہوگی اور لوگوں میں باعزت ہو جائے گا۔

یرقان (پیلیہ) سے صحت

جو شخص سورۃ البینہ کو باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے یرقان والے کے گلے یا بازو پر باندھ دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یرقان کے مرض سے صحت حاصل ہو۔

عارضہ برص یا مرض یرقان سے شفاء

اگر کسی شخص کو عارضہ برص ہو یا یرقان (پیلیہ) کا مرض ہو تو باوضو سورۃ البینہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ ایسا کرنے سے عارضہ برص اور یرقان کے مرض سے شفاء حاصل ہوگی۔

برص یا یرقان کا علاج

اگر کوئی شخص برص یا یرقان (پیلیہ) میں مبتلا ہو تو سورۃ البینہ کا نقش باوضو لکھ کر پانی میں گھول کر وہ پانی پئے اور کچھ پانی سر، چہرے اور دونوں ہاتھوں

پر کھیتوں تک لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مرض زائل ہوگا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۳۱۲۲۳ ہیں۔ چال تیرہویں خانہ میں ہے نقش یہ ہے۔

۷۷۹۸	۷۸۱۲	۷۸۰۸	۷۸۰۵
۷۸۰۹	۷۸۰۴	۷۷۹۹	۷۸۱۱
۷۸۰۳	۷۸۰۶	۷۸۱۴	۷۸۰۰
۷۸۱۳	۷۸۰۱	۷۸۰۲	۷۸۰۷

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۹۹) سُوْرَۃُ الزِّلْزَالِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۸

لقوہ کے دفع ہونے کے لئے

جو شخص سورۃ الزلزال کو باوضو لوہے کی تھالی (تھال، پرات) میں لکھے اور لقوہ کا مریض اس تھالی کو نگاہ جما کر کچھ دیر دیکھتا ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس طرح دیکھنے سے اس کا چہرہ درست ہو جائے گا۔

دشمن کے ذلیل ہونے اور دفع ہونے کیلئے

دشمن کے دفع ہونے اور ذلیل ہونے کے لئے سورۃ الزلزال کو باوضو روزانہ اکتالیس بار بلا ناغہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوگا اور دفع ہو جائے گا۔

مسان کے مرض سے حفاظت

سورۃ الزلزال کو سات روز تک روزانہ اکتر مرتبہ باوضو پڑھ کر جائفل پر جس کے کئے پر دم کرے اور پھر اس کے کو روزانہ مرغ کے تین سفید چوزوں کو کھلائے۔ آٹھویں روز ان تینوں چوزوں کو ذبح کرے اور ان کے گوشت کے تین حصے

کرے اور ایک حصہ کی روزانہ یخنی بنا کر بچہ کو پلائے۔ تین ۳ دن متواتر یخنی پلانے سے انشاء اللہ تعالیٰ بچہ مسان کے مرض سے محفوظ رہے گا۔

مکان کو آسیب کے خلل سے پاک کرنا

سورۃ الزلزال کو باوضو ایک سفید کاغذ پر لکھے اور آسیب زدہ مکان میں دیوار پر لگا دے اس طرح کہ وہ کاغذ دروازے کے سامنے والی دیوار پر ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ مکان آسیب کے خلل سے پاک ہو جائے گا۔

ٹھیک وقت پر بیدار ہونا

اگر کوئی شخص ٹھیک وقت پر بیدار ہونا چاہتا ہے تو سونے سے پہلے باوضو تین ۳ مرتبہ اس سورت کو پڑھ لے اور سو جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جس وقت اٹھنا چاہے گا اٹھ جائے گا۔ اور وقت پر آنکھ کھل جائے گی

ناجائز دوستی ختم کرنا

شریعت اسلامیہ کی رو سے ناجائز دوستی کو ختم کرنے کے لئے سات دانہ جو پر سورۃ الزلزال سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور ایک ایک دانہ کوئلہ کی آگ میں ڈال دے۔ دانہ ڈالتے وقت دونوں کا نام لیتا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ناجائز دوستی ختم ہو جائے گی۔

ہر قسم کی مشکل کے حل کے لئے

ہر مشکل کے دور کرنے کے لئے باوضو سورۃ الزلزال ایک بیٹھک (نشست) میں اکتر مرتبہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکل آسان ہو جائے گی

ہر مشکل کو دُور کرنا

ہر مشکل کے دور کرنے کے لئے باوضو سُورۃ الزلزال کے نقش کو لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے داہنے بازو پر باندھے انشاءاللہ تعالیٰ مشکل دور ہوگی۔

اس سورۃ کے کُل اعداد ۱۹۹۶۶ ہیں۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۴۹۹۱	۴۹۹۴	۴۹۹۷	۴۹۸۴
۴۹۹۶	۴۹۸۵	۴۹۹۰	۴۹۹۵
۴۹۸۶	۴۹۹۹	۴۹۹۲	۴۹۸۹
۴۹۹۳	۴۹۸۸	۴۹۸۷	۴۹۹۸

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۰۰) سُورَۃُ العٰدِیٰتِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۱۱

دشمن کو جھکانا

اگر کوئی دشمن بہت ستاتا ہو اور ہر وقت ستاتا ہو اس کے لئے روزانہ تین بار باوضو سُورۃ العٰدیٰت پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوگا اور آپ کے سامنے جھکے گا اور معافی مانگے گا۔

گرمی کا بخار، دردِ بدن اور دردِ جگر کیلئے

ایک مٹی کی پاک پلیٹ (یا چینی کی پلیٹ) پر سورۃ العٰدیٰت باوضو لکھے اور بارش (کنویں، نہر، دریا، نل) کے تازہ پانی سے اسے دھوکر شکر ملاکر مریض کو پلائے۔ تین ۳ روز مسلسل استعمال سے انشاءاللہ تعالیٰ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

بچہ کو بھاگنے سے روکنا

اگر کسی بچہ کو بھاگنے کی عادت پڑ گئی ہو اور بار بار بھاگ جاتا ہو تو اس کے لئے باوضو سورۃ والعٰدیٰت کو ایک سفید کاغذ پر لکھے اور موم جامہ کرکے اس بچے کے گلے یا دائیں بازو پر باندھ دے انشاءاللہ تعالیٰ وہ بچہ پھر کبھی نہ بھاگے گا۔

نظرِ بد کے دفع ہونے کے لئے

جو بچہ اکثر نظرِ بد کا شکار ہو جاتا ہو اس کے لئے سورۃ والعادیات کو تین ۳ مرتبہ باوضو پڑھے اور پڑھ کر اس بچہ پر روزانہ دم کر دیا کرے انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی نظرِ بد کا اثر ختم ہو جائے گا۔

دردِ جگر کے لئے

اگر کسی کو دردِ جگر کا عارضہ ہو اس کے لئے سورۃ والعادیات کا نقش باوضو لکھے اور اس کو پانی میں گھول کر مریض کو تین ۳ دن تک پلائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔

قرض سے نجات حاصل کرنا

جو شخص مقروض ہو اور ہر وقت قرض کی ادائیگی کی فکر لگی رہتی ہو اسے چاہئیے کہ باوضو سورۃ والعادیات کے سات نقش روز صبح کے وقت لکھے اور ان نقوش کو ۱۱ الگ الگ آٹے میں لپیٹ کر گولیاں بنائے اور روزانہ دریا، نہر، سمندر یا کنویں میں ڈالا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ جلد ہی قرضہ ادا ہو جائے گا۔

اس سورۃ کے کُل اعداد ۱۳۳۵۴ ہیں اور نقش اگلا صفحہ ...

۷۸۶

۳۳۳۸	۳۳۴۱	۳۳۴۴	۳۳۳۱
۳۳۴۳	۳۳۳۲	۳۳۳۷	۳۳۴۲
۳۳۳۳	۳۳۴۶	۳۳۳۹	۳۳۳۶
۳۳۴۰	۳۳۳۵	۳۳۳۴	۳۳۴۵

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۰۱) سُوْرَۃُ الْقَارِعَۃِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۱۱

ہر کام میں سہولت اور درستی کے لئے

جو شخص چاہے کہ مشکل حل ہو اور ہر کام سہولت سے انجام پائے اور کام درست طریقہ پر پورا ہو تو چاہئے کہ باوضو ایک سو آٹھ ۱۰۸ مرتبہ سورۃ القارعہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر مشکل حل ہوگی۔

میاں بیوی میں لڑائی جھگڑا ختم

اگر میاں بیوی میں اکثر لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور کسی طرح کم نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے ایک نشست (بیٹھک) میں باوضو ایک سو سات مرتبہ سورۃ القارعہ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ جھگڑا ختم ہوگا اور دونوں پیار و محبت سے رہنے لگیں گے۔

موذی جانور، زمین، کھیت، مکان کو نقصان پہنچانے والے

ایسے موذی جانور جو کھیتوں کو اُجاڑتے ہیں۔ مکانوں میں گڑھے کر دیتے ہیں اور سامان کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ مثلاً سانپ، بچھو، چوہے، گھونس اور دیگر موذی جانور ہوں تو چاہئے کہ ایک تھال میں سورۃ القارعہ باوضو لکھے اور

کنویں، نہر، دریا یا نل کے تازہ پانی سے اس تھال کو دھو کر وہ پانی مکان کے کونوں، کھیت کے چاروں طرف چھڑکیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ تمام جانور اس جگہ سے نکل جائیں گے۔

برائے عداوت

اگر دو شخصوں میں یا عورت اور مرد میں ناجائز محبت ہو تو اس کے لئے چاند کے مہینوں کی آخری تاریخوں میں بوقت زوال سُورۃ القارعہ باوضو ایک بار پڑھے اور مرد کے سیدھے (دائیں) پیر کی مٹی اور عورت کے اُلٹے (بائیں) پیر کی مٹی لے کر اس پر دم کرے اور کسی ایک کے مکان کی چوکھٹ کے نیچے دفن کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ عداوت ہو جائے گی۔ ناجائز مقصد کے لئے نہ کرے نقصان ہوگا۔

کافر دشمن کو برباد کرنے کے لئے

سورۃ القارعہ کو دشمن کافر کے برباد کرنے کے لئے پڑھنا نہایت مفید ہے ترکیب پڑھنے کی یہ ہے کہ سات دن متواتر روزہ رکھ کر پرہیز جلالی (انڈہ، مچھلی، گوشت اور دودھ استعمال نہ کرے) کر کے روزانہ سات سو تیرہ ۷۱۳ مرتبہ اس مبارک سورۃ (سورۃ القارعہ) کو فجر کی نماز کے بعد دوپہر تک پڑھے۔ مگر جس وقت یَوْمَ یَکُوْنُ النَّاسُ کَالْفَرَاشِ الْمَبْثُوْثِ۔ آیت پر آئے تو یہاں دشمن کے غارت ہونے کا تصور کرے اور اسی طرح عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ سات روز کے عرصہ میں مقصود حاصل ہوگا۔ ناجائز وجہ میں اس عمل کا کرنا منع ہے ورنہ ڈر اپنی جان کا ہے۔ احتیاط شرط ہے۔

ہر قسم کی وبا مثلاً ہیضہ، طاعون، انفلوئنزا کیلئے

ہر قسم کی وبا سے نجات کے لئے سورۃ القارعہ باوضو ایک سو اکیس ۱۲۱ بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی وبا سے محفوظ رہے گا۔

جمیع بلیات سے حفاظت

(اگلے صفحہ پر)

جمیع بلیات وآفات اور وباء و بیماری سے حفاظت کے لئے سورۃ القارعہ کو باوضو لکھے اور موم جامہ کرکے دائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جملہ بلیات وآفات، وباء و بیماری سے محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۳۴۶۴ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۲

۴۴۸۹	۴۴۸۴	۴۴۹۱
۴۴۹۰	۴۴۸۸	۴۴۸۶
۴۴۸۵	۴۴۹۲	۴۴۸۷

پارہ ۳۰ (سورۃ ۱۰۲) سُوْرَۃُ التَّکَاثُرِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۸

آدھے سر کا درد۔ دردِ شقیقہ

پوری سورۃ التکاثر باوضو پڑھے جائیں اور پیشانی (ماتھے) پر انگلی پھیر کر دم کرتے جائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند بار ایسا کرنے سے درد دور ہو جائے گا۔

حُبِّ جاہ اور حُبِّ مال کے مرض کا علاج

حُبِّ جاہ اور حُبِّ مال کے مرض کو دور کرنے کے لئے اور دینی شوق پیدا کرنے کے لئے نمازِ مغرب کے بعد تین ۳ بار باوضو سورۃ التکاثر پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دل سے حُبِّ جاہ اور حُبِّ مال کا مرض دور ہو گا۔

بُخل کو دور کرنا

اگر کسی شخص میں بُخل کا شدید مرض ہو اور وہ کنجوسی کی وجہ سے زکوٰۃ

خیرات سے بچتا ہو اور اللہ کے نام پر دینے سے جی چُراتا ہو تو ایسے آدمی کو چاہیے کہ فجر کی نماز کے بعد باوضو اکیس ۲۱ مرتبہ سورۃ التکاثر کو پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ بخل اور کنجوسی کا مرض دور ہو جائے گا۔

مُردہ کو خواب میں دیکھنا اور اس سے باتیں کرنا

جو شخص یہ چاہے کہ وہ اپنے والدین یا کسی مردہ عزیز کو خواب میں دیکھے اور اس سے باتیں کرے تو اسے چاہیئے کہ جمعرات کے دن کے بعد جو رات آتی ہے یعنی شب جمعہ کو باوضو سورۃ التکاثر ایک سو تیرہ ۱۱۳ مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ مُردہ خواب میں نظر آئے گا اور باتیں کرے گا۔ مجرب عمل ہے۔

قرض کی ادائیگی کے لئے عمل

جو آدمی مقروض ہو اور اس کا قرضہ کسی طور نہ اُترتا ہو تو چاہیئے کہ بعد نمازِ فجر تین ۳ مرتبہ روزانہ باوضو سُورۃ التکاثر کو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا تمام قرضہ ادا ہو جائے گا۔

ظلم سے نجات اور حاکم کے مہربان ہونے کیلئے

جو شخص ظلم کا شکار ہو یا حاکم کے روبرو اس کی پیشی ہو تو اسے چاہیئے کہ روزانہ بعد نمازِ فجر باوضو اکیس ۲۱ بار سورۃ التکاثر پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ ظلم سے نجات حاصل ہو گی اور حاکم مہربان ہو گا۔

قرض کی ادائیگی کے لئے

قرض کی ادائیگی کے لئے سورۃ التکاثر کا نقش باوضو لکھے اور موم جامہ

کرکے دائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے، انشاءاللہ تعالیٰ قرضہ جلد ادا ہوگا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۱۰۳۶۷۰ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۲۵۹۱۷	۲۵۹۲۰	۲۵۹۲۳	۲۵۹۱۰
۲۵۹۲۲	۲۵۹۱۱	۲۵۹۱۶	۲۵۹۲۱
۲۵۹۱۲	۲۵۹۲۵	۲۵۹۱۸	۲۵۹۱۵
۲۵۹۱۹	۲۵۹۱۴	۲۵۹۱۳	۲۵۹۲۴

(پارہ نمبر ۳۰) (سورۃ نمبر ۱۰۳) سُوْرَةُ الْعَصْرِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۳

برائے حب

سورۃ العصر باوضو بعد نماز عصر ایک سو ایک مرتبہ ایک ہفتہ تک پڑھے اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ لیکن شرط یہ ہے کہ جائز مقصد کے لئے کرے۔

برائے ذلت وخواری دشمن

جو شخص دشمنوں سے پریشان ہو وہ روزانہ باوضو اکیس مرتبہ سورۃ العصر پڑھے۔ اس کے تمام دشمن، بدگو اور بدخواہ سرگردان و ذلیل وخوار ہوں گے۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

ہر قسم کا غم اور مرنے والے کا غم کم کرنا

اگر کسی کا کوئی عزیز قریب فوت ہوجائے اور ان کا غم کسی طرح اس کے دل سے کم نہ ہوتا ہو تو اس شخص کے غم کو دور کرنے کے لئے باوضو سورۃ العصر

پینتالیس ۴۵ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائے، تین ۳ روز تک برابر یہی عمل کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دل سے ہر قسم کا غم، اور مرنے والے کا غم دور ہوگا۔

سخت مشکل کو آسان کرنا

اگر کوئی شخص کسی سخت مشکل میں پھنس گیا ہو تو ہر نماز کے بعد (فجر، ظہر، عصر، مغرب اور عشاء) باوضو سورۃ العصر کو سات مرتبہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ اس کی مشکل آسان ہوگی اور ہر قسم کا غم دور ہوگا۔

آنکھوں کی بیماریوں کا علاج

سرمہ کی سلائی پر تین ۳ مرتبہ سورۃ العصر باوضو پڑھ کر دم کرے اور اس سے سرمہ آنکھوں میں لگائے۔ انشاءاللہ تعالیٰ آنکھوں کی تمام بیماریوں سے صحت حاصل ہوگی۔

دردِ سر کا علاج

اگر کسی کے سر میں درد ہو تو اسے دور کرنے کے لئے سورۃ العصر باوضو تین ۳ بار پڑھ کر دم کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ دردِ سر دور ہوگا۔

بچہ کا رونا

اگر بچہ روتا ہو اور چپ نہ ہوتا ہو تو باوضو سورۃ العصر سات بار پڑھ کر بچے پر دم کریں انشاءاللہ تعالیٰ رونا بند کردے گا۔

پیٹ کے درد کے لئے

اگر کسی شخص کے پیٹ میں درد ہو اس کے لئے اکیس ۲۱ مرتبہ باوضو سورۃ

العصر پڑھ کر پانی پر دم کر کے مریض کو پلائے انشاء اللہ تعالیٰ درد ختم ہو جائے گا

حاکم اور مخالف کے سامنے جانا

اگر کوئی شخص اکیس[۲۱] بار باوضو سورۃ العصر پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لے اور حاکم یا مخالف دشمن کے پاس جائے تو وہ لے نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

مال کی حفاظت

اگر کوئی شخص مال دفن کرتا ہے یا مال کہیں بھیجتا ہے تو اس کی حفاظت کے لئے سورۃ العصر باوضو تین[۳] مرتبہ پڑھ کر اس مال پر پھونک دے۔ انشاء اللہ تعالےٰ دفن کیا ہوا مال ہر قسم کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔ اور بھیجا ہوا مال بخیریت منزلِ مقصود پر پہنچے گا۔

حب کے لئے

سورۃ العصر کو باوضو کثرت سے پڑھے اور اس کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے گلے میں ڈال لے یا داہنے بازو پر باندھے عورت بائیں بازو میں باندھے مجرب ہے۔ جائز کام کے لئے کرے۔ حرام اور ناجائز میں نقصان کا اندیشہ ہے
اس سورۃ کے کل اعداد ۷۴۰۳ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵۸۱	۱۵۷۶	۱۵۸۳
۱۵۸۲	۱۵۸۰	۱۵۷۸
۱۵۷۷	۱۵۸۴	۱۵۷۹

(پارہ نمبر ۳۰) (سورۃ نمبر ۱۰۴) سُوْرَۃُ الْھُمَزَۃِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۹

جابر حاکم کے دفتر میں حاضری کے وقت

اگر کسی آدمی کو کسی جابر و ظالم حاکم کے سامنے جانا پڑے تو اکیس[۲۱] بار باوضو سورۃ الھمزہ پڑھ کر جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نرمی سے پیش آئے گا اور اس کا کام کر دے گا۔

بدگو اور چغل خور کی زبان بندی کے لئے

بدگو اور چغلخور اور ظالم دشمن کی زبان بندی کے لئے روزانہ باوضو اکیس[۲۱] مرتبہ پڑھے، انشاء اللہ تعالیٰ بدگو، چغل خور اور ظالم دشمن کی زبان برائی سے رک جائے گی۔ اور وہ اپنی زبان کے ذریعہ نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے روزانہ باوضو گیارہ[۱۱] مرتبہ سورۃ الھمزہ پڑھ لیا کریں، وقت کی پابندی ضروری نہیں ہے، جس وقت فرصت ملے پڑھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور باوجود کوشش کے کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

آنکھ کے زخم اور چوٹ سے شفاء

اگر کسی کی آنکھ میں زخم ہو گیا ہو یا چوٹ کے سبب آنکھ کو نقصان پہنچا ہو تو اس کے لئے باوضو ایک مرتبہ سورۃ الھمزہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں پر دم کرے اور آنکھ پر پھیر لے۔
انشاء اللہ تعالےٰ زخم اور چوٹ سے شفاء حاصل ہو گی۔

آنتوں کے کیڑے چرنے وغیرہ

اگر کسی کی آنتوں میں کیڑے، چرنے ہوں تو اس سے نجات کے لئے سورۃ الھمزہ باوضو گیارہ" بار روزانہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور وہ پانی مریض کو پلائے۔ یہ عمل ایک ہفتہ تک کرے انشاءاللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔

آنکھوں کی شفار کے لئے

جو شخص آنکھوں کے درد میں مبتلا ہو تو باوضو سات بار سورۃ الھمزہ پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے یا دونوں ہاتھوں پر دم کرکے آنکھوں پر پھیر لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ آنکھوں کو درد سے نجات ملے گی۔

آنکھوں کی بیماری سے نجات

اگر کسی کی آنکھ میں تکلیف رہتی ہو یا آنکھیں خراب رہتی ہوں ان کی صحت کے لئے سورۃ الھمزہ کا نقش باوضو لکھے اور پانی میں یا دوا میں نقش گھول کر وہ پانی یا دوا آنکھ میں ڈالے۔ اگر پانی ڈالنا نقصان کرتا ہو تو صرف دوا ڈالے۔ انشاءاللہ تعالیٰ آنکھیں ہر قسم کی بیماری تکلیف سے صحت یاب ہو جائیں گی۔ اس سورۃ کے کل اعداد ۸۳۴۱ ہیں اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۳

۲۰۷۷	۲۰۹۱	۲۰۸۸	۲۰۸۵
۲۰۸۹	۲۰۸۴	۲۰۷۸	۲۰۹۰
۲۰۸۳	۲۰۸۶	۲۰۹۳	۲۰۷۹
۲۰۹۲	۲۰۸۰	۲۰۸۲	۲۰۸۷

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۰۵) سُوْرَۃُ الْفِیْلِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۵

ناف ٹلنے (ہٹ جانے) کا عمل

ناف ٹلنے کا یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ سورۃ الفیل مکمل (پوری سورت) اس طرح پڑھے کہ باوضو پہلے تین۳ بار درود شریف (نماز والا درود شریف افضل و بہتر ہے) پڑھے اس کے بعد دس۱۰ بار سُورۃ الفیل پڑھے پھر آخر میں تین۳ بار درود شریف پڑھے اور ناف پر دم کرے۔ پھر دونوں ہاتھوں پر دم کرکے تمام بدن پر مل لے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ناف جگہ پر آجائے گی۔

برائے حب

چاند دیکھنے کے بعد جب پہلی بدھ آئے۔ اسی دن سے شروع کرے۔ مکان میں ایک جگہ منتخب کرلے وہ جگہ پاک وصاف رکھے۔ اور عطر و خوشبو اور شیرینی (مٹھائی) وغیرہ بھی اسی جگہ رکھے۔ بدن، کپڑا، جگہ سب پاک ہو اور باوضو سورۃ الفیل بہ نیت تسخیر پڑھنا شروع کرے اور چار سو۴۰۰ مرتبہ بلاناغہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ" گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھے، مٹھائی چاہے خود کھائے یا بچوں میں تقسیم کرے۔ اور جب سورۃ الفیل ایک مرتبہ پڑھ چکے تو کہے فلاں بن فلاں (اس کا نام اس کی والدہ کا نام لے) در محبت و عشق فلاں بن فلاں (یہاں محبت کرنے والے کا نام اور اس کی ماں کا نام لے) فریفتہ و بے قرار شدہ حاضر شو۔ چالیس۴۰ دن تک روزانہ پڑھے ناغہ نہ کرے اور نہ تعداد میں کمی کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ مقصد میں ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔ یہ عمل صرف جائز مقصد میں استعمال کرے۔ ناجائز اور حرام میں استعمال کرے گا تو نقصان اٹھائے گا۔ بہتر یہ ہے کہ اس عمل کو کرنے سے پہلے کسی نیک متقی عالم دین سے مشورہ کرلے۔ یہ عمل اتنا پکا ہے کہ جب دونوں میں سے ایک رحلت کر جائے تب البتہ جدائی ہو۔

دشمن کی پائمالی اور ذلّت کے لئے

اگر کوئی دشمن ہر وقت نقصان پہنچانے کے لئے تیار رہتا اور طرح طرح سے ستاتا ہو تو اس کی پائمالی اور ذلّت کے لئے سُورۃ الفیل مکمل باوضو بارہ سو پچاس (۱۲۵۰) مرتبہ پڑھے۔ بدھ کے دن کے بعد جو رات آتی ہے جمعرات کی شب کہلاتی ہے اسی رات میں بعد نمازِ عشاء اس عمل کو کرے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پائمال اور ذلیل ہوگا اور پڑھنے والا اس پر غالب رہے گا۔

دفع دشمن کے لئے

اگر کسی کا دشمن بہت ظالم ہو اور ظلم و زیادتی سے باز نہ آتا ہو اس کے لئے سورۃ الفیل اس طرح پڑھے کہ اوّل سات مرتبہ درود شریف پھر تین سو تیرہ مرتبہ سورۃ الفیل پھر سات مرتبہ درود شریف پڑھے جب اصحاب الفیل کے کلمہ پر پہنچے دشمن کا تصور کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ناکام و نامراد ہو کر دفع ہو جائے گا۔

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے

دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ وہ یہ کہ پڑھنا شروع کرے کٓھٰیٰعٓصٓ۔ حٰمٓعٓسٓقٓ۔ جب "ک" پڑھے تو داہنے ہاتھ کا انگوٹھا بند کرے (موڑے) جب "ھا" پڑھے تو انگوٹھے کے برابر والی انگلی بند کرے۔ پھر جب "یا" پڑھے تو اس کے برابر والی انگلی بند کرے پھر جب "ع" پڑھے تو اس کے برابر والی انگلی بند کرے جب "ص" پڑھے تو آخری انگلی (چھنگلیا) بند کرے اس کے بعد حٰمٓعٓسٓقٓ پڑھنا شروع کرے اور "حا" پر بائیں ہاتھ کی آخری انگلی یعنی چھنگلیا بند کرے جب "م" پڑھے تو اس کے برابر والی انگلی بند کرے جب "ع" پڑھے تو اس کے برابر والی انگلی بند کرے۔ جب "س" پڑھے تو

انگوٹھے کے برابر والی انگلی بند کرے اور جب "ق" پڑھے تو بائیں ہاتھ کا انگوٹھا بند کرے۔ پھر جب دسوں انگلیاں بند ہو جائیں۔ تب آہستہ آواز سے سورۃ پڑھنی شروع کرے جب تَرْمِيهِمْ کے لفظ پر آئے تو اس لفظ کو دس مرتبہ کہے اور ہر مرتبہ اس لفظ کو پڑھنے کے ساتھ ایک ایک کرکے انگلی کھولتا چلا جائے۔ پھر باقی سورۃ پڑھ کر ختم کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ ضرور دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا۔

دفع دشمن کے واسطے

اگر کسی کو دشمن بہت پریشان کرتا ہو اور ہر وقت تکلیف پہنچانے کی فکر میں رہتا ہو تو ایسے دشمن کے دفع کرنے کے لئے باوضو ایک سو بار پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہو جائے گا۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

دشمن سے حفاظت کے لئے باوضو سورۃ الفیل کا نقش لکھ کر موم جامہ کرکے دائیں بازو یا گلے میں باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن سے حفاظت رہے گی اور وہ کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۵۸۵۹ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹۵۴	۱۹۴۹	۱۹۵۶
۱۹۵۵	۱۹۵۳	۱۹۵۱
۱۹۵۰	۱۹۵۷	۱۹۵۲

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۰۶) سُوْرَةُ قُرَيْشٍ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۴

آندھی کا طوفان، بارش کا طوفان دفع کرنا

آندھی کا طوفان، مینہ (بارش) کا طوفان، دفع کرنے کے لئے سورۃ قریش کو گیارہ بار باوضو پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ طوفان آگے چلا جائے گا۔
یہ عمل نہایت مفید ہے۔

دوکان کی ترقی کے لئے

دوکان کی ترقی کے لئے سورۃ قریش کو چاندی کے پترہ پر باوضو محرم کی دس تاریخ کو کندہ کراکر (حروف کھدواکر) دوکان میں لگانا بہت مجرب عمل ہے۔ اس کے لگانے سے انشاء اللہ تعالیٰ دوکان بہت جلد ترقی کرتی ہے۔

پیشاب میں خون آنا

اگر کسی کو پیشاب میں خون آتا ہو اس کے لئے ضروری ہے کہ جب کھانا کھائے باوضو سورۃ قریش ایک مرتبہ پڑھ کر کھانے پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ پیشاب میں خون آنا بند ہو جائیگا۔ چند دن عمل کرنا ضروری ہے۔

باؤلے (پاگل) کُتے کا زہر

اگر کسی کو باؤلا (پاگل) کُتا کاٹ لے تو اس کے لئے پہلے ایک مرتبہ درود شریف پڑھے پھر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھے اس کے بعد گیارہ مرتبہ سورۃ قریش باوضو پڑھے پھر یہ الفاظ کہے۔

"الٰہی! بحرمت خواجہ محمد صادق ابن حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی قدس سرہٗ بحکم خدا و برکت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اثر سگ

دیوانہ گم شدہ"۔

یہ سب پڑھ کر اور کچھ کر پسے ہوئے نمک پر دم کر دیں۔ اور یہی دم کیا ہوا نمک خوراک میں ملاکر مریض کو گیارہ دن تک استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ پاگل کتے کے کاٹے کے اثرات ختم ہو جائیں گے۔

بچہ کا سوکھا اور دُبلاپن

جو بچہ دبلا اور روز بروز سوکھتا جاتا ہو اس کے موٹا تازہ ہونے کا یہ عمل بہت مفید ہے۔ مکھن (مسکہ) گائے کا دودھ لے کر دہی جما کر چھاچھ بلوکر گھر میں نکالا گیا ہو۔ آدھ پاؤ (سوا گرام) لے کر کانسی کی تھالی (یا جو برتن میسر ہو) میں ڈالے اور باوضو ایک سو مرتبہ سورۃ قریش (پوری سورت) پڑھ کر اس مکھن پر دم کرے اور اس مکھن میں پانی ڈال کر دونوں ہاتھوں سے اس پانی اور مکھن کو خوب ملائے۔ پھر اس کا پانی نتھار لے (پانی نکال دے) اور مکھن کسی برتن میں رکھ لے اس مکھن میں سے تھوڑا سا مکھن لے کر روزانہ بچے کے بدن پر ملے اس طرح کہ بدن کا کوئی حصہ خالی نہ رہے۔ اگر گرمی کا موسم ہو تو مالش کے بعد پانی سے نہلا کر کپڑے پہنا دے (صابن نہ لگائے) اور اگر جاڑے (سردی کا موسم ہو تو ٹھنڈی ہوا سے بچا کر نہلائے۔ ویسے بچے کو روزانہ نہلانا ضروری نہیں ہے۔

کاروبار میں ترقی کے لئے

جس آدمی کا کاروبار ٹھپ ہو چکا ہو اور روز بروز نقصان ہو رہا ہو تو اسے چاہیئے کہ سورۃ قریش باوضو کثرت سے اس نیت سے پڑھے کہ کاروبار کھل جائے۔
انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

درد گردہ کے لئے

اگر کسی شخص کو درد گردہ کی شکایت ہو تو سورۂ قریش کو باوضو پڑھ کر کھانے پر دم کر کے مریض کو کھلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ درد گردہ کی تکلیف سے نجات حاصل ہو گی۔

برائے دفع دشمن

موذی دشمن کے دفع ہونے کے لئے سورۂ قریش بعد نماز مغرب باوضو اکتالیس ۴۱ بار روزانہ پابندی کے ساتھ پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہو گا۔ اور اس کے شر سے حفاظت رہے گی۔

برائے قضائے حاجات و دفع خطرات

ہر قسم کی حاجات پوری کرنے کے لئے اور ہر قسم کے خطرات سے حفاظت کے لئے بعد نماز عشاء باوضو ایک سو ۱۰۰ مرتبہ سورۂ قریش جلسہ واحد (ایک ہی بیٹھک) میں پڑھے۔ روزانہ یہ عمل کرے اور اول و آخر گیارہ گیارہ ۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہو گی۔

جنگل میں رہزن لٹیروں کا خطرہ یا خطرناک دشمن کا سامنا

"قافلہ چلنے والوں یا جنگل بیابان میں رہزن، لٹیروں کا خطرہ ہے یا کسی کو کسی سخت دشمن کا ڈر ہے یا جانی دشمن اچانک سامنے آ گیا۔ قافلے کی حفاظت کے لئے اول ۳ بار درود شریف پڑھے پھر ایک سو ۱۰۰ ایک بار سورۂ قریش پڑھے اور آخر میں تین ۳ بار درود شریف پڑھ کر عاجزی سے دشمن کے دفع ہونے کی دعا

کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہو جائے گا مگر لفظ "اٰمَنَهُمْ مِّنْ خَوْفٍ" پر اس دشمن لٹیروں کا تصور کرتا رہے۔ اگر جانی دشمن سامنے آ جائے تو سورۂ قریش جس قدر ممکن ہو پڑھتا جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن بلا نقصان پہنچائے دفع ہو گا

غربت و بے روزگاری سے نجات

اگر کوئی شخص غریب و بے روزگار ہے اور ہر وقت پریشان رہتا ہے تو اسے چاہیئے کہ روزانہ کسی بھی وقت باوضو سورۂ قریش اکتالیس ۴۱ بار پڑھ لیا کرے اول و آخر درود شریف تین تین ۳-۳ بار۔ اور جب کلمہ "اَطْعَمَهُمْ مِّنْ جُوْعٍ" پر پہنچے تو اپنی بھوک اور غریبی کے دفع ہونے کا تصور کرتا رہے۔

ہر بلا سے امن و امان

ہر بلا اور مصیبت سے نجات کے لئے سنت نماز کی رکعتوں میں سورۂ قریش پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہر بلا سے امن و امان میں رہے گا۔

زہر کے نقصان سے حفاظت

اگر کسی نے غلطی سے زہر کھا لیا یا کسی دشمن نے زہر کھلا دیا ایسی صورت میں سورۂ قریش ایک مرتبہ پڑھ کر کھانے پر دم کرے اور کھانا کھائے انشاء اللہ تعالیٰ زہر کے اثرات سے محفوظ رہے گا۔ اگر جو کھانا کھا رہا ہے اس میں بھی زہر ہے تو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے زہر کے اثرات اور اس کے نقصان سے محفوظ رہے گا۔

جس شخص کو زہر دیا گیا ہو اسکی صحتیابی کے لئے

(اگلا صفحہ)

اگر کسی شخص کو زہر کھلا دیا گیا ہو تو سورۂ قریش کو باوضو پاک چینی کی طشتری (پلیٹ) میں زعفران کو عرقِ گلاب میں حل کر کے لکھے۔ اور اس پلیٹ کو پانی سے دھو کر وہ پانی مریض کو پلائے ان شاء اللہ تعالیٰ زہر نقصان نہ کرے گا اور لرزہ (دھڑکن) اس کے دل کا جاتا رہے گا۔

ہر قسم کا درد، قے، جلن، جی متلانا

جو شخص جو کھاتا ہو اس سے پیٹ میں یا جسم میں درد رہتا ہو یا کھانے کے بعد قے ہو جاتی ہو یا سینے میں جلن کی شکایت ہو جائے یا کھانے کے بعد جی متلانے لگے تو ان تمام صورتوں میں باوضو ایک مرتبہ سورۂ قریش پڑھ کر کھانے پر دم کرے اور کھانا کھائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تمام امراض سے محفوظ رہے گا۔ اور کھانا کھانے کے بعد کوئی گرانی محسوس نہ ہوگی۔

فکر و غم میں مبتلا کا علاج

اگر کوئی شخص کسی فکر و غم میں مبتلا ہو اور ہر وقت خاموش رہتا ہو اور اس کے غم کا پتہ بھی نہ چلتا ہو تو باوضو سورۂ قریش پڑھے اور پانی پر دم کرے اور وہ پانی اس غمزدہ کے چہرے پر زور سے مارے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ چند بار کرنے سے اس کا فکر و غم دور ہوگا اور وہ ہنسی خوشی رہنے لگے گا۔

سفر کے دوران سواری کا حصول

اگر کوئی آدمی سفر کر رہا ہو لیکن راہ میں کوئی سواری ملنے کا امکان نہ ہو اور نہ کوئی سواری کا بندوبست ہو تو ایسی حالت میں راستہ پر کھڑے ہو کر سورۂ قریش کو کثرت سے پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ سواری کا انتظام غیب سے ہوگا اور منزلِ مقصود

پر باآسانی پہنچ جائے گا۔ مجرب ہے۔

غربت کو دور کرنے کے لئے

جو شخص محتاج ہو یا غریب ہو وہ باوضو روزانہ ستر مرتبہ سورۂ قریش پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ محتاجگی اور غربت دور ہوگی اور مالدار ہو جائے گا۔

نظر بد کے دفعیہ کے لئے

اگر کسی بچہ یا بڑے پر نظر بد کا گمان ہو تو باوضو سورۂ قریش پڑھ کر کھانے پر دم کر کے کھلائے ان شاء اللہ تعالیٰ نظر بد کے اثرات زائل ہو جائیں گے

دشمنوں کے دفع ہونے کے لئے

اگر کسی شخص کا کوئی جانی دشمن ہو اور ہر وقت نقصان و تکلیف پہنچانے کی فکر میں رہتا ہو تو اس کے دفع ہونے کے لئے بعد نماز فجر روزانہ باوضو سورۂ قریش ایک سو ایک بار پڑھے۔ اول و آخر سات سات بار درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوگا اور دفع ہوگا

دشمن کو جھکانے کے لئے

دشمن کو ذلیل کرنے اور جھکانے کے لئے سورۂ قریش کا نقش باوضو لکھے اور موم جامہ کر کے اپنے داہنے بازو پر باندھ لے، عورت بائیں بازو پر باندھے یا گلے میں ڈال لے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن ذلیل ہوگا اور سرنگوں ہوگا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۶۳۰۴ ہیں اور چال خانہ نہم میں ہے۔

نقش یہ ہے۔ ([illegible])

۷۸۶

۱۵۷۵	۱۵۷۹	۱۵۸۲	۱۵۶۸
۱۵۸۱	۱۵۶۹	۱۵۷۴	۱۵۸۰
۱۵۷۰	۱۵۸۴	۱۵۷۷	۱۵۷۳
۱۵۷۸	۱۵۷۲	۱۵۷۱	۱۵۸۳

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۰۷) سُورَۃُ الْمَاعُوْنِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۷

دشمن کے برباد کرنے کے لئے

اگر کسی کا دشمن اس قدر خطرناک ہے کہ اس سے ہر وقت جان و مال کی بربادی کا خطرہ لگا رہتا ہے۔ یا کوئی غنڈہ ہے جو ہر وقت لوگوں پر ظلم کرتا ہے۔ ایسے دشمن کے برباد کرنے کے لئے اندھیری رات میں متواتر (برابر بلا ناغہ) تین رات پابندی کے ساتھ باوضو سورۃ الماعون ایک ہزار ایک سو مرتبہ پڑھے اور نیت دشمن کے ہلاک ہونے کی کرے دشمن کو جلد تباہ کرتا ہے۔ روحانی تیر ہے کہ جسمانی۔ صرف جائز مقصد کے لئے کرے ناجائز طور پر کرے گا یا بلاوجہ کسی کو حسد کی وجہ سے نقصان پہنچائے گا تو خود تباہ و برباد ہونے کا خطرہ ہے۔ لہٰذا احتیاط ضروری ہے۔

اہل خانہ، اولاد اور رشتہ دار ہر قسم کی بلا اور محتاجگی سے حفاظت

جو شخص پابندی کے ساتھ باوضو سورۃ الماعون روزانہ اکتالیس بار پڑھے گا۔ اس سورۃ کے پڑھنے کی برکت سے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے تمام گھر والے، رشتہ دار اور اس کی اولاد ہر قسم کی بلا، آفات اور محتاجگی سے ہر طرح محفوظ رہے گی۔

ہر مشکل کو آسان کرنا

اگر کوئی مشکل پیش آئے تو باوضو سورۃ الماعون ایک ہزار مرتبہ ایک بیٹھک میں پڑھ لے۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہر قسم کی مشکل آسان ہوگی۔

مشکل مہم میں کامیابی کے لئے

اگر کسی شخص کو مشکلات نے گھیر لیا ہو اور ان سے نکلنے کا راستہ نہ ملتا ہو تو سورۃ الماعون کا نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے داہنے بازو پر باندھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جملہ مشکلات سے آسانی نکل سکے گا اور سارے معاملات حل ہو جائیں گے۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۹۲۵۳ ہیں اور چال پانچویں خانہ میں ہے۔

۷۸۶

۲۳۱۳	۲۳۱۶	۲۳۱۹	۲۳۰۵
۲۳۱۸	۲۳۰۶	۲۳۱۲	۲۳۱۷
۲۳۰۷	۲۳۲۱	۲۳۱۴	۲۳۱۱
۲۳۱۵	۲۳۱۰	۲۳۰۸	۲۳۲۰

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۰۸) سُوْرَۃُ الْکَوْثَرِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۳

رزق کی زیادتی کے لئے

برائے زیادتی رزق بہ نیت غنا دو رکعت نماز نفل پڑھے۔ ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سات مرتبہ سورۃ کوثر پڑھے (یعنی پہلی رکعت میں بھی سات مرتبہ اور دوسری رکعت میں بھی سات مرتبہ سورۃ کوثر پڑھے) اور سلام پھیرنے کے

بعد گیارہ بار یہ دعا پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ غنائے ظاہری و باطنی حاصل ہو۔
دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ

دردِ سر

اگر کسی شخص کے سر میں درد ہو اور کسی طرح آرام نہ آتا ہو تو سورۃ الکوثر سات بار باوضو پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دردِ سر سے آرام ہوگا۔

آشوبِ چشم (آنکھ دکھنا)

اگر کسی کی آنکھیں دکھنی آگئیں ہوں تو اس کے لئے سورۃ الکوثر باوضو گیارہ بار پڑھ کر مریض کی آنکھوں پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جلد ہی صحت حاصل ہوگی۔ سورۃ الکوثر پڑھنے سے قبل گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور اسی طرح سورۃ الکوثر پڑھنے کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

پیٹ کے درد کے لئے

اگر کسی شخص کے پیٹ میں درد ہو اور کسی طور ٹھیک نہ ہوتا ہو تو باوضو سورۃ کوثر سات بار پڑھ کر نمک پر دم کر کے مریض کو چٹائیں انشاء اللہ تعالیٰ پیٹ کے درد سے فوراً آرام ہوگا۔

منہ کے چھالے

اگر کسی کے منہ میں چھالے ہو گئے ہوں تو اس کے لئے بادام پر گیارہ

مرتبہ باوضو سورۃ کوثر پڑھ کر دم کرے اور بادام کو گھس کر منہ کے چھالوں پر لگائے یا چھڑکے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند بار ایسا کرنے سے آرام ہو جائے گا۔

حضورِ اکرم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم (فداہ ابی و امی) کی زیارت کیلئے

اگر کوئی شخص حضور اکرم حضرت محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب میں زیارت کرنا چاہتا ہو تو اسے چاہیئے کہ سب سے پہلے گیارہ بار درود شریف پڑھے اس کے بعد ایک ہزار بار سورۃ کوثر پڑھے پھر آخر میں گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ چند روز اس عمل کو کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ زیارت نصیب ہوگی۔

دفع دشمن کے لئے

دشمن کو دفع کرنے اور اس کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے باوضو اول درود شریف گیارہ بار پڑھے اس کے بعد تین سو تیرہ ۳۱۳ بار سورۃ کوثر پڑھے اور آخر میں پھر گیارہ بار درود شریف پڑھے۔ جب آیت اِنَّ شَانِئَکَ ھُوَ الْاَبْتَرُ پڑھے تو ہر بار دشمن کے دفع ہونے کا تصور کرتا رہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہو جائے گا۔

استحاضہ (کثرتِ حیض)

اگر کسی عورت کو استحاضہ کا مرض ہو یا حیض کی کثرت کے سبب پریشانی ہو تو اس کے لئے روزانہ باوضو سورۃ کوثر تین سو تیرہ ۳۱۳ بار بارش کے پانی پر دم کر کے پلائیں (بارش کا پانی نہ ملے تو نہر، کنوئیں، دریا یا نل کا پانی لے لیں) انشاء اللہ تعالیٰ استحاضہ اور کثرتِ حیض کے مرض سے شفاء حاصل ہوگی۔

برائے دفع دشمن و بربادیٔ دشمن

اگر کوئی دشمن بہت زیادہ ظلم کرتا ہو یا ہر وقت نقصان پہنچانے کی فکر میں رہتا ہو تو اس کے لیے چاند کے مہینے کے آخری منگل کو زوال کے وقت باوضو سورۃ کوثر اٹھارہ (۱۸) مرتبہ پڑھ کر سرسوں کے دانوں پر دم کرے اور لفظ "اَبْتَرُ" کو "اَبْکَرُ" کہے۔ اور وہ سرسوں دشمن کے گھر میں ڈال دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوگا اور پریشان و برباد ہو جائے گا۔

تنبیہ: یہ عمل کرنے سے قبل کسی عالم دین سے مشورہ کرے ناحق کسی پر ظلم کرے گا تو خود برباد ہو جائے گا۔

برائے ہلاکیٔ دشمن

سات کچی مٹی کی اینٹیں لے کر ہر اینٹ پر سات بار باوضو سورۃ کوثر پڑھے اور اس اینٹ پر دم کرے جب سب اینٹوں پر دم ہو جائے تو ان اینٹوں کو کسی ویران کنویں میں ڈال دے جہاں لوگوں کا آنا جانا نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ھلاک ہوگا۔

تنبیہ: یہ عمل انتہائی مجبوری اور آخری مشکل میں کیا جائے بلا شرعی وجہ کے کسی کو ھلاک کرنا دنیا و آخرت میں تباہی کا باعث ہے۔ بہتر یہ ہے کہ اس عمل کو کرنے سے قبل کسی نیک متقی عالم دین سے مشورہ کر لے۔

دشمن کی تباہی و بربادی و ھلاکت کے لئے

دشمن کی تباہی و بربادی و ہلاکت کے لئے اگر شریعت کی روشنی میں جائز ہو تو باوضو سورۃ کوثر مکمل اور یہ کلمات:

یَا قَاھِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِیْدِ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَا قَاھِرُ قَھِّرِ الْاَعْدَاءَ۔

ایک مٹی کے پیالے یا پلیٹ (طشتری) پر لکھ کر اور اسے کوٹ کر باریک کر کے وہ خاک دشمن کے گھر میں ڈال دے۔ دشمن تباہ و برباد اور ہلاک ہوگا۔

دشمنوں میں نا اتفاقی پیدا کرنا اور ان پر ہیبت قائم کرنا

دشمنوں کے اتحاد کو پارہ پارہ کرنے اور ان پر ہیبت قائم کرنے کے لئے باوضو سورۃ کوثر چالیس (۴۰) بار پڑھے اس کے بعد تمام دشمنوں کے نام لے کر کہے کہ ان سب میں آپس میں جدائی ہو جائے اور نا اتفاقی ہو جائے کہ یہ کسی قسم کا نقصان نہ پہنچا سکیں اور دعا مانگے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن یہ عمل کرنے سے دشمنوں میں نا اتفاقی ظاہر ہوگی اور دشمنوں پر ہیبت قائم ہوگی اور لوگوں میں مظلوم کی عزت قائم ہوگی۔

تجارت میں برکت کے لئے

سورۃ الکوثر کو تانبے کے پترہ پر باوضو کندہ کرا کے دکان میں لٹکائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تجارت میں خوب برکت ہوگی اور دوکان خوب چلے گی۔

ہر قسم کی بیماری سے صحت کے لئے

جو شخص مریض ہو اور بیماری سخت ہو تو اس کے لئے سورۃ الکوثر باوضو ایک سو بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی تھوڑا تھوڑا پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند دن کے استعمال سے مریض بالکل صحتیاب ہوگا۔

بے اولاد کے اولاد ہونے کے لئے

(اگلے صفحہ پر)

اگر کوئی شخص اولاد سے محروم ہو تو سورۃ الکوثر کو باوضو پانچ سو بار روزانہ پڑھا کرے اور پابندی کے ساتھ یہ عمل مکمل تین ماہ تک کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ صاحب اولاد ہو جائے گا۔

جس کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو

جس شخص کی اولاد زندہ نہ رہتی ہو وہ اگر اس سورت کو سات سو مرتبہ صبح کی نماز کے بعد باوضو اکتالیس روز تک پڑھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کی اولاد زندہ رہے گی اور ہمیشہ کے لئے اس کا نام جاری رہے گا۔

دفع دشمن اور بید گو لوگوں سے حفاظت

اگر کوئی شخص چاہے کہ دشمن دفع ہو اور لوگ اس کی بدگوئی نہ کریں تو اس کے لئے روزانہ کسی وقت بھی باوضو سات بار سورۃ الکوثر پڑھ لیا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوگا اور لوگ اس کی بدگوئی نہ کریں گے۔

حاکم کے سامنے جانے کے لئے

اگر کسی حاکم یا سخت مزاج آدمی کے پاس کسی کام سے جانا ہو تو باوضو سات مرتبہ سورۃ الکوثر پڑھ کر جائے انشاء اللہ تعالیٰ حاکم نرمی سے پیش آئے گا۔

دشمن کے شر سے حفاظت

دشمن کے شر اور اس کی شرارت سے حفاظت کے لئے سورۃ الکوثر باوضو ایک سو بار روزانہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن کے شر اور اس کی شرارت سے محفوظ رہے گا۔

دشمن کی شرارت سے حفاظت

اگر کوئی دشمن ایذا دے، تکلیف پہنچائے اور شرارت کرے تو کوری اینٹ (کچی بغیر پکی) لے کر باوضو اس پر سورۃ الکوثر کا نقش لکھے اور اس اینٹ کو پرانی قبر میں ڈال دے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ہر طرح سے ناکام رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۲۷۵۴ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۱۹	۹۱۴	۹۲۱
۹۲۰	۹۱۸	۹۱۶
۹۱۵	۹۲۲	۹۱۷

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۰۹) سُوْرَۃُ الْکٰفِرُوْنَ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۶

شرک و بداعتقادی سے حفاظت

جو شخص سورۃ الکافرون کو نماز فجر کے بعد باوضو ایک مرتبہ ہمیشہ پڑھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ وہ شرک اور بداعتقادی سے محفوظ رہے گا۔

ہر قسم کی حاجت روائی کے لئے

جو شخص اتوار کے دن سورج نکلنے کے وقت دس مرتبہ باوضو سورۃ الکافرون پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے جو حاجت طلب کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت سے اس کی ہر قسم کی حاجت کو پورا کرے گا۔

بیمار کی صحتیابی کے لئے

(اگلے صفحہ پر)

اگر بیماری سخت ہو اور کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو یا ایسا مرض ہو جس کی دوا معلوم نہ ہو اس مرض سے صحتیابی کے لئے سورۃ الکافرون باوضو ایک ہزار ایک (۱۰۰۱) بار پڑھے اور مریض پر دم کرے اور پانی پر دم کرکے مریض کو پلائے انشاءاللہ تعالیٰ مریض جلد صحتیاب ہوگا۔

سانپ، بچھو یا بھڑ کے کاٹے کا علاج

اگر سانپ ڈس لے، یا بچھو ڈنک مارے یا بھڑ اپنا ڈنک چبھو دے تو اسی وقت ذرا سے پانی میں نمک گھول کر جس جگہ موذی جانور نے کاٹا ہے اس جگہ ملتے جائیں اور سورۃ کافرون باوضو پڑھ پڑھ کر مریض پر دم کرتے جائیں بہت دیر تک ایسا ہی کریں انشاءاللہ تعالیٰ آرام آجائے گا۔

بچوں کا رونا

جو بچہ اکثر روتا رہتا ہو اور بے شکایت چپ نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے باوضو تین بار سورۃ الکافرون پڑھ کر بچے پر دم کریں اور بچے کے سر پر پھونک ماریں، انشاءاللہ تعالیٰ بچہ رونے سے رک جائے گا۔

ہر قسم کی بلاؤں کو دور کرنے کیلئے

ہر قسم کی بلاؤں کو دور کرنے کے لئے سورۃ الکافرون باوضو ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھے۔ اور اس وقت تک پڑھتا رہے جب تک بلائیں دور نہ ہوں۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی بلائیں دور ہوں گی اور ان سے حفاظت رہے گی۔

ہر قسم کی بلاؤں سے حفاظت

(اگلے صفحہ پر)

ہر قسم کی بلاؤں سے حفاظت کے لئے باوضو سورۃ الکافرون کا نقش لکھ کر موم جامہ کرکے اپنے گلے میں ڈالے یا دائیں بازو پر باندھ لے۔ انشاءاللہ تعالےٰ ہر قسم کی بلاؤں سے حفاظت رہے گی۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۲۸۳۲ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۹۴۵	۹۴۰	۹۴۷
۹۴۶	۹۴۴	۹۴۲
۹۴۱	۹۴۸	۹۴۳

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۱۰) سُوْرَۃُ النَّصْرِ مَدَنِیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۳

برائے خاتمہ قرض

بعد نماز عشاء اسی جگہ پر جہاں نماز پڑھی ہے سورۃ النصر اکتالیس (۴۱) بار باوضو اکتالیس (۴۱) دن تک برابر بلاناغہ پڑھتا رہے۔ اوّل و آخر گیارہ گیارہ (۱۱) مرتبہ درود شریف پڑھے۔ انشاءاللہ تعالےٰ قرض کا خاتمہ ہوگا اور خوشحالی کا دور دورہ ہوگا۔

ہر قسم کی مراد پوری ہونے کے لئے

ہر قسم کی مراد پوری ہونے کے لئے سورۃ النصر کو ایک سو تیئیس (۱۲۳) بار ستر (۷۰) دن تک باوضو پڑھے۔ انشاءاللہ تعالیٰ ہر قسم کی مراد پوری ہوگی۔

ہر قسم کی رکاوٹ دور کرنے کے لئے

ہر قسم کی رکاوٹ دور کرنے کے لئے ہر نماز (فجر، ظہر، عصر، مغرب، عشاء) کے بعد سات مرتبہ سورۃ النصر باوضو پڑھے۔ انشاءاللہ تعالےٰ ہر قسم کی

بڑی سے بڑی رکاوٹ دور ہوگی۔

دشمنوں کے دفع کرنے کے لئے

اگر دشمن ستاتے ہوں یا تنگ کرتے ہوں ان کے دفع کرنے کے لئے عشاء کی نماز کے بعد باوضو اکیس[۲۱] بار سورۃ النصر مکمل پڑھے اور نَصْرُ اللّٰهِ کا لفظ تین[۳] بار بلند آواز سے پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دفع ہوں گے اور ان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

فتح یابی اور کامیابی کیلئے

اگر دشمن پر فتح حاصل کرنا چاہتا ہو تو اول تین[۳] بار درود شریف پڑھے پھر الحمد[۱] بار سورۃ النصر باوضو پڑھے اور آخر میں درود شریف تین[۳] بار پڑھے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔

بے یار و مددگار کی نصرت

اگر چاہے کہ دشمن پر رعب و ہیبت طاری ہو اور ڈر سے پسپا ہو جائے اور فتح حاصل ہو تو چاہیئے کہ سورۃ النصر پڑھے اور جب آیت يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ؕ پر پہنچے تو یہ تصور کرے کہ اللہ تعالیٰ میرا مددگار بن جائے پھر تین[۳] بار درود شریف پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے مدد و نصرت کی دعا کرے انشاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

دشمن کے پسپا ہونے اور کامیابی کے لئے

اگر چاہے کہ دشمن پر رعب و ہیبت طاری ہو اور ڈر سے پسپا ہو جائے

اور فتح حاصل ہو تو چاہیئے کہ سورۃ النصر کو باوضو اپنے ہتھیار اور لڑائی کے سامان پر نقش کرے (کندہ کرے) اور دشمن کے سامنے جائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن ہیبت زدہ ہو کر پسپا ہوگا اور فتح حاصل ہوگی۔

دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے

دشمن پر غلبہ حاصل کرنے کے لئے باوضو سورۃ النصر کو ہر روز سات مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ دشمن پر غلبہ حاصل ہوگا۔

روزی میں برکت کے لئے

روزی میں برکت اور فراخی کے لئے سورۃ النصر باوضو پچیس[۲۵] بار بعد نماز فجر پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ روزی میں برکت اور فراخی حاصل ہو۔

دفع دشمن کے لئے

جو شخص ہر روز باوضو سورۃ النصر سات[۷] بار پڑھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس کا دشمن دفع ہوگا اور اس کے نقصان اور شر سے محفوظ رہے گا۔

محتاجی دور کرنا

اگر کوئی شخص روزانہ باوضو سورۃ النصر ایک مرتبہ پڑھ لیا کرے۔ تو محتاجی سے محفوظ رہے اور اسے اللہ تعالیٰ کی خصوصی مدد حاصل ہو انشاء اللہ تعالیٰ۔

دشمن پر فتح پانا

جب کوئی دشمن ہر طرح سے تکلیف پہنچانے کی فکر میں رہتا ہو

تو اس کے لئے سورۃ النصر کو ایک ہزار ایک سو ۱۱۰۰ بار باوضو پڑھے۔ انشاءاللہ تعالےٰ دشمن پر فتح حاصل ہوگی۔ اور دشمن تکلیف پہنچانے سے باز آجائے گا۔

دشمن کے شر سے حفاظت

دشمنوں کے شر سے حفاظت کے لئے باوضو سورۃ النصر کا نقش لکھے اور موم جامہ کرکے اپنے گلے میں ڈال لے یا اپنے سیدھے بازو پر باندھ لے انشاءاللہ تعالیٰ دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۶۱۲۴ ہیں اور چال نوی خانہ میں ہے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۵۳۰	۱۵۳۴	۱۵۳۷	۱۵۲۳
۱۵۳۶	۱۵۲۴	۱۵۲۹	۱۵۳۵
۱۵۲۵	۱۵۳۹	۱۵۳۲	۱۵۲۸
۱۵۳۳	۱۵۲۷	۱۵۲۶	۱۵۳۸

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۱۱) سُوْرَۃُ اللَّھَبِ مَکِّیَّۃٌ رکوع ۱ آیات ۵

برائے عداوت

سورۃ اللھب کو بغیر بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ کے نمک، سرسوں اور دونوں فریق جن میں عداوت کرانی ہے ان کے سر کے بال لے کر باوضو اکیس ۲۱ مرتبہ پڑھے اور پہلے نمک پر پھونک مارے (دم کرے) اس کے بعد پھر اکیس ۲۱ بار پڑھے اور سرسوں کے دانوں پر دم کرے اور اکیس ۲۱ مرتبہ سورۃ اللھب کو پڑھ کر بالوں پر دم کرے اور دونوں کا نام ان کی والدہ کے نام کے ساتھ لے اور سمجھے کہ ان میں عداوت ہو جائے۔ سخت دشمنی ہو جائے گی لیکن

اس عمل میں شرط یہ ہے کہ جہاں شریعت کی رو سے جائز ہو کرے اور ناجائز کام کے سلسلے میں کرے گا تو سخت گنہگار ہوگا اور خود بڑا نقصان اٹھائے گا چنانچہ ناجائز دشمنی کرانے میں اس عمل کو استعمال نہ کرے۔

دشمن کے شر سے حفاظت کے لئے

سورۃ اللھب کسی بھی وقت ایک ہزار ۱۰۰۰ مرتبہ روزانہ باوضو پڑھ لیا کرے۔ اگر رات کو پڑھے تو زیادہ بہتر ہے۔ انشاءاللہ تعالےٰ دشمن کے شر سے محفوظ رہے گا اور دشمن دفع ہو جائے گا۔

دفع دشمن کے لئے

اگر کسی کا دشمن خون کا پیاسا ہو یا ہر قسم کی تکلیف دینے پر ہر وقت آمادہ رہتا ہو تو اس کے لئے باوضو سورۃ اللھب اکتالیس ۴۱ مرتبہ روزانہ پڑھے۔ اول و آخر تین ۳ تین مرتبہ درود شریف پڑھے اور لفظ "اَبِیْ لَھَبٍ" پر اپنے دشمن کا تصور کرے۔ انشاءاللہ تعالےٰ دشمن دفع ہو جائے گا۔

تنبیہ: اس عمل کو ناجائز طور پر استعمال نہ کرے ورنہ گنہگار ہونے کے علاوہ قیامت کے دن ذلیل و رسوا ہوگا۔

ظالم دشمن کی بربادی کے لئے

سورۃ اللھب کو روزانہ باوضو تین ہزار ۳۰۰۰ مرتبہ پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن تباہ و برباد ہوگا۔ صرف جائز کام کے لئے کرے ناجائز استعمال کرے گا تو خود بھی تباہ ہوگا۔ لہٰذا احتیاط ضروری ہے اور یہ عمل کرنے سے قبل اگر کسی شریعت کے عالم سے دریافت کرلیں تو بہتر ہے۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

ہر قسم کے دشمن سے حفاظت کے لئے باوضو سورۃ اللھب کا نقش لکھے اور موم جامہ کرکے اسے سیدھے بازو پر باندھ لے انشاءاللہ تعالیٰ دشمن سے حفاظت رہے گی۔ اور دشمن ہمیشہ ناکام ہوگا۔

اس سورۃ کے کل اعداد ۵۸۲۶ ہیں اور نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱۹۴۳	۱۹۳۸	۱۹۲۵
۱۹۴۴	۱۹۳۲	۱۹۳۰
۱۹۳۹	۱۹۳۶	۱۹۳۱

(پارہ ۳۰) (سورۃ ۱۱۲) سُوْرَةُ الْاِخْلَاصِ مَكِّيَّةٌ رکوع ۱ آیات ۴

کھانسی سے نجات کے لئے

جس شخص کو کھانسی نے تنگ کیا ہو اس کے لئے سورہ اخلاص باوضو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائے انشاءاللہ تعالیٰ کھانسی سے نجات حاصل ہوگی۔

حاجت پوری ہونے کے لئے

جس شخص کو کوئی اہم حاجت پیش آگئی ہو اس کے پورا ہونے کے لئے باوضو سورۃ الاخلاص سات ہزار (۷۰۰۰) مرتبہ پڑھے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے انشاءاللہ تعالیٰ حاجت پوری ہوگی اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی۔

اولاد ہونے کے لئے

جو عورت بانجھ ہو اور اولاد سے محروم ہو اس کے لئے دس رات پڑھے۔ ایک رات میں ایک ہزار ۱۰۰۰ مرتبہ پڑھے اور دس رات میں دس ہزار کی تعداد پوری کرے۔ ناغہ نہ کرے مسلسل پڑھے اور اولاد کے ہونے کی دعا کرے۔ انشاءاللہ تعالیٰ بانجھ پن ختم ہو کر اولاد ہونے لگے گی۔ عورت نہ پڑھ سکے تو شوہر پڑھ لے۔

سانپ کے کاٹنے سے حفاظت

جو شخص سورۂ اخلاص ایک سو بار روزانہ پڑھے گا اس کو سانپ نہیں کاٹے گا اور اگر کاٹ بھی لے تو زہر اثر نہیں کرے گا۔

نظر کی پہچان اور اس کا علاج

نظر کی پہچان اور اس کے علاج کے لئے ایک مرغی کا انڈہ لے اس پر باوضو سات جگہ یہ کلمات لکھیں۔ وہ کلمات یہ ہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا مَدَحَ وَ قَرَعَ

اور پھر انڈہ کو اپنی ہتھیلی میں لے کر سبز دھنیا جو سوکھا گیا ہو، کوئلے کی آگ جلا کر اس میں تھوڑا تھوڑا ہرا دھنیا ڈال کر اس کی دھونی انڈہ کو دیں۔ اور دھونی کے ساتھ ساتھ سورۂ اخلاص بار بار پڑھتے رہیں۔ جب تک وہ انڈہ خود بخود ہتھیلی پر کھڑا نہ ہو جائے تو پھر اس انڈے کو توڑ دیں اس کے اندر سے خون کے سرخ نقطے نظر آئیں تو جان لیں کہ نظر لگی ہے۔ اگر سرخ نقطے نہ ہوں تو نظر نہیں ہے بلکہ بیماری ہے اس کا علاج کریں۔ اور اگر نظر معلوم ہو تو اسی انڈے کی زردی وغیرہ

سے ذرا سا کچھ لے کر نظر لگے ہوئے بچّے کی پیشانی (ماتھے) پر مل دیں۔ انشاءاللہ تعالےٰ نظر اسی وقت اُتر جائے گی اور بچّہ فوراً اچھا ہو جائے گا۔

